’’اور یہی روایت حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ کے اضافے کے ساتھ مروی ہے: حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تو نے حقیقتِ ایمان کو پالیا، پس اس حالت کو قائم رکھنا، تو وہ مومن ہے جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے نور سے بھر دیا ہے۔‘‘

١٢/١٢۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا يُحِقُّ الْعَبْدُ حَقِيقَةَ الإِيْمَانِ حَتَّى يَغْضَبَ لِلهِ وَيَرْضَى لِلهِ، فَإِذَا فَعَلَ ذٰلِکَ اسْتَحَقَّ حَقِيْقَةَ الإِيْمَانِ، وَإِنَّ أَحِبَّائِي وَأَوْلِيَائِي الَّذِيْنَ يُذْکَرُوْنَ بِذِکْرِي وَأُذْکَرُ بِذِکْرِهِمْ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

’’حضرت عمرو بن جموح رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بندہ اس وقت تک ایمان کی حقیقت کو نہیں پا سکتا جب تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کے لئے ہی (کسی سے) ناراض اور اللہ تعالیٰ کے لئے ہی (کسی سے) راضی نہ ہو (یعنی اس کی رضا کا مرکز و محور فقط خوشنودی ذاتِ الٰہی ہو جائے) اور جب اس نے یہ کام کر لیا تو اس نے ایمان کی حقیقت کو پالیا، اور بے شک میرے احباب اور اولیاء وہ لوگ ہیں کہ میرا ذکر کرنے سے وہ یاد آ جاتے ہیں اور ان کا ذکر کرنے سے میں یاد آ جاتا ہوں۔ (میرے ذکر سے ان کی یاد آ جاتی ہے اور ان کے ذکر سے میری یاد آ جاتی ہے یعنی میرا ذکر ان کا ذکر ہے اور ان کا ذکر میرا ذکر ہے)۔‘‘

الحديث رقم ١٢: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ٣/٤٣٠، الرقم: ١٥٦٣٤، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ١/٢٠٣، الرقم: ٦٥١، وابن أبي الدنيا فی کتاب الأولياء، ١/١٥، الرقم: ١٩، والديلمی فی مسند الفردوس، ٥/١٥٢، الرقم: ٧٧٨٩، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٤/١٤، الرقم: ٤٥٨٩، وابن رجب فی جامع العلوم والحکم، ١/٣٦٥، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ١/٥٨۔

١٣/١٣۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: لَا يَسْتَقِيْمُ إِيْمَانُ عَبْدٍ حَتَّى يَسْتَقِيْمَ قَلْبُهُ، وَلَا يَسْتَقِيْمُ قَلْبُهُ حَتَّى يَسْتَقِيْمَ لِسَانُهُ، وَ لَا يَدْخُلُ (الْجَنَّةَ رَجُلٌ) لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت انس بن مالک رضی الله عنه سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: کسی بندہ کا ایمان اس وقت تک درست نہیں ہوتا جب تک اس کا دل درست نہ ہو اور دل اس وقت تک درست نہیں ہوتا جب تک اس کی زبان درست نہ ہو جائے، اور کوئی بھی شخص اس وقت تک جنت میں داخل نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کا پڑوسی اس کی اذیت سے محفوظ نہ ہو جائے۔''

١٤/١٤۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم قَالَ: ثَلَاثٌ مِنْ أَخْلَاقِ الإِيْمَانِ: مَنْ إِذَا غَضِبَ لَمْ يُدْخِلْهُ غَضَبُهُ فِي بَاطِلٍ، وَمَنْ إِذَا رَضِيَ لَمْ يُخْرِجْهُ رِضَاهُ مِنْ حَقٍّ، وَمَنْ إِذَا قَدَرَ لَمْ يَتَعَاطَ مَا لَيْسَ لَهُ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت انس بن مالک رضی الله عنه سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: تین چیزیں اخلاق ایمان میں سے ہیں: جب کسی کو غصہ آئے تو وہ غصہ اسے (عمل) باطل میں نہ ڈال دے، اور جب کوئی خوش ہو تو وہ خوشی اسے حق سے نکال نہ دے، اور وہ شخص جو قدرت رکھتا ہے مگر پھر بھی وہ چیز نہیں لیتا جو اس کی نہیں ہے۔''

الحديث رقم ١٣: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ٣/١٩٨، الرقم: ١٣٠٧١، والبيهقی فی شعب الإيمان، ١/٤١، الرقم: ٨، والقضاعی فی مسند الشهاب، ٢/٦٢، الرقم: ٨٨٧، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٣/٢٤٠، الرقم: ٣٨٦٠، وابن رجب فی جامع العلوم والحكم، ١/٧٥، والهيثمی فی مجمع الزوائد ووثّقه، ١/٥٣۔

الحديث رقم ١٤: أخرجه الطبرانی فی المعجم الصغير، ١/١١٤، الرقم: ١٦٤، والديلمی فی مسند الفردوس، ٢/٨٧، الرقم: ٢٤٦٦، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ١/٥٩، وابن رجب فی جامع العلوم والحكم، ١/١٤٨۔

فَصْلٌ فِي عَلَامَاتِ الْمُؤْمِنِ وَ أَوْصَافِهِ

﴿مومن کی علامات اور صفات کا بیان﴾

١٥/١٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

”حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو اللہ عزوجل پر اور روزِ قیامت پر ایمان رکھتا ہے اپنے ہمسائے کو نہ ستائے، اور جو اللہ عزوجل اور روزِ قیامت پر ایمان رکھتا ہے اپنے مہمان کی عزت کرے، اور جو اللہ عزوجل اور روزِ قیامت پر ایمان رکھتا ہے منہ سے اچھی بات نکالے یا خاموش رہے۔“

الحديث رقم ١٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كِتاب: الأَدَبِ، باب: مَن كَانَ يُؤْمِنَ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهُ، ٥/٢٢٤٠، الرقم: ٥٦٧٢، وَ فِي كِتاب الأَدَبِ، باب: إِكْرَامِ الضَّيْفِ وَ خِدْمَتِهِ إِيَّاهُ بِنَفْسِهِ، ٥/٢٢٧٣، الرقم: ٥٧٨٥، وفي كتاب: الرِّقَاقِ، باب: حِفْظِ اللِّسَانِ، ٥/٢٣٧٦، الرقم: ٦١١٠، ومسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الحث على إكرام الجار والضيف ولزوم الصمت إلا عن الخير، ١/٦٩٦٨، الرقم: ٤٧-٤٨، والترمذي في السنن، كتاب: الصفة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: (٥٠)، ٤/٦٥٩، الرقم: ٢٥٠٠، وقال أبوعيسى: هذا حديث صحيح، وفي الباب: عن عَائِشَةَ وَ أَنَسٍ وَ أَبِي شُرَيْحٍ الْعَدَوِيِّ الْكَعْبِيِّ الْخَزَاعِيِّ وإسمُهُ خُوَيْلَدُ بْنُ عَمْرٍو، وأبو داود في السنن، كتاب: الأدب، باب: في حق الجوار، ٤/٣٣٩، الرقم: ٥١٥٤، وابن ماجه في السنن، كتاب: الأدب، باب: حق الجوار، ٢/١٢١١، الرقم: ٣٦٧٢، وابن حبان في الصحيح، ٢/٢٧٣، الرقم: ٥١٦، والدارمي في السنن، ٢/١٣٤، الرقم: ٢٠٣٦۔

١٦/١٦۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعضُهُ بَعْضًا، وَ شَبَّکَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوموسیٰ (اَشعری) رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک مؤمن دوسرے مؤمن کے لئے ایک (مضبوط) دیوار کی طرح ہے جس کا ایک حصہ دوسرے حصے کو مضبوط کرتا ہے، اور (اس بات کی وضاحت کے طور پر) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں ڈالیں۔''

١٧/١٧۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ: عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى يُحِبَّ لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وزاد مسلم: أَوْ قَالَ لِجَارِهِ.

الحديث رقم ١٦: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتابُ: المَظَالِمِ، باب: نَصرِ المَظْلُوْمِ، ٢/٨٦٣، الرقم: ٢٣١٤، وفی كتاب: الصلاة، باب: تشبيك الأصابع فی المسجد وغيره، ١/١٨٢، الرقم: ٤٦٧، وفی كتاب: الأدب، باب: تعاون المؤمنين بعضهم بعضا، ٥/٢٢٤٢، الرقم: ٥٦٨٠، ومسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآدب، باب: تراحم المؤمنين وتعاطفهم وتعاضدهم، ٤/١٩٩٩، الرقم: ٢٥٨٥، والترمذی فی السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ما جاء فی شفقة المسلم علی المسلم، ٤/٣٢٥، الرقم: ١٩٢٨، والنسائی فی السنن، كتاب: الزكاة، باب: أجر الخازن إذا تصدق بإذن مولاه، ٥/٧٩، الرقم: ٢٥٦٠، وابن حبان فی الصحيح، ١/٤٦٧، الرقم: ٢٣١، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/٤٠٤۔

الحديث رقم ١٧: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الإِيْمَانِ، باب: مِنَ الْإِيْمَانِ أَنْ يُحِبَّ لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ، ١/١٤، الرقم: ١٣، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الدليل علی أن من خصال الإيمان أن يحب لأخيه المسلم ما يحب لنفسه من الخير، ١/٦٧، الرقم: ٤٥، والترمذی فی السنن، كتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: (٥٩)، ٤/٦٦٧، الرقم: ٢٥١٥، والنسائی فی السنن، كتاب: الإيمان وشرائعه، باب: علامة الإيمان، ٨/١١٥، الرقم: ٥٠١٦، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: فی الإيمان، ١/٢٦، الرقم: ٦٦۔

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے بھائی کے لئے بھی وہی پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔ (اور مسلم نے یہ اضافہ کیا:) یا حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اپنے پڑوسی کے لئے۔‘‘

١٨/١٨۔ عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ رضی اللہ عنہ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: وَاللهِ لَا يُؤْمِنُ، وَاللهِ لَا يُؤْمِنُ، وَاللهِ لَا يُؤْمِنُ، قِيْلَ :مَنْ يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: الَّذِي لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابوشُریح رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: خدا کی قسم! وہ مومن نہیں، خدا کی قسم وہ مومن نہیں، خدا کی قسم وہ مومن نہیں۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! کون (مومن نہیں)؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس کا پڑوسی اس کی ایذا رسانی سے محفوظ نہیں۔‘‘

١٩/١٩۔ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَثَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي تَوَادِّهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ مَثَلُ الْجَسَدِ، إِذَا اشْتَكَى مِنْهُ عُضْوٌ تَدَاعَى لَهُ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمَّى.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَ هَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

الحديث رقم ١٨: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتابُ: الأدَبِ، باب: إِثْمِ مَن لَا يَأمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ، ٥/٢٢٤٠، الرقم: ٥٦٧٠، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان تحريم ايذاء الجار، ١/٦٨، الرقم: ٤٦، والحاكم فی المستدرك، ١/٥٣، الرقم: ٢١، وقال الحاكم: هذا حديث صحيح.

الحديث رقم ١٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الأدب، باب: رَحْمَةِ النَّاسِ وَ البَهَائِمِ، ٥/٢٢٣٨، الرقم، ٥٦٦٥، ومسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: تراحم المؤمنين وتعاطفهم وتعاضدهم، ٤/١٩٩٩، الرقم: ٢٥٨٦، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/٢٧٠، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٣/٣٥٣، الرقم: ٦٢٢٣، وفی شعب الإيمان، ٦/٤٨١، الرقم: ٨٩٨٥، والبزار فی المسند، ٨/٢٣٨، الرقم: ٣٢٩٩، و١بن منده فی: الإيمان، ١/٤٥٥، الرقم: ٣١٩، وابن سليمان القرشی فی من حديث خيثمة، ١/٧٤.

’’حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مومنین کی مثال ایک دوسرے پر رحم کرنے، دوستی رکھنے اور شفقت کا مظاہرہ کرنے میں ایک جسم کی طرح ہے، چنانچہ جب جسم کے کسی بھی حصہ کو تکلیف پہنچتی ہے تو سارا جسم بے خوابی اور بخار میں اس کا شریک ہوتا ہے۔‘‘

٢٠/ ٢٠۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رضي الله عنهما يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: تَدْرُوْنَ مَنِ الْمُؤْمِنُ؟ قَالُوْا: اَللهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: مَنْ أَمِنَهُ الْمُؤْمِنُوْنَ عَلَى أَنْفُسِهِمْ وَ أَمْوَالِهِمْ، وَ الْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ السُّوْءَ فَاجْتَنَبَهُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: کیا تم جانتے ہو مومن کون ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: اللہ عزوجل اور اس کا رسول ﷺ زیادہ جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مومن وہ ہے جس سے اہلِ ایمان اپنی جان و مال پر محفوظ ہوں، اور مہاجر وہ ہے جس نے برائی چھوڑ دی اور اس سے پرہیز کیا۔‘‘

٢١/ ٢١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْمُؤْمِنُ مِرْآةُ أَخِيْهِ إِذَا رَأَى فِيهِ عَيْبًا أَصْلَحَهُ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ وَابْنُ الْمُبَارَكِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مومن اپنے بھائی کا آئینہ ہے، جب وہ اس میں کوئی برائی دیکھتا ہے تو اس برائی کی اصلاح کر لیتا ہے۔‘‘

الحديث رقم ٢٠: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٢٠٦، ٢١٥، الرقم: ٦٩٢٥، ٧٠١٧، والطبراني فى المعجم الأوسط، ٣/٢٩١، الرقم: ٣١٨٨، وفى المعجم الكبير، ٣/٢٩٩، الرقم: ٣٤٦٢، والمروزى فى تعظيم قدر الصلاة، ٢/٦٠٣، الرقم: ٦٤٢.

الحديث رقم ٢١: أخرجه البخارى فى الأدب المفرد، ١/٩٣، الرقم: ٢٣٨، وابن المبارك فى الزهد، ١/٤٨٥، الرقم: ١٣٧٨، والعسقلانى فى تهذيب التهذيب، ٥/١٨١، الرقم: ٣٥٧، والمزى فى تهذيب الكمال، ١١/٤٢٨، الرقم: ٢٥١٥، ٣٢٥٦.

فَصْلٌ فِي الإِسْلَامِ

﴿اِسلام کا بیان﴾

٢٢/٢٢۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: بُنِيَ الإِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ: شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ وَالْحَجِّ وَصَوْمِ رَمَضَانَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: یہ گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں، اور نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا، حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا۔''

٢٣/٢٣۔ عَنْ سَمُرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَقِيْمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَ حُجُّوْا وَاعْتَمِرُوْا وَاسْتَقِيْمُوا يُسْتَقَمْ بِكُمْ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ فِي مَعَاجِمِهِ الثَّلَاثَةِ بِإِسْنَادٍ حَسَنٍ.

الحديث رقم ٢٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: قول النبی ﷺ: بُنی الإسلام علی خمس، ١/٢١، الرقم: ٨، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان أركان الإسلام ودعائمه العظام، ١/٤٥، الرقم: ١٦، والترمذی فی السنن، كتاب: الإيمان عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء بني الإسلام علی خمس، ٥/٥، الرقم: ٢٦٠٩، والنسائی فی السنن، كتاب: الإيمان وشرائعه، باب: علی كم بنی الإسلام، ٨/١٠٧، الرقم: ٥٠٠١۔

الحديث رقم ٢٣: أخرجه الطبراني في المعجم الصغير، ١/٩٩، الرقم: ١٣٦، وفي المعجم الأوسط، ٢/٢٩٨، الرقم: ٢٠٣٤، وفي المعجم الكبير، ٧/٢١٦، الرقم: ٦٨٩٧، والمنذري في الترغيب والترهيب، ١/٣٠١، الرقم: ١١١٥، وقال: رواه الطبراني في الثلاثة وإسناده جيد إن شاء الله تعالى، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١/٤٥، ٣/٢٠٥۔

’’حضرت سَمُرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو، حج اور عمرہ کرو، استقامت اختیار کرو، تمہیں استقامت دی جائے گی۔‘‘

٢٤/٢٤۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَرَّةَ الْجُهَنِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: جَاءَ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رَجُلٌ مِنْ قُضَاعَةَ فَقَالَ لَهُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَ رَأَيْتَ إِنْ شَهِدْتُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَ أَنَّکَ رَسُوْلُ اللهِ وَ صَلَّيْتُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ وَصُمْتُ الشَّهْرَ وَقُمْتُ رَمَضَانَ وَآتَيْتُ الزَّکَاةَ. فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَنْ مَاتَ عَلَى هَذَا کَانَ مِنَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ الشُّهَدَاءِ.

رَوَاهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْبَيْهَقِيُّ.

’’حضرت عمرو بن مرہ جہنی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ قبیلہ قضاعہ کے ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ اس بارے میں کیا فرماتے ہیں اگر میں گواہی دوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ اللہ تعالیٰ کے (سچے) رسول ہیں، پانچوں نمازیں پڑھوں، ماہ رمضان کے روزے بھی رکھوں اور اس ماہ میں قیام بھی کروں اور زکوٰۃ بھی ادا کروں؟ تو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اس حالت میں فوت ہوجائے وہ (روز قیامت) صدیقوں اور شہیدوں میں سے ہوگا۔‘‘

٢٥/٢٥۔ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: خَمْسٌ

الحديث رقم ٢٤: أخرجه ابن خزيمة في الصحيح، ٣/٣٤٠، الرقم: ٢٢١٢، وابن حبان في الصحيح، ٨/٢٢٣، الرقم: ٣٤٣٨، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣/٣٠٨، الرقم: ٣٦١٧، والمنذري في الترغيب والترهيب، ١/١٤٥، ٣٠٢، الرقم: ٥٣١، ١١٢٠، ٢/٦٤، الرقم: ١٥٠٥، وقال: رواه البزار بإسناد حسن وابن خزيمة وابن حبان، والشيباني في الأحاد والمثاني، ٥/٢٣، الرقم: ٢٥٥٨، وابن رجب في جامع العلوم والحكم، ١/٢٠٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١/٤٦، وقال: رواه البزار ورجاله رجال الصحيح، وفي موارد الظمآن، ١/٣٦، الرقم: ١٩۔

الحديث رقم ٢٥: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: في المحافظة على وقت الصلوات، ١/١١٦، الرقم: ٤٢٩، والطبراني في المعجم الصغير، ـــ

مَنْ جَاءَ بِهِنَّ مَعَ إِيْمَانٍ دَخَلَ الْجَنَّةَ مَنْ حَافَظَ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ عَلَى وُضُوْئِهِنَّ وَرُكُوْعِهِنَّ وَسُجُوْدِهِنَّ وَمَوَاقِيْتِهِنَّ وَصَامَ رَمَضَانَ وَحَجَّ الْبَيْتَ إِنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلًا وَأَعْطَى الزَّكَاةَ طَيِّبَةً بِهَا نَفْسُهُ وَأَدَّى الْأَمَانَةَ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالطَّبَرَانِيُّ بِإِسْنَادٍ حَسَنٍ.

''حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پانچ کام ایسے ہیں جنہیں جو شخص بھی ایمان کی حالت میں سرانجام دے گا وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔ جو شخص وضو، رکوع، سجود اور اوقات کا خیال رکھ کر پانچ وقت کی نماز کی پابندی کرے اور رمضان کے روزے رکھے اور اگر استطاعت ہو تو بیت اللہ کا حج کرے اور زکوٰۃ ادا کرکے اپنے نفس کی پاکیزگی کا سامان کرے اور امانت ادا کرے۔''

٢٦ / ٢٦۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ أَقَامَ الصَّلَاةَ وَأَتَى الزَّكَاةَ وَحَجَّ الْبَيْتَ وَصَامَ رَمَضَانَ وَقَرَى الضَّيْفَ دَخَلَ الْجَنَّةَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے نماز قائم کی، زکوٰۃ ادا کی، بیت اللہ کا حج کیا، رمضان کے روزے رکھے اور مہمان

..... ٢/٥٦، الرقم: ٧٧٢، والمنذري في الترغيب والترهيب، ١/١٤٨، ٣٠٠، الرقم: ٥٤٤، ١١٠٥، وقال: رواه الطبراني في الكبير بإسناد جيد، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١/٤٧، وقال: رواه الطبراني بإسناد جيد، وابن رجب في جامع العلوم والحكم، ١/٢١٥، والمقريزي في مختصر كتاب الوتر، ١/٣٢، الرقم: ١٤، وقال: إسناده حسن.

الحديث رقم ٢٦: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٢/١٣٦، الرقم: ١٢٦٩٢، والبيهقي في شعب الإيمان، ٧/٩٢، الرقم: ٩٥٩٣، وابن راشد في الجامع، ١١/٢٧٤، والمنذري في الترغيب والترهيب، ١/٣٠١، الرقم: ١١١٦، ٣/٢٥٢، الرقم: ٣٩١٤، وقال: رواه الطبراني في الكبير وله شواهد، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١/٤٥.

نوازی کی وہ جنت میں داخل ہوگیا۔‘‘

٢٧/٢٧۔ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ رضي الله عنهما قَالَ: بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِلَى الْحُرَقَةِ مِنْ جُهَيْنَةَ، فَصَبَّحْنَا الْقَوْمَ، فَهَزَمْنَاهُمْ، وَلَحِقْتُ أَنَا وَرَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ رَجُلًا مِنْهُمْ، فَلَمَّا غَشِيْنَا قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ. فَكَفَّ عَنْهُ الْأَنْصَارِيُّ، وَطَعَنْتُهُ بِرُمْحِي حَتَّى قَتَلْتُهُ. قَالَ: فَلَمَّا قَدِمْنَا، بَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ لِي: يَا أُسَامَةُ! أَقَتَلْتَهُ بَعْدَ مَا قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ؟ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ إِنَّمَا كَانَ مُتَعَوِّذًا، قَالَ: فَقَالَ: أَقَتَلْتَهُ بَعْدَ مَا قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ؟ قَالَ: فَمَا زَالَ يُكَرِّرُهَا عَلَيَّ حَتَّى تَمَنَّيْتُ أَنِّي لَمْ أَكُنْ أَسْلَمْتُ قَبْلَ ذَلِكَ الْيَوْمِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

وفي رواية: فَدَعَاهُ فَسَأَلَهُ، فَقَالَ: لِمَ قَتَلْتَهُ؟ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَوْجَعَ فِي الْمُسْلِمِيْنَ، وَقَتَلَ فُلَانًا وَفُلَانًا، وَسَمَّى لَهُ نَفَرًا. وَإِنِّي حَمَلْتُ عَلَيْهِ، فَلَمَّا رَأَى السَّيْفَ، قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ. قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَقَتَلْتَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَكَيْفَ تَصْنَعُ بِلَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ إِذَا جَاءَتْ يَوْمَ

الحديث رقم ٢٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المغازي، باب: بَعْثُ النَّبِيِّ ﷺ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ إِلَى الْحُرَقَاتِ مِنْ جُهَيْنَةَ، ٤/١٥٥٥، الرقم: ٤٠٢١، وفي كتاب: الديات، باب: قَوْلِ اللهِ تَعَالَى: وَ مَنْ أَحْيَاهَا، [المائدة: ٣٢]، ٦/٢٥١٩، الرقم: ٦٤٧٨، ومسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: تحريم قتل الكافر بعد أن قال: لَا إله إلا الله، ١/٩٧، الرقم: ٩٤-٩٧، وابن منده في الإيمان، ١/٢٠٨، ٢١٠، الرقم: ٦٣-٦٥، وَ قَالَ ابن منده: هَذَا حَدِيْثٌ مُجْمَع عَلَى صِحَّتِهِ، والبزار في المسند، ٧/٦٣، الرقم: ٢٦١٢، والطيالسي في المسند، ١/٨٧، الرقم: ٦٢٦، وأبونعيم في المسند المستخرج، ١/١٧١، الرقم: ٢٧٧، والعسقلاني في فتح الباري، ١٢/١٩٥، والعظيم آبادي في عون المعبود، ١٢/٤، والمباركفوري في تحفة الأحوذي، ٤/٥٤٧۔

الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ اسْتَغْفِرْلِي. قَالَ: وَكَيْفَ تَصْنَعُ بِلاَ إِلَهَ إِلَّا اللهُ إِذَا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: فَجَعَلَ لَا يَزِيْدُهُ عَلَى أَنْ يَقُوْلَ: كَيْفَ تَصْنَعُ بِلاَ إِلَهَ إِلَّا اللهُ إِذَا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت اُسامہ بن زید بن حارثہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں جہاد کے لئے حرقہ کی طرف روانہ کیا جو قبیلہ جہینہ کی ایک شاخ ہے۔ ہم صبح وہاں پہنچ گئے اور انہیں شکست دے دی۔ میں نے اور ایک انصاری نے مل کر اس قبیلہ کے ایک شخص کو گھیر لیا، جب ہم اس پر غالب آ گئے تو اس نے کہا: لَا إِلَـهَ إِلَّا اللهُ۔ انصاری تو (اس کی زبان سے) کلمہ سن کر الگ ہو گیا لیکن میں نے نیزہ مار مار کر اسے ہلاک کر ڈالا۔ جب ہم واپس آئے تو حضور نبی اکرم ﷺ کو بھی اس واقعہ کی خبر ہو چکی تھی۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے فرمایا: اے اسامہ! تم نے اسے کلمہ پڑھنے کے بعد قتل کیا ہے؟ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اس نے جان بچانے کے لئے کلمہ پڑھا تھا۔ آپ ﷺ نے پھر فرمایا: تم نے اسے کلمہ پڑھنے کے بعد قتل کیا؟ حضور ﷺ بار بار یہ کلمات دہرا رہے تھے اور میں افسوس کر رہا تھا کہ کاش آج سے پہلے اِسلام نہ لایا ہوتا۔

''ایک اور روایت میں ہے: حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت اُسامہ رضی اللہ عنہ کو بلا کر دریافت کیا کہ تم نے اسے کیوں قتل کیا؟ عرض کیا: یا رسول اللہ! اس نے مسلمانوں کو تکلیف دی، چند صحابہ کرام کا نام لے کر بتایا کہ فلاں فلاں کو اس نے شہید کیا ہے۔ میں نے اس پر حملہ کیا جب اس نے تلوار دیکھی تو فوراً کہا: لَا إِلَـهَ إِلَّا اللهُ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم نے اسے قتل کر دیا؟ عرض کیا: جی حضور! فرمایا: جب روزِ قیامت لَا إِلَـهَ إِلَّا اللهُ کا کلمہ آئے گا تو تم اس کا کیا جواب دو گے؟ عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے لئے استغفار کیجئے۔ آپ ﷺ نے پھر فرمایا: جب روزِ قیامت لَا إِلَـهَ إِلَّا اللهُ کا کلمہ آئے گا تو تم اس کا کیا جواب دو گے؟ حضور ﷺ بار بار یہی کلمات دہراتے رہے کہ جب قیامت کے دن لَا إِلَـهَ إِلَّا اللهُ کا کلمہ آئے گا تو اس کا کیا جواب دو گے؟''

٢٨/٢٨۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

الحديث رقم ٢٨: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الإِيْمَانِ، باب: حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ، ١/٢٤، الرقم: ٤١، والنسائي في السنن، كتاب: الإيمان وشرائعه، باب: حسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ، ٨/١٠٥، الرقم: ٤٩٩٨.

إِذَا أَسْلَمَ الْعَبْدُ فَحَسُنَ إِسْلَامُهُ، يُكَفِّرُ اللهُ عَنْهُ كُلَّ سَيِّئَةٍ كَانَ زَلَفَهَا، ثُمَّ كَانَ بَعْدَ ذَلِکَ الْقِصَاصُ: الْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا إِلَى سَبْعِ مِئَةِ ضِعْفٍ، وَالسَّيِّئَةُ بِمِثْلِهَا إِلَّا أَنْ يَتَجَاوَزَ اللهُ عَنْهَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کسی شخص نے اسلام قبول کرلیا اور اس کا اسلام خوب نکھرا تو اللہ تعالیٰ اس کی تمام گزشتہ خطائیں معاف فرما دیتا ہے اور پھر اس کے بعد اس کا بدلہ ہے، اس کی ہر نیکی کا بدلہ دس گنا سے سات سو گنا تک ہے اور برائی کا صرف اسی کے برابر ہے اور اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو اس سے بھی درگزر فرما دے۔''

٢٩/ ٢٩۔ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَقَالَ: يَا عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ، أَسْلِمْ تَسْلَمْ، قُلْتُ: وَ مَا الإِسْلَامُ؟ فَقَالَ: تَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَأَنِّي رَسُوْلُ اللهِ، وَتُؤْمِنُ بِالْأَقْدَارِ كُلِّهَا، لِخَيْرِهَا وَشَرِّهَا، حُلْوِهَا وَ مُرِّهَا. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عدی بن حاتم طائی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عدی بن حاتم! اسلام قبول کرلو، سلامتی میں رہو گے۔ میں نے عرض کیا: اسلام کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس بات کی گواہی دو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں اور تقدیر پر ایمان لاؤ، خواہ بھلی ہو یا بری، شیریں ہو یا تلخ۔''

٣٠/ ٣٠۔ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حَيْدَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! وَالَّذِي

الحديث رقم ٢٩: أخرجه ابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: في القدر، ١/ ٣٤، الرقم: ٨٧، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١٧/ ٨١، الرقم: ١٨٢، وابن أبى عاصم فى السنة، ١/ ٧٦، والهيثمي فى مجمع الزوائد، ٧/ ١٩٩، والكنانى فى مصباح الزجاجة، ١/ ١٤، الرقم: ٣٠۔

الحديث رقم ٣٠: أخرجه ابن حبان فى الصحيح، ١/ ٣٧٦، ٣٧٧، الرقم: ١٦٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/ ٣، الرقم: ٢٠٠٢٢، والطبرانى في المعجم ـــ

بَعَثَکَ بِالْحَقِّ! مَا أَتَيْتُکَ حَتّٰی حَلَفْتُ عَدَدَ أَصَابِعِي هٰذِهِ أَنْ لَا آتِيَکَ فَمَا الَّذِي بَعَثَکَ بِهِ؟ قَالَ: الْإِسْلَامُ. قَالَ: وَ مَا الْإِسْلَامُ؟ قَالَ: أَنْ تُسْلِمَ قَلْبَکَ لِلّٰهِ، وَأَنْ تُوَجِّهَ وَجْهَکَ لِلّٰهِ وَأَنْ تُصَلِّيَ الصَّلَاةَ الْمَکْتُوْبَةَ، وَتُؤَدِّيَ الزَّکَاةَ الْمَفْرُوْضَةَ، أَخَوَانِ نَصِيْرَانِ، لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْ أَحَدٍ تَوْبَةً أَشْرَکَ بَعْدَ إِسْلَامِهِ. رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَأَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

”حضرت معاویہ بن حیدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے! میں اس وقت تک آپ کے پاس نہیں آیا جب تک میں نے اپنی ان انگلیوں کے برابر قسم نہ کھالی کہ میں آپ کے پاس نہیں آؤں گا۔ وہ کون سی چیز ہے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے آپ کو مبعوث فرمایا؟ فرمایا: اسلام۔ عرض کیا: اسلام کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کہ تو اپنا دل اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے اور اپنا رُخ اللہ تعالیٰ کی طرف کر لے اور یہ کہ تو فرض نماز ادا کر اور فرض زکوٰۃ ادا کر، یہ دونوں (نماز و زکوٰۃ) دو مددگار بھائی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کسی ایسے شخص کی توبہ قبول نہیں فرماتا جس نے اسلام لانے کے بعد شرک کیا۔“

٣١ / ٣١۔ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ ﷺ: أَخْبِرْنِي بِعَمَلٍ يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ، قَالَ الْقَوْمُ: مَا لَهُ مَا لَهُ! وَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: أَرَبٌ مَا لَهُ تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِکُ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيمُ الصَّلَاةَ، وَتُؤْتِي الزَّکَاةَ،

الکبیر، ١٩ / ٤٢٦، الرقم: ١٠٣٦، وابن رجب فی جامع العلوم والحکم، ١ / ٣٢، والمروزی فی تعظیم قدر الصلاة، ١ / ٤١٠، الرقم: ٤٠٣، والهیثمی فی موارد الظمآن، ١ / ٣٧، الرقم: ٢٨۔

الحدیث رقم ٣١: أخرجه البخاری فی الصحیح، کتاب: الزکاة، باب: وجوب الزکاة، ٢ / ٥٠٥، الرقم: ١٣٣٢، وفی کتاب: الأدب، باب: فضل صِلةِ الرَّحِمِ، ٥ / ٢٢٣١، الرقم: ٥٦٣٧، ومسلم فی الصحیح، کتاب: الإیمان، باب: الإیمان الذی یدخل به الجنة، وأن من تمسك بما أمربه دخل الجنة، ١ / ٤٢، الرقم: ١٣، والنسائی فی السنن الکبری، ٣ / ٤٤٥، الرقم: ٥٨٨٠، وابن حبان فی الصحیح، ٨ / ٣٨، الرقم: ٣٢٤٦، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥ / ٤١٨، الرقم: ٢٣٥٩٦، والطبرانی فی المعجم الکبیر، ٤ / ١٣٩، الرقم: ٣٩٢٥، وابن منده فی الإیمان، ١ / ٢٦٧، الرقم: ١٢٦۔

وَتَصِلُ الرَّحِمَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے ایسا عمل بتایئے جس کو انجام دینے سے میں جنت میں داخل ہو سکوں۔ (اس شخص کو آگے بڑھتے اور حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مخاطب ہوتے دیکھ کر) لوگوں نے کہنا شروع کر دیا کہ اسے کیا ہوا ہے؟ کیوں اس طرح بات کر رہا ہے؟ اس پر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کچھ نہیں ہوا۔ اسے مجھ سے کام ہے۔ اسے کہنے دو۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص کو مخاطب کر کے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو اور رشتہ داروں سے میل جول اور حسنِ سلوک کرو۔‘‘

٣٢/٣٢۔ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مِنْ أَهْلِ نَجْدٍ، ثَائِرَ الرَّأْسِ، يُسْمَعُ دَوِيُّ صَوْتِهِ وَلَا يُفْقَهُ مَا يَقُوْلُ، حَتَّى دَنَا فَإِذَا هُوَ يَسْأَلُ عَنِ الإِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: خَمْسُ صَلَوَاتٍ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ. فَقَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهَا؟ قَالَ: لَا، إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ. قَالَ: رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: وَ صِيَامُ رَمَضَانَ. قَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهُ؟ قَالَ: لَا، إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ. قَالَ: وَ ذَكَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الزَّكَاةَ، قَالَ: هَلْ

الحديث رقم ٣٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الزّكاةُ مِنَ الإسلام، ١/٢٥، الرقم: ٤٦، وفی كتاب: الصوم، باب: وجوب صوم رمضان، ٢/٦٦٩، الرقم: ١٧٩٢، وفی كتاب: الشهادات، باب: كيفَ يُسْتَحْلَفُ، ٢/٩٥١، الرقم: ٢٥٣٢، وفی كتاب: الحِيَل، باب: في الزكاة، وأن لا يُفرَّق بينَ مُجتَمِعٍ ولا يُجمَعَ بين مُتَفرِّقٍ، خشيةَ الصَّدَقَةِ، ٦/٢٥٥١، الرقم: ٦٥٥٦، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان الصلوات التي هي أحد أركان الإسلام، ١/٤٠، الرقم: ١١، وأبوداود فی السنن، كتاب: الصلاة، باب: فرض الصلاة، ١/١٨، الرقم: ٣٩١، والنسائی فی السنن، كتاب: الصلاة، باب: كم فرضت فی اليوم والليلة، ١/٢٢٦،الرقم: ٤٥٨، وفی كتاب: الإيمان وشرائعه، باب: الزكاة، ٨/١١٨، الرقم: ٥٠٢٨، ومالك فی الموطأ، ١/١٧٥، الرقم: ٤٢٣، والشافعی فی المسند، ١/٢٣٤، وابن حبان فی الصحيح، ٥/١١، الرقم: ١٧٢٤۔

عَلَيَّ غَيْرُهَا؟ قَالَ: لَا، إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ. قَالَ فَأَدْبَرَ الرَّجُلُ وَ هُوَ يَقُوْلُ: وَاللهِ لَا أَزِيدُ عَلَى هَذَا وَلَا أَنْقُصُ، قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَفْلَحَ إِنْ صَدَقَ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں نجد کا رہنے والا ایک شخص اس حال میں حاضر ہوا کہ اس کے بال بکھرے ہوئے تھے۔ اس کی گنگناہٹ تو سنائی دیتی تھی لیکن بات سمجھ میں نہیں آتی تھی، حتی کہ جب وہ قریب آیا تو معلوم ہوا کہ اسلام کے متعلق دریافت کر رہا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: دن اور رات کے (چوبیس گھنٹوں) میں پانچ نمازیں (فرض ہیں)۔ اس نے سوال کیا: کیا ان کے علاوہ کوئی اور نماز بھی مجھ پر فرض ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: (فرض) نہیں ہے۔ ہاں، اگر تم نفل نماز ادا کرنا چاہو تو کر سکتے ہو۔ اور آپ ﷺ نے فرمایا: ماہ رمضان کے روزے (فرض ہیں)۔ سائل نے دریافت کیا: کیا رمضان کے علاوہ کوئی اور روزہ بھی مجھ پر ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (فرض) نہیں ہے البتہ اگر تم نفل رکھنا چاہو تو رکھ سکتے ہو۔ آپ ﷺ نے اسے زکوٰۃ کے بارے میں بھی بتایا۔ اس شخص نے دریافت کیا: کیا مجھ پر اس کے علاوہ بھی کوئی ادائیگی ضروری ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (فرض) نہیں ہے البتہ تم رضا کارانہ طور پر کچھ (صدقہ) دینا چاہو تو دے سکتے ہو۔ راوی کہتے ہیں: پھر وہ شخص واپس جانے کے لیے مڑ گیا اور کہتا جاتا تھا: بخدا! میں نہ اس میں کوئی اضافہ کروں گا اور نہ کسی قسم کی کمی کروں گا۔ آپ ﷺ نے (اس شخص کی یہ بات سن کر) فرمایا: وہ فلاح پا گیا اگر اس نے اپنی بات سچ کر دکھائی۔‘‘

٣٣/٣٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّ أَعْرَابِيًّا أَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: دُلَّنِي عَلَى عَمَلٍ، إِذَا عَمِلْتُهُ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، قَالَ: تَعْبُدُ اللهَ لَا تُشْرِكُ بِهِ

الحديث رقم ٣٣: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: وجوب الزكاة، ٢/٥٠٦، الرقم: ١٣٣٣، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان الإيمان الذی يدخل به الجنة وأن تمسك بما أمربه دخل الجنة، ١/٤٤، الرقم: ١٤، وابن خزيمة فی الصحيح، ٤/١٢، وأبوعوانة فی المسند، ١/١٧، الرقم: ٤، وابن رجب فی جامع العلوم والحكم، ١/٢٠٧۔

شَيْئًا، وَ تُقِيمُ الصَّلَاةَ الْمَكْتُوبَةَ، وَ تُؤَدِّي الزَّكَاةَ الْمَفْرُوْضَةَ، وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ. قَالَ: وَالَّذي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا أَزِيدُ عَلَى هَذَا. فَلَمَّا وَلَّى، قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَلْيَنْظُرْ إِلَى هَذَا.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک دیہاتی حاضر ہوا، اور اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میری ایسے عمل کی طرف راہنمائی فرمائیں جسے انجام دینے سے جنت میں داخل ہو جاؤں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی عبادت اس طرح کرو کہ عبادت میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ۔ فرض نمازیں اور مقررہ زکوٰۃ ادا کرو اور رمضان کے روزے رکھو۔ اس اعرابی نے کہا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! میں ان اَحکام پر کوئی اضافہ نہیں کروں گا۔ پس جب وہ شخص واپس جانے کے لیے مڑا تو آپ ﷺ نے فرمایا: جو کسی جنتی کو دیکھنے کی سعادت حاصل کرنا چاہے تو اسے دیکھ لے۔‘‘

فَصْلٌ فِي عَلَامَاتِ الْمُسْلِمِ وَأَوْصَافِهِ

﴿مسلمان کی علامات اور صفات کا بیان﴾

٣٤/٣٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنه قَالَ: إِنَّ رَجُلاً سَأَلَ النَّبِيَّ ﷺ: أَيُّ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرٌ؟ قَالَ: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک آدمی نے حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا: کون سا مسلمان افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ ہوں۔''

٣٥/٣٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنهما، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللهُ عَنْهُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ ہوں، اور حقیقی مہاجر وہ ہے

الحديث رقم ٣٤: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: الإنتهاء عن المعاصى، ٥/ ٢٣٧٩، الرقم: ٦١١٩، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان تفاضل الإسلام ونصف أموره أفضل، ١/٦٥، الرقم: ٣٩، وابن حبان فى الصحيح، ٢/١٢٤، الرقم: ٣٩٩.

الحديث رقم ٣٥: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: المسلم من سَلِمَ المسلمون من لسانه ويده، ١/١٣، الرقم: ١٠، وأبوداود فى السنن، كتاب: الجهاد، باب: فى الهجرة هل انقطعت، ٣/٤، الرقم: ٢٤٨١، والنسائى فى السنن، كتاب: الإيمان وشرائعه، باب: صفة المسلم، ٨/١٠٥، الرقم: ٤٩٩٦، وابن حبان فى الصحيح، ١/٤٦٧، الرقم: ٢٣٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/١٦٣، الرقم: ٦٥١٥.

جس نے ان کاموں کو چھوڑ دیا جن سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے۔‘‘

٣٦/٣٦۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ، وَالْمُؤْمِنُ مَنْ أَمِنَهُ النَّاسُ عَلَى دِمَائِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

وَ قَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں، اور مومن وہ ہے جس سے لوگوں کی جانیں اور مال محفوظ ہوں۔‘‘

٣٧/٣٧۔ عَنِ بْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: اَلْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ، لَا يَظْلِمُهُ وَلَايُسْلِمُهُ، مَنْ كَانَ فِي حَاجَةِ أَخِيْهِ كَانَ اللهُ فِي حَاجَتِهِ، وَ مَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرُبَاتِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَ مَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

الحديث رقم ٣٦: أخرجه الترمذی في السنن، كتاب: الإيمان عن رسول الله ﷺ، باب: ملجاء في أن المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده، ٥/١٧، الرقم: ٢٦٢٧۔ والنسائی فی السنن، كتاب: الإيمان وشرائعه، باب: صفة المؤمن، ٨/١٠٤، الرقم: ٤٩٩٥ وابن حبان فی الصحيح، ١/٤٠٦، الرقم: ١٨٠، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٣٧٩، الرقم: ٨٩١٨۔

الحديث رقم ٣٧: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المظالم، باب: لَا يَظْلِمُ الْمُسْلِمُ الْمُسْلِمَ وَ لَا يُسْلِمُهُ، ٢/٨٦٢، الرقم: ٢٣١٠، ومسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: تحريم الظلم، ٤/١٩٩٦، الرقم: ٢٥٨٠، والترمذی فی السنن، كتاب: الحدود عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فی الشر علی المسلم، ٤/٣٤، الرقم: ١٤٢٥، وأبوداود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: المؤاخاة، ٤/٢٧٣، الرقم: ٤٨٩٣ والنسائی فی السنن الكبرى، ٤/٣٠٩، الرقم: ٧٢٩١ وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٩١، الرقم: ٥٦٤٦۔

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ.

’’حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے، وہ نہ تو اس پر ظلم کرتا ہے نہ (مشکل حالات میں) اسے بے یار و مددگار چھوڑتا ہے۔ جو شخص اپنے (مسلمان) بھائی کے کام آتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے کام میں (مدد کرتا) رہتا ہے اور جو شخص کسی مسلمان کی دنیاوی مشکل حل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی اُخروی مشکلات میں سے کوئی مشکل حل فرمائے گا اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔‘‘

٣٨/٣٨۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا تَحَاسَدُوْا وَلَا تَنَاجَشُوْا وَلَا تَبَاغَضُوْا وَلَا تَدَابَرُوْا وَلَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيْعِ بَعْضٍ، وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللهِ إِخْوَانًا، الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يَخْذُلُهُ وَلَا يَحْقِرُهُ، التَّقْوَى هَاهُنَا (وَيُشِيْرُ إِلَى صَدْرِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ) بِحَسْبِ امْرِئٍ مِنَ الشَّرِّ أَنْ يَحْقِرَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ، كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهُ وَمَالُهُ وَعِرْضُهُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک دوسرے سے حسد نہ کرو اور ایک دوسرے کو دھوکہ نہ دو اور ایک دوسرے سے بُغض نہ رکھو اور ایک دوسرے سے رُخ نہ موڑو، اور تم میں سے کوئی شخص دوسرے کے سودے پر اپنا سودا نہ کرے۔ اے اللہ تعالیٰ کے بندو! باہم بھائی بھائی ہو جاؤ۔ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، وہ اس

الحديث رقم ٣٨: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: تحريم ظلم المسلم وخذله واحتقاره ودمه وعرضه وماله، ٤/١٩٨٦، الرقم: ٢٥٦٤، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٢٧٧، الرقم:٧٧١٣، وعبد بن حميد فی المسند، ١/٤٢٠، الرقم: ١٤٤٢، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٦/٩٢، الرقم: ١١٢٧٦، وفی شعب الإيمان، ٥/٢٨٠، الرقم: ٦٦٦٠، والديلمی فی مسند الفردوس، ٢/٤٧٠، الرقم: ٤٠٠٢، وابن رجب فی جامع العلوم والحكم، ١/٣٢٦، والعسقلانی فی فتح الباری، ١٠/٤٨٣۔

پر نہ تو ظلم کرتا ہے اور نہ اسے ذلیل کرتا ہے، اور نہ ہی اسے حقیر سمجھتا ہے۔ تقویٰ اور پرہیزگاری یہاں ہے (اور آپ ﷺ نے تین مرتبہ اپنے سینۂ اقدس کی طرف اشارہ کیا)۔ کسی مسلمان کے لئے اتنی برائی کافی ہے کہ وہ اپنے کسی مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے۔ ایک مسلمان پر دوسرے کا خون، اس کا مال اور اس کی عزت (و آبرو پامال کرنا) حرام ہے۔‘‘

٣٩/٣٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَخُوْنُهُ وَلَا يَكْذِبُهُ وَلَا يَخْذُلُهُ، كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ عِرْضُهُ وَمَالُهُ وَدَمُهُ، اَلتَّقْوَى هَاهُنَا، بِحَسْبِ امْرِئٍ مِنَ الشَّرِّ أَنْ يَحْتَقِرَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے وہ نہ اس سے خیانت کرتا ہے اور نہ اس سے جھوٹ بولتا ہے اور نہ اسے ذلیل کرتا ہے۔ ہر مسلمان پر دوسرے مسلمان کی عزت (کی پامالی) اس کا مال اور اس کا خون حرام ہے۔ (آپ ﷺ نے قلبِ اطہر کی طرف اشارہ کر کے فرمایا:) تقویٰ یہاں ہے، کسی مسلمان کے لئے اتنی برائی ہی کافی ہے کہ وہ اپنے کسی مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے۔‘‘

الحديث رقم ٣٩: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فی شفقة المسلم علی المسلم، ٤/٣٢٥، الرقم: ١٩٢٧، وابن رجب فی جامع العلوم والحكم، ١/٣٢٦.

فَصْلٌ فِي حَقِّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ

﴿مسلمان کے مسلمان پر حقوق کا بیان﴾

٤٠ / ٤٠۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ: رَدُّ السَّلَامِ وَعِيَادَةُ الْمَرِيْضِ، وَاتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ، وَ إِجَابَةُ الدَّعْوَةِ، وَ تَشْمِيتُ الْعَاطِسِ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر پانچ حق ہیں: سلام کا جواب دینا، بیمار کی عیادت کرنا، اس کے جنازہ کے ساتھ جانا، اس کی دعوت قبول کرنا اور چھینک کا جواب دینا۔''

٤١ / ٤١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ. قِيْلَ: مَا هُنَّ؟ يَا رَسُوْلَ اللهِ! قَالَ: إِذَا لَقِيْتَهُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ، وَإِذَا دَعَاكَ فَأَجِبْهُ، وَ إِذَا اسْتَنْصَحَكَ فَانْصَحْ لَهُ، وَ إِذَا

الحديث رقم ٤٠: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: الأمر باتباع الجنائز، ١ / ٤١٨، الرقم: ١١٨٣، ومسلم فی الصحيح، كتاب: السلام، باب: من حق المسلم للمسلم ردّ السلام، ٤ / ١٧٠٤، الرقم: ٢١٦٢، وابن حبان فی الصحيح، ١ / ٤٧٦، الرقم: ٢٤١، والحاكم فی المستدرك، ١ / ٥٥٠، الرقم: ١٢٩٢، والنسائی فی السنن الكبرى، ٦ / ٦٤، الرقم: ١٠٠٤٩، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الجنائز، باب: ما جاء فی عيادة المريض، ١ / ٤٦١، الرقم: ١٤٣٥، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢ / ٥٤٠، الرقم: ١٠٩٧٩۔

الحديث رقم ٤١: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: السلام، باب: من حق المسلم للمسلم ردّ السلام، ٤ / ١٧٠٥، الرقم: ٢١٦٢، وابن حبان فی الصحيح، ١ / ٤٧٧، الرقم: ٢٤٢، والدارمی فی السنن، ٢ / ٣٥٧، الرقم: ٢٦٣٣، ←

عَطَسَ فَحَمِدَ اللهَ فَسَمِّتْهُ، وَ إِذَا مَرِضَ فَعُدْهُ، وَ إِذَا مَاتَ فَاتَّبِعْهُ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالدَّارِمِيُّ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں: عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! وہ کون سے حق ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تو مسلمان کو ملے تو اسے سلام کر اور جب وہ تجھے دعوت دے تو قبول کر، اور جب وہ تجھ سے مشورہ چاہے تو اسے اچھا مشورہ دے، اور جب وہ چھینکے اور الحمد للہ کہے تو تو بھی جواب میں (یرحمک اللہ) کہہ، اور جب بیمار ہو تو اس کی تیمارداری کر، اور جب وہ فوت ہو جائے تو اس کے جنازہ کے ساتھ شامل ہو۔‘‘

٤٢/ ٤٢۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: انْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُومًا. فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! أَنْصُرُهُ إِذَا كَانَ مَظْلُوْمًا، أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ ظَالِمًا كَيْفَ أَنْصُرُهُ؟ قَالَ: تَحْجُزُهُ أَوْ تَمْنَعُهُ مِنَ الظُّلْمِ، فَإِنَّ ذٰلِكَ نَصْرُهُ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَ نَحْوُهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

.....وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/ ٣٧٢، الرقم: ٨٨٣٢، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٥/ ٣٤٧، الرقم: ١٠٦٩١۔

الحديث رقم ٤٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الإكراه، باب: يَمِينِ الرَّجُلِ لِصاحِبِهِ، إِنَّهُ أَخُوهُ، إذا خاف عليهِ القتلَ أَوْ نَحْوَهُ، ٦/ ٢٥٥٠، الرقم: ٦٥٥٢، وفی كتاب: المظالم، باب: أعِن أخاك ظالماً أو مظلوما، ٢/ ٨٦٣، الرقم: ٢٣١١۔ ٢٣١٢، ومسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: نصر الأخ ظالما أو مظلوما، ٤/ ١٩٩٨، الرقم: ٢٥٨٤، والترمذی فی السنن، كتاب: الفتن عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: (٦٨)، ٤/ ٥٢٣، الرقم: ٢٢٥٥، والدارمی فی السنن، ٢/ ٤٠١، الرقم: ٢٧٥٣، وابن حبان فی الصحيح، ١١: ٥٧٠، الرقم: ٥١٦٦۔٥١٦٨، وأحمد بن حنبل فی المسند ٣/ ٩٩، الرقم: ١١٩٦٧، ١٣١٠١، ١٤٥٠٧، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ١/ ٢٠٢، الرقم: ٦٤٩، ٧٧٩، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٦/ ٩٤، الرقم: ١١٢٨٩۔١١٢٩٠۔

وَقَالَ أَبُوْ عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم۔ ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اگر وہ مظلوم ہو تب تو میں اس کی مدد کروں لیکن مجھے یہ بتائیے کہ جب وہ ظالم ہو تو میں اس کی مدد کیسے کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اسے ظلم سے باز رکھو، یا فرمایا: اُسے (اس ظلم سے) روکو، کیونکہ یہ بھی اس کی مدد ہے۔‘‘

٤٣ / ٤٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ عزوجل يَقُوْلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: يَا ابْنَ آدَمَ، مَرِضْتُ فَلَمْ تَعُدْنِي. قَالَ: يَا رَبِّ! كَيْفَ أَعُوْدُكَ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ؟ قَالَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ عَبْدِي فُلَانًا مَرِضَ فَلَمْ تَعُدْهُ. أَمَا عَلِمْتَ أَنَّكَ لَوْ عُدْتَهُ لَوَجَدْتَنِي عِنْدَهُ؟ يَا ابْنَ آدَمَ! اسْتَطْعَمْتُكَ فَلَمْ تُطْعِمْنِي. قَالَ: يَا رَبِّ! وَ كَيْفَ أُطْعِمُكَ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ؟ قَالَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّهُ اسْتَطْعَمَكَ عَبْدِي فُلَانٌ فَلَمْ تُطْعِمْهُ؟ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّكَ لَوْ أَطْعَمْتَهُ لَوَجَدْتَ ذٰلِكَ عِنْدِي؟ يَا ابْنَ آدَمَ! اسْتَسْقَيْتُكَ فَلَمْ تَسْقِنِي. قَالَ: يَا رَبِّ! كَيْفَ أَسْقِيْكَ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ؟ قَالَ: اسْتَسْقَاكَ عَبْدِي فُلَانٌ فَلَمْ تَسْقِهِ، أَمَا إِنَّكَ لَوْ سَقَيْتَهُ وَجَدْتَ ذٰلِكَ عِنْدِي. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک

الحديث رقم ٤٣: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: فضل عيادة المريض، ٤ / ١٩٩٠، الرقم: ٢٥٦٩، والبخارى فى الأدب المفرد، ١: ١٨٢، الرقم: ٥١٧، وابن حبان فى الصحيح، ١ / ٥٠٣، الرقم: ٢٦٩، ٩٤٤، ٧٣٦٦، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٦ / ٥٣٤، الرقم: ٩١٨٢، وابن راهوية فى المسند، ١ / ١١٥، الرقم: ٢٨، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٢ / ٣٧، الرقم: ١٤٠٦.

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے ابن آدم! میں بیمار ہوا اور تو نے میری مزاج پرسی نہیں کی۔ بندہ عرض کرے گا: اے پروردگار! میں تیری بیمار پرسی کیسے کرتا جبکہ تو خود تمام جہانوں کا پالنے والا ہے؟ ارشاد ہوگا: کیا تجھے معلوم نہیں کہ میرا فلاں بندہ بیمار ہوا اور تو نے اس کی مزاج پرسی نہیں کی۔ کیا تو نہیں جانتا کہ اگر تو اس کی بیمار پرسی کرتا تو مجھے اس کے پاس موجود پاتا؟ اے ابن آدم! میں نے تجھ سے کھانا طلب کیا اور تو نے مجھے کھانا نہ کھلایا۔ بندہ عرض کرے گا: اے پروردگار! میں تجھے کھانا کیسے کھلاتا جبکہ تو خود تمام جہانوں کا پالنہار ہے؟ ارشاد ہو گا: کیا تجھے معلوم نہیں کہ میرے فلاں بندے نے تجھ سے کھانا مانگا اور تو نے اسے کھانا نہیں کھلایا؟ کیا تو نہیں جانتا کہ اگر تو اسے کھانا کھلاتا تو اس کا ثواب میری بارگاہ سے پاتا؟ اے ابن آدم! میں نے تجھ سے پانی مانگا اور تو نے مجھے پانی نہیں پلایا۔ بندہ عرض کرے گا: پروردگار! میں تجھے پانی کیسے پلاتا جبکہ تو رب العالمین ہے؟ ارشاد ہوگا: میرے فلاں بندے نے تجھ سے پانی مانگا اور تو نے اسے پانی نہیں پلایا۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ اگر تو اسے پانی پلاتا تو اس کا ثواب تجھے میری بارگاہ سے ملتا؟''

فَصْلٌ فِي الإِحْسَانِ

﴿احسان کا بیان﴾

٤٤/ ٤٤۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ رضي الله عنه، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ ذَاتَ يَوْمٍ إِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا رَجُلٌ شَدِيْدُ بَيَاضِ الثِّيَابِ، شَدِيْدُ سَوَادِ الشَّعْرِ، لَا يُرَى عَلَيْهِ أَثَرُ السَّفَرِ، وَلَا يَعْرِفُهُ مِنَّا أَحَدٌ، حَتَّى جَلَسَ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ، فَأَسْنَدَ رُكْبَتَيْهِ إِلَى رُكْبَتَيْهِ، وَوَضَعَ كَفَّيْهِ عَلَى فَخِذَيْهِ، وَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! أَخْبِرْنِي عَنِ الإِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: الإِسْلَامُ أَنْ تَشْهَدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللهِ وَتُقِيمَ الصَّلَاةَ، وَتُؤْتِيَ الزَّكَاةَ، وَ تَصُوْمَ رَمَضَانَ، وَتَحُجَّ الْبَيْتَ إِنِ اسْتَطَعْتَ إِلَيْهِ سَبِيْلًا. قَالَ: صَدَقْتَ. قَالَ: فَعَجِبْنَا لَهُ يَسْأَلُهُ وَيُصَدِّقُهُ! قَالَ: فَأَخْبِرْنِي عَنِ الإِيْمَانِ. قَالَ: أَنْ تُؤْمِنَ بِاللهِ، وَمَلَائِكَتِهِ، وَكُتُبِهِ، وَرُسُلِهِ، وَالْيَوْمِ

الحديث رقم ٤٤: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: سُؤَالِ جِبْرِيْلَ النَّبِيَّ ﷺ عَنِ الإِيْمَانِ وَ الإِسْلَامِ وَ الإِحْسَانِ وَ عِلْمِ السَّاعَةِ، ١/ ٢٧، الرقم: ٥٠، وفی كتاب: التفسير/ لقمان، باب: إِنَّ اللهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ/ ٣٤، ٤/ ١٧٩٣، الرقم: ٤٤٩٩، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان الإيمان والإسلام والإحسان، ١/ ٣٦، الرقم: ٨-٩، والترمذی فی السنن، كتاب: الإيمان عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فی وصف جبريل للنبي ﷺ الإيمان والإسلام، ٥/ ٦، الرقم: ٢٦٠١، وأبوداود فی السنن، كتاب: السنة، باب: فی القدر، ٤/ ٢٢٢، الرقم: ٤٦٩٥، والنسائی فی السنن، كتاب: الإيمان وشرائعه، باب: نعت الإسلام، ٨/ ٩٧، الرقم: ٤٩٩٠، وابن ماجة فی السنن، المقدمة، باب: في الإيمان، ١/ ٢٤، الرقم: ٦٣، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/ ٥١، الرقم: ٣٦٧، وابن خزيمة فی الصحيح، ٤/ ١٢٧، الرقم: ٢٥٠٤، وابن حبان فی الصحيح، ١/ ٣٨٩، الرقم: ١٦٨۔

الآخِرِ، وَتُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ. قَالَ: صَدَقْتَ. قَالَ: فَأَخْبِرْنِي عَنِ الإِحْسَانِ. قَالَ: أَنْ تَعْبُدَ اللهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ. قَالَ: فَأَخْبِرْنِي عَنِ السَّاعَةِ قَالَ: مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ. قَالَ: فَأَخْبِرْنِي عَنْ أَمَارَتِهَا؟ قَالَ: أَنْ تَلِدَ الأَمَةُ رَبَّتَهَا، وَأَنْ تَرَى الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ الْعَالَةَ رِعَاءَ الشَّاءِ يَتَطَاوَلُونَ فِي الْبُنْيَانِ. ثُمَّ انْطَلَقَ، فَلَبِثْتُ مَلِيًّا، ثُمَّ قَالَ: يَا عُمَرُ أَتَدْرِي مَنِ السَّائِلُ؟ قُلتُ: اللهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: فَإِنَّهُ جِبْرِيْلُ أَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

”حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک روز ہم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے۔ اچانک ایک شخص ہماری محفل میں آیا، اس کے کپڑے نہایت سفید، بال گہرے سیاہ تھے، اس پر سفر کے کچھ بھی اثرات نمایاں نہ تھے اور ہم میں سے کوئی اسے پہچانتا بھی نہیں تھا۔ بالآخر وہ شخص حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھٹنے سے گھٹنے ملا کر بیٹھ گیا اور اس نے دونوں ہاتھ اپنی دونوں رانوں پر رکھ لیے اور عرض کیا: یا محمد مصطفیٰ! مجھے بتائیں: اسلام کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسلام یہ ہے کہ تو اس بات کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس کے رسول ہیں اور تو نماز قائم کرے، زکوٰۃ ادا کرے، رمضان المبارک کے روزے رکھے اور استطاعت رکھنے پر بیت اللہ کا حج کرے۔ اس نے عرض کیا: آپ نے سچ فرمایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں تعجب ہوا کہ خود ہی سوال کرتا ہے اور خود ہی تصدیق بھی کرتا ہے۔ اس کے بعد اس نے عرض کیا: مجھے ایمان کے بارے میں بتائیں؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایمان یہ ہے کہ تو اللہ تعالیٰ پر، فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر ایمان لائے اور اچھی بری تقدیر پر ایمان رکھے۔ وہ بولا: آپ نے سچ فرمایا۔ پھر اس نے عرض کیا: مجھے احسان کے بارے میں بتائیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: احسان یہ ہے کہ تو اللہ عزوجل کی عبادت اس طرح کرے گویا تو اسے دیکھ رہا ہے اور اگر تو اسے نہ دیکھ سکے تو یہ جان لے کہ یقیناً وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔ اس نے عرض کیا: اچھا اب مجھے (وقوعِ) قیامت کے (وقت کے) بارے میں بتائیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس سے سوال کیا گیا ہے وہ اس مسئلہ پر سائل سے زیادہ علم نہیں رکھتا (یعنی جو کچھ مجھے معلوم

ہے وہ تمہیں بھی معلوم ہے اور دوسرے حاضرین کے لئے اسے ظاہر کرنا مفید نہیں ہے۔) اس شخص نے عرض کیا: اچھا پھر قیامت کی علامات ہی بتا دیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: علاماتِ قیامت یہ ہیں کہ نوکرانی اپنی مالکہ کو جنم دے گی (یعنی بیٹی ماں کے ساتھ نوکرانیوں والا سلوک کرے گی) اور برہنہ پاؤں اور ننگے بدن والے مفلس چرواہے اونچے اونچے محلات پر فخر کریں گے۔ پھر وہ شخص چلا گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں کچھ دیر ٹھہرا رہا، پھر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عمر! جانتے ہو یہ سوال کرنے والا کون تھا؟ میں نے عرض کیا: اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ جبرائیل علیہ السلام تھے جو تمہیں تمہارا دین سکھانے آئے تھے۔''

٤٥ / ٤٥۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: أَوْصَانِي خَلِيْلِي ﷺ أَنْ أَخْشَى اللهَ كَأَنِّي أَرَاهُ، فَإِنْ لَمْ أَكُنْ أَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَانِي. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت ابوذر (غفاری) رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ مجھے میرے حبیب ﷺ نے فرمایا کہ میں خشیتِ الٰہی میں ایسا ہو جاؤں گویا میں اسے دیکھ رہا ہوں، پس اگر میں اسے نہیں دیکھ سکتا تو وہ تو یقیناً مجھے دیکھ ہی رہا ہے۔''

٤٦ / ٤٦۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلإِحْسَانُ أَنْ تَعْمَلَ لِلهِ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِلَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ.

رَوَاهُ الرَّبِيْعُ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: احسان یہ ہے کہ تو اللہ تعالیٰ کے لئے اس طرح عمل کر گویا تو اسے دیکھ رہا ہے، پھر اگر تو اسے نہیں دیکھ سکتا تو یقیناً وہ تو تجھے دیکھ رہا ہے۔''

الحديث رقم ٤٥: أخرجه أبونعيم فى كتاب الأربعين، ١/ ٣٩، الرقم: ١٢، وابن رجب فى جامع العلوم والحكم، ١/ ١٢٦۔

الحديث رقم ٤٦: أخرجه ابن الربيع فى المسند، ١/ ٤٢، الرقم: ٥٦، وابن رجب فى جامع العلوم والحكم، ١/ ٣٦۔

٤٧ / ٤٧۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: كُنْ كَأَنَّكَ تَرَى اللهَ، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ. رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَالدَّيْلَمِيُّ.

''حضرت زید بن ارقم رضی الله عنه روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: (اے بندۂ خدا!) اس طرح ہو جا گویا اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہا ہے، اگر تم اُسے نہیں دیکھ رہے تو وہ تو یقیناً تمہیں دیکھ رہا ہے۔''

٤٨ / ٤٨۔ عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ رضی الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: إِنَّ اللهَ كَتَبَ الإِحْسَانَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ، فَإِذَا قَتَلْتُمْ فَأَحْسِنُوا الْقِتْلَةَ، وَإِذَا ذَبَحْتُمْ فَأَحْسِنُوا الذَّبْحَ، وَ لْيُحِدَّ أَحَدُكُمْ شَفْرَتَهُ فَلْيُرِحْ ذَبِيْحَتَهُ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

''حضرت شداد بن اوس رضی الله عنه سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہر کام میں اِحسان فرض کیا ہے۔ جب تم قتل کرو تو اچھی طرح سے قتل کرو اور جب تم ذبح کرو تو اچھی طرح سے ذبح کرو اور ذبح کرنے والے کو چاہیے کہ چھری کو اچھی طرح تیز کرے اور اپنے ذبح ہونے والے جانور کو آرام دے۔''

الحديث رقم ٤٧: أخرجه أبونعيم فى كتاب الأربعين، ١/ ٤٠، الرقم: ١٣، وفى حلية الأولياء، ٨/ ٢٠٢، والديلمى فى مسند الفردوس، ٣/ ٢٧٤، الرقم: ٤٨٤٣، وابن رجب فى جامع العلوم والحكم، ١/ ٣٦.

الحديث رقم ٤٨: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الصيد والذبائح وما يؤكل من الحيوان، باب: الأمر بإحسان الذبح والقتل وتحديد الشفرة، ٣/ ١٥٤٨، الرقم: ١٩٥٥، والترمذى فى السنن، كتاب: الديات عن رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم، باب: ماجاء فى النهى عن المثلة، ٤/ ٢٣، الرقم: ١٤٠٩، وأبوداود فى السنن، كتاب: الضحايا، باب: في النهي أن تصبر البهائم والرفق بالذبيحة، ٣/ ١٠٠، الرقم: ٢٨١٥، والنسائى فى السنن، كتاب: الضحايا، باب: الأمر بإحداد الشفرة، ٧/ ٢٢٧، الرقم: ٤٤٠٥، وفى كتاب: الضحايا، باب: ذكر المنفلتة التى لا يقدر على أخذها، ٧/ ٢٢٩، الرقم: ٤٤١١، وفى كتاب: الضحايا، باب: حسن الذبح، ٧/ ٢٢٩، الرقم: ٤٤١٢-٤٤١٤، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الذبائح، باب: إذا ذبحتم فأحسنوا الذبح، ٢/ ١٠٥٨، الرقم: ٣١٧٠ وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/ ١٢٣، وابن حبان فى الصحيح، ١٣/ ١٩٩، الرقم: ٥٨٨٣، وابن الجارود فى كتاب المنتقى، ١/ ٢١٤، الرقم: ٨٣٩، والدارمى فى السنن، ٢/ ١١٢، الرقم: ١٩٧٠.

فَصْلٌ فِي عَلَامَاتِ الْمُحْسِنِ وَأَوْصَافِهِ

﴿محسن کی علامات اور صفات کا بیان﴾

٤٩/ ٤٩۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی الله عنه يَقُوْلُ: أَمَرَنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ أَنْ نَتَصَدَّقَ فَوَافَقَ ذَلِکَ عِنْدِي مَالًا، فَقُلْتُ: الْيَوْمَ أَسْبِقُ أَبَابَکْرٍ إِنْ سَبَقْتُهُ يَوْمًا، قَالَ: فَجِئْتُ بِنِصْفِ مَالِي، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَا أَبْقَيْتَ لِأَهْلِکَ؟ قُلْتُ: مِثْلَهُ، وَ أَتَی أَبُوْبَکْرٍ بِکُلِّ مَا عِنْدَهُ، فَقَالَ: يَا أَبَابَکْرٍ! مَا أَبْقَيْتَ لِأَهْلِکَ؟ قَالَ: أَبْقَيْتُ لَهُمُ اللهَ وَرَسُوْلَهُ، قُلْتُ: وَاللهِ! لَا أَسْبِقُهُ إِلَی شَيْءٍ أَبَدًا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ.

’’حضرت عمر بن خطاب رضی الله عنه روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ہمیں صدقہ کرنے کا حکم فرمایا۔ اتفاق سے اس وقت میرے پاس مال تھا، میں نے کہا: اگر میں حضرت ابوبکر صدیق رضی الله عنه سے سبقت لے جا سکتا ہوں تو آج لے جاؤں گا۔ فرماتے ہیں کہ پھر میں نصف مال لے کر حاضر ہوا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اپنے گھر والوں کے لئے کیا چھوڑا ہے؟ میں نے عرض کیا: اس (مال) کے برابر ہی، اتنے میں ابوبکر صدیق رضی الله عنه سارا مال لے کر حاضر ہوئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ابوبکر! گھر والوں کے لئے کیا چھوڑا ہے؟ عرض کیا: ان کے لئے اللہ عزوجل اور اس کے رسول ﷺ کو چھوڑ آیا ہوں۔ میں نے (دل میں) کہا: بخدا! میں کبھی ان سے کسی (نیک) بات میں آگے نہیں بڑھ سکوں گا۔‘‘

الحديث رقم ٤٩ : أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في مناقب أبي بكر وعمر رضی الله عنهما كليهما، ٦/ ٥٢، الرقم: ٣٦٧٥، وأبوداود في السنن، كتاب: الزكاة، باب: الرخصة في ذلك، ٢/ ١٢٩، الرقم: ١٦٧٨، والدارمي في السنن، ١/ ٤٨٠، الرقم: ١٦٦٠، والبزار في المسند، ١/ ٢٦٣، الرقم: ١٥٩، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ١/ ١٧٣، الرقم: ٨١، وعبد بن حميد في المسند، ١/ ٣٣، الرقم: ١٤، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/ ٥٧٩، الرقم: ١٢٤٠۔

٥٠/٥٠۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ ﷺ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اتَّقِ اللهَ حَيْثُمَا كُنْتَ، وَأَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا، وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابوذر ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے فرمایا: تم جہاں بھی ہو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، گناہ کے بعد نیکی کیا کرو وہ اسے مٹا دے گی اور لوگوں سے اخلاق حسنہ کے ساتھ پیش آیا کرو۔''

٥١/٥١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: يَقُوْلُ اللهُ:

الحديث رقم ٥٠: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في معاشرة الناس، ٤/٣٥٥، الرقم: ١٩٨٧، والدارمی فی السنن، ٢/٤١٥، الرقم: ٢٧٩١، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/١٥٣، الرقم: ٢١٣٩٢، والطبرانی عن معاذ ﷺ فی المعجم الکبیر، ٢٠/١٤٤، الرقم: ٢٩٦، وابن أبی شیبة فی المصنف، ٥/٢١١، الرقم: ٢٥٣٢٤، والبزار فی المسند، ٩/٤١٦، الرقم: ٤٠٢٢۔

الحديث رقم ٥١: أخرجه البخاری فی الصحیح، کتاب: التوحید، باب: قولِ الله تعالی: يُرِيْدُوْنَ أَنْ يُبَدِّلُوا كَلَامَ اللهِ [الفتح: ١٥]، ٦/٢٧٢٤، الرقم: ٧٠٦٢، وفی کتاب: الرقاق، باب: مَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ أَوْسَيِّئَةٍ، ٥/٢٣٨٠، الرقم: ٦١٢٦، ومسلم فی الصحیح، باب: إذا همّ العبد بحسنة کتبت وإذا همّ سيّئة لم تکتب، ١/١١٧، الرقم: ١٢٨۔١٣١، والترمذی فی السنن، کتاب: تفسیر القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورةِ الأنْعَامِ، ٥/٢٦١، الرقم: ٣٠٧٣، وابن حبان فی الصحیح، ٢/١٠٣، ١٠٥، الرقم: ٣٧٩۔٣٨٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٣١٥، الرقم: ٨١٥١، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ١/٢٦٥، الرقم: ٨٦٥، والبیهقی فی شعب الإیمان، ١/٣٠٠، الرقم: ٣٣٦، ٥/٣٨٩، الرقم: ٧٠٤٣، ٧٠٤٦، وأبو عوانة فی المسند، ١/٨١، الرقم: ٢٣٩۔٢٤٢، وأبونعیم فی المسند المستخرج، ١/٢٧، الرقم: ٣٣٥، والمنذری فی الترغیب والترهیب، ١/٢٧، الرقم: ٢١۔٢٤، والهیثمی فی مجمع الزوائد، ٣/١٨٢۔

إِذَا أَرَادَ عَبْدِي أَنْ يَعْمَلَ سَيِّئَةً فَلَا تَكْتُبُوْهَا عَلَيْهِ حَتَّى يَعْمَلَهَا، فَإِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا بِمِثْلِهَا، وَ إِنْ تَرَكَهَا مِنْ أَجْلِي فَاكْتُبُوْهَا لَهُ حَسَنَةً، وَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَعْمَلَ حَسَنَةً، فَلَمْ يَعْمَلْهَا فَاكْتُبُوْهَا لَهُ حَسَنَةً، فَإِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا لَهُ بِعَشَرِ أَمْثَالِهَا إِلَى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ (فرشتوں سے) فرماتا ہے: جب میرا بندہ بُرے کام کا ارادہ کرے تو اس کی کوئی برائی نہ لکھو جب تک کہ وہ اس برائی کا ارتکاب نہ کر لے، اور جب وہ برائی کر لے تو اس کے برابر ہی (گناہ) لکھو، اور اگر میری وجہ سے ترک کردے تو اس (ترک گناہ) کو اس کے لئے ایک نیکی لکھ دو۔ اور جب اس نے نیکی کا ارادہ کیا مگر نیکی نہ کر سکا تو اس کے لئے ایک نیکی لکھ دو اور اگر وہ اسے کر لے تو اس نیکی کو اس کے لئے دس گنا سے سات سو گنا تک لکھو۔''

٥٢/٥٢۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ : يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَتَى أَكُوْنُ مُحْسِنًا؟ قَالَ: إِذَا قَالَ جِيْرَانُکَ: أَنْتَ مُحْسِنٌ فَأَنْتَ مُحْسِنٌ، وَإِذَا قَالُوْا: إِنَّکَ مُسِيءٌ فَأَنْتَ مُسِيءٌ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَابْنُ حِبَّانَ وَاللَّفْظُ لَهُ.

وَقَالَ الْحَاکِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں عرض کیا: یا رسول اللہ! میں محسن کب بنوں گا؟ فرمایا: جب تیرا پڑوسی تجھے کہے کہ تو محسن

الحديث رقم ٥٢: أخرجه ابن ماجه فی السنن، كتاب: الزهد، باب: الثناء الحسن، ٢/١٤١١، الرقم: ٤٢٢٢-٤٢٢٣، وابن حبان فی الصحيح، نكر العلامة التی يستبدل المرء بها علی إحسانه، ٢/٢٨٤، الرقم: ٥٢٥، والحاكم فی المستدرك، ١/٥٣٤، الرقم: ١٣٩٩، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٧/٨٥، الرقم: ١٣٩٩، والحسينی فی البيان والتعريف، ١/٤٨، الرقم: ٩٧، والمناوی فی فيض القدير، ١/٢٤٤-

ہے تو تو محسن ہے، اور جب وہ تجھے کہیں کہ تو برا ہے۔ تو تو برا ہے۔‘‘

٥٣ / ٥٣۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: إِذَا جَمَعَ اللهُ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخَرِيْنَ يُنَادِي مُنَادٍ فِي صَعِيْدٍ وَاحِدٍ مِنْ بُطْنَانِ الْعَرْشِ: أَيْنَ أَهْلُ الْمَعْرِفَةِ بِاللهِ؟ أَيْنَ الْمُحْسِنُوْنَ؟ قَالَ: فَيَقُوْمُ عُنُقٌ مِنَ النَّاسِ حَتَّى يَقِفُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللهِ، فَيَقُوْلُ. وَهُوَ أَعْلَمُ بِذَلِکَ: مَا أَنْتُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَحْنُ أَهْلُ الْمَعْرِفَةِ الَّذِيْنَ عَرَّفْتَنَا إِيَّاکَ وَجَعَلْتَنَا أَهْلاً لِذَلِکَ. فَيَقُوْلُ: صَدَقْتُمْ. ثُمَّ يَقُوْلُ لِلآخَرِيْنَ: مَا أَنْتُمْ؟ قَالُوْا: نَحْنُ الْمُحْسِنُوْنَ. قَالَ: صَدَقْتُمْ، قُلْتُ لِنَبِيِّ: ﴿مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ﴾ [التوبة، ٩: ٩١] مَا عَلَيْکُمْ مِنْ سَبِيْلٍ، ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِي. ثُمَّ تَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم فَقَالَ: لَقَدْ نَجَّاهُمُ اللهُ مِنْ أَهْوَالِ بَوَائِقِ الْقِيَامَةِ.

رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ فِي کِتَابِ الْأَرْبَعِيْنَ.

’’حضرت انس بن مالک رضی الله عنه سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جب اولین و آخرین کے لوگوں کو جمع فرمائے گا تو ایک پکارنے والا عرش کے پایوں تلے ایک میدان سے صدا دے گا: کہاں ہیں اللہ تعالیٰ کی معرفت رکھنے والے؟ کہاں ہیں صاحبانِ احسان؟ فرمایا: لوگوں میں سے ایک گروہ اللہ تعالیٰ کے سامنے آ کھڑا ہوگا۔ پس وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) فرمائے گا، حالانکہ وہ بہتر جاننے والا ہے: تم کون ہو؟ پس وہ لوگ کہیں گے: ہم اہلِ معرفت ہیں جنہیں تو نے اپنی معرفت عطا کی اور ہمیں اس معرفت کا اہل بنایا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم نے سچ کہا، پھر دوسرے گروہ سے پوچھے گا: تم کون ہو؟ وہ عرض کریں گے: ہم صاحبانِ احسان ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم نے سچ کہا، میں نے اپنے نبی سے فرمایا تھا: ’’صاحبانِ احسان پر اِلزام کی کوئی راہ نہیں۔‘‘ لہٰذا تم پر بھی (طعنہ زنی کی) کوئی راہ نہیں۔ میری رحمت کے ساتھ سیدھے جنت میں داخل ہو جاؤ۔ پھر حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے تبسم فرمایا اور ارشاد فرمایا: یقیناً اللہ تعالیٰ انہیں قیامت کے احوال اور سختیوں سے نجات دے دے گا۔‘‘

الحديث رقم ٥٣: أخرجه أبونعيم فی کتاب الأربعين، ١ / ١٠٠، الرقم: ٥١، والمناوی فی فيض القدير، ١ / ٤٢٠، الرقم: ٤.

فَصْلٌ فِي عَلَامَاتِ الْكُفْرِ وَالنِّفَاقِ

﴿ کفر اور نفاق کی علامات کا بیان ﴾

٥٤/٥٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ رضی الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ، وَقِتَالُهُ كُفْرٌ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس کے ساتھ قتال کرنا کفر ہے۔''

٥٥/٥٥۔ عَنْ أَنَسٍ رضی الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ يَقُوْلُ: يُجَاءُ بِالْكَافِرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُقَالُ لَهُ: أَرَ أَيْتَ لَوْ كَانَ لَكَ مِلْءُ الْأَرْضِ ذَهَبًا أَكُنْتَ تَفْتَدِي بِهِ؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ. فَيُقَالُ لَهُ: قَدْ كُنْتَ سُئِلْتَ مَا هُوَ أَيْسَرُ مِنْ ذَلِكَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ، وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

الحديث رقم ٥٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: خوف المؤمن من أن يحبط عمله وهو لا يشعر، ١/٢٧، الرقم: ٤٨، ومسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان قول النبي ﷺ: سباب المسلم فسوق وقتاله كفر، ١/٨١، الرقم: ٦٤، والترمذي في السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: (٥٢)، ٤/٣٥٣، الرقم: ١٩٨٣، والنسائي في السنن، كتاب: تحريم الدم، باب: قتال المسلم، ٧/١٢١، الرقم: ٤١٠٥، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: في الإيمان، ١/٢٧، الرقم: ٦٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٤١١، الرقم: ٣٩٠٣، والبزار في المسند، ٤/١٣، الرقم: ١١٧٢۔

الحديث رقم ٥٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: من نوقش الحساب عذب، ٥/٢٣٩٥، الرقم: ٦١٧٣، ومسلم في الصحيح، كتاب: صفة القيامة والجنة والنار، باب: طلب الكافر الفداء بملء الأرض ذهبا، ٤/٢١٦١، الرقم: ٢٨٠٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٢٩١، الرقم: ١٤١٣٩، وابن حبان في الصحيح، ١٦/٣٤٨، الرقم: ٧٣٥١، والطبراني في المعجم الأوسط، ٧/١١٨، الرقم: ٧٠٢٦، وأبويعلى في المسند، ٥/٣٠٤، الرقم: ٢٩٢٦۔

’’حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ فرمایا کرتے تھے: قیامت کے روز کافر کو پیش کیا جائے گا تو اس سے کہا جائے گا کہ اگر تیرے پاس اتنا سونا ہو کہ اس سے زمین بھر جائے تو کیا تم اسے اپنی رہائی کے بدلے میں فدیہ دینے کو تیار ہو جاتے؟ وہ کہے گا: ہاں! تو اس سے کہا جائے گا کہ تجھ سے اس کی نسبت بہت ہی آسان چیز مانگی گئی تھی (اور تو نے انکار کر دیا تھا)۔‘‘

٥٦/٥٦۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: إِذَا كَفَّرَ الرَّجُلُ أَخَاهُ فَقَدْ بَاءَ بِهَا أَحَدُهُمَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی شخص اپنے (مسلمان) بھائی کو کافر کہتا ہے تو دونوں میں سے کوئی ایک شخص اس کفر کے ساتھ لوٹا (یعنی اگر جسے کہا گیا وہ کافر نہ ہوا تو کہنے والا خود کافر ہو جائے گا)۔‘‘

٥٧/٥٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

الحديث رقم ٥٦: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب: الأدب، باب: من كفر أخاه بغير تأويل فهو كما قال، ٥/٢٢٦٤، الرقم: ٥٧٥٣، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب، بيان حال إيمان من قال لأخيه المسلم يا كافر، ١/٧٩، الرقم: ٦٠، ومالك فى المؤطا، ٢/٩٨٤، الرقم: ١٧٧٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/١٨، الرقم: ٤٦٨٧، وأبو عوانة فى المسند، ١/٣٢، الرقم: ٥٤، والبخاري فى الأدب المفرد، ١/١٥٧، الرقم: ٤٣٩۔

الحديث رقم ٥٧: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الزهد والرقائق، ٤/٢٢٧٢، الرقم: ٢٩٥٦، والترمذي فى السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ملجاء أن الدنيا سجن المؤمن وجنة الكافر، ٤/٥٦٢، الرقم:٢٣٢٤، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: مثل الدنيا، ٢/١٣٧٨، الرقم: ٤١١٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٣٢٣، الرقم: ٨٢٧٢، وابن حبان فى الصحيح، ٢/٤٦٢، الرقم: ٦٨٧، والحاكم عن سلمان رضی اللہ عنہ فى المستدرك، وقال الحاكم: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ، ٣/٦٩٩، الرقم: ٦٥٤٥، والبزار عن سلمان رضی اللہ عنہ فى المسند، ٦/٤٦١، الرقم: ٢٤٩٨۔

وَقَالَ أَبُوْعِيْسي: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دنیا مومن کے لئے قید خانہ اور کافر کے لئے جنت ہے۔''

٥٨/٥٨۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ ضَافَهُ ضَيْفٌ كَافِرٌ فَأَمَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ. ثُمَّ أُخْرَى فَشَرِبَهُ. ثُمَّ أُخْرَى فَشَرِبَهُ. حَتَّى شَرِبَ حِلَابَ سَبْعِ شِيَاهٍ، ثُمَّ أَصْبَحَ مِنَ الْغَدِ فَأَسْلَمَ. فَأَمَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ حِلَابَهَا. ثُمَّ أَمَرَ لَهُ بِأُخْرَى فَلَمْ يَسْتَتِمَّهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: الْمُؤْمِنُ يَشْرَبُ فِي مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَشْرَبُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے ہاں ایک کافر مہمان ہوا۔ آپ ﷺ نے اس کے لئے ایک بکری کا دودھ دوہنے کا حکم دیا وہ دوہی گئی تو وہ تمام دودھ پی گیا، دوسری بکری کا حکم دیا وہ دوہی گئی تو اسے بھی پی گیا۔ پھر ایک اور دوہی گئی تو اسے بھی پی گیا یہاں تک کہ سات بکریوں کا دودھ پی گیا۔ دوسری صبح وہ اسلام لے آیا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے اس کے لئے بکری دوہنے کا حکم دیا تو اس نے دودھ پی لیا پھر دوسری بکری دوہنے کا حکم فرمایا وہ دوہی گئی تو وہ اس کا سارا دودھ نہ پی سکا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مومن ایک آنت میں پیتا ہے اور کافر سات آنتوں سے پیتا ہے۔''

الحديث رقم ٥٨: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الأشربة، باب: المؤمن يأكل في معى واحد والكافر يأكل في سبعة، ٣/١٦٣٢، الرقم: ٢٠٦٣، والترمذي في السنن، كتاب: الأطعمة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء أن المؤمن يأكل في معى واحد والكافر يأكل في سبعة أمعاء، ٤/٢٦٧، الرقم: ١٨١٩، ومالك فى الموطأ، ٢/٩٢٤، الرقم: ١٦٤٨، والنسائى فى السنن الكبرى، ٤/٢٠٠، الرقم: ٦٨٩٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٣٧٥، الرقم: ٨٨٦٦، وابن حبان فى الصحيح، ١/٣٧٩، الرقم: ١٦٢۔

٥٩ / ٥٩۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: إِنَّ اللهَ لَا يَظْلِمُ مُؤْمِنًا حَسَنَةً. يُعْطَی بِهَا فِي الدُّنْيَا وَيُجْزَی بِهَا فِي الْآخِرَةِ. وَأَمَّا الْکَافِرُ، فَيُطْعَمُ بِحَسَنَاتِ مَا عَمِلَ بِهَا لِلهِ فِي الدُّنْيَا حَتَّی إِذَا أَفْضَی إِلَی الْآخِرَةِ لَمْ يَکُنْ لَهُ حَسَنَةٌ يُجْزَی بِهَا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت انس بن مالک رضی الله عنه روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نیکی کے حوالے سے مومن پر ظلم نہیں فرماتا۔ دنیا میں بھی اس (مومن) کو اس (نیکی) کا اجر دیا جاتا ہے اور آخرت میں بھی اس کا اجر دیا جاتا ہے۔ رہا کافر تو اس نے دنیا میں جو اللہ تعالیٰ کے لئے نیکیاں کی ہیں ان کا اجر اسے دنیا میں ہی دے دیا جائے گا اور جب وہ آخرت میں پہنچے گا تو اس کے پاس کوئی نیکی نہیں ہوگی جس کی اسے جزا دی جائے۔''

٦٠ / ٦٠۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: لَا تَرْتَدُّوْا بَعْدِي کُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُکُمْ رِقَابَ بَعْضٍ. رَوَاهُ الْبُخَارِيّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی الله عنهما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: تم میرے بعد کفر کی طرف نہ لوٹ جانا کہ تم میں سے بعض، بعض کی گردنیں اڑانے لگیں۔''

الحديث رقم ٥٩: أخرجه مسلم في الصحيح، کتاب: صفة القيامة والجنة والنار، باب: جزاء المؤمن بحسناته في الدنيا والآخرة وتعجيل حسنات الکافر في الدنيا، ٤/٢١٦٢، الرقم: ٢٨٠٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٢٨٣، الرقم: ١٤٠٥٠، وابن حبان في الصحيح، ٢/١٠١، الرقم: ٣٧٧، والطيالسي في المسند، ١/٢٦٩، الرقم: ٢٠١١، والديلمي في مسند الفردوس، ٤/٣٥٧، الرقم: ٧٠٢٨.

الحديث رقم ٦٠: أخرجه البخاري في الصحيح، کتاب: الفتن، باب: قول النبي صلی الله عليه وآله وسلم: لا ترجعوا بعدي کفارا يضرب بعضکم رقاب بعض، ٦/٢٥٩٤، الرقم: ٦٦٦٨، والطبراني في المعجم الأوسط، ٤/٢٦٩، الرقم: ٤١٦٦، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٦/٢٨٣.

٦١/ ٦١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: بَادِرُوْا بِالْأَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ. يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا أَوْ يُمْسِي مُؤْمِنًا وَ يُصْبِحُ كَافِرًا. يَبِيْعُ دِيْنَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ان فتنوں کے واقع ہونے سے پہلے نیک اعمال کرلو جو اندھیری رات کی طرح چھا جائیں گے، ایک شخص صبح مومن ہوگا اور شام کو کافر ہو جائے گا یا شام کو مومن ہوگا اور صبح کافر ہو جائے گا اور معمولی سی دنیاوی منفعت کے عوض اپنی متاعِ ایمان فروخت کر ڈالے گا۔‘‘

٦٢/ ٦٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اَلْمِرَاءُ فِي الْقُرْآنِ كُفْرٌ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ. إِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قرآن مجید میں (من مانی تحریفات وتاویلات کرکے) جھگڑا کرنا کفر ہے۔‘‘

الحديث رقم ٦١: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الحث على المبادرة بالأعمال قبل تظاهر الفتن، ١/ ١١٠، الرقم: ١١٨، والترمذي فى السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء ستكون فتن كقطع الليل المظلم، ٤/ ٤٨٧، الرقم: ٢١٩٥، وقال أبوعيسى: هذا حديث حسن صحيح، وابن حبان فى الصحيح، ١٥/ ٩٦، الرقم: ٦٧٠٤، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/ ٣٠٣، الرقم: ٨٠١٧۔

الحديث رقم ٦٢: أخرجه أبوداود فى السنن، كتاب: السنة، باب: النهى عن الجدال فى القرآن، ٤/ ١٩٩، الرقم: ٤٦٠٣، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥/ ٣٣، الرقم: ٨٠٩٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/ ٣٠٠، الرقم: ٧٩٧٦ وابن حبان فى الصحيح، ٤/ ٣٢٤، الرقم: ١٤٦٤، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٣/ ٦١، الرقم: ٢٤٧٨، والهيثمى فى المجمع الزوائد، ١/ ١٥٧۔

٦٣ / ٦٣۔ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلی الله عليه وآله وسلم قَالَ: إِنَّ الْكَافِرَ إِذَا حُضِرَ بُشِّرَ بِعَذَابِ اللهِ وَعُقُوْبَتِهِ فَلَيْسَ شَيءٌ أَكْرَهَ إِلَيْهِ مِمَّا أَمَامَهُ فَكَرِهَ لِقَاءَ اللهِ وَكَرِهَ اللهُ لِقَاءَهُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت عبادہ بن صامت رضی الله عنه سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: کافر کی موت آتی ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کے عذاب اور اس کی ناراضگی کی خبر دی جاتی ہے۔ پس جو چیز بھی اس کے سامنے ہوتی ہے وہ اسے سخت ناپسند ہو جاتی ہے سو وہ اللہ تعالیٰ سے ملنا بھی ناپسند کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس سے ملنا ناپسند کرتا ہے۔''

٦٤ / ٦٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم قَالَ: آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ: إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَ إِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ. وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

الحديث رقم ٦٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: من أحب لقاء الله أحب الله لقاءه، ٥ / ٢٣٨٦، الرقم: ٦١٤٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣ / ١٠٧، الرقم: ١٢٠٦٦، وابن حبان فی الصحيح، ٧ / ٢٧٩، الرقم: ٣٠٠٩، والدارمی فی السنن، ٢ / ٤٠٢، الرقم: ٢٧٥٦، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٤ / ١٧١، الرقم: ٥٢٩٨۔

الحديث رقم ٦٤: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: علامة المنافق، ١ / ٢١، الرقم: ٣٣، وفی كتاب: الشهادات، باب: من أمر بإنجاز الوعد، ٢ / ٩٥٢، الرقم: ٢٥٣٦، وفی كتاب: الوصايا، باب: قول الله تعالى: مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوْصَي بِهَا أَوْ دَيْنٍ، ٣ / ١٠١٠، الرقم: ٢٥٩٨، وفی كتاب: الأدب، باب: قول الله تعالى: يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوا مَعَ الصَّادِقِيْنَ، ٥ / ٢٢٦٢، الرقم: ٥٧٤٤، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان خصال المنافق، ١ / ٧٨، الرقم: ٥٩، والترمذی فی السنن، كتاب: الإيمان عن رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم، باب: ماجاء فی علامة المنافق، ٥ / ١٩، الرقم: ٢٦٣١، وَ حَسَّنَهُ، والنسائی فی السنن، كتاب: الإيمان وشرائعه، باب: علامة المنافق، ٨ / ١١٦، الرقم: ٥٠٢١، وفی السنن الكبرى، ٦ / ٣٢٩، الرقم: ١١١٢٧، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢ / ٣٥٧، الرقم: ٨٦٧٠۔

و زاد مسلم: وَإِنْ صَامَ وَ صَلَّى وَزَعَمَ أَنَّهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: منافق کی تین نشانیاں ہیں جب بات کرے تو جھوٹ بولے، وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے، اور اس کے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت کرے۔''

''اور مسلم نے اپنی روایت میں ''آیة المنافق ثلاث'' کے بعد ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے: اگرچہ روزہ رکھے، نماز پڑھے اور اپنے آپ کو مسلمان خیال کرے۔''

٦٥/ ٦٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: أَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ كَانَ مُنَافِقًا خَالِصًا وَمَنْ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنْهُنَّ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنَ النِّفَاقِ حَتَّى يَدَعَهَا: إِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ، وَ إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ وَ إِذَا خَاصَمَ فَجَرَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چار باتیں جس میں ہوں وہ خالص منافق ہے اور جس کے اندر ان میں سے کوئی ایک ہو تو اس میں نفاق کی ایک خصلت ہے یہاں تک کہ اسے چھوڑ دے (وہ خصلتیں یہ ہیں): جب امانت اس کے سپرد کی جائے تو خیانت کرے، جب بات کرے تو جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے تو

الحديث رقم ٦٥: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: علامة المنافق، ١/ ٢١، الرقم: ٣٤، وفی كتاب: المظالم والغصب، باب: إذا خاصم فجر، ٢/ ٨٦٨، الرقم: ٢٣٢٧، وفی كتاب: الجزية، باب: إثم من عاهد ثم غدر، ٣/ ١١٦٠، الرقم: ٣٠٠٧، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان خصال المنافق، ١/ ٧٨، الرقم: ٥٨، والترمذی فی السنن، كتاب: الإيمان عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فی علامة المنافق، ٥/ ١٩، الرقم: ٢٦٣٢، وأبوداود فی السنن، كتاب: السنة، باب: الدليل على زيادة الإيمان ونقصانه، ٤/ ٢٢١، الرقم: ٤٦٨٨، والنسائی فی السنن، كتاب: الإيمان وشرائعه، باب: علامة المنافق، ٨/ ١٦، الرقم: ٥٠٢٠، وفي السنن الكبرى، ٥/ ٢٢٤، الرقم: ٨٧٣٤، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/ ١٨٩، الرقم: ٦٧٦٨، وابن حبان فی الصحيح، ١/ ٤٨٨، الرقم: ٢٥٤، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٩/ ٢٣٠۔

خلاف ورزی کرے اور جب جھگڑے تو بیہودہ گوئی کرے۔‘‘

٦٦/٦٦۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: آيَةُ الْإِيْمَانِ حُبُّ الْأَنْصَارِ، وَآيَةُ النِّفَاقِ بُغْضُ الْأَنْصَارِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت انس بن مالک ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: انصار سے محبت ایمان کی نشانی ہے، اور انصار سے بغض منافقت کی علامت ہے۔‘‘

٦٧/٦٧۔ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها تَقُوْلُ: کَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: لَا يُحِبُّ عَلِيًّا مُنَافِقٌ وَلَا يُبْغِضُهُ مُؤْمِنٌ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْيَعْلَى.

’’حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے: کوئی منافق علی (ﷺ) سے محبت نہیں کرتا اور کوئی مومن علی (ﷺ) سے بغض نہیں رکھتا۔‘‘

٦٨/٦٨۔ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ ﷺ قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ ﷺ: وَالَّذِي فَلَقَ

الحديث رقم ٦٦: أخرجه البخاری فی الصحيح، کتاب: الإيمان، باب: علامة الإيمان حب الأنصار، ١/١٤، الرقم: ١٧، وفی کتاب: فضائل الصحابة، باب: حب الأنصار من الإيمان، ٣/١٣٧٩، الرقم: ٣٥٧٣، ومسلم فی الصحيح، کتاب: الإيمان، باب: الدليل علی أن حب الأنصار وعلي ﷺ من الإيمان وعلاماته، وبغضهم من علامات النفاق، ١/٨٥، الرقم: ٧٤، والنسائی فی السنن، کتاب: الإيمان وشرائعه، باب: علامة الإيمان، ٨/١١٦، الرقم: ٥٠١٩، وفی السنن الکبری، ٦/٥٣٤، الرقم: ٨٣٣١، وأحمد بن حنبل فی المسند عن أبی سعيد الخدری ﷺ، ٣/٧٠، الرقم: ١١٦٨٦، ١٢٣٣٨، ١٢٣٩٢، ١٣٦٣٢، وأبويعلی فی المسند، ٧/١٩٠، الرقم: ٤١٧٥، ٤٣٠٨۔

الحديث رقم ٦٧: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: (٢١)، ٥/٦٣٥، الرقم: ٣٧١٧، وأبويعلی فی المسند، ١٢/٣٦٢، الرقم: ٦٩٣١، والطبرانی فی المعجم الکبير، ٢٣/٣٧٥، الرقم: ٨٨٦، وأبوالمحاسن فی معتصر المختصر، ٢/٢٤٧۔

الحديث رقم ٦٨: أخرجه مسلم فی الصحيح، کتاب: الإيمان، باب: الدليل علی أن حب الأنصار وعلي من الإيمان وعلاماته، وبغضهم من علامات النفاق، ١/٨٦، ←

الْحَبَّةَ وَ بَرَأَ النَّسَمَةَ، إِنَّهُ لَعَهْدُ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ ﷺ إِلَيَّ: أَنْ لَا يُحِبَّنِي إِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلَا يُبْغِضَنِي إِلَّا مُنَافِقٌ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ.

وفي رواية عنه: قَالَ: لَقَدْ عَهِدَ إِلَيَّ النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ ﷺ أَنَّهُ لَا يُحِبُّکَ إِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلَا يَبْغَضُکَ إِلَّا مُنَافِقٌ.(١)

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ أَبُوْ عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت زِرّ بن حبیش رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس نے دانہ چیرا اور جس نے جانداروں کو پیدا کیا! حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے عہد فرمایا تھا کہ مجھ سے صرف مومن محبت رکھے گا اور صرف منافق ہی مجھ سے بغض رکھے گا۔‘‘

’’اور ایک روایت میں انہی (حضرت زِر بن حبیش رضی اللہ عنہ) سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے عہد فرمایا: (اے علی!) تجھ سے مومن ہی محبت رکھے گا اور تجھ سے منافق ہی بغض رکھے گا۔‘‘

الرقم: ٧٨، والنسائی فی السنن الکبری، ٥/٤٧، الرقم: ٣٢٠٦٤، والبزار فی المسند، ٢/١٨٢، الرقم: ٥٦٠، وقال: إِسْنَادُهُ أَحْسَنَ، والصیداوی فی معجم الشیوخ، ١/٢٣٧، الرقم: ١٩٢، وأبویعلی فی المسند، ١/٢٥٠، الرقم: ٢٩١، وابن منده فی الإیمان، ٢/٦٠٧، الرقم: ٥٣٢، وابن أبی عاصم فی السنة، ٢/٥٩٨، الرقم: ١٣٢٥، والبیهقی فی الاعتقاد، ١/٣٥٤۔

(١) أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: (٢١)، ٥/٦٤٣، الرقم: ٣٧٣٦، والنسائی فی السنن، کتاب: الإیمان وشرائعه، باب: علامة الإیمان، ٨/١١٥، الرقم: ٥٠١٨، وفی باب: علامة المنافق، ٦/١١٧، الرقم: ٥٠٢٢، وفی السنن الکبری، ٥/١٣٧، الرقم: ٨٤٨٦، ١١٧٥٣، وابن ماجة فی السنن، المقدمة، باب: فضل علي بن أبي طالب رضی اللہ عنہ، ١/٤٢، الرقم: ١١٤، وأبویعلی فی المسند، ١/٣٤٧، الرقم: ٤٤٥۔

اَلْبَابُ الثَّانِي:

حُكْمُ الْخَوَارِجِ وَالْمُرْتَدِّيْنَ وَالْمُتَنَقِّصِيْنَ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿خوارج و مرتدین اور گستاخانِ مصطفیٰ کا بیان﴾

٦٩ / ١۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه يَقُوْلُ: بَعَثَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنه إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ مِنَ الْيَمَنِ بِذُهَيْبَةٍ فِي أَدِيْمٍ مَقْرُوْظٍ لَمْ تُحَصَّلْ مِنْ تُرَابِهَا. قَالَ: فَقَسَمَهَا بَيْنَ أَرْبَعَةِ نَفَرٍ بَيْنَ عُيَيْنَةَ ابْنِ بَدْرٍ وَأَقْرَعَ بْنِ حَابِسٍ وَزَيْدِ الْخَيْلِ وَالرَّابِعُ إِمَّا عَلْقَمَةُ وَإِمَّا عَامِرُ بْنُ الطُّفَيْلِ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ: كُنَّا نَحْنُ أَحَقَّ بِهَذَا مِنْ هَؤُلَاءِ قَالَ: فَبَلَغَ ذَلِکَ النَّبِيَّ ﷺ، فَقَالَ: أَلَا تَأْمَنُوْنِي وَأَنَا أَمِيْنُ مَنْ فِي السَّمَاءِ يَأْتِيْنِي خَبَرُ السَّمَاءِ صَبَاحًا وَمَسَاءً، قَالَ: فَقَامَ رَجُلٌ غَائِرُ الْعَيْنَيْنِ، مُشْرِفُ الْوَجْنَتَيْنِ، نَاشِزُ الْجَبْهَةِ، كَثُّ اللِّحْيَةِ، مَحْلُوْقُ الرَّأْسِ، مُشَمَّرُ الإِزَارِ. فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ، اتَّقِ اللهَ، قَالَ: وَيْلَکَ أَوَلَسْتُ أَحَقَّ أَهْلِ الْأَرْضِ أَنْ يَتَّقِيَ اللهَ ؟ قَالَ: ثُمَّ وَلَّى الرَّجُلُ، قَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ: يَارَسُوْلَ اللهِ، أَلَا أَضْرِبُ عُنُقَهُ؟ قَالَ: لَا، لَعَلَّهُ أَنْ يَکُوْنَ يُصَلِّي. فَقَالَ

الحديث رقم ١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المغازي، باب: بعث علي بن أبي طالب وخالد بن الوليد رضي الله عنهما إلى اليمن قبل حجة الوداع، ٤ / ١٥٨١، الرقم: ٤٠٩٤، ومسلم في الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: ذكر الخوارج وصفاتهم، ٢ / ٧٤٢، الرقم: ١٠٦٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣ / ٤، الرقم: ١١٠٢١، وابن خزيمة في الصحيح، ٤ / ٧١، الرقم: ٢٣٧٣، وابن حبان في الصحيح، ١ / ٢٠٥، الرقم: ٢٥، وأبويعلى في المسند، ٢ / ٣٩٠، الرقم: ١١٦٣، وأبونعيم في المسند المستخرج، ٣ / ١٢٨، الرقم: ٢٣٧٥، وفي حلية الأولياء، ٥ / ٧١، والعسقلاني في فتح الباري، ٨ / ٦٨، الرقم: ٤٠٩٤، وفي حاشية ابن القيم، ١٣ / ١٦، والسيوطي في الديباج، ٣ / ١٦٠، الرقم: ١٠٦٤، وابن تيمية في الصارم المسلول، ١ / ١٨٨، ١٩٢۔

خَالِدٌ: وَكَمْ مِنْ مُصَلٍّ يَقُوْلُ بِلِسَانِهِ مَا لَيْسَ فِي قَلْبِهِ، قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنِّي لَمْ أُوْمَرْ أَنْ أَنْقُبَ عَنْ قُلُوْبِ النَّاسِ، وَلَا أَشُقَّ بُطُوْنَهُمْ، قَالَ: ثُمَّ نَظَرَ إِلَيْهِ وَهُوَ مُقَفٍّ، فَقَالَ: إِنَّهُ يَخْرُجُ مِنْ ضِئْضِئِ هَذَا قَوْمٌ يَتْلُوْنَ كِتَابَ اللهِ رَطْبًا لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ. وَأَظُنُّهُ قَالَ: لَئِنْ أَدْرَكْتُهُمْ لَأَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ ثَمُوْدَ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یمن سے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں چمڑے کے تھیلے میں بھر کر کچھ سونا بھیجا، جس سے ابھی تک مٹی بھی صاف نہیں کی گئی تھی۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے وہ سونا چار آدمیوں عیینہ بن بدر، اقرع بن حابس، زید بن خیل اور چوتھے علقمہ یا عامر بن طفیل کے درمیان تقسیم فرما دیا۔ اس پر آپ ﷺ کے اصحاب میں سے کسی نے کہا: ان لوگوں سے تو ہم زیادہ حقدار تھے۔ جب یہ بات حضور نبی اکرم ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم مجھے امانت دار شمار نہیں کرتے؟ حالانکہ آسمان والوں کے نزدیک تو میں امین ہوں۔ اس کی خبریں تو میرے پاس صبح و شام آتی رہتی ہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ پھر ایک آدمی کھڑا ہو گیا جس کی آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئیں، رخساروں کی ہڈیاں ابھری ہوئیں، اونچی پیشانی، گھنی داڑھی، سر منڈا ہوا تھا اور وہ اونچا تہبند باندھے ہوئے تھا، وہ کہنے لگا: یا رسول اللہ! خدا سے ڈریں، آپ ﷺ نے فرمایا: تو ہلاک ہو، کیا میں تمام اہلِ زمین سے زیادہ خدا سے ڈرنے کا مستحق نہیں ہوں؟ سو جب وہ آدمی جانے کے لئے مڑا تو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں اس کی گردن نہ اڑا دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایسا نہ کرو، شاید یہ نمازی ہو، حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: بہت سے ایسے نمازی بھی تو ہیں کہ جو کچھ ان کی زبان پر ہے وہ دل میں نہیں ہوتا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے یہ حکم نہیں دیا گیا کہ لوگوں کے دلوں میں نقب لگاؤں اور ان کے پیٹ چاک کروں۔ راوی کا بیان ہے کہ وہ پلٹا تو آپ ﷺ نے پھر اس کی جانب دیکھا تو فرمایا: اس کی پشت سے ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کی کتاب کی تلاوت سے زبان تر رکھیں گے، لیکن قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر

شکار سے پار نکل جاتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا تھا کہ اگر میں ان لوگوں کو پاؤں تو قوم ثمود کی طرح انہیں قتل کر دوں۔‘‘

٧٠/٢۔ وفي رواية مسلم زاد: فَقَامَ إِلَيْهِ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ﷺ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَلاَ أَضْرِبُ عُنُقَهُ؟ قَالَ: لاَ، قَالَ: ثُمَّ أَدْبَرَ فَقَامَ إِلَيْهِ خَالِدُ سَيْفُ اللهِ. فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَلاَ أَضْرِبُ عُنُقَهُ؟ قَالَ: لاَ، فَقَالَ: إِنَّهُ سَيَخْرُجُ مِنْ ضِئْضِئِ هَذَا قَوْمٌ، يَتْلُوْنَ كِتَابَ اللهِ لَيِّنًا رَطْبًا، (وَقَالَ: قَالَ عَمَّارَةُ: حَسِبْتُهُ) قَالَ: لَئِنْ أَدْرَكْتُهُمْ لَأَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ ثَمُوْدَ.

’’اور مسلم کی ایک روایت میں اضافہ ہے کہ حضرت عمر فاروق ﷺ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا میں اس (منافق) کی گردن نہ اڑا دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں، پھر وہ شخص چلا گیا، پھر حضرت خالد سیف اللہ ﷺ نے کھڑے ہو کر عرض کیا: یا رسول اللہ! میں اس (منافق) کی گردن نہ اڑا دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں اس کی نسل سے ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو قرآن بہت ہی اچھا پڑھیں گے (راوی) عمارہ کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا: اگر میں ان لوگوں کو پالیتا تو (قومِ) ثمود کی طرح ضرور انہیں قتل کر دیتا۔‘‘

٧١/٣۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: بَيْنَا النَّبِيُّ ﷺ يَقْسِمُ

الحديث رقم ٢: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: ذكر الخوارج وصفاتهم، ٢/٧٤٣، الرقم: ١٠٦٤۔

الحديث رقم ٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الأدب، باب: ماجاء في قول الرجل ويلك، ٥/٢٢٨١، الرقم: ٥٨١١، وفي كتاب: استتابة المرتدين والمعاندين وقتالهم، باب: من ترك قتال الخوارج للتألف وأن لا ينفر الناس عنه، ٦/٢٥٤٠، الرقم: ٦٥٣٤، ومسلم في الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: ذكر الخوارج وصفاتهم، ٢/٧٤٤، الرقم: ١٠٦٤، والنسائي في السنن الكبرى، ٥/١٥٩، الرقم: ٨٥٦٠۔٨٥٦١، ٦/٣٥٥، الرقم: ١١٢٢٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٦٥، الرقم: ١١٦٣٩، وابن حبان في الصحيح، ١٥/١٤٠، الرقم: ٦٧٤١، والبيهقي في السنن الكبرى، ٨/١٧١، وعبد الرزاق في المصنف، ١٠/١٤٦۔

ذَاتَ يَوْمٍ قِسْمًا فَقَالَ ذُوالْخُوَيْصَرَةِ رَجُلٌ مِنْ بَنِي تَمِيْمٍ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، اعْدِلْ، قَالَ: وَيْلَکَ مَنْ يَعْدِلُ إِذَا لَمْ أَعْدِلْ؟ فَقَالَ عُمَرُ: اِئْذَنْ لِي فَلْأَضْرِبْ عُنُقَهُ، قَالَ: لَا، إِنَّ لَهُ أَصْحَابًا يَحْقِرُ أَحَدُکُمْ صَلَاتَهُ مَعَ صَلَاتِهِمْ، وَ صِيَامَهُ مَعَ صِيَامِهِمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ کَمُرُوْقِ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ يَنْظُرُ إِلَى نَصْلِهِ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيءٌ ثُمَّ يَنْظُرُ إِلَى رِصَافِهِ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيءٌ ثُمَّ يَنْظُرُ إِلَى نَضِيِّهِ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيءٌ ثُمَّ يَنْظُرُ إِلَى قُذَذِهِ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيءٌ، قَدْ سَبَقَ الْفَرْثَ وَالدَّمَ يَخْرُجُوْنَ عَلَى حِيْنَ فُرْقَةٍ مِنَ النَّاسِ آيَتُهُمْ رَجُلٌ إِحْدَى يَدَيْهِ مِثْلُ ثَدْيِ الْمَرْأَةِ أَوْ مِثْلُ الْبَضْعَةِ تَدَرْدَرُ. قَالَ أَبُوْسَعِيْدٍ: أَشْهَدُ لَسَمِعْتُهُ مِنَ النَّبِيِّ ﷺ، وَأَشْهَدُ أَنِّي کُنْتُ مَعَ عَلِيٍّ حِيْنَ قَاتَلَهُمْ فَالْتُمِسَ فِي الْقَتْلَى فَأُتِيَ بِهِ عَلَى النَّعْتِ الَّذِي نَعَتَ النَّبِيُّ ﷺ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا: کہ ایک روز حضور نبی اکرم ﷺ مالِ (غنیمت) تقسیم فرما رہے تھے تو ذوالخویصرہ نامی شخص نے جو کہ بنی تمیم سے تھا کہا: یا رسول اللہ! انصاف کیجئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو ہلاک ہو، اگر میں انصاف نہ کروں تو اور کون انصاف کرے گا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: (یا رسول اللہ!) مجھے اجازت دیں کہ اس کی گردن اڑا دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں، کیونکہ اس کے (ایسے) ساتھی بھی ہیں کہ تم ان کی نمازوں کے مقابلے میں اپنی نمازوں کو حقیر جانو گے اور ان کے روزوں کے مقابلہ میں اپنے روزوں کو حقیر جانو گے۔ وہ دین سے اس طرح نکلے ہوئے ہوں گے جیسے شکار سے تیر نکل جاتا ہے، پھر اس کے پیکان پر کچھ نظر نہیں آتا، اس کے پٹھے پر بھی کچھ نظر نہیں آتا، اس کی لکڑی پر بھی کچھ نظر نہیں آتا اور نہ اس کے پروں پر کچھ نظر آتا ہے، وہ گوبر اور خون کو بھی چھوڑ کر نکل جاتا ہے۔ وہ لوگوں میں فرقہ بندی کے وقت (اسے ہوا دینے کے لئے) نکلیں گے۔ ان کی نشانی یہ ہے کہ ان میں ایک آدمی کا ہاتھ عورت کے پستان یا گوشت کے لوتھڑے کی طرح ہلتا ہو گا۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے یہ حدیث پاک

حضور نبی اکرم ﷺ سے سنی ہے اور میں (یہ بھی) گواہی دیتا ہے کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا جب ان (خارجی) لوگوں سے جنگ کی گئی، اس شخص کو مقتولین میں تلاش کیا گیا تو اس وصف کا ایک آدمی مل گیا جو حضور نبی اکرم ﷺ نے بیان فرمایا تھا۔"

٧٢/٤۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه قَالَ: بَعَثَ عَلِيٌّ رضي الله عنه وَهُوَ بِالْيَمَنِ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ بِذُهَيْبَةٍ فِي تُرْبَتِهَا فَقَسَمَهَا بَيْنَ الْأَقْرَعِ بْنِ حَابِسٍ الْحَنْظَلِيِّ ثُمَّ أَحَدِ بَنِي مُجَاشِعٍ وَبَيْنَ عُيَيْنَةَ بْنِ بَدْرٍ الْفَزَارِيِّ وَبَيْنَ عَلْقَمَةَ بْنِ عُلَاثَةَ الْعَامِرِيِّ ثُمَّ أَحَدِ بَنِي كِلَابٍ وَبَيْنَ زَيْدِ الْخَيْلِ الطَّائِيِّ ثُمَّ أَحَدِ بَنِي نَبْهَانَ فَتَغَيَّظَتْ قُرَيْشٌ وَالْأَنْصَارُ فَقَالُوْا: يُعْطِيْهِ صَنَادِيْدَ أَهْلِ نَجْدٍ وَ يَدَعُنَا، قَالَ: إِنَّمَا أَتَأَلَّفُهُمْ فَأَقْبَلَ رَجُلٌ غَائِرُ الْعَيْنَيْنِ نَاتِئُ الْجَبِيْنِ، كَثُّ اللِّحْيَةِ، مُشْرِفُ الْوَجْنَتَيْنِ، مَحْلُوْقُ الرَّأْسِ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اتَّقِ اللهَ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: فَمَنْ يُطِيْعُ اللهَ إِذَا عَصَيْتُهُ فَيَأْمَنُنِي عَلَى أَهْلِ الْأَرْضِ، وَ لَاتَأْمَنُوْنِي؟ فَسَأَلَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ قَتْلَهُ أُرَاهُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ فَمَنَعَهُ النَّبِيُّ ﷺ (وفي رواية أبي نعيم: فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اتَّقِ اللهَ، وَاعْدِلْ، فَقَالَ

الحديث رقم ٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: التوحيد، باب: قول الله تعالى: تعرج الملائكة والروح إليه، ٦/٢٧٠٢، الرقم: ٦٩٩٥، وفي كتاب: الأنبياء، باب: قول اللهﷻ: وأما عاد فأهلكوا بريح صرصر شديدة عاتية، ٣/١٢١٩، الرقم: ٣١٦٦، ومسلم في الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: ذكر الخوارج وصفاتهم، ٢/٧٤١، الرقم: ١٠٦٤، وأبوداود في السنن، كتاب: السنة، باب: في قتال الخوارج، ٤/٢٤٣، الرقم: ٤٧٦٤، والنسائي في السنن، كتاب: تحريم الدم، باب: من شهر سيفه ثم وضعه في الناس، ٧/١١٨، الرقم: ٤١٠١، وفي كتاب: الزكاة، باب: المؤلفة قلوبهم، ٥/٨٧، الرقم: ٢٥٧٨، وفي السنن الكبرى، ٦/٣٥٦، الرقم: ١١٢٢١، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٦٨، ٧٣، الرقم: ١١٦٦٦، ١١٧١٣، وعبد الرزاق في المصنف، ١٠/١٥٦، وأبونعيم في المسند المستخرج، ٣/١٢٧، الرقم: ٢٣٧٣۔

رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَأْمَنُنِي أَهْلُ السَّمَاءِ وَلَا تَأْمَنُوْنِي؟ فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: أَضْرِبُ رَقَبَتَهُ يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَذَهَبَ فَوَجَدَهُ يُصَلِّي، فَجَاءَ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: وَجَدْتُهُ يُصَلِّي فَقَالَ آخَرُ: أَنَا أَضْرِبُ رَقَبَتَهُ؟) فَلَمَّا وَلَّى قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنَّ مِنْ ضِئْضِئِ هَذَا قَوْمًا يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الإِسْلَامِ مُرُوْقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ يَقْتُلُوْنَ أَهْلَ الإِسْلَامِ وَ يَدَعُوْنَ أَهْلَ الْأَوْثَانِ لَئِنْ أَدْرَكْتُهُمْ لَأَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ عَادٍ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

’’حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یمن سے مٹی میں ملا ہوا تھوڑا سا سونا حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں بھیجا تو آپ ﷺ نے اسے اقرع بن حابس جو بنی مجاشع کا ایک فرد تھا اور عیینہ بن بدر فزاری، علقمہ بن علاثہ عامری، جو بنی کلاب سے تھا اور زید الخیل طائی، جو بنی مہبان سے تھا ان چاروں کے درمیان تقسیم فرما دیا۔ اس پر قریش اور انصار کو ناراضگی ہوئی اور انہوں نے کہا کہ اہلِ نجد کے سرداروں کو مال دیتے ہیں اور ہمیں نظر انداز کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں تو ان کی تالیفِ قلب کے لئے کرتا ہوں۔ اسی اثناء میں ایک شخص آیا جس کی آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئیں، پیشانی ابھری ہوئی، داڑھی گھنی، گال پھولے ہوئے اور سر منڈا ہوا تھا اور اس نے کہا: اے محمد! اللہ سے ڈرو، حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنے والا کون ہے؟ اگر میں اس کی نافرمانی کرتا ہوں حالانکہ اس نے مجھے زمین والوں پر امین بنایا ہے اور تم مجھے امین نہیں مانتے۔ تو صحابہ میں سے ایک شخص نے اسے قتل کرنے کی اجازت مانگی میرے خیال میں وہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ تھے تو حضور نبی اکرم ﷺ نے انہیں منع فرما دیا (اور ابونعیم کی روایت میں ہے کہ ’’اس شخص نے کہا: اے محمد اللہ سے ڈرو اور عدل کرو، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آسمان والوں کے ہاں میں امانتدار ہوں اور تم مجھے امین نہیں سمجھتے؟ تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں اس کی گردن کاٹ دوں؟ فرمایا: ہاں، سو وہ گئے تو اسے نماز پڑھتے ہوئے پایا، تو (واپس پلٹ آئے اور) حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا: میں نے اسے نماز پڑھتے پایا (اس لئے قتل نہیں کیا) تو کسی دوسرے صحابی نے عرض کیا: میں اس کی گردن کاٹ دوں؟)

جب وہ چلا گیا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس شخص کی نسل سے ایسی قوم پیدا ہوگی کہ وہ لوگ قرآن پڑھیں گے لیکن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، وہ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے، وہ بت پرستوں کو چھوڑ کر مسلمانوں کو قتل کریں گے اگر میں انہیں پاؤں تو قوم عاد کی طرح ضرور انہیں قتل کر دوں۔‘‘

٧٣ / ٥۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی الله عنه قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: سَيَخْرُجُ قَوْمٌ فِي آخِرِ الزَّمَانِ أَحْدَاثُ الْأَسْنَانِ سُفَهَاءُ الْأَحْلَامِ يَقُوْلُوْنَ مِنْ خَيْرِ قَوْلِ الْبَرِيَّةِ، لاَ يُجَاوِزُ إِيْمَانُهُمْ حَنَاجِرَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، فَأَيْنَمَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ، فَإِنَّ فِي قَتْلِهِمْ أَجْرًا لِمَنْ قَتَلَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

و أخرجه أبوعيسى الترمذي عن عبد الله بن مسعود رضی الله عنه في سننه وقال: وفي الباب عن علي وأبي سعيد وأبي ذرّ رضی الله عنهم وهذا حديث حسن صحيح وقد رُوي في غير هذا الحديث: عَنِ النَّبِيِّ ﷺ حَيْثُ وَصَفَ

الحديث رقم ٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: استتابة المرتدين والمعاندين وقتالهم، باب: قتل الخوارج والملحدين بعد إقامة الحجة عليهم، ٦/٢٥٣٩، الرقم: ٦٥٣١، ومسلم في الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: التحريض على قتل الخوارج، ٢/٧٤٦، الرقم: ١٠٦٦، والترمذي في السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله ﷺ، باب: في صفة المارقة، ٤/٤٨١، الرقم: ٢١٨٨، والنسائي في السنن، كتاب: تحريم الدم، باب: من شهر سيفه ثم وضعه في الناس، ٧/١١٩، الرقم: ٤١٠٢، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: في ذكر الخوارج، ١/٥٩، الرقم: ١٦٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٨١، ١١٣، ١٣١، الرقم: ٦١٦، ٩١٢، ١٠٨٦، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٥٥٣، الرقم: ٣٧٨٨٣، وعبد الرزاق في المصنف، ١٠/١٥٧، والبزار في المسند، ٢/١٨٨، الرقم: ٥٦٨، وأبويعلى في المسند، ١/٢٧٣، الرقم: ٣٢٤، والبيهقي في السنن الكبرى، ٨/١٧٠، والطبراني في المعجم الصغير، ٢/٢١٣، الرقم: ١٠٤٩، وعبد الله بن أحمد في السنة، ٢/٤٤٣، الرقم: ٩١٤، والطيالسي في المسند، ١/٢٤، الرقم: ١٦٨۔

هَؤُلَاءِ الْقَومَ الَّذِيْنَ يَقرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ. إنما هم الخوارج الحروريّة وغيرهم من الخوارج.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب آخری زمانے میں ایسے لوگ ظاہر ہوں گے یا نکلیں گے جو نوعمر اور عقل سے کورے ہوں گے وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی احادیث بیان کریں گے لیکن ایمان ان کے اپنے حلق سے نہیں اترے گا۔ دین سے وہ یوں خارج ہوں گے جیسے تیر شکار سے خارج ہو جاتا ہے پس تم انہیں جہاں کہیں پاؤ تو قتل کر دینا کیونکہ ان کو قتل کرنے والوں کو قیامت کے دن ثواب ملے گا۔''

''امام ابو عیسیٰ ترمذی نے اپنی سنن میں اس حدیث کو بیان کرنے کے بعد فرمایا: یہ روایت حضرت علی، حضرت ابو سعید اور حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس حدیث کے علاوہ بھی حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کیا گیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جبکہ ایک ایسی قوم ظاہر ہو گی جس میں یہ اوصاف ہوں گے جو قرآن مجید کو تلاوت کرتے ہوں گے لیکن وہ ان کے حلقوں سے نہیں اترے گا وہ لوگ دین سے اس طرح خارج ہوں گے جس طرح تیر شکار سے خارج ہو جاتا ہے۔ بیشک وہ خوارج حروریہ ہوں گے اور اس کے علاوہ خوارج میں سے (دیگر فرقوں پر مشتمل) لوگ ہوں گے۔''

٧٤/٦۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: بَيْنَا النَّبِيُّ ﷺ يَقْسِمُ، جَاءَ عَبْدُ اللهِ بْنُ ذِي الْخُوَيْصِرَةِ التَّمِيْمِيُّ فَقَالَ: اعْدِلْ يَا رَسُوْلَ اللهِ! قَالَ: وَيْحَکَ، وَمَنْ يَعْدِلُ إِذَا لَمْ أَعْدِلْ. قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: اِئْذَنْ لِي

الحديث رقم ٦: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: استابة المرتدين والمعاندين، باب: مَن ترك قتال الخوارجِ لِلتَّألُّفِ، وَ لِئَلَّا يَنْفِرَ النَّاسُ عَنه، ٦/ ٢٥٤٠، الرقم: ٦٥٣٢،٦٥٣٤، وفی كتاب: المناقب، باب: علاماتِ النُّبُوّةِ في الإسلامِ، ٣/ ١٣٢١، الرقم: ٣٤١٤، وفی كتاب: فضائل القرآن، باب: البكاء عند قراءة ←

فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ، قَالَ: دَعْهُ، فَإِنَّ لَهُ أَصْحَابًا، يَحْقِرُ أَحَدُكُمْ صَلَاتَهُ مَعَ صَلَاتِهِ وَ صِيَامَهُ مَعَ صِيَامِهِ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، يُنْظَرُ فِي قُذَذِهِ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ فِي نَصْلِهِ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ ثُمَّ يُنْظَرُ فِي رِصَافِهِ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ فِي نَضِيِّهِ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ، قَدْ سَبَقَ الْفَرْثَ وَالدَّمَ.....الحديث. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ مالِ غنیمت تقسیم فرما رہے تھے کہ عبداللہ بن ذی الخویصرہ تمیمی آیا اور کہنے لگا: یارسول اللہ! انصاف سے تقسیم کیجئے (اس کے اس طعن پر) حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کمبخت اگر میں انصاف نہیں کرتا تو اور کون کرتا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اجازت عطا فرمایئے میں اس (خبیث منافق) کی گردن اڑادوں، آپ ﷺ نے فرمایا: رہنے دو اس کے کچھ ساتھی ایسے ہیں (یاہوں گے) کہ ان کی نمازوں اور ان کے روزوں کے مقابلہ میں تم اپنی نمازوں اور

..... القرآن، ٤/١٩٢٨، الرقم: ٤٧٧١، وفی کتاب: الأدب، باب: ما جاء فی قول الرَّجلِ ویْلَكَ، ٥/٢٢٨١، الرقم: ٥٨١١، ومسلم فی الصحیح، کتاب: الزکاة، باب: ذکر الخوارج وصفاتهم، ٢/٧٤٤، الرقم: ١٠٦٤، ونحوه النسائی عن أبی برزة رضی الله عنه فی السنن، کتاب: تحریم الدم، باب: من شهر سیفه ثم وضعه فی الناس، ٧/١١٩، الرقم: ٤١٠٣، وفی السنن الکبری، ٦/٣٥٥، الرقم: ١١٢٢٠، وابن ماجه فی السنن، المقدمة، باب: فی ذکر الخوارج، ١/٦١، الرقم: ١٧٢، وابن الجارود فی المنتقی، ١/٢٧٢، الرقم: ١٠٨٣، وابن حبان فی الصحیح، ١٥/١٤٠، الرقم: ٦٧٤١، والحاکم عن أبي برزة رضی الله عنه فی المستدرك، ٢/١٦٠، الرقم: ٢٦٤٧، وقال: هَذَا حَدِيثٌ صَحِيْحٌ، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/٥٦، الرقم: ١١٥٥٤، ١٤٨٦١، وابن أبی شیبة فی المصنف، ٧/٥٦٢، الرقم: ٣٧٩٣٢، وعبد الرزاق فی المصنف، ١٠/١٤٦، ونحوه البزار عن أبی برزة رضی الله عنه فی المسند، ٩/٣٠٥، الرقم: ٣٨٤٦، والبیهقی فی السنن الکبری، ٨/١٧١، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٩/٣٥، الرقم: ٩٠٦٠، وأبویعلی فی المسند، ٢/٢٩٨، الرقم: ١٠٢٢، والبخاری عن جابر رضی الله عنه فی الأدب المفرد، ١/٢٧٠، الرقم: ٧٧٤.

روزوں کو حقیر جانو گے لیکن وہ لوگ دین سے اس طرح خارج ہوں گے جس طرح تیر نشانہ سے پار نکل جاتا ہے۔ (تیر پھینکنے کے بعد) تیر کے پر کو دیکھا جائے گا تو اس میں بھی خون کا کوئی اثر نہ ہوگا۔ تیر کی باڑ کو دیکھا جائے گا تو اس میں بھی خون کا کوئی نشان نہ ہوگا اور تیر (جانور کے) گوبر اور خون سے پار نکل چکا ہوگا۔ (ایسی ہی ان خبیثوں کی مثال ہے کہ دین کے ساتھ ان کا سرے سے کوئی تعلق نہ ہوگا)۔‘‘

٧٥/٧۔ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: بَصَرَ عَيْنِي وَسَمِعَ أُذُنِي رَسُوْلَ اللهِ ﷺ بِالْجِعْرَانَةِ وَفِي ثَوْبِ بِلَالٍ فِضَّةٌ وَرَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَقْبِضُهَا لِلنَّاسِ يُعْطِيْهِمْ، فَقَالَ رَجُلٌ: اعْدِلْ، قَالَ: وَيْلَکَ، وَمَنْ يَعْدِلُ إِذَا لَمْ أَکُنْ أَعْدِلُ؟ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: يَارَسُوْلَ اللهِ، دَعْنِي أَقْتُلْ هَذَا الْمُنَافِقَ الْخَبِيْثَ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَعَاذَ اللهِ أَنْ يَتَحَدَّثَ النَّاسُ أَنِّي أَقْتُلُ أَصْحَابِي، إِنَّ هَذَا وَأَصْحَابَهُ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ کَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

’’حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ میری آنکھوں نے دیکھا اور کانوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا: جعرانہ کے مقام پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کپڑوں (گود) میں چاندی تھی اور حضور نبی اکرم ﷺ اس میں سے مٹھیاں بھر بھر کے لوگوں کو عطا فرما رہے ہیں تو ایک شخص نے کہا: عدل کریں، آپ ﷺ نے فرمایا: تو ہلاک ہو۔ اگر میں بھی عدل نہیں کروں گا تو کون عدل کرے گا؟ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے اجازت عطا فرمائیں کہ میں اس خبیث منافق کو قتل کردوں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں لوگوں کے اس قول سے کہ میں اپنے ساتھیوں کو قتل کرنے لگ گیا ہوں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں۔ بے شک یہ اور اس کے ساتھی (نہایت شیریں انداز میں) قرآن پڑھیں گے لیکن وہ ان کے حلق سے نہیں اترے گا، وہ دین کے دائرے سے ایسے خارج ہو جائیں گے جیسے تیر شکار سے خارج ہو

الحديث رقم ٧: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٣/ ٣٥٤، الرقم: ١٤٦١، وأبونعيم في المسند المستخرج، ٣/ ١٢٧، الرقم: ٢٣٧٢.

جاتا ہے۔‘‘

٧٦/ ٨۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: يَخْرُجُ نَاسٌ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ وَ يَقْرَءُ وْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، ثُمَّ لَا يَعُوْدُوْنَ فِيْهِ حَتّٰى يَعُوْدَ السَّهْمُ إِلَى فُوْقِهِ، قِيْلَ: مَا سِيْمَاهُمْ؟ قَالَ: سِيْمَاهُمُ التَّحْلِيْقُ أَوْ قَالَ: التَّسْبِيْدُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

وفي رواية: عَنْ يُسَيْرِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: سَأَلْتُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ رضی اللہ عنہ هَلْ سَمِعْتَ النَّبِيَّ ﷺ يَذْكُرُ الْخَوَارِجَ؟ فَقَالَ: سَمِعْتُهُ وَأَشَارَ بِيَدِهِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ قَوْمٌ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ بِأَلْسِنَتِهِمْ لَا يَعْدُوْا تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

’’حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مشرق کی جانب سے کچھ لوگ نکلیں گے کہ وہ قرآن پاک پڑھیں گے مگر وہ ان کے گلوں سے نیچے نہیں اترے گا۔ وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے پار نکل جاتا ہے اور پھر وہ دین میں واپس نہیں آئیں گے جب تک تیر اپنی جگہ پر واپس نہ لوٹ آئے۔ دریافت کیا گیا کہ ان کی نشانی کیا ہے؟ فرمایا: ان کی نشانی سر منڈانا ہے یا فرمایا: سر منڈائے رکھنا ہے۔

الحديث رقم ٨: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: التوحيد، باب: قراءة الفاجر والمنافق وأصواتهم وتلاوتهم لا تجاوز حنا جرهم، ٦/٢٧٤٨، الرقم: ٧١٢٣، ومسلم في الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: الخوارج شر الخلق والخليفة، ٢/٧٥٠، الرقم: ١٠٦٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٦٤، الرقم: ١١٦٣٢، ٣/٤٨٦، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٥٦٣، الرقم: ٣٧٣٩٧، وأبويعلى في المسند، ٢/٤٠٨، الرقم: ١١٩٣، والطبراني في المعجم الكبير، ٦/٩١، الرقم: ٥٦٠٩، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٤٩٠، الرقم: ٩٠٩، وقال: إسناده صحيح، وأبونعيم في المسند المستخرج، ٣/١٣٥، الرقم: ٢٣٩٠۔

اور مسلم کی روایت میں ہے: یُسیر بن عمرو کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا آپ نے حضور نبی اکرم ﷺ سے خوارج کا ذکر سنا ہے؟ انہوں نے فرمایا: ہاں! میں نے سنا ہے اور اپنے ہاتھ سے مشرق کی طرف اشارہ کرکے کہا: وہ (وہاں سے نکلیں گے اور) اپنی زبانوں سے قرآن مجید پڑھیں گے مگر وہ ان کے حلق سے نہیں اترے گا اور دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے پار نکل جاتا ہے۔‘‘

٧٧ / ٩۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّهُ كَانَ فِي الْجَيْشِ الَّذِيْنَ كَانُوْا مَعَ عَلِيٍّ رضي الله عنه الَّذِيْنَ سَارُوْا إِلَى الْخَوَارِجِ، فَقَالَ عَلِيٌّ رضي الله عنه: أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: يَخْرُجُ قَوْمٌ مِنْ أُمَّتِي يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَيْسَ قِرَاءَتُكُمْ إِلَى قِرَاءَتِهِمْ بِشَيءٍ وَلاَ صَلَاتُكُمْ إِلَى صَلَاتِهِمْ بِشَيءٍ وَلَا صِيَامُكُمْ إِلَى صِيَامِهِمْ بِشَيءٍ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ يَحْسِبُوْنَ أَنَّهُ لَهُمْ، وَهُوَ عَلَيْهِمْ لاَ تُجَاوِزُ صَلَاتُهُمْ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الإِسْلاَمِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ.....الحديث. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَبُوْدَاوُدَ.

’’زید بن وہب جہنی بیان کرتے ہیں کہ وہ اس لشکر میں تھے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ خوارج سے جنگ کے لئے گیا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لوگو! میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سے ایک قوم ظاہر ہوگی وہ ایسا (خوبصورت) قرآن پڑھیں گے کہ ان کے پڑھنے کے سامنے تمہارے قرآن پڑھنے کی کوئی حیثیت نہ ہوگی، نہ ان کی نمازوں کے سامنے تمہاری نمازوں کی کچھ حیثیت ہوگی اور نہ ہی ان کے روزوں کے سامنے تمہارے روزوں کی کوئی حیثیت ہو گی اور نہ ہی ان کے روزوں کے

الحديث رقم ٩: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الزكاة باب: التحريض على قتل الخوارج، ٢ / ٧٤٨، الرقم: ١٠٦٦، وأبوداود في السنن، كتاب: السنة، باب: في قتال الخوارج، ٤ / ٢٤٤، الرقم: ٤٧٦٨، والنسائي في السنن الكبرى، ٥ / ١٦٣، الرقم: ٨٥٧١، وأحمد بن حنبل في المسند، ١ / ٩١، الرقم: ٧٠٦، وعبد الرزاق في المصنف، ١٠ / ١٤٧؛ والبزار في المسند، ٢ / ١٩٧، الرقم: ٥٨١، وابن أبي عاصم في السنة، ٢ / ٤٤٥۔ ٤٤٦، والبيهقي في السنن الكبرى، ٨ / ١٧٠۔

سامنے تمھارے روزوں کی کوئی حیثیت ہوگی۔ وہ یہ سمجھ کر قرآن پڑھیں گے کہ وہ ان کے لئے مفید ہے لیکن درحقیقت وہ ان کے لئے مضر ہوگا، نماز ان کے گلے کے نیچے سے نہیں اتر سکے گی اور وہ اسلام سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔‘‘

۷۸ / ۱۰۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ رضی الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ ذَکَرَ قَومًا يَکُوْنُوْنَ فِي أُمَّتِهِ يَخْرُجُوْنَ فِي فُرْقَةٍ مِنَ النَّاسِ سِيْمَاهُمُ التَّحَالُقُ، قَالَ: هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ (أَوْ مِنْ أَشَرِّ الْخَلْقِ) يَقْتُلُهُمْ أَدْنَى الطَّائِفَتَيْنِ إِلَى الْحَقِّ، قَالَ: فَضَرَبَ النَّبِيُّ ﷺ لَهُمْ مَثَلًا أَوْ قَالَ قَوْلاً: الرَّجُلُ يَرْمِي الرَّمِيَّةَ (أَوْ قَالَ: الْغَرَضَ) فَيَنْظُرُ فِي النَّصْلِ فَلَا يَرَى بَصِيْرَةً وَيَنْظُرُ فِي النَّضِيِّ فَلَا يَرَى بَصِيْرَةً وَيَنْظُرُ فِي الْفُوْقِ فَلَا يَرَى بَصِيْرَةً. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک قوم کا ذکر کیا جو آپ ﷺ کی امت میں پیدا ہوگی، اس کا ظہور اس وقت ہوگا جب لوگوں میں فرقہ بندی ہو جائے گی۔ ان کی علامت سر منڈانا ہوگی اور وہ مخلوق میں سب سے بدتر (یا بدترین) ہوں گے اور انہیں دو جماعتوں میں سے وہ جماعت قتل کرے گی جو حق کے زیادہ قریب ہوگی، پھر آپ ﷺ نے ان لوگوں کی ایک مثال بیان فرمائی کہ جب آدمی کسی شکار یا نشانہ کو تیر مارتا ہے تو پر کو دیکھتا ہے اس میں کچھ اثر نہیں ہوتا اور تیر کی لکڑی کو دیکھتا ہے اور وہاں بھی اثر نہیں ہوتا، پھر اس حصہ کو دیکھتا ہے جو تیر انداز کی چٹکی میں ہوتا ہے تو وہاں بھی کچھ اثر نہیں پاتا۔‘‘

۷۹ / ۱۱۔ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ وَعَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ أَنَّهُمَا أَتَيَا أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ رضی الله عنه فَسَأَلَاهُ عَنِ الْحَرُوْرِيَّةِ أَ سَمِعْتَ النَّبِيَّ ﷺ؟ قَالَ: لَا أَدْرِي

الحديث رقم ۱۰: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: ذكر الخوارج وصفاتهم، ۲ / ۷٤٥، الرقم: ۱۰٦٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ۳ / ٥، الرقم: ۱۱۰۳۱، وعبد الله بن أحمد في السنة، ۲ / ٦۲۲، الرقم: ۱٤۸۲، وقال: إسناده صحيح.

الحديث رقم ۱۱: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: استتابة المرتدين والمعاندين وقتالهم، باب: قتل الخوارج والملحدين بعد إقامة الحجة عليهم، ٦ / ۲٥٤۰، الرقم: ٦٥۳۲، وفي كتاب: فضائل القرآن، باب: إثم من راءى بقراءة القرآن ←

مَا الْحَرُوْرِيَّةُ؟ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: يَخْرُجُ فِي هَذِهِ الْأُمَّةِ وَ لَمْ يَقُلْ مِنْهَا قَوْمٌ تَحْقِرُوْنَ صَلَاتَكُمْ مَعَ صَلَاتِهِمْ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ حُلُوْقَهُمْ أَوْ حَنَاجِرَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ مُرُوْقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوسلمہ اور حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہما دونوں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے حروریہ کے بارے میں کچھ سنا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ مجھے نہیں معلوم کہ حروریہ کیا ہے؟ ہاں میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اس امت میں سے کچھ ایسے لوگ نکلیں گے اور یہ نہیں فرمایا کہ ایک ایسی قوم نکلے گی (بلکہ لوگ فرمایا) جن کی نمازوں کے مقابلے میں تم اپنی نمازوں کو حقیر جانو گے، وہ قرآن مجید کی تلاوت کریں گے لیکن یہ (قرآن) ان کے حلق سے نہیں اترے گا یا یہ فرمایا کہ ان کے نرخرے سے نیچے نہیں اترے گا اور وہ دین سے یوں خارج ہو جائیں گے جیسے تیر شکار سے خارج ہو جاتا ہے۔''

٨٠/١٢۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ وَ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنهما عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: سَيَكُوْنُ فِي أُمَّتِي اخْتِلَافٌ وَفُرْقَةٌ قَوْمٌ يُحْسِنُوْنَ الْقِيْلَ وَ يُسِيْئُوْنَ الْفِعْلَ يَقْرَأُوْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ (وفي رواية:

----- أو تاكل به أو فخر به، ٤/١٩٢٨، الرقم: ٤٧٧١، ومسلم في الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: ذكر الخوارج وصفاتهم، ٢/٧٤٣، الرقم: ١٠٦٤، ومالك في الموطأ، كتاب: القرآن، باب: ماجاء في القرآن، ١/٢٠٤، الرقم: ٤٧٨، والنسائي في السنن الكبرى، ٣/٣١، الرقم: ٨٠٨٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٦٠، الرقم: ١١٥٩٦، وابن حبان في الصحيح، ١٥/١٣٢، الرقم: ٦٧٣٧، والبخاري في خلق أفعال العباد، ١/٥٣ وا بن أبي شيبة في المصنف، ٧/٥٦٠، الرقم: ٣٧٩٢٠، وأبويعلى في المسند، ٢/٤٣٠، الرقم: ١٢٣٣۔

الحديث رقم ١٢: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: السنة، باب: في: قتال الخوارج، ٤/٢٤٣، الرقم: ٤٧٦٥، وابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: في ذكر ←

يَحْقِرُ أَحَدُكُمْ صَلَاتَهُ مَعَ صَلَاتِهِمْ وَصِيَامَهُ مَعَ صِيَامِهِمْ) يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ مُرُوْقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ لَا يَرْجِعُوْنَ حَتَّى يَرْتَدَّ عَلَى فُوْقِهِ هُمْ شَرُّالْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ طُوْبَى لِمَنْ قَتَلَهُمْ وَقَتَلُوْهُ يَدْعُوْنَ إِلَى كِتَابِ اللهِ وَلَيْسُوْا مِنْهُ فِي شَيءٍ مَنْ قَاتَلَهُمْ كَانَ أَوْلَى بِاللهِ مِنْهُمْ قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ مَا سِيْمَاهُمْ؟ قَالَ: اَلتَّحْلِيْقُ.

وفي رواية: عَنْ أَنَسٍ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ نَحْوَهُ: سِيْمَاهُمُ التَّحْلِيْقُ وَ التَّسْبِيْدُ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجه مُخْتَصَرًا وَأَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

’’حضرت ابوسعید خدری اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عنقریب میری امت میں اختلاف اور تفرقہ بازی ہوگی، ایک قوم ایسی ہوگی کہ وہ لوگ گفتار کے اچھے اور کردار کے برے ہوں گے، قرآن پاک پڑھیں گے جو ان کے گلے سے نہیں اترے گا (اور ایک روایت میں ہے کہ تم اپنی نمازوں اور روزوں کو ان کی نمازوں اور روزوں کے مقابلہ میں حقیر سمجھو گے) وہ دین سے ایسے خارج جائیں گے جیسے تیر شکار سے خارج ہو جاتا ہے، اور واپس نہیں آئیں گے جب تک تیر کمان میں واپس نہ آ جائے وہ ساری مخلوق میں سب سے برے ہوں گے، خوشخبری ہو اسے جو انہیں قتل کرے اور جسے وہ قتل کریں۔ وہ اللہ عزوجل کی کتاب کی طرف بلائیں گے لیکن اس کے ساتھ ان کا کوئی تعلق نہیں ہوگا ان کا قاتل ان کی نسبت اللہ تعالیٰ کے زیادہ قریب ہوگا، صحابہ کرام نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ان کی نشانی کیا ہے؟ فرمایا: سر منڈانا۔

ایک اور روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اسی

----- الخوارج، ١/ ٦٠، الرقم: ١٦٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/ ٢٢٤، الرقم: ١٣٣٦٢، والحاكم في المستدرك، ٢/ ١٦١، الرقم: ٢٦٤٩، والبيهقي في السنن الكبرى، ٨/ ١٧١، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٧/ ١٥، الرقم: ٢٣٩١- ٢٣٩٢، وقال: إسناده صحيح، وأبويعلى في المسند، ٥/ ٤٢٦، الرقم: ٣١١٧، والطبراني نحوه في المعجم الكبير، ٨/ ١٢١، الرقم: ٧٥٥٣، والمروزي في السنة، ١/ ٢٠، الرقم: ٥٢۔

طرح فرمایا: ان کی نشانی سر منڈانا اور اکثر منڈائے رکھنا ہے۔‘‘

٨١/١٣۔ عَنْ شَرِيْکِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ: كُنْتُ أَتَمَنَّى أَنْ أَلْقَى رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ أَسْأَلُهُ عَنِ الْخَوَارِجِ، فَلَقِيْتُ أَبَا بَرْزَةَ فِي يَومِ عِيْدٍ فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقُلْتُ لَهُ: هَلْ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَذْكُرُ الْخَوَارِجَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ بِأُذُنِي وَرَأَيْتُهُ بِعَيْنِي أُتِيَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ بِمَالٍ فَقَسَمَهُ، فَأَعْطَى مَنْ عَنْ يَمِيْنِهِ وَ مَنْ عَنْ شِمَالِهِ، وَلَمْ يُعْطِ مَنْ وَرَاءَهُ شَيْئًا، فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ وَرَائِهِ. فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، مَا عَدَلْتَ فِي الْقِسْمَةِ، رَجُلٌ أَسْوَدُ مَطْمُوْمُ الشَّعْرِ، عَلَيْهِ ثَوْبَانِ أَبْيَضَانِ (وزاد أحمد: بَيْنَ عَيْنَيْهِ أَثَرُ السُّجُوْدِ)، فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ غَضَبًا شَدِيْدًا، وَ قَالَ: وَاللهِ، لَا تَجِدُوْنَ بَعْدِي رَجُلًا هُوَ أَعْدَلُ مِنِّي، ثُمَّ قَالَ: يَخْرُجُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ كَأَنَّ هَذَا مِنْهُمْ (وفي رواية: قَالَ: يَخْرُجُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ رِجَالٌ كَانَ هَذَا مِنْهُمْ هَدْيُهُمْ هَكَذَا) يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الإِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، سِيْمَاهُمُ التَّحْلِيْقُ، لَا يَزَالُوْنَ يَخْرُجُوْنَ حَتَّى يَخْرُجَ آخِرُهُمْ مَعَ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، فَإِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ، هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ.

الحديث رقم ١٣: أخرجه النسائي في السنن، كتاب: تحريم الدم، باب: من شهر سيفه ثم وضعه في الناس، ٧/١١٩، الرقم: ٤١٠٣، وفي السنن الكبرى، ٢/٣١٢، الرقم: ٣٥٦٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٤٢١، والبزار في المسند، ٩/٢٩٤، ٣٠٥، الرقم: ٣٨٤٦، والحاكم في المستدرك، ٢/١٦٠، الرقم: ٢٦٤٧، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٥٥٩، الرقم: ٣٧٩١٧، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/ ٤٥٢، الرقم ٩٢٧، والطيالسي في المسند، ١/١٢٤، الرقم: ٩٢٣، والعسقلاني في فتح الباري، ١٢/٢٩٢، والقيسراني في تذكرة الحفاظ، ٣/١١٠١، وابن تيمية في الصارم المسلول، ١/١٨٨۔

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ وَالْبَزَّارُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ. وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ كَمَا قَالَ الْهَيْثَمِيُّ.

’’حضرت شریک بن شہاب نے بیان کیا کہ مجھے اس بات کی شدید خواہش تھی کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کے کسی صحابی سے ملوں اور ان سے خوارج کے متعلق دریافت کروں۔ اتفاقاً میں نے عید کے روز حضرت ابوبرزہ رضی اللہ عنہ کو ان کے کئی دوستوں کے ساتھ دیکھا میں نے ان سے دریافت کیا: کیا آپ نے خارجیوں کے بارے میں حضور نبی اکرم ﷺ سے کچھ سنا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں، میں نے اپنے کانوں سے سنا اور آنکھوں سے دیکھا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں کچھ مال پیش کیا گیا اور آپ ﷺ نے اس مال کو ان لوگوں میں تقسیم فرما دیا جو دائیں اور بائیں طرف بیٹھے ہوئے تھے اور جو لوگ پیچھے بیٹھے تھے آپ ﷺ نے انہیں کچھ عنایت نہ فرمایا چنانچہ ان میں سے ایک شخص کھڑا ہوا اور اس نے کہا، اے محمد! آپ نے انصاف سے تقسیم نہیں کی۔ وہ شخص سیاہ رنگ، سر منڈا اور سفید کپڑے پہنے ہوئے تھا (اور امام احمد بن حنبل نے اضافہ کیا کہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان (پیشانی پر) سجدوں کا اثر نمایاں تھا)۔ حضور نبی اکرم ﷺ شدید ناراض ہوئے اور فرمایا: خدا کی قسم! تم میرے بعد مجھ سے بڑھ کر کسی شخص کو انصاف کرنے والا نہ پاؤ گے، پھر فرمایا: آخری زمانے میں کچھ لوگ پیدا ہوں گے یہ شخص بھی انہیں لوگوں میں سے ہے (اور ایک روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: مشرق کی طرف سے ایک قوم نکلے گی یہ آدمی بھی ان لوگوں میں سے ہے اور ان کا طور طریقہ بھی یہی ہوگا) وہ قرآن مجید کی تلاوت کریں گے مگر قرآن ان کے حلق سے نیچے نہ اترے گا وہ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔ ان کی نشانی یہ ہے کہ وہ سر منڈے ہوں گے ہمیشہ نکلتے ہی رہیں گے یہاں تک کہ ان کا آخری گروہ دجال کے ساتھ نکلے گا جب تم ان سے ملو تو انہیں قتل کر دو۔ وہ تمام مخلوق سے بدترین ہیں۔‘‘

۸۲/۱۴۔ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ: هَلْ

الحديث رقم ١٤: أخرجه ابن ماجه في السنن، المقدمة، باب: في ذكر الخوارج، ١/٦٠، الرقم: ١٦٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٣٣، الرقم: ١١٣٠٩، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٥٥٧، الرقم: ٣٧٩٠٩.

سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَذْكُرُ فِي الْحَرُوْرِيَّةِ شَيْئًا؟ فَقَالَ: سَمِعْتُهُ يَذْكُرُ قَوْمًا يَتَعَبَّدُونَ (وفي رواية أحمد: يَتَعَمَّقُوْنَ فِي الدِّيْنِ) يَحْقِرُ أَحَدُكُمْ صَلَاتَهُ مَعَ صَلَاتِهِمْ وَصَوْمَهُ مَعَ صَوْمِهِمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ أَخَذَ سَهْمَهُ فَنَظَرَ فِي نَصْلِهِ فَلَمْ يَرَ شَيْئًا، فَنَظَرَ فِي رِصَافِهِ فَلَمْ يَرَ شَيْئًا فَنَظَرَ فِي قِدْحِهِ فَلَمْ يَرَ شَيْئًا، فَنَظَرَ فِي الْقُذَذِ فَتَمَارَى هَلْ يَرَى شَيْئًا أَمْ لَا. رَوَاهُ ابْنُ مَاجه وَأَحْمَدُ.

''ابوسلمہ کہتے ہیں میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے حروریہ (یعنی خوارج) کے متعلق کوئی حدیث سنی ہے؟ انہوں نے فرمایا: آپ ﷺ نے ایک قوم کا ذکر فرمایا ہے جو خوب عبادت کرے گی (امام احمد کی ایک روایت میں ہے کہ وہ دین میں انتہائی پختہ نظر آئیں گے) اور (یہاں تک کہ) تم اپنی نمازوں اور روزوں کو ان کی نمازوں اور روزوں کے مقابلہ میں حقیر سمجھو گے۔ وہ دین سے ایسے نکل جائیں گی جیسے تیر شکار سے، کہ آدمی اپنے تیر کو اٹھا کر اس کے پھل کو دیکھے تو اس میں کوئی خون وغیرہ نظر نہ آئے پھر وہ تیر کی لکڑی کو دیکھے اس میں کوئی نشان نہ پائے پھر اس کی نوک کو دیکھے اور کوئی بھی نشان نظر نہ آئے پھر تیر کے پر کو دیکھے اس میں بھی کچھ نظر نہ آئے۔''

٨٣/١٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: أَلَا إِنَّ الْفِتْنَةَ هَاهُنَا يُشِيْرُ إِلَى الْمَشْرِقِ مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

الحديث رقم ١٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: نسبة اليمن إلى إسماعيل، ٣/١٢٩٣، الرقم: ٣٣٢٠، وفي كتاب: بدء الخلق، باب: صفة إبليس وجنوده، ٣/١١٩٥، الرقم: ٣١٠٥، ومسلم في الصحيح، كتاب: الفتن وأشراط الساعة، باب: الفتنة من المشرق من حيث يطلع قرنا الشيطان، ٤/٢٢٢٩، الرقم: ٢٩٠٥، ومالك في الموطأ، كتاب: الاستئذان، باب: ما جاء في المشرق، ٢/٩٧٥، الرقم: ١٧٥٧، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٧٣، الرقم: ٥٤٢٨، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٢٥، الرقم: ٦٦٤٩۔

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر یہ فرماتے ہوئے سنا: خبر دار ہو جاؤ! فتنہ ادھر ہے آپ ﷺ نے مشرق کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: یہیں سے شیطان کا سینگ ظاہر ہوگا۔‘‘

٨٤/١٦۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ وَهُوَ مُسْتَقْبِلُ الْمَشْرِقِ يَقُوْلُ: أَلَا إِنَّ الْفِتْنَةَ هَاهُنَا مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا جب کہ آپ ﷺ مشرق کی جانب چہرہ مبارک کرکے فرما رہے تھے: خبردار ہو جاؤ کہ فتنہ اُدھر ہے جہاں سے شیطان کا سینگ نکلے گا۔‘‘

٨٥/١٧۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ ذَكَرَ النَّبِيُّ ﷺ: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي شَامِنَا اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي يَمَنِنَا قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ، وَفِي نَجْدِنَا؟ قَالَ: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي شَامِنَا اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي يَمَنِنَا، قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ، وَفِي نَجْدِنَا فَأَظُنُّهُ قَالَ فِي الثَّالِثَةِ: هُنَاكَ الزَّلَازِلُ

الحديث رقم ١٦: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الفتن، باب: قول النبي ﷺ: الفتنة من قبل المشرق، ٦/٢٥٩٨، الرقم: ٦٦٨٠، ومسلم في الصحيح، كتاب: الفتن وأشراط الساعة، باب: الفتنة من المشرق من حيث يطلع قرنا الشيطان، ٤/٢٢٢٨، الرقم: ٢٩٠٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٩١، الرقم: ٥٦٥٩، والطبراني في المعجم الأوسط، ١/١٢٢، الرقم: ٣٨٧، والمقرئ في السنن الواردة، ١/٢٤٦، الرقم: ٤٣۔

الحديث رقم ١٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الفتن، باب: قول النبي ﷺ: الفتنة من قبل المشرق، ٦/٢٥٩٨، الرقم: ٦٦٨١، وفي كتاب: الاستسقاء، باب: ما قيل في الزلازل والآيات، ١/٣٥١، الرقم: ٩٩٠، والترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في فضل الشام واليمن، ٥/٧٣٣، الرقم: ٣٩٥٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/١١٨، الرقم: ٥٩٨٧، وابن حبان في ←

وَالْفِتَنُ، وَبِهَا يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْ عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے دعا فرمائی: اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے شام میں برکت عطا فرما، اے اللہ! ہمیں ہمارے یمن میں برکت عطا فرما، (بعض) لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمارے نجد میں بھی؟ آپ ﷺ نے (پھر) دعا فرمائی: اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے شام میں برکت عطا فرما۔ اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے یمن میں برکت عطا فرما۔ (بعض) لوگوں نے (پھر) عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمارے نجد میں بھی میرا خیال ہے کہ آپ ﷺ نے تیسری مرتبہ فرمایا: وہاں زلزلے اور فتنے ہوں گے اور شیطان کا سینگ (فتنہ وہابیت ونجدیت) وہیں سے نکلے گا۔‘‘

٨٦/١٨۔ أخرج البخاري في صحيحه في ترجمة الباب: قَوْلُ اللهِ تَعَالَى: ﴿وَمَا كَانَ اللهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ إِذْ هَدَاهُمْ حَتَّى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَا يَتَّقُوْنَ﴾ [التوبة، 9: ١١٥] وَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ رضي الله عنهما يَرَاهُمْ شِرَارَ خَلْقِ اللهِ، وَقَالَ: إِنَّهُمُ انْطَلَقُوْا إِلَى آيَاتٍ نَزَلَتْ فِي الْكُفَّارِ فَجَعَلُوْهَا عَلَى

------ الصحيح، ١٦/ ٢٩٠، الرقم: ٧٣٠١، والطبراني في المعجم الكبير، ١٢/ ٣٨٤، الرقم: ١٣٤٢٢، والمقرى في السنن الواردة في الفتن، ١/ ٢٥١، الرقم: ٤٦، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/ ٢٩، الرقم: ٤٦٦٦۔

الحديث رقم ١٨: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: استتابة المرتدين والمعاندين وقتالهم، باب: (٥) قتل الخوارج والملحدين بعد إقامة الحجة عليهم، ٦/ ٢٥٣٩، ومسلم في الصحيح، كتاب الزكاة، باب: الخوارج شر الخلق والخليقة، ٢/ ٧٥٠، الرقم: ١٠٦٧، وفي كتاب: الزكاة، باب: التحريض على قتل الخوارج، ٢/ ٧٤٩، الرقم: ١٠٦٦، وأبوداود في السنن، كتاب: السنة، باب: في قتال الخوارج، ٤/ ٢٤٣، الرقم: ٤٧٦٥، والنسائي في السنن، كتاب: تحريم الدم، باب: من شهر سيفه ثم وضعه في الناس، ٧/ ١١٩۔ ١٢٠، الرقم: ٤١٠٣، وابن ماجه في السنة، المقدمة، باب: في ذكر الخوارج، ١/ ٦٠، الرقم: ١٧٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/ ١٥، ٢٢٤، الرقم: ١١١٣٣، ١٣٣٦٢، ٤/ ٤٢١، ٤٢٤، ⟵

الْمُؤْمِنِيْنَ.

وقال العسقلاني في الفتح: وصله الطبري في مسند علي من تهذيب الآثار من طريق بكير بن عبد الله بن الأشج: أَنَّهُ سَأَلَ نَافِعًا كَيْفَ كَانَ رَأَى ابْنُ عُمَرَ فِي الْحَرُوْرِيَّةِ؟ قَالَ: كَانَ يَرَاهُمْ شِرَارَ خَلْقِ اللهِ، انْطَلَقُوْا إِلَى آيَاتِ الْكُفَّارِ فَجَعَلُوْهَا فِي الْمُؤْمِنِيْنَ.

قلت: وسنده صحيح، وقد ثبت في الحديث الصحيح المرفوع عند مسلم من حديث أبي ذر رضي الله عنه في وصف الخوارج: هُمْ شِرَارُ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ. وعند أحمد بسند جيد عن أنس مرفوعًا مثله.

وعند البزار من طريق الشعبي عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: ذَكَرَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ الْخَوَارِجَ فَقَالَ: هُمْ شِرَارُ أُمَّتِي يَقْتُلُهُمْ خِيَارُ أُمَّتِي. وسنده حسن.

وعند الطبراني من هذا الوجه مرفوعا: هُمْ شِرَارُ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ يَقْتُلُهُمْ خَيْرُ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ. وفي حديث أبي سعيد رضي الله عنه عند أحمد: هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ.

وفي رواية عبيد الله بن أبي رافع عن علي رضي الله عنه عند مسلم: مِنْ أَبْغَضِ

٥/٣١، ١٧٦، الرقم: ٢١٥٧١، وابن حبان في الصحيح، ١٥/٣٨٧، الرقم: ٦٩٣٩، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/٥٥٧، ٥٥٩، الرقم: ٣٧٩٠٥، ٣٧٩١٧، والبزار في المسند، ٩/٢٩٤، ٣٠٥، الرقم: ٣٨٤٦، والحاكم في المستدرك، ٢/١٦٧، الرقم: ٢٦٥٩، والطبراني في المعجم الأوسط، ٦/١٨٦، الرقم: ٦١٤٢، ٧/٣٣٥، الرقم: ٧٦٦٠، وفي المعجم الصغير، ١/٤٢، الرقم: ٣٣، وفي المعجم الكبير، ٥/١٩، الرقم: ٤٤٦١، ٨/٢٦٦، الرقم: ٨٠٣٣، والبيهقي في السنن الكبرى، ٨/١٨٨، وأبويعلى في المسند، ٥/ ٣٣٧، الرقم: ٢٩٦٣، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٦/٢٣٠، ٢٣٩، والعسقلاني في فتح الباري، ١٢/٢٨٦، الرقم: ٦٥٣٢، وفي تغليق التعليق، ٥/٢٥٩، وابن عبد البر في التمهيد، ٢٣/٣٣٥.

خَلْقِ اللهِ إِلَيْهِ.

وفي حديث عبد الله بن خباب ﷺ يعني عن أبيه عند الطبراني: شَرُّ قَتْلَى أَظَلَّتْهُمُ السَّمَاءُ وَأَقَلَّتْهُمُ الْأَرْضُ. وفي حديث أبي أمامة ﷺ نحوه.

وعند أحمد وابن أبي شيبة من حديث أبي برزة مرفوعًا في ذكر الخوارج: شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ يَقُولُهَا ثَلَاثًا.

وعند ابن أبي شيبة من طريق عمير بن إسحاق عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ: هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ. وهذا مما يؤيد قول من قال بكفرهم.

''امام بخاری نے اپنی صحیح میں باب کے عنوان (ترجمۃ الباب) کے طور پر یہ حدیث روایت کی ہے: اللہ تعالیٰ کا فرمان: ''اور اللہ کی شان نہیں کہ وہ کسی قوم کو گمراہ کر دے۔ اس کے بعد کہ اس نے انہیں ہدایت سے نواز دیا ہو، یہاں تک کہ وہ ان کے لئے وہ چیزیں واضح فرما دے جن سے انہیں پرہیز کرنا چاہئے۔'' اور عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ان (خوارج) کو اللہ تعالیٰ کی بدترین مخلوق سمجھتے تھے۔ (کیونکہ) انہوں نے اللہ تعالیٰ کی ان آیات کو لیا جو کفار کے حق میں نازل ہوئی تھیں اور ان کا اطلاق مومنین پر کرنا شروع کر دیا۔''

اور امام عسقلانی ''فتح الباری'' میں بیان کرتے ہیں کہ امام طبری نے اس حدیث کو تہذیب الآثار سے بکیر بن عبد اللہ بن اُشج کے طریق سے مسند علی ﷺ میں شامل کیا ہے کہ ''انہوں نے نافع سے پوچھا کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی حروریہ (خوارج) کے بارے میں کیا رائے تھی؟ تو انہوں نے فرمایا: وہ انہیں اللہ تعالیٰ کی بدترین مخلوق خیال کیا کرتے تھے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی ان آیات کو لیا جو کفار کے حق میں نازل ہوئیں تھیں اور ان کا اطلاق مومنین پر کیا۔

میں ''امام عسقلانی'' کہتا ہوں کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے اور تحقیق یہ سند حدیث صحیح مرفوع میں امام مسلم کے ہاں ابو ذر غفاری کی خوارج کے وصف والی حدیث میں ثابت ہے اور وہ حدیث یہ ہے کہ ''وہ خَلق اور خُلق میں بدترین لوگ ہیں'' اور امام احمد بن حنبل کے ہاں بھی اسی کی مثل حضرت انس بن مالک ﷺ سے مروی مرفوع حدیث ہے۔

اور امام بزار کے ہاں شعبی کے طریق سے وہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ نے خوارج کا ذکر کیا اور فرمایا: ''وہ میری امت کے بدترین لوگ ہیں اور انہیں میری امت کے بہترین لوگ قتل کریں گے۔'' اور اس حدیث کی سند حسن ہے۔

اور امام طبرانی کے ہاں اسی طریق سے مرفوع حدیث میں مروی ہے کہ ''وہ (خوارج) بدترین خَلق اور خُلق والے ہیں اور ان کو بہترین خَلق اور خُلق والے لوگ قتل کریں گے۔''

اور امام احمد بن حنبل کے ہاں حضرت ابوسعید والی حدیث میں ہے کہ ''وہ (خوارج) مخلوق میں سے سب سے بدترین لوگ ہیں۔''

اور امام مسلم نے عبیداللہ بن ابی رافع کی روایت میں بیان کیا جو انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ ''یہ (خوارج) اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے اس کے نزدیک سب سے بدترین لوگ ہیں۔''

اور امام طبرانی کے ہاں عبد اللہ بن خباب والی حدیث میں ہے جو کہ وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ''یہ (خوارج) بدترین مقتول ہیں جن پر آسمان نے سایہ کیا اور زمین نے ان کو اٹھایا۔'' اور ابو امامہ والی حدیث میں بھی یہی الفاظ ہیں۔

اور امام احمد بن حنبل اور ابن ابی شیبہ ابو برزہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کو مرفوعاً خوارج کے ذکر میں بیان کرتے کہ ''وہ (خوارج) بدترین خَلق اور خُلق والے ہیں۔'' ایسا تین دفعہ فرمایا۔

اور ابن ابی شیبہ کے ہاں عمر بن اسحاق کے طریق سے وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ''وہ (خوارج) بدترین مخلوق ہیں۔'' اور یہ وہ چیز ہے جو اس شخص کے قول کی تائید کرتی ہے جو ان کو کافر قرار دیتا ہے۔''

٨٧/١٩۔ عَنْ أَبِي غَالِبٍ قَالَ: رَأَى أَبُوْأُمَامَةَ رضی اللہ عنہ رُءُوْسًا مَنْصُوْبَةً

الحديث رقم ١٩: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة آل عمران، ٥/٢٢٦، الرقم: ٣٠٠٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/٢٥٦، الرقم: ٢٢٢٦٢، والحاكم في المستدرك، ٢/١٦٣، الرقم: ٢٦٥٥، والبيهقي في السنن الكبرى، ٨/١٨٨، والطبراني في مسند الشاميين، ٢/٢٤٨، الرقم: ١٢٧٩، وفي المعجم الكبير، ٨/٢٧١، الرقم: ٨٠٤٤، والمحالي ←

عَلَى دَرَجِ مَسْجِدِ دِمَشْقَ، فَقَالَ أَبُوْأُمَامَةَ رضي الله عنه: كِلَابُ النَّارِ شَرُّ قَتْلَى تَحْتَ أَدِيْمِ السَّمَاءِ خَيْرُ قَتْلَى مَنْ قَتَلُوْهُ ثُمَّ قَرَأَ: ﴿يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ﴾ إِلَى آخِرِ الآيَةِ [آل عمران، ٣: ١٠٦] قُلْتُ لِأَبِي أُمَامَةَ: أَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ؟ قَالَ: لَوْ لَمْ أَسْمَعْهُ إِلَّا مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا أَوْ أَرْبَعًا حَتَّى عَدَّ سَبْعًا مَا حَدَّثْتُكُمُوْهُ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’ابوغالب نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ انہوں نے مسجدِ دمشق کی سیڑھیوں پر (خارجیوں کے) سر نصب کئے ہوئے دیکھے تو فرمایا: (یہ) جہنم کے کتے، آسمان کے نیچے بدترین مخلوق ہیں۔ اور وہ شخص بہترین مقتول ہے جسے انہوں نے قتل کیا۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ’’جس دن کئی چہرے سفید ہوں گے اور کئی چہرے سیاہ ہوں گے۔‘‘ ابوغالب کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابواُمامہ رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: کیا آپ نے یہ رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے؟ انہوں نے فرمایا: اگر میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے ایک، دو، تین، چار یہاں تک کہ سات بار تک گنا، سنا ہوتا تو تم سے بیان نہ کرتا (یعنی ایک دو بار نہیں بلکہ بارہا سنا ہے)۔‘‘

٨٨ / ٢٠۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ كَانَ قَائِمًا عِنْدَ بَابِ عَائِشَةَ رضي الله عنها فَأَشَارَ بِيَدِهِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ فَقَالَ: الْفِتْنَةُ هَاهُنَا حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ وَاللَّفْظُ لَهُ.

------ في الأمالى، ١/٤٠٨، الرقم: ٤٧٨-٤٧٩، وعبد الله بن أحمد في السنة، ٢/٦٤٣، الرقم: ١٥٤٢-١٥٤٦، وقال: إسناده صحيح، وابن تيمية في الصارم المسلول، ١/١٨٩۔

الحديث رقم ٢٠: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الخمس، باب: ما جاء في بيوت أزواج النبي ﷺ وما نسب من البيوت إليهن، ٣/١١٣٠، الرقم: ٢٩٣٧، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/١٨، الرقم: ٤٦٧٩، والمقرئ في السنن الواردة في الفتن، ١/٢٤٥، الرقم: ٤٢۔

’’حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے جبکہ آپ ﷺ بابِ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس کھڑے ہوئے تھے اپنے ہاتھ سے مشرق کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: فتنہ وہاں سے ہوگا جہاں سے شیطان کا سینگ نکلے گا۔‘‘

٨٩ / ٢١۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَامَ عِنْدَ بَابِ حَفْصَةَ فَقَالَ بِيَدِهِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ: اَلْفِتْنَةُ هَاهُنَا مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

’’حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جبکہ آپ ﷺ بابِ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس کھڑے ہوئے تھے۔ اپنے دستِ اقدس سے مشرق کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: فتنہ وہاں سے ہوگا جہاں سے شیطان کا سینگ نکلے گا آپ ﷺ نے یہ (کلمات) دو یا تین مرتبہ ادا فرمائے۔‘‘

٩٠ / ٢٢۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لَنَا فِي شَامِنَا وَ يَمَنِنَا مَرَّتَيْنِ فَقَالَ رَجُلٌ: وَ فِي مَشْرِقِنَا يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مِنْ هُنَالِکَ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ وَلَهَا تِسْعَةُ أَعْشَارِ الشَّرِّ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے شام میں اور ہمارے یمن میں برکت عطا فرما اور ایسا آپ ﷺ نے دو مرتبہ فرمایا: تو ایک آدمی نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اور ہمارے مشرق میں (بھی برکت ہو) تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہاں سے تو شیطان کا سینگ نکلے گا اور وہاں دس میں سے نوحصوں (کے برابر) شر ہوگا۔‘‘

الحديث رقم ٢١: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الفتن وأشراط الساعة، باب: الفتنة من حيث يطلع قرنا الشيطان، ٤ / ٢٢٢٩، الرقم: ٢٩٠٥۔

الحديث رقم ٢٢: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٢ / ٩٠، الرقم: ٥٦٤٢، والطبراني في المعجم الأوسط، ٢ / ٢٤٩، الرقم: ١٨٨٩، والروياني في المسند، ٢ / ٤٢١، الرقم: ١٤٣٣، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠ / ٥٧، وقال: رجال أحمد رجال عبدالرحمن بن عطاء وهو ثقة۔

٩١ / ٢٣۔ عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه قَالَ: ذُكِرَ لِي أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: وَلَمْ أَسْمَعْهُ مِنْهُ: إِنَّ فِيْكُمْ قَوْمًا يَعْبُدُوْنَ وَيَدْأَبُوْنَ حَتَّى يُعْجَبَ بِهِمُ النَّاسُ وَتُعْجِبَهُمْ نُفُوْسُهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ مُرُوْقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ.

’’حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مجھے بتایا گیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے اور میں نے خود یہ آپ ﷺ سے نہیں سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: بیشک تم میں ایسے لوگ ہوں گے جو عبادت کریں گے اور اپنی عبادت میں تندہی سے کام لیں گے یہاں تک کہ وہ لوگوں کو بھلے لگیں گے اور وہ خود بھی اپنے آپ (اور اپنی نمازوں) پر اترائیں گے حالانکہ وہ دین سے اس طرح خارج ہوں گے جس طرح کہ تیر شکار سے خارج ہو جاتا ہے۔‘‘

٩٢ / ٢٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ رِبَاحٍ الْأَنْصَارِيِّ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ كَعْبًا رضي الله عنه يَقُوْلُ: لِلشَّهِيْدِ نُوْرٌ وَلِمَنْ قَاتَلَ الْحَرُوْرِيَّةَ عَشْرَةُ أَنْوَارٍ (وفي رواية ابن أبي شيبة: فَضْلُ ثَمَانِيَةِ أَنْوَارٍ عَلَى نُوْرِ الشُّهَدَاءِ) وَكَانَ يَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ سَبْعَةُ أَبْوَابٍ ثَلَاثَةٌ مِنْهَا لِلْحَرُوْرِيَّةِ. رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

’’حضرت عبداللہ بن رباح انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت کعب رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ شہید کے لئے ایک نور ہو گا اور اس شخص کے لئے جو حروریہ (خوارج) کے ساتھ قتال کرے گا دس نور ہوں گے (اور ابن ابی شیبہ کی روایت میں ہے: (دیگر) شہداء کے نور کے مقابلہ میں وہ نور آٹھ گنا زیادہ فضیلت رکھتا ہو گا۔) اور آپ یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ جہنم کے سات دروازے ہیں ان میں سے تین حروریہ (خوارج) کے لئے (مختص) ہیں۔

الحديث رقم ٢٣: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٣/ ١٨٣، الرقم: ١٢٩٠٩، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٦/ ٢٢٩، وقال: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح۔

الحديث رقم ٢٤: أخرجه عبد الرزاق في المصنف، ١٠/ ١٥٥، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/ ٥٥٧، الرقم: ٣٧٩١١۔

٩٣ / ٢٥۔ عَنْ حُذَيْفَةَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ مَا أَتَخَوَّفُ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ قَرَأَ الْقُرْآنَ حَتَّى إِذَا رُئِيَتْ بَهْجَتُهُ عَلَيْهِ وَكَانَ رِدْئًا لِلْإِسْلَامِ غَيْرَهُ إِلَى مَاشَاءَ اللهُ فَانْسَلَخَ مِنْهُ وَ نَبَذَهُ وَرَاءَ ظُهْرِهِ وَ سَعَى عَلَى جَارِهِ بِالسَّيْفِ وَرَمَاهُ بِالشِّرْكِ قَالَ: قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللهِ، أَيُّهُمَا أَوْلَى بِالشِّرْكِ الْمَرْمِيُّ أَمِ الرَّامِي قَالَ: بَلِ الرَّامِي.

رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَالْبَزَّارُ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْكَبِيْرِ، إِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک مجھے جس چیز کا تم پر خدشہ ہے وہ ایک ایسا آدمی ہے جس نے قرآن پڑھا یہاں تک کہ جب اس پر اس قرآن کا جمال دیکھا گیا اور وہ اس وقت تک جب تک اللہ نے چاہا اسلام کی خاطر دوسروں کی پشت پناہی بھی کرتا تھا۔ پس وہ اس قرآن سے دور ہو گیا اور اس کو اپنی پشت پیچھے پھینک دیا اور اپنے پڑوسی پر تلوار لے کر چڑھ دوڑا اور اس پر شرک کا الزام لگایا، راوی بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! ان دونوں میں سے کون زیادہ شرک کے قریب تھا شرک کا الزام لگانے والا یا جس پر شرک کا الزام لگایا گیا آپ ﷺ نے فرمایا: شرک کا الزام لگانے والا۔''

٩٤ / ٢٦۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ عِنْدَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ رضي الله عنها يَدْعُوْ: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي مُدِّنَا وَبَارِكْ

الحديث رقم ٢٥: أخرجه ابن حبان في الصحيح، ١/٢٨٢، الرقم: ٨١، والبزار في المسند، ٧/٢٢٠، الرقم: ٢٧٩٣، والبخاري في التاريخ الكبير، ٤/٣٠١، الرقم: ٢٩٠٧، والطبراني عن معاذ بن جبل رضي الله عنه في المعجم الكبير، ٢٠/٨٨، الرقم: ١٦٩، وفي مسند الشاميين، ٢/٢٥٤، الرقم: ١٢٩١، وابن أبي عاصم في السنة، ١/٢٤، الرقم: ٤٣، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١/١٨٨، وقال: إسناده حسن، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ٢/٢٦٦۔

الحديث رقم ٢٦: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٧/٢٥٢، الرقم: ٧٤٢١، وأبونعيم في المسند المستخرج، ٤/٤٤، الرقم: ٣١٨٣۔

لَنَا فِي صَاعِنَا وَ بَارِكْ لَنَا فِي شَامِنَا وَ يَمَنِنَا ثُمَّ اسْتَقْبَلَ الْمَشْرِقَ فَقَالَ: مِنْ هَاهُنَا يَخْرُجُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ وَالزَّلَازِلُ وَالْفِتَنُ وَمِنْ هَاهُنَا الْفَدَّادُوْنَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ کے قریب دعا کرتے ہوئے سنا، آپ ﷺ فرما رہے تھے: ’’اے اللہ! ہمارے مد اور ہمارے صاع (مد اور صاع غلہ ماپنے کے دو آلے ہیں) میں برکت ڈال اور ہمارے شام اور یمن میں برکت عطا فرما، پھر آپ ﷺ مشرق رخ ہو گئے اور فرمایا: یہاں سے شیطان کا سینگ نکلے گا اور (یہیں سے) زلزلے اور فتنے ظاہر ہوں گے اور یہیں سے سخت گفتار، تکبر کے ساتھ چلنے والے (لوگ ظاہر) ہوں گے۔‘‘

٩٥/٢٧۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رضی اللہ عنہ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: سَيَخْرُجُ أُنَاسٌ مِنْ أُمَّتِي مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ كُلَّمَا خَرَجَ مِنْهُمْ قَرْنٌ قُطِعَ كُلَّمَا خَرَجَ مِنْهُمْ قَرْنٌ قُطِعَ حَتَّى عَدَّهَا زِيَادَةً عَلَى عَشْرَةِ مَرَّاتٍ كُلَّمَا خَرَجَ مِنْهُمْ قَرْنٌ قُطِعَ حَتَّى يَخْرُجُ الدَّجَّالَ فِي بَقِيَّتِهِمْ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

’’حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: میری امت میں مشرق کی جانب سے کچھ ایسے لوگ نکلیں گے جو قرآن پڑھتے ہوں گے لیکن وہ ان کے حلق سے نہیں اترے گا اور ان میں سے جو بھی (شیطان کے) سینگ کی (صورت) میں نکلے گا وہ کاٹ دیا جائے گا۔ ان میں سے جو بھی (شیطان کے) سینگ کی صورت میں نکلے گا کاٹ دیا جائے گا یہاں تک کہ آپ ﷺ نے

الحديث رقم ٢٧: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٢/١٩٨، الرقم: ٦٨٧١، والحاكم في المستدرك، ٤/٥٣٣، الرقم: ٨٤٩٧، وابن حماد في الفتن، ٢/٥٣٢، وابن راشد في الجامع، ١١/٣٧٧، والآجري في الشريعة، ١/١١٣، الرقم: ٢٦٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٦/٢٢٨۔

یوں ہی دس دفعہ سے بھی زیادہ بار دہرایا اور فرمایا: ان میں جو بھی (شیطان کے) سینگ کی صورت میں ظاہر ہوگا کاٹ دیا جائے گا یہاں تک کہ ان ہی کی باقی ماندہ نسل سے دجال نکلے گا۔‘‘

۹۶/۲۸۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنهما قَالَ: يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَجْتَمِعُوْنَ وَيُصَلُّوْنَ فِي الْمَسَاجِدِ وَلَيْسَ فِيْهِمْ مُؤْمِنٌ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالْحَاكِمُ.

وَ قَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ.

’’حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ وہ مساجد میں جمع ہوں گے اور نمازیں ادا کریں گے لیکن ان میں سے مومن کوئی نہیں ہوگا۔‘‘

۹۷/۲۹۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَخْرُجُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ رِجَالٌ يَخْتِلُوْنَ الدُّنْيَا بِالدِّيْنِ يَلْبَسُوْنَ لِلنَّاسِ جُلُوْدَ الضَّأْنِ مِنَ اللِّيْنِ، أَلْسِنَتُهُمْ أَحْلَى مِنَ السُّكَّرِ (وفي رواية: أَلْسِنَتُهُمْ أَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ) وَقُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الذِّئَابِ، يَقُوْلُ اللهُ عزوجل: أَبِي يَغْتَرُّوْنَ أَمْ عَلَيَّ يَجْتَرِئُوْنَ؟ فَبِي حَلَفْتُ لَأَبْعَثَنَّ عَلَى أُوْلَئِکَ مِنْهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ الْحَلِيْمَ

الحديث رقم ۲۸: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ۶/۱۶۳، الرقم: ۳۰۳۵۵، ۷/۵۰۵، الرقم: ۳۷۵۸۶، والحاكم في المستدرك، ۴/۴۸۹، الرقم: ۸۳۶۵، والديلمي في مسند الفردوس، ۵/۴۴۱، الرقم: ۸۰۸۶، وأبو المحاسن في معتصر المختصر، ۲/۲۶۶، والفريابي في صفة المنافق، ۱/۸۰، الرقم: ۱۰۸-۱۱۰۔

الحديث رقم ۲۹: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: (۵۹)، ۴/۶۰۴، الرقم: ۲۴۰۴-۲۴۰۵، وابن أبي شيبة فى المصنف، ۷/۲۳۵، الرقم: ۳۵۶۲۴، والبيهقي في شعب الإيمان، ۵/۳۶۲، الرقم: ۶۹۵۶، والطبراني في المعجم الأوسط، ۸/۳۷۹، وابن المبارك في الزهد، ۱/۱۷، الرقم: ۵۰، والديلمى في مسند الفردوس، ۵/۵۱۰، الرقم: ۸۹۱۹، والمنذري في الترغيب والترهيب، ۱/۳۲، الرقم: ۴۱، وابن هناد في الزهد، ۲/۴۳۷، الرقم: ۸۶۰۔

مِنْهُمْ حَيْرَانًا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَ قَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: آخری زمانہ میں کچھ لوگ پیدا ہوں گے جو دنیا کو دین کے ذریعے حاصل کریں گے، لوگوں کے سامنے بھیڑ کی کھالوں کا نرم لباس پہنیں گے۔ ان کی زبانیں شکر سے زیادہ شیریں ہوں گی (ایک روایت میں ہے کہ شہد سے بھی زیادہ میٹھی ہوں گی) اور ان کے دل بھیڑیوں کے دلوں کی طرح (خونخوار) ہوں گے۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے: ’’کیا یہ لوگ مجھے دھوکہ دینا چاہتے ہیں یا مجھ پر دلیری کرتے ہیں؟ (کہ مجھ سے نہیں ڈرتے؟) مجھے اپنی (ذات کی) قسم! جو لوگ ان میں سے ہوں گے۔ میں ضرور ان پر ایسے فتنے بھیجوں گا جو ان میں سے بردبار لوگوں کو بھی حیران کر دیں گے۔‘‘

٩٨/ ٣٠۔ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ : سَيَخْرُجُ قَوْمٌ أَحْدَاثٌ أَحِدَّاءُ أَشِدَّاءُ ذَلِقَةٌ أَلْسِنَتُهُمْ بِالْقُرْآنِ يَقْرَءُوْنَهُ لاَ يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ. فَإِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَأَنِيْمُوْهُمْ ثُمَّ إِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ فَإِنَّهُ يُؤْجَرُ قَاتِلُهُمْ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

رِجَالُ أَحْمَدُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ، وَقَالَ ابْنُ أَبِي عَاصِمٍ: إِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ، وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عنقریب نوعمر لوگ نکلیں گے جو کہ نہایت تیز طرار اور قرآن کو نہایت فصاحت و بلاغت سے پڑھنے والے

الحديث رقم ٣٠: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٥/ ٣٦، ٤٤، والحاكم في المستدرك، ٢/ ١٥٩، الرقم: ٢٦٤٥، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/ ٤٥٦، الرقم: ٩٣٧، وعبد الله بن أحمد في السنة، ٢/ ٦٣٧، الرقم: ١٥١٩، وقال: إسناده حسن، والبيهقي في السنن الكبرى، ٨/ ١٨٧، والديلمي في مسند الفردوس، ٢/ ٣٢٢، الرقم: ٣٤٦٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٦/ ٢٣٠، والحارث في المسند، (زوائد الهيثمي)، ٢/ ٧١٤، الرقم: ٧٠٤۔

ہوں گے وہ قرآن پڑھیں گے لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ سو جب تم ان سے ملو تو انہیں قتل کر دو پھر جب (ان کا کوئی دوسرا گروہ نکلے اور) تم انہیں ملو تو انہیں بھی قتل کر دو یقیناً ان کے قاتل کو اجر عطا کیا جائے گا۔‘‘

۹۹/۳۱۔ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ أَنَّ أَبَابَكْرٍ رضی اللہ عنہ جَاءَ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ، إِنِّي مَرَرْتُ بِوَادٍ كَذَا وَكَذَا فَإِذَا رَجُلٌ مُتَخَشِّعٌ، حَسَنُ الْهَيْئَةِ، يُصَلِّي فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ: اِذْهَبْ إِلَيْهِ، فَاقْتُلْهُ، قَالَ: فَذَهَبَ إِلَيْهِ أَبُوْبَكْرٍ، فَلَمَّا رَآهُ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ كَرِهَ أَنْ يَقْتُلَهُ، فَرَجَعَ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ لِعُمَرَ: اِذْهَبْ فَاقْتُلْهُ فَذَهَبَ عُمَرُ فَرَآهُ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ الَّتِي رَآهُ أَبُوْبَكْرٍ قَالَ: فَكَرِهَ أَنْ يَقْتُلَهُ، قَالَ: فَرَجَعَ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ، إِنِّي رَأَيْتُهُ يُصَلِّي مُتَخَشِّعًا فَكَرِهْتُ أَنْ أَقْتُلَهُ، قَالَ: يَا عَلِيُّ! اِذْهَبْ فَاقْتُلْهُ، قَالَ: فَذَهَبَ عَلِيٌّ، فَلَمْ يَرَهُ فَرَجَعَ عَلِيٌّ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ، إِنَّهُ لَمْ يَرَهُ، قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنَّ هَذَا وَأَصْحَابَهُ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لاَ يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ ثُمَّ لاَ يَعُوْدُوْنَ فِيْهِ حَتَّى يَعُوْدَ السَّهْمُ فِي فُوْقِهِ فَاقْتُلُوْهُمْ هُمْ شَرُّالْبَرِيَّةِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ. وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

’’حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا: یارسول اللہ! میں فلاں فلاں وادی سے گزرا تو میں نے ایک نہایت متواضع ظاہراً خوبصورت دکھائی دینے والے شخص کو نماز پڑھتے

الحديث رقم ۳۱: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ۳/۱۵، الرقم: ۱۱۱۳۳، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۶/۲۲۵، وقال: رجاله ثقات، والعسقلاني في فتح الباري، ۱۲/۲۲۹، وابن حزم في المحلى، ۱۱/۱۰۴، والشوكاني في نيل الأوطار، ۷/۳۵۱۔

دیکھا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: اس کے پاس جا کر اسے قتل کر دو۔ راوی نے کہا کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اس کی طرف گئے تو انہوں نے جب اسے اس حال میں (نہایت خشوع سے نماز پڑھتے) دیکھا تو اسے قتل کرنا مناسب نہ سمجھا اور حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں (اسے بغیر قتل کئے) لوٹ آئے راوی نے کہا پھر حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: جاؤ اسے قتل کرو، حضرت عمر گئے اور انہوں نے بھی اسے اسی حالت میں دیکھا جیسے کہ حضرت ابوبکر نے دیکھا تھا۔ انہوں نے بھی اس کے قتل کو ناپسند کیا۔ بیان کیا کہ وہ بھی لوٹ آئے۔ اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے اسے نہایت خشوع وخضوع سے نماز پڑھتے دیکھا تو (اس حالت میں) اسے قتل کرنا پسند نہ کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے علی! جاؤ اسے قتل کر دو بیان کیا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لے گئے، تو انہیں وہ نظر نہ آیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ لوٹ آئے، پھر عرض کیا: یارسول اللہ! وہ کہیں دکھائی نہیں دیا۔ بیان کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یقیناً یہ اور اس کے ساتھی قرآن پڑھیں گے لیکن وہ ان کے گلوں سے نیچے نہیں اترے گا، وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے پھر وہ اس میں پلٹ کر نہیں آئیں گے یہاں تک کہ تیر پلٹ کر کمان میں نہ آ جائے (یعنی ان کا پلٹ کر دین کی طرف لوٹنا ناممکن ہے) سو تم انہیں (جب بھی پاؤ) قتل کر دو وہ بدترین مخلوق ہیں۔"

١٠٠/٣٢۔ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّ نَبِيَّ اللهِ ﷺ مَرَّ بِرَجُلٍ سَاجِدٍ وَهُوَ يَنْطَلِقُ إِلَى الصَّلَاةِ فَقَضَى الصَّلَاةَ وَرَجَعَ عَلَيْهِ وَهُوَ سَاجِدٌ فَقَامَ النَّبِيُّ ﷺ، فَقَالَ: مَنْ يَقْتُلُ هَذَا؟ فَقَامَ رَجُلٌ فَحَسَرَ عَنْ يَدَيْهِ فَاخْتَرَطَ سَيْفَهُ وَهَزَّهُ ثُمَّ قَالَ: يَانَبِيَّ اللهِ، بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، كَيْفَ أَقْتُلُ رَجُلاً سَاجِدًا يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ؟ ثُمَّ قَالَ: مَنْ يَقْتُلُ هَذَا؟ فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: أَنَا فَحَسَرَ عَنْ ذِرَاعَيْهِ وَاخْتَرَطَ سَيْفَهُ وَهَزَّهُ

الحديث رقم ٣٢: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٥/٤٢، الرقم: ١٩٥٣٦، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٤٥٧، الرقم: ٩٣٨، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٦/٢٢٥، وقال: رواه أحمد والطبراني ورجال أحمد رجال الصحيح، والحارث في المسند (زوائد الهيثمي) ٢/٧١٣، الرقم: ٧٠٣، وابن رجب في جامع العلوم والحكم ١/١٣١۔

حَتَّى أَرْعَدَتْ يَدُهُ، فَقَالَ: يَانَبِيَّ اللهِ، كَيْفَ أَقْتُلُ رَجُلاً سَاجِدًا يَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَوْ قَتَلْتُمُوْهُ لَكَانَ أَوَّلَ فِتْنَةٍ وَآخِرَهَا.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

إِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ وَرِجَالُهُ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ كَمَا قَالَ ابْنُ أَبِي عَاصِمٍ وَالْهَيْثَمِيُّ.

’’حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ ایک شخص کے پاس سے گزرے جو حالت سجدہ میں تھا۔ اور آپ ﷺ نماز کے لئے تشریف لے جا رہے تھے، آپ ﷺ نے نماز ادا کی اور اس کی طرف لوٹے اور وہ اس وقت بھی (حالتِ) سجدہ میں تھا، حضور نبی اکرم ﷺ کھڑے ہو گئے پھر فرمایا: کون اسے قتل کرے گا؟ تو ایک آدمی کھڑا ہوا اس نے اپنے بازو چڑھائے تلوار سونتی اور اسے لہرایا (اس کی طرف دیکھا تو اس کی ظاہری دینی وضع قطع کو دیکھ کر متاثر ہو گیا) پھر عرض کیا: یا نبی اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان! میں کیسے اس شخص کو قتل کر دوں جو حالتِ سجدہ میں ہے اور گواہی دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں؟ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: کون اسے قتل کرے گا؟ تو ایک شخص کھڑا ہوا، عرض کیا: میں، تو اس نے اپنے بازو چڑھائے اور اپنی تلوار سونتی اور اسے لہرایا (اسے قتل کرنے ہی لگا تھا) کہ اس کے ہاتھ کانپے، عرض کیا: اے اللہ کے نبی! میں کیسے ایسے شخص کو قتل کروں جو حالت سجدہ میں گواہی دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں؟ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں محمد ﷺ کی جان ہے! اگر تم اسے قتل کر دیتے تو وہ فتنہ کا اول و آخر تھا (یعنی یہ فتنہ خارجیت اسی پر ختم ہو جاتا)۔‘‘

۱۰۱/۳۳۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: كَانَ فِي عَهْدِ رَسُوْلِ

الحديث رقم ٣٣: أخرجه أبويعلى في المسند، ١/ ٩٠، الرقم: ٩٠، ٧/ ١٥٥، ١٦٨، الرقم: ٤١٤٣، ٤١٢٧، وعبد الرزاق في المصنف، ١٠/ ١٥٥، الرقم: ١٨٦٧٤، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٣/ ٥٢، والمروزي في السنة، ١/ ٢١، الرقم: ٥٣، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ١٧/ ٦٩، الرقم: ٢٤٩٩، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٦/ ٢٢٦.

اللهِ ﷺ رَجُلٌ يُعْجِبُنَا تَعَبُّدُهُ وَاجْتِهَادُهُ (وفي رواية: حَتَّى جَعَلَ بَعْضُ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّ لَهُ فَضْلًا عَلَيْهِمْ) قَدْ عَرَّفْنَاهُ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ بِاسْمِهِ وَ وَصَّفْنَاهُ بِصِفَتِهِ فَبَيْنَمَا نَحْنُ نَذْكُرُهُ إِذْ طَلَعَ الرَّجُلُ قُلْنَا: هُوَ، هَذَا. قَالَ: إِنَّكُمْ لَتُخْبِرُوْنَ عَنْ رَجُلٍ إِنَّ عَلَى وَجْهِهِ سُفْعَةً مِنَ الشَّيْطَانِ فَأَقْبَلَ حَتَّى وَقَفَ عَلَيْهِمْ وَ لَمْ يُسَلِّمْ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنْشُدُکَ بِاللهِ، هَلْ قُلْتَ فِي نَفْسِکَ حِيْنَ وَقَفْتَ عَلَى الْمَجْلِسِ مَا فِي الْقَوْمِ أَحَدٌ أَفْضَلُ أَوْ أَخْيَرُ مِنِّي؟ قَالَ: اَللّٰهُمَّ نَعَمْ، ثُمَّ دَخَلَ يُصَلِّي (وفي رواية: ثُمَّ انْصَرَفَ فَأَتَى نَاحِيَةً مِنَ الْمَسْجِدِ فَخَطَّ خَطًّا بِرِجْلِهِ ثُمَّ صَفَّ كَعْبَيْهِ فَقَامَ يُصَلِّي) فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ يَقْتُلُ الرَّجُلَ؟ فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: أَنَا فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَوَجَدَهُ يُصَلِّي فَقَالَ:سُبْحَانَ اللهِ أَقْتُلُ رَجُلًا يُصَلِّي؟ وَقَدْ نَهَى رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَنْ ضَرْبِ الْمُصَلِّيْنَ فَخَرَجَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَا فَعَلْتَ؟ قَالَ: كَرِهْتُ أَنْ أَقْتُلَهُ وَهُوَ يُصَلِّي وَقَدْ نَهَيْتَ عَنْ ضَرْبِ الْمُصَلِّيْنَ. قَالَ: مَنْ يَقْتُلُ الرَّجُلَ؟ قَالَ عُمَرُ: أَنَا، فَدَخَلَ فَوَجَدَهُ وَاضِعًا وَجْهَهُ، قَالَ عُمَرُ: أَبُوبَكْرٍ أَفْضَلُ مِنِّي، فَخَرَجَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَا فَعَلْتَ؟ قَالَ: وَجَدْتُهُ وَاضِعًا وَجْهَهُ لِلهِ فَكَرِهْتُ أَنْ أَقْتُلَهُ. قَالَ: مَنْ يَقْتُلُ الرَّجُلَ؟ فَقَالَ عَلِيٌّ: أَنَا، قَالَ: أَنْتَ لَهُ إِنْ أَدْرَكْتَهُ. قَالَ: فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَوَجَدَهُ قَدْ خَرَجَ فَرَجَعَ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَ: مَا فَعَلْتَ؟ قَالَ: وَجَدْتُهُ وَقَدْ خَرَجَ قَالَ: لَوْ قُتِلَ مَا اخْتَلَفَ فِي أُمَّتِي رَجُلَانِ كَانَ أَوَّلُهُمْ وَآخِرُهُمْ. قَالَ مُوْسَى: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ يَقُوْلُ: هُوَ الَّذِي قَتَلَهُ عَلِيٌّ رضي الله عنه ذَا الثَّدْيَةِ.

وفي رواية: فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: هَذَا أَوَّلُ قَرْنٍ مِنَ الشَّيْطَانِ طَلَعَ فِي

أُمَّتِي (أَوْ أَوَّلُ قَرْنٍ طَلَعَ مِنْ أُمَّتِي) أَمَّا إِنَّكُمْ لَوْ قَتَلْتُمُوهُ مَا اخْتَلَفَ مِنْكُمْ رَجُلَانِ، إِنَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ اخْتَلَفُوا عَلَى إِحْدَى أَوِ اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً، وَإِنَّكُمْ سَتَخْتَلِفُوْنَ مِثْلَهُمْ أَوْ أَكْثَرَ، لَيْسَ مِنْهَا صَوَابٌ إِلَّا وَاحِدَةٌ. قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَمَا هَذِهِ الْوَاحِدَةُ؟ قَالَ: الْجَمَاعَةُ، وَآخِرُهَا فِي النَّارِ.

رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ كَمَا قَالَ الْهَيْثَمِيُّ. وَإِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ.

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے زمانہ مبارک میں ایک شخص تھا جس کی عبادت گزاری اور مجاہدہ نے ہمیں حیرانگی میں مبتلا کیا ہوا تھا۔ (اور ایک روایت میں یہاں تک ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے صحابہ کرام میں سے بعض اسے خود سے بھی افضل گردانے لگے تھے) ہم نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے اس کا نام اور اس کی صفات بیان کرکے اس کا تعارف کرایا۔ ایک دفعہ ہم اس کا ذکر کر رہے تھے کہ وہ شخص آ گیا۔ ہم نے عرض کیا: (یا رسول اللہ!) وہ شخص یہ ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بیشک تم جس شخص کی خبریں دیتے تھے یقیناً اس کے چہرے پر شیطانی رنگ ہے سو وہ شخص قریب آیا یہاں تک کہ ان کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا اور اس نے سلام بھی نہیں کیا۔ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے اسے فرمایا: میں تجھے اللہ کی قسم دیتا ہوں (کہ سچ بتانا) جب تو مجلس کے پاس کھڑا تھا تو نے اپنے دل میں یہ نہیں کہا تھا کہ ان لوگوں میں مجھ سے افضل یا مجھ سے زیادہ برگزیدہ شخص کوئی نہیں؟ اس نے کہا: اللہ کی قسم! ہاں (میں نے کہا تھا)۔ پھر وہ (مسجد میں) داخل ہوا نماز پڑھنے لگا۔ (اور ایک روایت میں ہے کہ پھر وہ شخص مڑا مسجد کے صحن میں آیا، نماز کی تیاری کی، ٹانگیں سیدھی کیں اور نماز پڑھنے لگا) تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس شخص کو کون قتل کرے گا؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں کروں گا سو وہ اس کے پاس گئے تو اسے نماز پڑھتے ہوئے پایا کہنے لگے۔ سبحان اللہ میں نماز پڑھتے شخص کو (کیسے) قتل کروں؟ جبکہ حضور نبی اکرم ﷺ نے نمازیوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا ہے تو وہ (اسے قتل کئے بغیر) باہر نکل گئے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تو نے کیا کیا؟ عرض کیا: میں نے اس حالت میں کہ وہ نماز پڑھ رہا تھا اسے قتل کرنا ناپسند کیا جبکہ آپ ﷺ نے نمازیوں کو قتل کرنے سے منع کیا ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا: اس شخص کو کون قتل کرے گا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں کروں گا سو وہ اس کے پاس گئے تو اسے اللہ عزوجل کی بارگاہ میں چہرہ جھکائے دیکھا۔ حضرت عمر نے کہا: حضرت ابوبکر مجھ سے افضل ہیں لہٰذا وہ بھی (اسے قتل کئے بغیر) باہر نکل گئے۔ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تو نے کیا کیا؟ عرض کیا: میں نے اسے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سر جھکائے دیکھا تو (اس حالت میں) اسے قتل کرنا نا پسند کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کون اس شخص کو قتل کرے گا؟ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں کروں گا، آپ ﷺ نے فرمایا: تم ہی اس کے (قتل کے) لئے ہو اگر تم نے اسے پالیا تو (تم ضرور اسے قتل کرلو گے) راوی نے بیان کیا کہ وہ اندر اس کے پاس گئے تو دیکھا کہ وہ چلا گیا تھا وہ حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس لوٹ آئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو نے کیا کیا؟ حضرت علی نے عرض کیا: میں نے دیکھا تو وہ چلا گیا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر وہ قتل کر دیا جاتا تو میری امت میں دو آدمیوں میں بھی کبھی اختلاف نہ ہوتا وہ (فتنہ میں) ان کا اول و آخر تھا۔ حضرت موسیٰ نے بیان کیا میں نے حضرت محمد بن کعب رضی اللہ عنہ سے سنا: فرماتے ہیں: وہ وہی پستان (کے مشابہ ہاتھ) والا شخص تھا جسے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قتل کیا تھا۔''

اور ایک روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ شیطان کا پہلا سینگ ہے جو میری امت میں ظاہر ہوگا (یا پہلا سینگ ہے جو میری امت میں ظاہر ہوا) جبکہ اگر تم اسے قتل کر دیتے تو تم میں سے دو آدمیوں میں کبھی اختلاف نہ ہوتا۔ بے شک بنی اسرائیل میں اختلاف سے وہ اکہتر یا بہتر فرقوں میں بٹ گئے اور تم عنقریب اتنے ہی یا اس بھی زیادہ فرقوں میں بٹ جاؤ گے ان میں سے کوئی راہ راست پر نہیں ہوگا سوائے ایک کے، عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! وہ ایک فرقہ کون سا ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جماعت (سب سے بڑا گروہ) اس کے علاوہ دوسرے سب آگ میں جائیں گے۔''

١٠٢/ ٣٤۔ عَنْ طَارِقِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ إِلَى

الحديث رقم ٣٤: أخرجه النسائي في السنن الكبرى، ٥/ ١٦١، الرقم: ٨٥٦٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/ ١٠٧، الرقم: ٨٤٨، وفي فضائل الصحابة، ٢/ ٧١٤، الرقم: ١٢٢٤، والخطيب البغدادي في تاريخ بغداد، ١٤/ ٣٦٢، الرقم: ٧٦٨٩، والمروزي في تعظيم قدر الصلاة، ١/ ٢٥٦، الرقم: ٢٤٧، والمزي في تهذيب الكمال، ١٣/ ٣٣٨، الرقم: ٢٩٤٨.

الْخَوَارِجِ فَقَتَلَهُمْ، ثُمَّ قَالَ: انْظُرُوْا فَإِنَّ نَبِيَّ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّهُ سَيَخْرُجُ قَوْمٌ يَتَكَلَّمُونَ بِالْحَقِّ لاَ يُجَاوِزُ حَلْقَهُمْ، يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْحَقِّ كَمَا يَخْرُجُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ ..... الحديث. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت طارق بن زیاد نے بیان کیا کہ ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ خوارج کی طرف (ان سے جنگ کے لیے) نکلے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں قتل کیا پھر فرمایا: دیکھو بے شک حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عنقریب ایسے لوگ نکلیں گے کہ حق کی بات کریں گے لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا وہ حق سے یوں نکل جائیں گے جیسے کہ تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔‘‘

۱۰۳/۳۵۔ عَنْ مِقْسَمٍ أَبِي الْقَاسِمِ مَوْلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوفَلٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رضی اللہ عنہم ..... فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ وَ فِيْهِ: قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: فَإِنَّهُ سَيَكُوْنُ لَهُ شِيَعَةٌ يَتَعَمَّقُوْنَ فِي الدِّيْنِ حَتَّى يَخْرُجُوْا مِنْهُ كَمَا يَخْرُجُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ ..... وَذَكَرَ تَمَامَ الْحَدِيْثِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

وَقَالَ ابْنُ أَبِي عَاصِمٍ: إِسْنَادُهُ جَيِّدٌ وَرِجَالُهُ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ.

’’عبداللہ بن حارث بن نوفل مولی مقسم ابوالقاسم رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عنقریب اس کا ایک گروہ ہوگا جو دین سے (ظاہراً) بہت گہری وابستگی رکھنے والے نظر آئیں گے مگر دین سے یوں نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے..... پھر مکمل حدیث ذکر کی۔‘‘

الحديث رقم ۳۵: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ۲/۲۱۹، الرقم: ۷۰۳۸، وابن أبي عاصم في السنة ۲/۴۵۳۔ ۴۵۴، الرقم: ۹۲۹۔ ۹۳۰، وعبد الله بن أحمد في السنة، ۲/۶۳۱، الرقم: ۱۵۰۴، وابن تيمية في الصارم المسلول، ۱/۲۳۷، والعسقلاني في فتح الباري، ۱۲/۲۹۲، والطبرى في تاريخ الأمم والملوك، ۲/۱۷۶۔

١٠٤/٣٦۔ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: سَيَخْرُجُ أَقْوَامٌ مِنْ أُمَّتِي يَشْرَبُوْنَ الْقُرْآنَ كَشُرْبِهِمُ اللَّبَنَ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ كَمَا قَالَ الْهَيْثَمِيُّ وَالْمَنَاوِيُّ.

’’حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے بیان کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عنقریب میری امت میں سے ایسے لوگ نکلیں گے جو قرآن کو یوں (غٹ غٹ) پڑھیں گے گویا وہ دودھ پی رہے ہیں۔‘‘

١٠٥/٣٧۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ وَعَلَى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ فَلَمَّا نَزَعَهُ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: إِنَّ ابْنَ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ فَقَالَ: اقْتُلُوْهُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فتح (مکہ) کے سال رسول

الحديث رقم ٣٦: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٧/٢٩٧، الرقم: ٨٢١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٦/٢٢٩، والمناوي في فيض القدير، ٤/١١٨۔

الحديث رقم ٣٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الحج، باب: دخول الحرم ومكة بغير إحرام، ٢/٦٥٥، الرقم: ١٧٤٩، وفي كتاب: الجهاد والسير، ٣/١١٠٧، الرقم: ٢٨٧٩، وفي كتاب: المغازي، باب: أين ركز النبي ﷺ الرأية يوم الفتح، ٤/١٥٦١، الرقم: ٤٠٣٥، ومسلم في الصحيح، كتاب: الحج، باب: جواز دخول مكة بغير إحرام، ٢/٩٨٩، الرقم: ١٣٥٧، والترمذي في السنن، كتاب: الجهاد عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في المغفر، وقال: هذا حديث حسن صحيح، ٤/٢٠٢، الرقم: ١٦٩٣، وأبوداود في السنن، كتاب: الجهاد، باب: قتل الأسير ولايعرض عليه الإسلام، ٣/٦٠، الرقم: ٢٦٨٥، والنسائي في السنن، كتاب: مناسك الحج، باب: دخول مكة بغير إحرام، ٥/٢٠٠، الرقم: ٢٨٦٧، وفي السنن الكبرى، ٢/٣٨٢، الرقم: ٣٨٥٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٨٥، ٢٣١-٢٣٢، الرقم: ١٢٩٥٥، ١٣٤٣٧، ١٣٤٦١، ١٣٥٤٢، وابن حبان في الصحيح، ٩/٣٧، الرقم: ٣٧٢١، والطحاوى في شرح معاني الآثار، ٢/٢٥٩، والطبراني في المعجم الأوسط، ٩/٢٩، الرقم: ٩٠٣٤۔

اللہ ﷺ مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو آپ کے سر مبارک پر لوہے کا خود تھا جب آپ ﷺ نے اسے اتارا تو ایک شخص نے آ کر عرض کیا: (یا رسول اللہ! آپ کا گستاخ) ابنِ خطل (جان بچانے کے لئے) کعبہ کے پردوں سے لٹکا ہوا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اسے (وہاں بھی) قتل کر دو۔‘‘

۱۰۶/۳۸۔ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بِلْقِيْنَ: أَنَّ امْرَأَةً كَانَتْ تَسُبُّ النَّبِيَّ ﷺ. فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَنْ يَكْفِيْنِي عَدُوِّي؟ فَخَرَجَ إِلَيْهَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ رضی اللہ عنہ فَقَتَلَهَا. رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَالْبَيْهَقِيُّ.

’’عروہ بن محمد نے بلقین کے کسی شخص سے روایت کی کہ ایک عورت حضور نبی اکرم ﷺ کو گالیاں دیا کرتی تھی۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے دشمن سے میرا بدلہ کون لے گا؟ تو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اس کی طرف گئے اور اسے قتل کر دیا۔‘‘

۱۰۷/۳۹۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ شَتَمَ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَنْ يَكْفِيْنِي عَدُوِّي؟ فَقَالَ الزُّبَيْرُ: أَنَا، فَبَارَزَهُ، فَقَتَلَهُ، فَأَعْطَاهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ سَلَبَهُ. رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک مشرک شخص نے حضور نبی اکرم ﷺ کو گالیاں دیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کون میرے دشمن سے بدلہ لے گا؟ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں پھر میدان میں نکل کر اسے قتل کر دیا، حضور نبی اکرم ﷺ نے مقتول کے جسم کا سامان حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو دے دیا۔‘‘

الحديث رقم ۳۸: أخرجه عبد الرزاق في المصنف، ۳۰۷/۵، الرقم: ۹۷۰۵، والبيهقي في السنن الكبرى، ۲۰۲/۸، وابن تيمية في الصارم المسلول، ۱۴۰/۱۔

الحديث رقم ۳۹: أخرجه عبد الرزاق في المصنف، ۲۳۷/۵، ۳۰۷، الرقم: ۹۴۷۷، ۹۷۰۴، وأبونعيم في حلية الأولياء، ۴۵/۸، وابن تيمية في الصارم المسلول، ۱۵۴/۱۔

١٠٨ / ٤٠ ـ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ : مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهُ فَاقْتُلُوْهُ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَاللَّفْظُ لَهُمَا.

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو (مسلمان) اپنا دین بدل لے (یعنی اس سے پھر جائے) اسے قتل کر دو۔''

١٠٩ / ٤١ ـ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ عَنْ أَبِي حُرَّةَ أَنَّ عَلِيًّا رضي الله عنه لَمَّا بَعَثَ أَبَا مُوْسَى لِإِنْفَاذِ الْحَكُوْمَةِ، اجْتَمَعَ الْخَوَارِجُ فِي مَنْزِلِ عَبْدِ اللهِ بْنِ وَهَبٍ الرَّاسِبِيِّ مِنْ رُؤُوْسِ الْخَوَارِجِ، فَخَطَبَهُمْ خُطْبَةً بَلِيْغَةً زَهَّدَهُمْ فِي هَذِهِ الدُّنْيَا وَرَغَّبَهُمْ فِي الْآخِرَةِ وَالْجَنَّةِ وَحَثَّهُمْ عَلَى الْأَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ ثُمَّ قَالَ: فَاخْرُجُوْا بِنَا إِخْوَانِنَا مِنْ هَذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا إِلَى جَانِبِ هَذَا السَّوَادِ إِلَى بَعْضِ كُوَرِ الْجِبَالِ أَوْ بَعْضِ هَذِهِ الْمَدَائِنِ مُنْكَرِيْنَ لِهَذِهِ الْبِدَعِ الْمُضِلَّةِ.....ثُمَّ اجْتَمَعُوْا فِي مَنْزِلِ شُرَيْحِ بْنِ أَوْفَى الْعَبَسِيِّ فَقَالَ ابْنُ وَهَبٍ: اشْخَصُوْا بِنَا إِلَى بَلَدَةٍ نَجْتَمِعُ فِيْهَا لِإِنْفَاذِ

الحديث رقم ٤٠: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الجهاد والسير، باب: لا يعذب بعذاب الله، ٣/١٠٩٨، الرقم: ٢٨٥٤، والترمذي فى السنن، كتاب: الحدود عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى المرتد، ٤/٥٩، الرقم: ١٤٥٨، وأبوداود فى السنن، كتاب: الحدود، باب: الحكم فيمن ارتد، ٤/١٢٦، الرقم: ٤٣٥١، والنسائى فى السنن، كتاب: تحريم الدم، باب: الحكم فى المرتد، ٧/١٠٣، الرقم: ٤٠٥٩، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الحدود، باب: المرتد عن دينه، ٢/٨٤٨، الرقم: ٢٥٣٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/٣٢٢، الرقم: ٢٩٦٨، وابن حبان فى الصحيح، ١٠/٣٢٧، الرقم: ٤٤٧٥.

الحديث رقم ٤١: أخرجه ابن جرير الطبرى في تاريخ الأمم والملوك، ٣/١١٥، وابن الأثير في الكامل، ٣/٢١٣۔ ٢١٤، وابن كثير في البداية والنهاية، ٧/٢٨٥۔٢٨٦ وابن الجوزي في المنتظم في تاريخ الملوك والأمم، ٥/١٣٠۔١٣١۔

حُكْمِ اللهِ فَإِنَّكُمْ أَهْلُ الْحَقِّ. رَوَاهُ ابْنُ جَرِيْرٍ وَابْنُ الْأَثِيْرِ وَابْنُ كَثِيْرٍ.

''عبدالملک نے ابوجرہ سے روایت بیان کی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوموسیٰ (اشعری رضی اللہ عنہ) کو (اپنا گورنر بنا کر) نفاذ حکومت کے لئے بھیجا تو خوارج (اپنے سردار) عبداللہ بن وھب راسبی کے گھر میں جمع ہوئے اور اس نے انہیں بلیغ خطبہ دیا جس میں اس نے انہیں اس دنیا سے بے رغبتی اور آخرت اور جنت کی رغبت دلائی اور انہیں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پر ابھارا پھر کہا: ہمارے لئے ضروری ہے ہم پہاڑوں یا دوسرے شہروں کی طرف نکل جائیں تاکہ ان گمراہ کرنے والی بدعتوں سے ہمارا انکار ثابت ہوجائے..... پھر سب شریح بن ابی اوفی عبسی کے گھر جمع ہوئے تو ابن وھب نے کہا: اب کوئی شہر ایسا دیکھنا چاہئے کہ (اسے اپنا مرکز بنا کر) ہم سب اسی میں جمع ہوں اور اللہ تعالیٰ کا حکم جاری کریں کیونکہ اہلِ حق اب تم ہی لوگ ہو۔''

۱۱۰/ ۴۲۔ ذكر ابن الأثير في الكامل: خَرَجَ الْأَشْعَثُ بِالْكِتَابِ يَقْرَؤُهُ عَلَى النَّاسِ حَتَّى مَرَّ عَلَى طَائِفَةٍ مِنْ بَنِي تَمِيْمٍ فِيْهِمْ عُرْوَةُ بْنِ أُدَيَّةَ أَخُوْ أَبِي بِلَالٍ فَقَرَأَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ عُرْوَةُ: تَحَكَّمُوْنَ فِي أَمْرِ اللهِ الرِّجَالُ؟ لَا حُكْمَ إِلَّا لِلّٰهِ.

''امام ابن اثیر نے ''الکامل'' میں بیان کیا: ''اشعث بن قیس نے اس عہدنامہ کو (جو حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ہوا تھا) لے کر ہر ہر قبیلہ میں لوگوں کو سنانا شروع کیا۔ جب قبیلہ بنی تمیم میں پہنچے تو عروہ بن اُدیہ (خارجی) جو ابوبلال کا بھائی تھا بھی ان میں تھا جب اس نے وہ معاہدہ انہیں سنایا تو عروہ (خارجی) کہنے لگا: اللہ تعالیٰ کے امر میں آدمیوں کو حَکم بناتے ہو؟ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی حُکم نہیں کرسکتا۔''

۱۱۱/ ۴۳۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى الْخَوَارِجِ بِالنَّهْرِ: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، مِنْ عَبْدِ اللهِ عَلِيٍّ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ إِلَى زَيْدِ بْنِ حُصَيْنٍ وَ

الحديث رقم ٤٢: أخرجه ابن الأثير في الكامل، ٣/ ١٩٦، وابن الجوزي في المنتظم في تاريخ الملوك والأمم، ٥/ ١٢٣۔

الحديث رقم ٤٣: أخرجه ابن جرير الطبري في تاريخ الأمم والملوك، ٣/ ١١٧، وابن الأثير في الكامل، ٣/ ٢١٦، وابن كثير في البداية والنهاية، ٧/ ٢٨٧، وابن الجوزي في المنتظم، ٥/ ١٣٢۔

عَبْدِ اللهِ بْنِ وَهَبٍ وَ مَنْ مَعَهُمَا مِنَ النَّاسِ. أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ هَذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ اللَّذَيْنِ ارْتَضَيْنَا حَكَمَيْنِ قَدْ خَالَفَا كِتَابَ اللهِ وَاتَّبَعَا هَوَاهُمَا بِغَيْرِ هُدًى مِنَ اللهِ فَلَمْ يَعْمَلَا بِالسُّنَّةِ وَلَمْ يُنْفَذَا الْقُرْآنَ حُكْمًا فَبَرِیءَ اللهُ مِنْهُمَا وَرَسُوْلُهُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ، فَإِذَا بَلَغَكُمْ كِتَابِي هَذَا فَأَقْبِلُوْا إِلَيْنَا فَإِنَّا سَائِرُوْنَ إِلَى عَدُوِّنَا وَ عَدُوِّكُمْ وَ نَحْنُ عَلَى الْأَمْرِ الْأَوَّلِ الَّذِي كُنَّا عَلَيْهِ.

فَكَتَبُوْا (الخوارج) إِلَيْهِ: أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّكَ لَمْ تَغْضَبْ لِرَبِّكَ وَ إِنَّمَا غَضِبْتَ لِنَفْسِكَ فَإِنْ شَهِدْتَ عَلَى نَفْسِكَ بِالْكُفْرِ وَاسْتَقْبَلْتَ التَّوْبَةَ نَظَرْنَا فِيْمَا بِيْنَنَا وَ بَيْنَكَ وَ إِلَّا فَقَدْ نَبَذْنَاكَ عَلَى سَوَاءٍ، إِنَّ اللهَ لَا يُحِبُّ الْخَائِنِيْنَ.

فَلَمَّا قَرَأَ كِتَابَهُمْ أَيِسَ مِنْهُمْ وَرَأَى أَنْ يَدَعَهُمْ وَيَمْضِيَ بِالنَّاسِ حَتَّى يَلْقَى أَهْلَ الشَّامِ حَتَّى يَلْقَاهُمْ.

رَوَاهُ ابْنُ جَرِيْرٍ وَابْنُ الْأَثِيْرِ وَابْنُ كَثِيْرٍ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے خوارج کو نہروان سے خط لکھا: ''اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے: اللہ تعالیٰ کے بندے امیر المؤمنین علی کی طرف سے زید بن حصین اور عبداللہ بن وھب اور ان کے پیروکاروں کے لئے۔ واضح ہو کہ یہ دو شخص جن کے فیصلہ پر ہم راضی ہوئے تھے انہوں نے کتاب اللہ کے خلاف کیا اور اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے بغیر اپنی خواہشات کی پیروی کی۔ جب انہوں نے قرآن وسنت پر عمل نہیں کیا تو اللہ تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ کا رسول ﷺ اور سب اہل ایمان ان سے بری ہو گئے۔ تم لوگ اس خط کو دیکھتے ہی ہماری طرف چلے آؤ تاکہ ہم اپنے اور تمہارے دشمن کی طرف نکلیں اور ہم اب بھی اپنی اسی پہلی بات پر ہیں۔

اس خط کے جواب میں انہوں نے (یعنی خوارج نے) حضرت علی رضی اللہ عنہ کو لکھا: ''واضح ہو کہ اب تمہارا غضب اللہ کے لئے نہیں ہے اس میں نفسانیت شریک ہے اب اگر تم اپنے کفر

پر گواہ ہو جاؤ (یعنی کافر ہونے کا اقرار کرلو) اور نئے سرے سے توبہ کرتے ہو تو دیکھا جائے گا ورنہ ہم نے تمہیں دور کردیا کیونکہ اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔''

سو جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کا جوابی خط پڑھا تو ان کے (ہدایت کی طرف لوٹنے سے) مایوس ہوگئے لہٰذا انہیں ان کے حال پر چھوڑنے کا فیصلہ کرکے اپنے لشکر کے ساتھ اہلِ شام سے جا ملے۔''

۱۱۲/ ٤٤۔ عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِيْهِ أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ حُدَيْرٍ (الخارجي) نَجَا بَعْدَ ذَلِکَ مِنْ حَرْبِ النَّهْرَوَانِ وَبَقِيَ إِلَى أَيَّامِ مُعَاوِيَةَ رضی اللہ عنہ. ثُمَّ أُتِيَ إِلَى زِيَادِ بْنِ أَبِيْهِ وَمَعَهُ مَوْلًى لَهُ، فَسَأَلَهُ زِيَادٌ عَنْ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ، فَقَالَ: كُنْتُ أَوَالِي عُثْمَانَ عَلَى أَحْوَالِهِ فِي خِلَافَتِهِ سِتَّ سِنِيْنَ. ثُمَّ تَبَرَّأْتُ مِنْهُ بَعْدَ ذَلِکَ لِلْأَحْدَاثِ الَّتِي أَحْدَثَهَا، وَشَهِدَ عَلَيْهِ بِالْكُفْرِ. وَسَأَلَهُ عَنْ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ فَقَالَ: كُنْتُ أَتَوَلَّاهُ إِلَى أَنْ حَكَمَ الْحَاكِمِيْنَ، ثُمَّ تَبَرَّأْتُ مِنْهُ بَعْدَ ذَلِکَ، وَشَهِدَ عَلَيْهِ بِالْكُفْرِ وَسَأَلَهُ عَنْ مُعَاوِيَةَ رضی اللہ عنہ فَسَبَّهُ سَبًّا قَبِيْحًا..... فَأَمَرَ زِيَادٌ بِضَرْبِ عُنُقِهِ. رَوَاهُ الشَّهْرَسْتَانِيُّ.

''زیاد بن امیہ سے مروی ہے کہ عروہ بن حدیر (خارجی) نہروان کی جنگ سے بچ گیا اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور تک زندہ رہا پھر وہ زیاد بن ابیہ کے پاس لایا گیا اس کے ساتھ اس کا غلام بھی تھا تو زیاد نے اس سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا حال دریافت کیا؟ اس نے کہا: ابتدا میں چھ سال تک انہیں میں بہت دوست رکھتا تھا پھر جب انہوں نے بدعتیں شروع کیں تو ان سے علیحدہ ہوگیا اس لئے کہ وہ آخر میں (نعوذ باللہ) کافر ہوگئے تھے۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کا حال پوچھا؟ کہا: وہ بھی اوائل میں اچھے تھے جب حکم بنایا (نعوذ باللہ) کافر ہوگئے۔ اس لئے ان سے بھی علیحدہ ہوگیا۔ پھر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا حال دریافت کیا؟ تو وہ انہیں سخت گالیاں دینے لگا..... پھر زیاد نے اسکی گردن مارنے کا حکم دے دیا۔''

الحديث رقم ٤٤: أخرجه عبدالكريم الشهرستاني في الملل والنحل، ۱/ ۱۳۷۔

١١٣/ ٤٥۔ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ أَنَّ رَجُلًا وُلِدَ لَهُ غُلَامٌ عَلَى عَهْدِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَأَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَأَخَذَ بِبَشَرَةِ وَجْهِهِ وَدَعَا لَهُ بِالْبَرَكَةِ قَالَ: فَنَبَتَتْ شَعَرَةٌ فِي جَبْهَتِهِ كَهَيْئَةِ الْقَوْسِ وَشَبَّ الْغُلَامُ فَلَمَّا كَانَ زَمَنَ الْخَوَارِجِ أَحَبَّهُمْ فَسَقَطَتِ الشَّعَرَةُ عَنْ جَبْهَتِهِ فَأَخَذَهُ أَبُوْهُ فَقَيَّدَهُ وَ حَسَبَهُ مَخَافَةَ أَنْ يَلْحَقَ بِهِمْ قَالَ: فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ فَوَعَظْنَاهُ وَقُلْنَا لَهُ فِيْمَا نَقُوْلُ: أَلَمْ تَرَ أَنَّ بَرَكَةَ دَعْوَةِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَدْ وَقَعَتْ عَنْ جَبْهَتِكَ فَمَا زِلْنَا بِهِ حَتَّى رَجَعَ عَنْ رَأْيِهِمْ فَرَدَّ اللهُ عَلَيْهِ الشَّعَرَةَ بَعْدُ فِي جَبْهَتِهِ وَتَابَ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

’’ابوطفیل سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے زمانہ میں ایک لڑکا پیدا ہوا وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا آپ ﷺ نے اسے اس کے چہرے سے پکڑا اور اسے دعا دی اور اس کا یہ اثر ہوا کہ اس کی پیشانی پر خاص طور پر بال اگے جو تمام بالوں سے ممتاز تھے وہ لڑکا جوان ہوا اور خوارج کا زمانہ آیا تو اسے ان سے محبت ہوگئی (یعنی خوارج کا گرویدہ ہوگیا) اسی وقت وہ بال جو دستِ مبارک کا اثر تھے جھڑ گئے اس کے باپ نے جو یہ حال دیکھا اسے قید کر دیا کہ کہیں ان میں مل نہ جائے۔ ابوطفیل کہتے ہیں کہ ہم لوگ اس کے پاس گئے اور اسے وعظ و نصیحت کی اور کہا دیکھو تم جب ان لوگوں کی طرف مائل ہوئے ہو تو رسول اللہ ﷺ کی دعا کی برکت تمہاری پیشانی سے جاتی رہی غرض جب تک اس شخص نے ان کی رائے سے رجوع نہ کیا ہم اس کے پاس سے ہٹے نہیں۔ پھر جب خوارج کی محبت اس کے دل سے نکل گئی تو اللہ تعالیٰ نے دوبارہ اس کی پیشانی میں وہ مبارک بال لوٹا دیئے پھر تو اس نے ان کے عقائد سے سچی توبہ کر لی۔‘‘

الحديث رقم ٤٥: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٥/ ٤٥٦، الرقم: ٢٣٨٥٦، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧/ ٥٥٦، الرقم: ٣٧٩٠٤، والأصبهاني في دلائل النبوة، ١/ ١٧٤، الرقم: ٢٢٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٦/ ٢٤٣، ١٠/ ٢٧٥، وقال: رواه أحمد والطبراني ورجاله رجال علي ابن زيد وقد وثق، والعسقلاني في الإصابة، ٥/ ٣٥٩، الرقم: ٦٩٧٢۔

١١٤/ ٤٦۔ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُهْمَانٍ قَالَ: كَانَتِ الْخَوَارِجُ قَدْ تَدْعُوْنِي حَتَّى كِدْتُ أَنْ أَدْخُلَ فِيْهِمْ، فَرَأَتْ أُخْتُ أَبِي بِلَالٍ فِي النَّوْمِ أَنَّ أَبَا بِلَالٍ كَلْبٌ أَهْلَبُ أَسْوَدُ عَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ. فَقَالَتْ: بِأَبِي أَنْتَ يَا أَبَا بِلَالٍ مَا شَأْنُکَ أَرَاکَ هٰکَذَا؟ وَ کَانَ أَبُوْ بِلَالٍ مِنْ رُؤُوْسِ الْخَوَارِجِ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ وَاللَّفْظُ لَهُ إِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ.

’’سعید بن جہمان سے مروی ہے بیان کیا کہ خوارج مجھے (اپنی طرف) دعوت دیا کرتے تھے (سو اس سے متاثر ہوکر) قریب تھا کہ میں ان کے ساتھ شامل ہو جاتا کہ ابو بلال کی بہن نے خواب میں دیکھا کہ ابو بلال کالے لمبے بالوں والے کتوں کی شکل میں ہے اس کی آنکھیں بہہ رہی تھیں۔ بیان کیا کہ اس نے کہا: اے ابو بلال میرا باپ آپ پر قربان کیا وجہ ہے کہ میں تمہیں اس حال میں دیکھ رہی ہوں؟ اس نے کہا ہم لوگ تمہارے بعد دوزخ کے کتے بنا دیئے گئے ہیں وہ ابو بلال خارجیوں کے سرداروں میں سے تھا۔‘‘

١١٥/ ٤٧۔ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ: سَأَلَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي يَرْبُوْعٍ، أَوْ مِنْ بَنِي تَمِيْمٍ. عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ عَنِ ﴿الذَّارِيَاتِ وَالْمُرْسَلَاتِ وَالنَّازِعَاتِ﴾. أَوْ عَنْ بَعْضِهِنَّ، فَقَالَ عُمَرُ: ضَعْ عَنْ رَأْسِکَ، فَإِذَا لَهُ وَفْرَةٌ، فَقَالَ عُمَرُ رضی اللہ عنہ: أَمَا وَاللهِ لَوْ رَأَيْتُکَ مَحْلُوقًا لَضَرَبْتُ الَّذِي فِيْهِ عَيْنَاکَ، ثُمَّ قَالَ: ثُمَّ کَتَبَ إِلَى أَهْلِ الْبَصْرَةِ أَوْ قَالَ إِلَيْنَا. أَنْ لَا تُجَالِسُوْهُ، قَالَ: فَلَوْ جَاءَ وَ نَحْنُ مِائَةٌ تَفَرَّقْنَا.

رَوَاهُ سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى الْأُمَوِيُّ وَغَيْرُهُ بِإِسْنَادٍ صَحِيْحٍ کَمَا قَالَ ابْنُ تَيْمِيَّةَ.

’’حضرت ابوعثمان نہدی بیان کرتے ہیں کہ قبیلہ بنی یربوع یا بنی تمیم کے ایک آدمی

الحديث رقم ٤٦: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٧/ ٥٥٥، الرقم: ٣٧٨٩٥، وعبد الله بن أحمد في السنة، ٢/ ٦٣٤، الرقم: ١٥٠٩.

الحديث رقم ٤٧: أخرجه ابن تيمية في الصارم المسلول، ١/ ١٩٥.

نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ ’’ الزَّارِيَاتِ وَالْمُرْسَلَاتِ وَالنَّازِعَاتِ ‘‘ کے کیا معنی ہیں؟ یا ان میں سے کسی ایک کے بارے میں پوچھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اپنے سر سے کپڑا اتارو، جب دیکھا تو اس کے بال کانوں تک لمبے تھے۔ انہوں نے فرمایا: بخدا! اگر میں تمہیں سر منڈا ہوا پاتا تو تمہارا یہ سر اڑا دیتا جس میں تمہاری آنکھیں دھنسی ہوئی ہیں۔ شعبی کہتے ہیں پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اہل بصرہ کے نام خط لکھا یا کہا کہ ہمیں خط لکھا جس میں تحریر کیا کہ ایسے شخص کے پاس نہ بیٹھا کرو۔ راوی کہتا ہے کہ جب وہ آتا، ہماری تعداد ایک سو بھی ہوتی تو بھی ہم الگ الگ ہو جاتے تھے۔‘‘

١١٦/ ٤٨۔ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ: قَالَ: فَبَيْنَمَا عُمَرُ رضی اللہ عنہ ذَاتَ يَوْمٍ جَالِسًا يُغَدِّي النَّاسَ إِذَا جَاءَ رَجُلٌ عَلَيْهِ ثِيَابٌ وَ عِمَامَةٌ فَتَغَدَّى حَتَّى إِذَا فَرَغَ قَالَ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، ﴿وَالذَّارِيَاتِ ذَرْوًا فَالْحَامِلَاتِ وِقْرًا﴾ فَقَالَ عُمَرُ رضی اللہ عنہ: أَنْتَ هُوَ فَقَامَ إِلَيْهِ وَ حَسَرَ عَنْ ذِرَاعَيْهِ فَلَمْ يَزَلْ يَجْلِدُهُ حَتَّى سَقَطَتْ عِمَامَتُهُ، فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسُ عُمَرَ بِيَدِهِ، لَوْ وَجَدْتُكَ مَحْلُوْقًا لَضَرَبْتُ رَأْسَكَ. رَوَاهُ اللَّالَكَائِيُّ.

حضرت سائب بن یزید نے بیان کیا کہ ایک دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ لوگوں کے ساتھ بیٹھے دوپہر کا کھانا کھا رہے تھے اسی اثنا میں ایک شخص آیا اس نے (اعلیٰ قسم کے) کپڑے پہن رکھے تھے اور عمامہ باندھا ہوا تھا تو اس نے بھی دوپہر کا کھانا کھایا جب فارغ ہوا تو کہا: اے امیر المومنین ﴿وَالزَّارِيَاتِ ذَرْوًا فَالْحَامِلَاتِ وِقْرًا﴾ کا کیا معنی ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو وہی (گستاخِ رسول ﷺ) ہے۔ پھر اس کی طرف بڑھے اور اپنے بازو چڑھا کر اسے اتنے کوڑے مارے یہاں تک کہ اس کا عمامہ گر گیا۔ پھر فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اگر میں تجھے سر منڈا ہوا پاتا تو تیرا سر کاٹ دیتا۔‘‘

١١٧/ ٤٩۔ عَنْ أَبِي يَحْيَى قَالَ: سَمِعَ رَجُلًا مِنَ الْخَوَارِجِ وَهُوَ

الحديث رقم ٤٨: أخرجه اللالكائي في اعتقاد أهل السنة، ٤/ ٦٣٤، الرقم: ١١٣٦، والشوكاني في نيل الأوطار، ١/ ١٥٥، والعظيم آبادي في عون المعبود، ١١/ ١٦٦، وابن قدامة في المغني، ١/ ٦٥، ٩/ ٨۔

الحديث رقم ٤٩: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٧/ ٥٥٤، الرقم: ٣٧٨٩١۔

يُصَلِّي صَلَاةَ الْفَجْرِ يَقُوْلُ: ﴿وَلَقَدْ أُوْحِيَ إِلَيْکَ وَإِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِکَ لَئِنْ أَشْرَکْتَ لَيَحْبِطَنَّ عَمَلُکَ وَلَتَکُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ﴾، [الزمر، ۳۹:۶۵]، قَالَ فَتَرَکَ سُوْرَتَهُ الَّتِي کَانَتْ فِيْهَا قَالَ: وَقَرَأَ ﴿فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللهِ حَقٌّ وَلَا يَسْتَخِفَّنَّکَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ﴾، [الروم، ۳۰:۶۰].

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

’’ابو یحییٰ سے مروی ہے انہوں نے بیان کیا کہ ایک خارجی نے صبح کی نماز میں یہ آیت پڑھی: ’’اور فی الحقیقت آپ کی طرف (یہ) وحی کی گئی ہے اور اُن (پیغمبروں) کی طرف (بھی) جو آپ سے پہلے (مبعوث ہوئے) تھے کہ (اے انسان!) اگر تُو نے شرک کیا تو یقیناً تیرا عمل برباد ہو جائے گا اور تُو ضرور نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گا۔‘‘ مزید بیان کیا: پھر اس سورت کو چھوڑ کر اس نے دوسری سورت کی یہ آیت پڑھ ڈالی: ’’پس آپ صبر کیجئے، بیشک اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے، جو لوگ یقین نہیں رکھتے کہیں آپ کو کمزور ہی نہ کر دیں۔‘‘ (خوارج ان آیات قرآنی کو چن چن کر نماز میں پڑھتے تھے جن سے بزعم خویش ان بدبختوں کے معاذ اللہ حضور ﷺ کی تنقیص شان کا کوئی شائبہ پیدا ہوتا تھا۔ (یہ ان کی گستاخانہ سوچ اور بدبختی تھی)۔‘‘

۱۱۸/ ۵۰۔ عَنْ أَبِي غَالِبٍ قَالَ: کُنْتُ فِي مَسْجِدِ دِمَشْقٍ فَجَاءُوا بِسَبْعِيْنَ رَأْسًا مِنْ رُؤُوْسِ الْحُرُوْرِيَّةِ فَنُصِبَتْ عَلَى دُرَجِ الْمَسْجِدِ، فَجَاءَ أَبُوْأُمَامَةَ رضی الله عنه فَنَظَرَ إِلَيْهِمْ فَقَالَ: کِلَابُ جَهَنَّمَ، شَرُّ قَتْلَى قُتِلُوْا تَحْتَ ظِلِّ السَّمَاءِ، وَ مَنْ قُتِلُوْا خَيْرُ قَتْلَى تَحْتَ السَّمَاءِ، وَ بَکَى فَنَظَرَ إِلَيَّ وَقَالَ: يَا أَبَا غَالِبٍ! إِنَّکَ مِنْ بَلَدِ هَؤُلَاءِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: أَعَاذَکَ، قَالَ: أَظُنُّهُ قَالَ: اللهُ مِنْهُمْ، قَالَ: تَقْرَأُ آلَ عِمْرَانَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: ﴿مِنْهُ آيَاتٌ

الحديث رقم ۵۰: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ۷/ ۵۵٤، الرقم: ۳۷۸۹۲، والبيهقي في السنن الكبرى، ۸/ ۱۸۸، والطبراني في المعجم الكبير، ۸/ ۲۶۷-۲۶۸، الرقم: ۸۰۳٤-۸۰۳۵، والحارث في المسند، (زوائد الهيثمي)، ۲/ ۷۱۶، الرقم: ۷۰۶۔

مُحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَ أُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ، فَأَمَّا الَّذِيْنَ فِي قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيْلِهِ وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيْلَهُ إِلَّا اللهُ، والرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ﴾، [آل عمران، ٣: ٧]، قَالَ: ﴿يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّ تَسْوَدُّ وُجُوْهٌ فَأَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ أَكَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوْا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ﴾ [آل عمران، ٣: ١٠٦]، قُلْتُ: يَا أَبَا أُمَامَةَ! إِنِّي رَأَيْتُکَ تُهْرِيْقُ عِبْرَتَکَ قَالَ: نَعَمْ، رَحْمَةٌ لَهُمْ إِنَّهُمْ كَانُوْا مِنْ أَهْلِ الإِسْلَامِ، قَالَ: افْتَرَقَتْ بَنُو إِسْرَائِيْلَ عَلَى وَاحِدَةٍ وَ سَبْعِيْنَ فِرْقَةً، وَ تَزِيْدُ هَذِهِ الْأُمَّةُ فِرْقَةً وَاحِدَةً، كُلُّهَا فِي النَّارِ إِلَّا السَّوَادَ الْأَعْظَمَ، عَلَيْهِمْ مَا حُمِّلُوا وَعَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ، وَإِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا، وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ إِلَّا الْبَلَاغُ، السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ خَيْرٌ مِنَ الْفِرْقَةِ وَالْمَعْصِيَةِ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا أَبَا أُمَامَةَ! أَمِنْ رَأْيِکَ تَقُوْلُ أَمْ شَيْءٌ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ؟ قَالَ: إِنِّي إِذًا لَجَرِيءٌ قَالَ: بَلْ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ مَرَّةً وَلَا مَرَّتَيْنِ حَتَّى ذَكَرَ سَبْعًا. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''ابو غالب سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں مسجدِ دِمَشق میں تھا کہ خارجیوں کے ستر سر دمشق میں مسجد کی سیڑھیوں پر نصب کئے گئے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف دیکھ کر کہا کہ یہ جہنم کے کتے ہیں اور زیرِ آسمان تمام مقتولوں سے بدتر ہیں اور ان کے ہاتھوں سے جو شہید ہوئے وہ زیرِ آسمان تمام مقتولوں سے بہتر ہیں یہ کہا اور رو پڑے پھر میری طرف دیکھا اور پوچھا: اے ابو غالب: کیا تو اس شہر سے ہے میں نے کہا ہاں۔ انہوں نے کہا اللہ تعالیٰ آپ کو ان سے محفوظ رکھے انہوں نے کہا کیا تم سورۂ آل عمران پڑھتے ہو؟ میں نے کہا ہاں۔ پھر یہ آیات: ''جس میں سے کچھ آیتیں محکم (یعنی ظاہراً بھی صاف اور واضح معنی رکھنے والی) ہیں وہی (احکام) کتاب کی بنیاد ہیں اور دوسری آیات متشابہ (یعنی معنی میں کئی احتمال اور اشتباہ رکھنے والی) ہیں، سو وہ لوگ جن کے دلوں میں کجی ہے اس میں سے

صرف متشابہات کی پیروی کرتے ہیں (فقط) فتنہ پروری کی خواہش کے زیر اثر اور اصل مراد کی بجائے من پسند معنی مراد لینے کی غرض سے، اور اس کی اصل مراد کو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور علم میں کامل پختگی رکھنے والے۔'' اور فرمایا: ''جس دن کئی چہرے سفید ہوں گے اور کئی چہرے سیاہ ہوں گے، تو جن کے چہرے سیاہ ہو جائیں گے (ان سے کہا جائے گا) کیا تم نے ایمان لانے کے بعد کفر کیا؟ تو جو کفر تم کرتے رہے تھے سو اس کے عذاب (کا مزہ) چکھ لو۔'' میں نے کہا ابو امامہ! میں دیکھتا ہوں کہ آپ رو رہے ہیں؟ انہوں نے کہا ہاں۔ ان لوگوں (خارجیوں پر ترس کھاتے ہوئے کیونکہ یہ (قبل از خروج) اہل اسلام میں سے تھے۔ اور کہا: قوم بنی اسرائیل اکہتر فرقوں میں بٹ گئی تھی اور یہ امت ان سے ایک فرقہ بڑھے گی (یعنی بہتر فرقوں میں بٹ جائے گی) اور سواد اعظم (جو سب سے بڑا طبقہ ہے) اس کو چھوڑ کر باقی سارے جہنم میں جائیں گے۔ وہ اس کے جواب دہ ہیں جو ذمہ داری ان پر ڈالی گئی اور تم اس کے جواب دہ ہو جو ذمہ داری تم پر ڈالی گئی اور اگر تم رسول اکرم ﷺ کی فرمانبرداری کرو گے تو ہدایت پا جاؤ گے اور رسول اکرم ﷺ کے ذمہ تو صرف پہنچا دینا ہی ہے اور غور سے (احکامات کو) سننا اور ان کو بجالانا تفرقہ اور نافرمانی سے بہتر ہے۔ پس (یہ سن کر) ایک شخص نے کہا: اے ابو امامہ! کیا آپ اپنی طرف سے یہ باتیں کہہ رہے ہو یا ان میں سے کچھ آپ نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنی ہیں؟ انہوں نے فرمایا: (اگر میں اپنی طرف سے کہوں) تب تو میں بہت بڑی جسارت کرنے والا ہوں نہیں بلکہ میں نے (یہ باتیں) ایک یا دو دفعہ نہیں بلکہ سات بار (حضور نبی اکرم ﷺ سے) سنی ہیں۔''

اَلْبَابُ الثَّالِثُ:

اَلْعِبَادَاتُ وَالْمَنَاسِکُ

﴿عبادات اور مناسک﴾

١. فَصْلٌ فِي فَضْلِ الصَّلَاةِ

﴿فضیلتِ نماز کا بیان﴾

٢. فَصْلٌ فِي الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوْبَةِ

﴿فرض نمازوں کا بیان﴾

٣. فَصْلٌ فِي فَضْلِ السُّنَنِ وَالنَّوَافِلِ

﴿فضیلتِ سنن اور نوافل کا بیان﴾

٤. فَصْلٌ فِي صِيَامِ رَمَضَانَ

﴿رمضان المبارک کے روزوں کا بیان﴾

٥. فَصْلٌ فِي صِيَامِ التَّطَوُّعِ

﴿نفلی روزوں کا بیان﴾

٦. فَصْلٌ فِي فَضْلِ قِيَامِ رَمَضَانَ

﴿فضیلتِ قیامِ رمضان کا بیان﴾

٧. فَصْلٌ فِي فَضْلِ الاعْتِكَافِ

﴿فضیلتِ اعتکاف کا بیان﴾

٨. فَصْلٌ فِي الصَّدَقَةِ وَالزَّكَاةِ

﴿صدقہ اور زکوٰۃ کا بیان﴾

٩. فَصْلٌ فِي الصَّدَقَةِ عَلَى الْأَهْلِ وَالْأَقَارِبِ

﴿اَعزاء واَقرباء پر صدقہ کرنے کا بیان﴾

١٠. فَصْلٌ فِي الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

﴿حج اور عمرہ کا بیان﴾

١١. فَصْلٌ فِي فَضَائِلِ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ

﴿فضائلِ مکہ مکرمہ کا بیان﴾

١٢. فَصْلٌ فِي فَضَائِلِ الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ

﴿فضائلِ مدینہ منورہ کا بیان﴾

فَصْلٌ فِي فَضْلِ الصَّلَاةِ

﴿فضیلتِ نماز کا بیان﴾

۱۱۹/۱۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: فَرَضَ اللهُ عَلَى أُمَّتِي خَمْسِيْنَ صَلَاةً، فَرَجَعْتُ بِذَلِکَ، حَتَّى مَرَرْتُ عَلَى مُوْسَى، فَقَالَ: مَا فَرَضَ اللهُ لَکَ عَلَى أُمَّتِکَ؟ قُلْتُ: فَرَضَ خَمْسِيْنَ صَلَاةً، قَالَ: فَارْجِعْ إِلَى رَبِّکَ، فَإِنَّ أُمَّتَکَ لَا تُطِيْقُ ذَلِکَ، فَرَاجَعَنِي فَوَضَعَ شَطْرَهَا، فَرَجَعْتُ إِلَى مُوْسَى، قُلْتُ: وَضَعَ شَطْرَهَا، فَقَالَ: رَاجِعْ رَبَّکَ، فَإِنَّ أُمَّتَکَ لَا تُطِيْقُ، فَرَاجَعْتُ فَوَضَعَ شَطْرَهَا، فَرَجَعْتُ إِلَيْهِ، فَقَالَ: ارْجِعْ إِلَى رَبِّکَ، فَإِنَّ أُمَّتَکَ لَا تُطِيْقُ ذَلِکَ، فَرَاجَعْتُهُ، فَقَالَ: هِيَ خَمْسٌ وَهِيَ خَمْسُوْنَ، لَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ، فَرَجَعْتُ إِلَى مُوْسَى، فَقَالَ: رَاجِعْ رَبَّکَ، فَقُلْتُ: اسْتَحْيَيْتُ مِنْ رَبِّي ثُمَّ انْطَلَقَ بِي حَتَّى انْتَهَى بِي إِلَى سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى وَغَشِيَهَا أَلْوَانٌ لَا أَدْرِي مَا هِيَ، ثُمَّ أُدْخِلْتُ

الحديث رقم ۱: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: كيف فرضت الصلوة في الإسراء، ۱/۱۳۶، الرقم: ۳۴۲، وفي كتاب: الأنبياء، باب: نكر إدريس وهو جد أبي نوح ويقال جد نوح عليهما السلام، ۳/۱۲۱۷، الرقم: ۳۱۶۴، ومسلم في الصحيح، كتاب الإيمان، باب الإسراء برسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم إلى السماوات وفرض الصلوات، ۱/۱۴۸، الرقم:۱۶۳، والنسائي في السنن، كتاب: الصلاة، باب: فرض الصلاة، ۱/۲۲۱، الرقم: ۴۴۹، وابن ماجه في السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء في فرض الصلوات الخمس والمحافظة عليها، ۱/۴۴۸، الرقم: ۱۳۹۹، وأحمد بن حنبل في المسند، ۵/۱۴۳، الرقم: ۲۱۳۲۶، وابن حبان في الصحيح، ۱۶/۴۲۱، الرقم:۷۴۰۶، والبيهقي في السنن الصغرى، ۱/۱۹۱، الرقم: ۲۵۷، وابن منده في الإيمان، ۲/۷۲۱، الرقم: ۷۱۴، وأبو عوانة في المسند، ۱/۱۱۹، الرقم:۳۵۴۔

الْجَنَّةَ، فَإِذَا فِيهَا حَبَائِلُ اللُّؤْلُؤِ، وإِذَا تُرَابُهَا الْمِسْكُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (شبِ معراج) اللہ تعالیٰ نے میری امت پر پچاس نمازیں فرض کیں تو میں ان (نمازوں) کے ساتھ واپس آیا یہاں تک کہ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گزرا تو انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ پر آپ کی امت کے لئے کیا فرض کیا ہے؟ میں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے پچاس نمازیں فرض کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنے رب کی طرف واپس جایئے کیونکہ آپ کی امت اس کی طاقت نہیں رکھتی پس انہوں نے مجھے واپس لوٹا دیا (میری درخواست پر) اللہ تعالیٰ نے ان کا ایک حصہ کم کر دیا۔ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف واپس گیا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ایک حصہ کم کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا: اپنے رب کی طرف پھر جایئے کیونکہ آپ کی امت میں ان کی طاقت نہیں ہے پس میں واپس گیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کا ایک حصہ کم کر دیا۔ میں ان کی طرف آیا تو انہوں نے پھر کہا کہ اپنے رب کی طرف جایئے کیونکہ آپ کی امت میں ان کی طاقت بھی نہیں ہے میں واپس لوٹا تو (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا: یہ ظاہراً پانچ (نمازیں) ہیں اور (ثواب کے اعتبار سے) پچاس (کے برابر) ہیں میرے نزدیک بات تبدیل نہیں ہوا کرتی۔ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا تو انہوں نے کہا اپنے رب کی طرف جایئے (اور مزید کمی کے لئے درخواست کریں) میں نے کہا: مجھے اب اپنے رب سے حیا آتی ہے۔ پھر (جبرائیل علیہ السلام) مجھے لے کر چلے یہاں تک کہ سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچے جسے مختلف رنگوں نے ڈھانپ رکھا تھا، نہیں معلوم کہ وہ کیا ہیں؟ پھر مجھے جنت میں داخل کیا گیا جس میں موتیوں کے ہار ہیں اور اس کی مٹی مشک ہے۔‘‘

١٢٠ / ٢۔ عَنْ عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ رضی اللہ عنہ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: مَنْ عَلِمَ أَنَّ الصَّلَاةَ حَقٌّ وَاجِبٌ دَخَلَ الْجَنَّةَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

الحديث رقم ٢: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ١ / ٦٠، الرقم:٤٢٣، والحاكم فى المستدرك، ١ / ١٤٤، الرقم:٢٤٣، والبيهقى فى السنن الكبرى، ١ / ٣٥٨، الرقم: ١٥٦٢، والبزار فى المسند، ٢ / ٨٧، الرقم:٤٣٩، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٣ / ٤٠، الرقم:٢٨٠٨، وعبد بن حميد في المسند، ١ / ٤٧، الرقم: ٤٩، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١ / ٢٨٨۔

’’حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بن عفّان سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے یقین کر لیا کہ نماز حق ہے اور (ہم پر) فرض ہے تو وہ جنت میں داخل ہو گا۔‘‘

۱۲۱/۳۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَخْطُبُ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَقَالَ: اتَّقُوا اللهَ رَبَّكُمْ وَصَلُّوْا خَمْسَكُمْ وَصُوْمُوْا شَهْرَكُمْ وَ أَدُّوْا زَكَاةَ أَمْوَالِكُمْ وَ أَطِيْعُوْا ذَا أَمْرِكُمْ تَدْخُلُوْا جَنَّةَ رَبِّكُمْ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَابْنُ خُزَيْمَةَ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ أَبُوْ عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے فرمایا: اپنے رب سے ڈرو، اپنی پانچوں نمازیں ادا کرتے رہو اور اپنے مہینے (رمضان) کے روزے رکھا کرو اور اپنے اموال کی زکوٰۃ دیا کرو اور اپنے اولی الامر کی اطاعت کرو تو تم (اس کے صلہ میں) اپنے پروردگار کی جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔‘‘

۱۲۲/۴۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَقُوْلُ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَلَا أُمَّةَ بَعْدَكُمْ أَلَا فَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَصَلُّوْا

الحديث رقم ۳: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الجمعة عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: منه (٤٣٤)، ٢/٥١٦، الرقم: ٦١٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/٢٥١، الرقم: ٢٢٢١٥، ٢٢٣١٢، وابن خزيمة في الصحيح، ٤/١٢، والحاكم في المستدرك، ١/٥٢، ٥٤٧، الرقم: ١٩، ١٤٣٦، وقال: هذا حديث صحيح وسائر رواته متفق عليهم، والطبراني في المعجم الكبير، ٨/١٥٤، الرقم: ٧٦٦٤، والبيهقي في شعب الإيمان، ٦/٥، الرقم: ٧٣٤٨، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٥/٦٤، الرقم: ١٦٨٧۔

الحديث رقم ٤: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٨/١١٥، الرقم: ٧٥٣٥، وفي مسند الشامين، ٢/١٦، الرقم: ٨٣٤، وابن أبي عاصم في السنة، ٢/٥٠٥، الرقم: ١٠٦١۔

خَمْسَكُمْ وَصُوْمُوْا شَهْرَكُمْ وَأَدُّوْا زَكَاةَ أَمْوَالِكُمْ طِيْبَةً بِهَا أَنْفُسِكُمْ وَأَطِيْعُوْا وُلَاةَ أَمْرِكُمْ تَدْخُلُوْا جَنَّةَ رَبِّكُمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَابْنُ أَبِي عَاصِمٍ.

''حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! جان لو کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں اور نہ ہی تمہارے بعد کوئی اور امت ہے۔ خبردار! صرف اپنے رب کی ہی عبادت کرو، اور اپنی پانچ (فرض) نمازیں ادا کرو، اور اپنے ماہ (رمضان) کے روزے رکھو، دلی رضا مندی کے ساتھ اپنے اموال کی زکوٰۃ ادا کرو اور اپنے (عادل) حکمرانوں کی اطاعت کرو، تو تم اپنے رب کی جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔''

١٢٣/٥۔ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامَتِ رضی اللہ عنہ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: خَمْسُ صَلَوَاتٍ افْتَرَضَهُنَّ اللهُ تَعَالَى عَلَى عِبَادِهِ مَنْ أَحْسَنَ وُضُوْءَهُنَّ وَصَلَّاهُنَّ لِوَقْتِهِنَّ وَأَتَمَّ رُكُوْعَهُنَّ وَسُجُوْدَهُنَّ وَخُشُوْعَهُنَّ كَانَ لَهُ عَلَى اللهِ عَهْدٌ أَنْ يَغْفِرَ لَهُ وَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ فَلَيْسَ لَهُ عِنْدَ اللهِ عَهْدٌ إِنْ شَاءَ غَفَرَلَهُ وَ إِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا: آپ ﷺ نے فرمایا: پانچ نمازیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر فرض قرار دیا ہے جس نے ان نمازوں کو بہترین وضو کے ساتھ ان کے مقررہ اوقات پر ادا کیا اور ان نمازوں کو رکوع، سجود اور کامل خشوع سے ادا کیا تو ایسے شخص سے اللہ تعالیٰ کا

الحديث رقم ٥: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: في المحافظة على وقت الصلوات، ١/١١٥، الرقم: ٤٢٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٣١٧، الرقم:٢٢٧٥٦، والطبرانى في المجعم الأوسط، ٥/٥٦، الرقم: ٤٦٥٨، ٩/١٢٦، الرقم: ٩٣١٥، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٣/٣٦٦، الرقم: ٦٢٩٢، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١/١٤٨، الرقم: ٥٤٦۔

وعدہ ہے کہ اس کی مغفرت فرما دے اور جس نے ایسا نہیں کیا (یعنی نماز ہی نہ پڑھی یا نماز کو اچھی طرح نہ پڑھا) تو ایسے شخص کے لئے اللہ تعالیٰ کا کوئی وعدہ نہیں ہے اگر چاہے تو اس کی مغفرت فرما دے اور چاہے تو اس کو عذاب دے۔‘‘

۱۲۴/۶۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضی اللہ عنہ أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خَرَجَ زَمَنَ الشِّتَاءِ وَالْوَرَقُ يَتَهَافَتُ فَأَخَذَ بِغُصْنَيْنِ مِنْ شَجَرَةٍ قَالَ: فَجَعَلَ ذٰلِکَ الْوَرَقُ يَتَهَافَتُ قَالَ: فَقَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ قُلْتُ: لَبَّيْکَ يَا رَسُوْلَ اللهِ، قَالَ: إِنَّ الْعَبْدَ الْمُسْلِمَ لَيُصَلِّ الصَّلَاةَ يُرِيْدُ بِهَا وَجْهَ اللهِ فَتَهَافَتُ عَنْهُ ذُنُوْبُهُ کَمَا يَتَهَافَتُ هٰذَا الْوَرَقُ عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ إِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

’’حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سرما کے موسم میں جب پتے (درختوں سے) گر رہے تھے باہر نکلے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک درخت کی دو شاخوں کو پکڑ لیا، ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں شاخ سے پتے گرنے لگے۔ راوی کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پکارا: اے ابوذر! میں نے عرض کیا: لبیک یا رسول اللہ! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسلمان بندہ جب نماز اس مقصد سے پڑھتا ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل ہو جائے تو اس کے گناہ اسی طرح جھڑ جاتے ہیں جس طرح یہ پتے درخت سے جھڑتے جا رہے ہیں۔‘‘

۱۲۵/۷۔ عَنِ الْحَسَنِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لِلْمُصَلِّي ثَلَاثُ خِصَالٍ تَتَنَاثَرُ الرَّحْمَةُ عَلَيْهِ مِنْ قَدَمِهِ إِلَى عِنَانِ السَّمَاءِ وَتَحُفُّ بِهِ الْمَلَائِکَةُ مِنْ قَرْنِهِ إِلَى أَعْنَانِ السَّمَاءِ وَيُنَادِي مُنَادٍ لَوْ عَلِمَ الْمُنَاجِي مَنْ يُنَاجِي مَا انْفَتَلَ. رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ.

الحديث رقم ٦: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ٥/١٧٩، الرقم:٢١٥٩٦، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ١/١٥١، الرقم:٥٦٠، وقال: رواه أحمد بإسناد حسن.

الحديث رقم ٧: أخرجه عبد الرزاق فی المصنف، ١/٤٩، الرقم:١٥٠، والمروزي في تعظيم قدر الصلاة، ١/١٩٩، الرقم: ١٦٠، والمناوي في فيض القدير، ٥/٢٩٢۔

’’حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: نمازی کے لئے تین خصلتیں ہیں: (ایک) یہ کہ اس کے دونوں قدموں سے لے کر سر تک رحمتِ الٰہی نازل ہوتی رہتی ہے اور دوسرا یہ کہ ملائکہ اسے اس کے دونوں قدموں سے لے کر آسمان تک گھیرے ہوئے رہتے ہیں اور (تیسرا) یہ کہ ندا کرنے والا ندا کرتا رہتا ہے کہ اگر مناجات کرنے والا (یعنی نماز پڑھنے والا) یہ جان لیتا کہ وہ کس سے راز و نیاز کی باتیں کر رہا ہے تو وہ نماز سے کبھی واپس نہ پلٹتا۔‘‘

١٢٦/٨۔ عَنْ حُمْرَانَ بْنِ أَبَانَ رضی اللہ عنہ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رضی اللہ عنہ فَدَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّأَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ وُضُوْئِهِ تَبَسَّمَ، فَقَالَ: هَلْ تَدْرُوْنَ مِمَّا ضَحِكْتُ؟ قَالَ: فَقَالَ: تَوَضَّأَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، كَمَا تَوَضَّأْتُ، ثُمَّ تَبَسَّمَ ثُمَّ قَالَ: هَلْ تَدْرُوْنَ مِمَّا ضَحِكْتُ قَالَ: قُلْنَا: اللهُ وَ رَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا تَوَضَّأَ فَأَتَمَّ وُضُوْءَ هُ، ثُمَّ دَخَلَ فِي صَلَاتِهِ فَأَتَمَّ صَلَاتَهُ خَرَجَ مِنْ صَلَاتِهِ كَمَا خَرَجَ مِنْ بَطْنِ أُمِّهِ مِنَ الذُّنُوبِ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَزَّارُ.

’’حضرت حمران بن اَبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر تھے تو آپ رضی اللہ عنہ نے پانی طلب کیا اور پھر وضو کیا جب آپ وضو سے فارغ ہوئے تو آپ مسکرائے اور پوچھا کہ کیا تم جانتے ہو کہ میں کس وجہ سے مسکرایا ہوں؟ تو پھر آپ نے خود ہی فرمایا: ایک مرتبہ حضور نبی اکرم ﷺ نے وضو فرمایا جس طرح میں نے وضو کیا ہے اور پھر آپ ﷺ مسکرائے اور پوچھا: کیا تم جانتے ہو کہ میں کس وجہ سے مسکرایا ہوں؟ تو ہم نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: جب بندہ بڑے اہتمام کے ساتھ وضو مکمل کرتا ہے اور پھر نماز پڑھتا ہے اور نماز کو بھی بڑے اہتمام کے ساتھ مکمل کرتا ہے تو جب وہ نماز سے فارغ ہوتا ہے تو وہ اس طرح گناہوں سے پاک ہوتا

الحديث رقم ٨: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ١/٦١، الرقم:٤٠٣، والبزار في المسند، ٢/٨٣، الرقم:٤٣٥، وعبد بن حميد فى المسند، ١/٤٩، الرقم:٥٩، والحسيني في البيان والتعريف، ١/٢٠٩، الرقم: ٥٤٢۔

ہے گویا کہ وہ اپنی ماں کے بطن سے ابھی پیدا ہوا ہے۔‘‘

۱۲۷/۹۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: أَوَّلُ مَا يُحَاسَبَ بِهِ الْعَبْدُ الصَّلَاةُ، فَإِنْ صَلَحَتْ صَلَحَ سَائِرُ عَمَلِهِ، وَ إِنْ فَسَدَتْ فَسَدَ سَائِرُ عَمَلِهِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یقیناً پہلی چیز جس کا حساب بندہ سے لیا جائے گا وہ نماز ہے پس اگر نماز درست ہو گی تو بندہ کے جملہ اعمال درست ہوں گے اور اگر نماز درست نہ ہوئی تو دوسرے تمام اعمال بھی درست نہیں ہوں گے۔‘‘

۱۲۸/۱۰۔ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النُّهْدِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ الْمُسْلِمَ لَيُصَلِّي وَخَطَايَاهُ مَوْضُوْعَةٌ عَلَى رَأْسِهِ، فَكُلَّمَا سَجَدَ تَحَاتَتْ فَيَفْرُغُ عَنْهُ، حِيْنَ يَفْرُغُ مِنْ صَلَاتِهِ، وَقَدْ تَحَاتَتْ خَطَايَاهُ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

’’حضرت ابوعثمان نہدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیشک مسلمان نماز پڑھتا ہے اور اس کے گناہ اس کے سر پر دھرے رہتے ہیں پس جس وقت وہ سجدہ کرتا ہے تو اس کے گناہ جھڑتے چلے جاتے ہیں اور جب وہ نماز سے فارغ

الحديث رقم ۹: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ۲/۲٤۰، الرقم: ۱۸۵۹، والطيالسی في المسند، ۱/۱۰٦، الرقم: ۷۸۸، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ۷/۱٤٥، الرقم: ۲۵۷۹، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۱/۱۵۰، الرقم:۵۵۱، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ۱/۲۹۲۔

الحديث رقم ۱۰: أخرجه الطبراني في المعجم الصغير، ۲/۲۷۲، الرقم: ۱۱۵۳، وفي المعجم الكبير، ٦/۲۵۰، الرقم:٦۱۲۵، والبيهقی فی شعب الإيمان، ۳/۱٤۵، الرقم:۳۱٤٤، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۱/۱٤۵، الرقم: ۵۳۳، والخطيب البغدادی فی تاريخ بغداد، ۱٤/۳۱۳، الرقم:۷٦۳٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۱/۳۰۰۔

ہوتا ہے تو اس کی حالت ایسی ہو جاتی ہے کہ اس کے تمام گناہ اس سے جھڑ چکے ہوتے ہیں۔‘‘

١٢٩/ ١١۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مُرُوْا أَوْلَادَكُمْ بِالصَّلَاةِ وَهُمْ أَبْنَاءُ سَبْعِ سِنِيْنَ، وَاضْرِبُوْهُمْ عَلَيْهَا وَهُمْ أَبْنَاءُ عَشْرٍ، وَفَرِّقُوْا بَيْنَهُمْ فِي الْمَضَاجِعِ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ.

وفي رواية: عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: عَلِّمُوا الصَّبِيَّ الصَّلَاةَ ابْنَ سَبْعِ سِنِيْنَ وَاضْرِبُوْهُ عَلَيْهَا ابْنَ عَشْرٍ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وأَبُوْدَاوُدَ.

وَقَالَ أَبُوعِيْسَى: حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ بواسطہ والد اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اپنی اولاد کو جب وہ سات سال کے ہو جائیں تو نماز کا حکم کیا کرو اور جب وہ دس سال کی عمر کو پہنچ جائیں تو نماز کی پابندی نہ کرنے پر انہیں مارا کرو اور ان کے سونے کی جگہ الگ الگ کر دو۔‘‘

’’اور ایک روایت میں عبدالمالک بن ربیع بن سبرہ بواسطہ اپنے والد اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سات سال کے بچے کو نماز سکھاؤ اور دس سال کے بچے کو نماز (نہ پڑھنے) پر سزا دو۔‘‘

الحديث رقم ١١: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الصلاة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء متى يؤمر الصبي بالصلاة، ٢/٢٥٩، الرقم: ٤٠٧، وأبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: متى يؤمر الغلام بالصلاة، ١/١٣٣، الرقم: ٤٩٤-٤٩٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/١٨٧، والحاكم في المستدرك، ١/٣١١، الرقم: ٧٠٨، والدارقطني في السنن، ١/٢٣٠، الرقم: ١-٣، وابن خزيمة في الصحيح، ٢/١٠٢، الرقم: ١٠٠٢، والدارمي في السن، ١/٣٩٣، الرقم: ١٤٣١، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/٢٢٨- ٢٢٩، الرقم: ٣٠٥٠-٣٠٥٢، وفي شعب الإيمان، ٦/٣٩٨، الرقم: ٨٦٥٠، والطبراني في المعجم الكبير، ٧/١١٥، الرقم: ٦٥٤٦۔

فَصْلٌ فِي الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوْبَةِ

﴿فرض نمازوں کا بیان﴾

۱۳۰/۱۲۔ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَحَبُّ إِلَى اللهِ تَعَالَى؟ قَالَ: الصَّلَاةُ عَلَى وَقْتِهَا. قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: بِرُّ الْوَالِدَيْنِ. قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: الْجِهَادُ فِي سَبِيْلِ اللهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا: اللہ تعالیٰ کے ہاں کون سا عمل سب سے زیادہ محبوب ہے؟ فرمایا: وقت مقررہ پر نماز ادا کرنا۔ میں نے عرض کیا: پھر کون سا؟ فرمایا: والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنا۔ میں نے عرض کیا: پھر کون سا؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنا۔‘‘

۱۳۱/۱۳۔ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلَاةِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

الحديث رقم ۱۲: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: مواقيت الصلاة، باب: فضل الصلاة لوقتها، ۱/۶۹۷، الرقم: ۵۰۴، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان كون الإيمان بالله تعالى أفضل الأعمال، ۱/۸۹، الرقم: ۸۵، والترمذي مثله فی السنن، كتاب: الصلاة عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ما جاء فی الوقت الأول من الفضل، ۱/۳۲۵، الرقم: ۱۷۳، والنسائی فی السنن، كتاب: المواقيت، باب: فضل الصلاة لمواقيتها، ۱/۲۹۲، الرقم: ۶۱۱۔

الحديث رقم ۱۳: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان إسم الكفر على من ترك الصلاة، ۱/۸۸، الرقم: ۸۲، ولفظه: (بَيْنَ الرَّجُلِ وَ بَيْنَ الشِّرْكِ وَ الْكُفْرِ تَرَكُ الصَّلَاةِ)، والترمذي فی السنن، كتاب: الإيمان عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ما جاء فی ترك الصلاة، ۵/۱۳، الرقم: ۲۶۲۰، وأبو داود فی السنن، كتاب: السنة، باب: فی ردّ الإرجاء، ۴/۲۱۹، الرقم ۲: ۴۶۷۸، والنسائی فی السنن، كتاب: الصلاة، باب: الحكم فی تارك الصلاة، ۱/۲۳۱، الرقم: ۴۶۳، وابن ماجه فی السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ما جاء فی من ترك الصلاة، ۱/۳۴۲، الرقم: ۱۰۷۸۔

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: انسان اور اس کے کفر کے درمیان فرق (صرف) نماز کا چھوڑنا ہے۔''

١٣٢ / ١٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ، وَالْجُمُعَةُ إِلَى الْجُمُعَةِ، وَرَمَضَانُ إِلَى رَمَضَانَ، مُكَفِّرَاتٌ لِمَا بَيْنَهُنَّ إِذَا اجْتَنَبَ الْكَبَائِرَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پانچوں نمازیں اور جمعہ اگلے جمعہ تک اور رمضان اگلے رمضان تک سب درمیانی عرصہ کے لئے گناہوں کا کفارہ ہو جاتے ہیں جبکہ اس دوران انسان کبیرہ گناہوں سے بچا رہے۔''

١٣٣ / ١٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَنَّ نَهْرًا بِبَابِ أَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ مِنْهُ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ، هَلْ يَبْقَى مِنْ دَرَنِهِ شَيْءٌ؟ قَالُوْا: لَا يَبْقَى مِنْ دَرَنِهِ شَيْءٌ. قَالَ: فَذَلِكَ مَثَلُ الصَّلَوَاتِ

الحديث رقم ١٤: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الطهارة، باب: الصلوات الخمس والجمعة إلى الجمعة ورمضان إلى رمضان مكفرات لما بينهن ما اجتنبت الكبائر، ١/ ٢٠٩، الرقم: ٢٣٣، والترمذي فى السنن، كتاب: الطهارة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى فضل الصلوات الخمس، ١/ ٤١٨، الرقم: ٢١٤، وابن ماجه في السنن، كتاب: الطهارة وسننها، باب: تحت كل شعرة جنابة، ١/ ١٩٦، الرقم: ٥٩٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/ ٣٥٩، الرقم: ٨٧٠٠، وابن حبان في الصحيح، ٥/ ٢٤، الرقم: ١٧٣٣، والحاكم فى المستدرك، ١/ ٢٠٧، الرقم: ٤١٢۔

الحديث رقم ١٥: أخرجه مسلم فى السنن، كتاب: الساجد، باب: المشي إلى الصلاة تُمْحَى به الخطايا وتُرْفَعُ بِهِ الدرجات، ١/ ٤٦٢، الرقم: ٦٦٧، والترمذى فى السنن، كتاب: الأمثال عن رسول الله ﷺ، باب: مثل الصلوات الخمس، ٥/ ١٥١، الرقم: ٢٨٦٨، والنسائى فى السنن، كتاب: الصلاة، باب: فضل الصلوات الخمس، ١/ ٢٣٠، الرقم: ٤٦٢، وابن ماجه فى السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء في أن الصلاة كفارة، ١/ ٤٤٧، الرقم: ١٣٩٧، والنسائى فى السنن الكبرى، ١/ ١٤٣، الرقم: ٣٢٣، وابن خزيمة فى الصحيح، ←

الْخَمْسِ. يَمْحُو اللهُ بِهِنَّ الْخَطَايَا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بتاؤ! اگر تم میں سے کسی کے دروازے پر ایک دریا ہو جس میں وہ ہر روز پانچ مرتبہ غسل کرے تو کیا اس (کے بدن) پر کچھ میل باقی رہے گا؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: اس (کے بدن) پر بالکل میل باقی نہیں رہے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پانچ نمازوں کی مثال بھی ایسی ہے، اللہ تعالیٰ ان کے سبب (بندے کے سارے) گناہ مٹا دیتا ہے۔''

١٣٤/١٦۔ عَنْ بُرَيْدَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: **الْعَهْدُ الَّذِي بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمُ الصَّلَاةُ، فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ كَفَرَ.**

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

وفي رواية: عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَقِيْقٍ الْعُقَيْلِيِّ، قَالَ: كَانَ أَصْحَابُ

----- ١/١٦٠، الرقم: ٣١٠، وابن حبان فی الصحيح، ٥/١٤، الرقم: ١٧٢٦، والدارمی فی السنن، كتاب: الصلاة، باب: فی فضل الصلوات، ١/٢٨٣، الرقم: ١١٨٢-١١٨٣، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/٧١، الرقم: ٥١٨، ٨٩١١.

الحديث رقم ١٦: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: الإيمان عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ماجاء فی ترك الصَّلاة، ٥/١٣، الرقم: ٢٦٢١-٢٦٢٢، والنسائی فی السنن، كتاب: الصلاة، باب: الحكم فی تلرك الصلاة، ١/٢٣١، الرقم: ٤٦٣، وابن ماجه فی السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء فی من ترك الصلاة، ١/٣٤٢، الرقم: ١٠٧٩، والحاكم فی المستدرك، ١/٤٨، الرقم: ١١، وقال الحاكمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ، والدار قطنی فی السنن، ٢/٥٢، الرقم: ٢، وابن حبان فی الصحيح، ٤/٣٠٥، الرقم: ١٤٥٤، والنسائی فی السنن الكبرى، ١/١٤٥، الرقم: ٣٢٩، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦/١٦٧، الرقم: ٣٠٣٩٦، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/٣٤٦، الرقم: ٢٢٩٨٧، ٢٣٠٥٧، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٣/٣٦٦، الرقم: ٦٢٩١، وفی شعب الإيمان، ١/٧٢، الرقم: ٤٣، ٢٧٩٥.

مُحَمَّدٍ ﷺ: لَا يَرَوْنَ شَيْئًا مِنَ الْأَعْمَالِ تَرْكُهُ كُفْرٌ، غَيْرَ الصَّلَاةِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

''حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہمارے اور ان (کافروں) کے درمیان عہد نماز ہی ہے، جس نے اسے چھوڑا اس نے کفر کیا۔

''اور عبد اللہ بن شقیق عقیلی سے مروی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نماز کے سوا کسی دوسرے عمل کے ترک کو کفر نہیں جانتے تھے۔''

١٣٥/١٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ أَوَّلَ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ عَمَلِهِ صَلَاتُهُ، فَإِنْ صَلُحَتْ فَقَدْ أَفْلَحَ وَأَنْجَحَ، وَإِنْ فَسَدَتْ، فَقَدْ خَابَ وَخَسِرَ، فَإِنِ انْتَقَصَ مِنْ فَرِيْضَتِهِ شَيْءٌ، قَالَ الرَّبُّ عزوجل: انْظُرُوْا، هَلْ لِعَبْدِي مِنْ تَطَوُّعٍ؟ فَيُكَمَّلُ بِهَا مَا انْتَقَصَ مِنَ الْفَرِيْضَةِ، ثُمَّ يَكُوْنُ سَائِرُ عَمَلِهِ عَلَى ذَلِكَ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا:

الحديث رقم ١٧: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الصلاة عن رسول الله ﷺ، باب: ملجاء أنَّ أَوَّلَ ما يُحَاسَبُ به العبد يوم القيامة الصلاة، ٢/٢٦٩، الرقم: ٤١٣، والنسائى فى السنن، كتاب: الصلاة، باب: المحاسبة على الصلاة، ١/٢٣٢، الرقم: ٤٦٥-٤٦٧، وابن ماجه فى السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ما جاء في أول ما يحاسب به العبد الصلاة، ١/٤٥٨، الرقم:١٤٢٥، والدارمى فى السنن، ١/٣٦١، الرقم:١٣٥٥، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٧/٢٧٦، الرقم: ٣٦٠٤٧، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٢/٢٤٠، الرقم: ١٨٥٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٤٢٥، الرقم: ٩٤٩٠، وأبويعلى فى المسند، ١١/٩٦، الرقم: ٦٢٢٥، والطيالسى فى المسند، ١/٣٢٣، الرقم: ٢٤٦٨، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٣/١٨٢، الرقم: ٣٢٨٦، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١/٢٠٢، الرقم: ٧٦٧۔

قیامت کے دن بندے سے (سب سے) پہلے جس عمل کا حساب ہوگا وہ نماز ہے، اگر یہ صحیح ہوا تو وہ کامیاب ہوا اور نجات پا گیا اور اگر یہ ٹھیک نہ ہوا تو بندہ ناکام ہوا اور اس نے نقصان اٹھایا پھر اگر فرض نماز میں کچھ کمی رہ گئی تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا میرے بندے کے پاس کوئی نفل ہے؟ پھر اس سے فرض کی کمی پوری کی جائے گی، پھر تمام اعمال کا اسی طرح حساب کتاب ہوگا (یعنی فرض اعمال کے نہ ہونے کی صورت میں نوافل سے کمی پوری کی جائے گی)۔‘‘

۱۳۶/۱۸۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ! لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ بِحَطَبٍ فَيُحْطَبَ، ثُمَّ آمُرَ بِالصَّلَاةِ فَيُؤَذَّنَ لَهَا، ثُمَّ آمُرَ رَجُلاً فَيَؤُمَّ النَّاسَ، ثُمَّ أُخَالِفَ إِلَى رِجَالٍ فَأُحَرِّقَ عَلَيْهِمْ بُيُوْتَهُمْ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَو يَعْلَمُ أَحَدُهُمْ: أَنَّهُ يَجِدُ عَرْقًا سَمِيْنًا، أَوْ مِرْمَاتَيْنِ حَسَنَتَيْنِ، لَشَهِدَ الْعِشَاءَ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا اللَّفْظُ لِلْبُخَارِيِّ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قسم اس

الحديث رقم ۱۸: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الجماعة والإمامة، باب: وجوب صلاة الجماعة، ۱/۲۳۱، الرقم: ٦١٨، وفی باب: فضل العشاء فی الجماعة، ۱/۲۳٤، الرقم: ٦٢٦، وفی كتاب: الخصومات، باب: إخراج أهل المعاصي والخُصُوم من البيوت بعد المعرفة، ۲/۸٥۲، الرقم: ۲۲۸۸، وفی كتاب: الأحكام، باب: إخراج الخُصُوم وأهل الرِّيَبِ من البيوت بعد المعرفة، ٦/۲٦٤۰، الرقم: ٦٧٩٧، ومسلم فی الصحيح، كتاب: المساجد، باب: فضل صلاة الجماعة، وبيان التشديد فی التخلف عنها، ۱/٤٥۱، الرقم: ٦٥۱، وأبو داود فی السنن، كتاب: الصلاة، باب: التشديد فی ترك الجماعة، ۱/۱٥۰، الرقم: ٥٤٨-٥٤٩، وابن ماجه فی السنن، كتاب: المساجد والجماعات، باب: التغليظ فی التخلف عن الجماعة، ۱/۲٥۹، الرقم: ۷۹۱، وابن خزيمة فی الصحيح، ۲/۳۷۰، الرقم: ۱٤۸٤، وابن أبی شيبة فی المصنف، ۱/۲۹۲، الرقم: ۳۳٥۱، والبيهقی فی شعب الإيمان، ۳/٥٥، الرقم: ۲۸٥۳، وأبوعوانة فی المسند، ۱/۳٥۱، الرقم: ۱۲٥۷، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۱/۱٦۳، الرقم: ٦۰۲۔

ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میں نے ارادہ کیا کہ لکڑیاں اکٹھی کرنے کا حکم دوں، پھر نماز کا حکم دوں تو اس کے لئے اذان کہی جائے۔ پھر ایک آدمی کو حکم دوں کہ لوگوں کی امامت کرے پھر ایسے لوگوں کی طرف نکل جاؤں (جو نماز میں حاضر نہیں ہوتے) اور ان کے گھروں کو آگ لگا دوں۔ قسم اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر ان میں سے کوئی جانتا کہ اسے گوشت پر ہڈی یا دو عمدہ کھریاں (پائے) ملیں گی تو ضرور نماز عشاء میں شامل ہوتا۔‘‘

١٣٧ / ١٩۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما **أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ صَلَاةَ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ دَرَجَةً.**

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ. وَقَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ أَبِيْهِ: بِضْعًا وَعِشْرِيْنَ.

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: با جماعت نماز ادا کرنا تنہا نماز ادا کرنے پر ستائیس درجے فضیلت رکھتا ہے۔‘‘

١٣٨ / ٢٠۔ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ رضي الله عنه، **قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:**

الحديث رقم ١٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الجماعة والإمامة، باب: فضل صلاة الجماعة، ١ / ٢٣١، الرقم: ٦١٩، ٦٢١، ومسلم فی الصحيح، كتاب: المسلجد، باب: فضل صلاة الجماعة وبيان التشديد فی التخلف عنها، ١ / ٤٥٠، الرقم: ٦٥٠، والترمذی فی السنن، كتاب: الصلاة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فی فضل الجماعة، ١ / ٤٢٠، الرقم: ٢١٥، والنسائی فی السنن، كتاب: الإمامة، باب: فضل الجماعة، ٢ / ١٠٣، الرقم: ٨٣٧، وفی السنن الكبرى، ١ / ٢٩٤، الرقم: ٩١١، ومالك فی الموطأ، كتاب: الصلاة، باب: فضل صلاة الجماعة علی صلاة الفذ، ١ / ١٢٩، الرقم: ٢٨٨، وابن حبان فی الصحيح، ٥ / ٤٠١، الرقم: ٢٠٥٢، والشافعی فی المسند، ١ / ٥٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢ / ٦٥، الرقم: ٥٣٣٢، ٥٩٢١، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٣ / ٥٩، الرقم: ٤٧٣٤، وفی شعب الإيمان، ٣ / ٤٧، الرقم: ٢٨٢٦، والعسقلانی فی سلسلة الذهب، ١ / ٤٤، الرقم: ٩، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ١ / ١٥٨، الرقم: ٥٨٦.

الحديث رقم ٢٠: أخرجه أبوداود فی السنن، كتاب: الصلاة، باب: في المحافظة علی وقت الصلاة، ١ / ١١٧، الرقم: ٤٣٠، وابن ماجه فی السنن، كتاب: إقامة ←

قَالَ اللهُ عَزَّوَجَلَّ: افْتَرَضْتُ عَلَى أُمَّتِکَ خَمْسَ صَلَوَاتٍ. وَعَهِدْتُ عِنْدِي عَهْدًا أَنَّهُ مَنْ حَافَظَ عَلَيْهِنَّ لِوَقْتِهِنَّ أَدْخَلْتُهُ الْجَنَّةَ. وَمَنْ لَمْ يُحَافِظْ عَلَيْهِنَّ، فَلَا عَهْدَ لَهُ عِنْدِي. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَه وَاللَّفْظُ لَهُ.

’’حضرت ابوقتادہ بن ربعی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے آپ کی امت پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں اور میں نے اپنے یہاں پکا وعدہ کر رکھا ہے کہ جو ان کے اوقات کے ساتھ ان کی پابندی کرے گا اسے جنت میں داخل کروں گا اور جو ان کی پابندی نہیں کرے گا تو اس کے ساتھ میرا کوئی عہد نہیں (کہ اسے سزا دوں یا بخش دوں)۔‘‘

..... الصلاة والسنة فيها، باب: ما جاء فی فرض الصلوات الخمس والمحافظة عليها، ١/ ٤٥٠، الرقم: ١٤٠٣، والمقدسی فی الأحاديث المختارة، ٨/ ٣٠٥، الرقم: ٣٦٨، والطيالسی فی المسند، ١/ ٧٨، الرقم: ٥٧٣، والديلمی فی مسند الفردوس، ٣/ ١٦٦، الرقم: ٤٤٤٠، والمروزی فی تعظيم قدرة الصلاة، ٢/ ٩٧٠، الرقم: ١٠٥٤، والمقريزی فی مختصر كتاب الوتر، ١/ ٣١، الرقم: ١٣۔

فَصْلٌ فِي فَضْلِ السُّنَنِ وَالنَّوَافِلِ

﴿ فضیلتِ سنن اور نوافل کا بیان ﴾

فَضْلُ صَلَاةِ السُّنَنِ

١٣٩/ ٢١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ قَالَ: مَنْ عَادَى لِي وَلِيًّا، فَقَدْ آذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ، وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدِي بِشَيءٍ أَحَبَّ إِلَيَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَيْهِ، وَمَا يَزَالُ عَبْدِي، يَتَقَرَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتَّى أُحِبَّهُ، فَإِذَا أَحْبَبْتُهُ: كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِي يَسْمَعُ بِهِ، وَبَصَرَهُ الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ، وَيَدَهُ الَّتِي يَبْطِشُ بِهَا، وَرِجْلَهُ الَّتِي يَمْشِي بِهَا، وإِنْ سَأَلَنِي، لَأُعْطِيَنَّهُ، وَلَئِنِ اسْتَعَاذَنِي، لَأُعِيذَنَّهُ، وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَيءٍ أَنَا فَاعِلُهُ تَرَدُّدِي عَنْ نَفْسِ الْمُؤْمِنِ، يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَأَنَا أَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی الله عنه سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جو میرے کسی ولی سے دشمنی رکھے میں اُس سے اعلانِ جنگ کرتا ہوں اور میرا بندہ ایسی کسی چیز کے ذریعے میرا قرب نہیں پاتا جو مجھے فرائض سے زیادہ محبوب ہو اور میرا بندہ نفلی عبادات کے ذریعے برابر میرا قرب حاصل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں اور جب میں اس سے محبت کرتا ہوں تو میں اس کے کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کا پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے اگر وہ مجھ سے سوال کرتا ہے تو میں اسے ضرور عطا کرتا ہوں اور اگر وہ میری پناہ مانگتا ہے تو میں ضرور اسے پناہ دیتا

الحديث رقم ٢١: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: التواضع، ٥/٢٣٨٤، الرقم: ٦١٣٧، وابن حبان فی الصحيح، ٢/٥٨، الرقم: ٣٤٧، والبيهقی فی السنن الكبرى، ١٠/٢١٩، وفی كتاب الزهد الكبير، ٢/٢٦٩، الرقم: ٦٩٦.

ہوں۔ میں نے جو کام کرنا ہوتا ہے اس میں کبھی اس طرح متردد نہیں ہوتا جیسے بندۂ مومن کی جان لینے میں ہوتا ہوں۔ اسے موت پسند نہیں اور مجھے اس کی تکلیف پسند نہیں۔‘‘

۱۴۰/۲۲۔ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ كَعْبٍ الْأَسْلَمِيِّ رضي الله عنه قَالَ: كُنْتُ أَبِيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَأَتَيْتُهُ بِوَضُوْئِهِ وَحَاجَتِهِ فَقَالَ لِي: سَلْ، فَقُلْتُ: أَسْأَلُکَ مُرَافَقَتَکَ فِي الْجَنَّةِ قَالَ: أَوْ غَيْرَ ذٰلِکَ قُلْتُ: هُوَ ذَاکَ، قَالَ: فَأَعِنِّي عَلَى نَفْسِکَ بِکَثْرَةِ السُّجُوْدِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَبُوْدَاوُدَ.

’’حضرت ربیع بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں رات کو حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں رہا کرتا تھا اور آپ ﷺ کے استنجاء اور وضو کے لئے پانی لاتا ایک مرتبہ آپ ﷺ نے فرمایا: ’’مانگ کیا مانگتا ہے‘‘ میں نے عرض کیا: میں آپ سے جنت کی رفاقت مانگتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: اس کے علاوہ ’’اور کچھ‘‘ میں نے کہا مجھے یہی کافی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو پھر کثرتِ سجود سے اپنے معاملے میں میری مدد کرو۔‘‘

۱۴۱/۲۳۔ عَنْ أُمِّ حَبِيْبَةَ رضي الله عنها زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهَا قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يُصَلِّي لِلّٰهِ كُلَّ يَوْمٍ ثِنْتَي

الحديث رقم ۲۲: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: فضل السجود والحث عليه، ۱/ ۳۵۳، الرقم: ٤٨٩، وأبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: وقت قيام النبي ﷺ من الليل، ۲/ ۳۵، الرقم: ۱۳۲۰، والنسائي في السنن، كتاب: التطبيق، باب: فضل السجود، ۲/ ۲۲۷، الرقم: ۱۱۳۸، وفي السنن الكبرى، ۱/ ۲٤۲، الرقم: ۷۲٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/ ٥٩، والطبراني في المعجم الكبير، ٥/ ٥٦، الرقم: ٤٥٧٠، والبيهقي في السنن الكبرى، ۲/ ٤٨٦، الرقم: ٤٣٤٤، والمنذري في الترغيب والترهيب، ۱/ ۱۵۲، الرقم: ٥٦٤.

الحديث رقم ۲۳: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: صلاة المسافرين وقصرها، باب: فضل السنن الراتبة قبل الفرائض وبعد هن وبيان عددهن، ۱/ ۵۰۳ الرقم: ۷۲۸، وأبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: تفريع أبواب التطوع وركعات السنة، ۲/ ۱۸، الرقم: ۱۲۵۰، والنسائي في السنن، كتاب: قيام الليل وتطوع النهار، باب: الاختلاف على إسماعيل بن أبي خالد، ۳/ ۲٦٤، الرقم: ۱۸۰۸، ⟵

عَشْرَةَ رَكْعَةً تَطَوُّعًا، غَيْرَ فَرِيْضَةٍ، إِلَّا بَنَى اللهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ. أَوْ إِلَّا بُنِيَ لَهُ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَبُوْدَاوُدَ.

’’ام المومنین حضرت امّ حبیبہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو بھی مسلمان اللہ تعالیٰ کے لئے ہر روز بارہ رکعت نفل فرائض کے علاوہ ادا کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کا گھر جنت میں بنا دیتا ہے یا جنت میں اس کا گھر بنا دیا جاتا ہے۔‘‘

١٤٢ / ٢٤ ۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مَنْ صَلَّى فِي يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ ثِنْتَي عَشْرَةَ رَكْعَةً مِنَ السُّنَّةِ بَنَى اللهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ، أَرْبَعِ رَكَعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

’’حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے دن اور رات میں (فرائض کے علاوہ) بارہ رکعات سنتیں ادا کیں تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت

..... وابن ماجه فى السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء فى ثنتى عشرة ركعة من السنة، ١/٣٦١، الرقم: ١١٤١، وابن خزيمة فى الصحيح، ٢/٢٠٢، الرقم: ١١٨٥، والدارمى فى السنن، ١/٣٩٧، الرقم: ١٤٣٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦/٣٢٧، الرقم: ٢٦٨١٨۔

الحديث رقم ٢٤: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: الصلاة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فيمن صلى فى يوم وليلة ثنتي عشرة ركعة من السنة وماله فيه من الفضل، ٢/٢٧٤، الرقم: ٤١٥، ونحوه أبوداود فى السنن، كتاب: الصلاة، باب: تفريع أبواب التطوع وركعات السنة، ٢/١٨، الرقم: ١٢٥١، والنسائى فى السنن، كتاب: الإمامة، باب: الصلاة بعد الظهر، ٢/١١٩، الرقم: ٨٧٣، وابن ملجه فى السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، ١/٣٦١، الرقم: ١١٤٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٥١، الرقم: ٥١٢٧، وابن خزيمة فى الصحيح، ٢/٢٠٤، الرقم: ١١٨٨، والحاكم فى المستدرك بإسنادين، ١/٤٥٦، الرقم: ١١٧٣، وقال: كلا الإسنادين صحيحان۔

میں مکان بنائے گا (اُن سنتوں کی تفصیل یہ ہے) چار رکعتیں ظہر سے پہلے اور دو رکعتیں ظہر کے بعد، دو رکعتیں مغرب کے بعد، دو رکعتیں عشاء کے بعد اور دو رکعتیں فجر سے پہلے۔‘‘

۱۴۳/۲۵۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رضی الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: صَلُّوْا أَيُّهَا النَّاسُ فِي بُيُوتِكُمْ، فَإِنَّ أَفْضَلَ الصَّلَاةِ صَلَاةُ الْمَرْءِ فِي بَيْتِهِ إِلَّا الْمَكْتُوْبَةَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

’’حضرت زید بن ثابت رضی الله عنه سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! اپنے گھروں میں نماز پڑھا کرو کیونکہ سوائے فرض نماز کے آدمی کی افضل نماز وہ ہے جو وہ اپنے گھر میں پڑھے۔‘‘

فَضْلُ صَلَاةِ التَّهَجُّدِ

۱۴۴/۲۶۔ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ رضي الله عنها كَيْفَ كَانَتْ صَلَاةُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فِي رَمَضَانَ؟ فَقَالَتْ: مَا كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَزِيْدُ فِي رَمَضَانَ وَلَا فِي غَيْرِهِ عَلَى إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً

الحديث رقم ۲۵: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: التهجد، باب: صلاة الليل، ۱/۲۵۶، الرقم: ۶۹۸، ومسلم فی الصحيح، كتاب: صلاة المسافرين وقصرها، باب: استحباب صلاة النافلة فی بيته وجوازها فی المسجد، ۱/۵۳۹، الرقم: ۷۸۱، وأبوداود فی السنن، كتاب: الصلاة، باب: صلاة الرجل التطوع فی بيته، ۱/۲۷۴، الرقم: ۱۰۴۴، وابن خزيمة فی الصحيح، ۲/۲۱۱، الرقم: ۱۲۰۳، وابن حبان فی الصحيح، ۶ ۲۳۸، الرقم: ۲۴۹۱ والدارمی فی السنن، ۱/۳۶۶، الرقم: ۱۳۶۶۔

الحديث رقم ۲۶: أخرجه البخاري في كتاب: التهجد، باب: قيام النبي ﷺ بالليل في رمضان وغيره، ۱/۳۸۵، الرقم: ۱۰۹۶، ومسلم في الصحيح، كتاب: صلاة المسافرين وقصرها، باب: صلاة الليل وعدد ركعات النبي ﷺ في الليل، ۱/۵۰۹، الرقم: ۷۳۸، والترمذي في السنن، كتاب: الصلاة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في وصف صلاة النبي ﷺ بالليل، ۲/۳۰۲، الرقم: ۴۳۹، وقال أبوعيسى: هذا حديث حسن صحيح، وأبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: في صلاة اليل، ←

يُصَلِّي أَرْبَعًا فَلَا تَسَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ ثُمَّ يُصَلِّي أَرْبَعًا فَلَا تَسَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَ طُوْلِهِنَّ ثُمَّ يُصَلِّي ثَلَاثًا قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَتَنَامُ قَبْلَ أَنْ تُوْتِرَ؟ فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، إِنَّ عَيْنَيَّ تَنَامَانِ وَلَا يَنَامُ قَلْبِي. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابوسلمہ بن عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: رمضان المبارک میں حضور نبی اکرم ﷺ کی نماز کیسی ہوتی تھی؟ تو انہوں نے فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ رمضان المبارک میں اور اس کے علاوہ بھی (نماز تہجد) گیارہ رکعات سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے چار رکعتیں پڑھتے۔ تو ان کے ادا کرنے کی خوبصورتی اور طوالتِ (قیام) کے متعلق کچھ نہ پوچھو۔ پھر تین رکعتیں پڑھتے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا آپ وتر پڑھنے سے پہلے سو جاتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! بے شک میری آنکھیں سوتی ہیں لیکن میرا دل نہیں سوتا۔‘‘

١٤٥/٢٧۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ، فَإِنَّهُ دَأْبُ الصَّالِحِيْنَ قَبْلَكُمْ، وَهُوَ قُرْبَةٌ لَكُمْ إِلَى رَبِّكُمْ، وَمَكْفَرَةٌ لِلسَّيِّئَاتِ، وَمَنْهَاةٌ عَنِ الإِثْمِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ.

------ ٢/٤٠، الرقم: ١٣٤١، والنسائي في السنن، كتاب: قيام الليل وتطوع النهار، باب: كيف الوتر بثلاث، ٣/٢٣٤، الرقم: ١٦٩٧، وفي السنن الكبرى، ١/١٥٩، الرقم: ٣٩٣، ومالك في الموطأ، كتاب: صلاة الليل، باب: صلاة النبي ﷺ في الوتر، ١/١٢٠، الرقم: ٢٦٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/٣٦، الرقم: ٢٤١١٩، وابن خزيمة في الصحيح، ١/٣٠، الرقم: ٤٩، ٢/٢١٧، وابن حبان في الصحيح، ٦/١٨٦، الرقم: ٢٤٣٠، وعبد الرزاق في المصنف، باب: صلاة النبي ﷺ من الليل ووتره، ٣/٣٨، الرقم: ٤٧١١، والطحاوي في شرح معاني الآثار، ١/٢٨٢۔

الحديث رقم ٢٧: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب: في دعاء النبي ﷺ، ٥/٥٥٢، الرقم: ٣٥٤٩، والحاكم في المستدرك، ١/٤٥١، الرقم: ١١٥٦، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/٥٠٢، الرقم: ٤٤٢٣، والطبراني في المعجم الكبير، ٨/٩٢، الرقم: ٧٧٦٦۔

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ أَصَحُّ، وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رات کا قیام اپنے اوپر لازم کرلو کہ وہ تم سے پہلے کے نیک لوگوں کا طریقہ ہے اور تمہارے لیے قرب خداوندی کا باعث ہے اور برائیوں کو مٹانے والا اور گناہوں سے روکنے والا ہے۔''

١٤٦/٢٨۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَقُوْلُ: أَقْرَبُ مَايَكُوْنُ الرَّبُّ مِنَ الْعَبْدِ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ الآخِرِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَكُوْنَ مِمَّنْ يَذْكُرُ اللهَ فِي تِلْكَ السَّاعَةِ فَكُنْ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا: کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے: اللہ عزوجل اپنے بندے کے سب سے زیادہ نزدیک رات کے آخری حصے میں ہوتا ہے اگر تم اس وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والوں میں شامل ہو سکتے تو ضرور ہو جاؤ۔''

١٤٧/٢٩۔ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ رضي الله عنها عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: يُحْشَرُ النَّاسُ فِي صَعِيْدٍ وَاحِدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُنَادِي مُنَادٍ فَيَقُوْلُ أَيْنَ الَّذِيْنَ كَانَتْ تَتَجَافَى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ؟ فَيَقُوْمُوْنَ وَهُمْ قَلِيْلٌ فَيَدْخُلُوْنَ

الحديث رقم ٢٨: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: الدعوات عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: (١١٩)، ٥/٥٦٩، الرقم: ٣٥٧٩، والنسائی فی السنن، کتاب: المواقيت، باب: النهي عن الصلاة بعد العصر، ١/٢٧٩، الرقم: ٥٧٢، وفی کتاب: التطبيق، باب: أقرب مايکون العبد من الله عزوجل، ٢/٢٢٦، الرقم: ١١٣٧، وابن خزيمة فی الصحيح، ٢/١٨٢، الرقم: ١١٤٧، والحاکم فی المستدرک، ١/٤٥٣، الرقم: ١١٦٢، وَقَالَ الحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَالبيهقی فی السنن الکبری، ٣/٤، الرقم: ٤٤٣٩، والطبرانی فی مسند الشامين، ١/٣٤٩، الرقم: ٦٠٥، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ١/٢٤٥، الرقم: ٩٣٣۔

الحديث رقم ٢٩: أخرجه البيهقی فی شعب الإيمان، ٣/١٦٩، الرقم: ٣٢٤٤، ٦٩٣، ٣٢٤٦، ونحوه الحلکم فی المستدرک، ٢/٤٣٣، الرقم: ٣٥٠٨، وابن المبارک فی کتاب الزهد، ١/١٠١، الرقم: ٣٥٣، والقرطبی فی الجامع لأحکام القرآن، ١٤/١٠٢، والطبری فی جامع البيان، ٣٠/١٨٦، وابن کثير فی تفسير القرآن العظيم، ٣/٤٦١۔

الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ ثُمَّ يُؤْمَرُ بِسَائِرِ النَّاسِ إِلَى الْحِسَابِ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لوگ قیامت کے دن ایک میدان میں اکٹھے کئے جائیں گے اور ایک منادی اعلان کرے گا، جن لوگوں کی کروٹیں (اپنے رب کی یاد میں) بستروں پر نہ لگتی تھیں، وہ کہاں ہیں؟ وہ کھڑے ہو جائیں گے، ان کی تعداد بہت کم ہوگی اور وہ جنت میں بغیر حساب و کتاب کے داخل ہوجائیں گے پھر باقی (بچ جانے والے) لوگوں کے حساب و کتاب کا حکم جاری کر دیا جائے گا۔''

فَضْلُ صَلَاةِ الإِشْرَاقِ

١٤٨ / ٣٠۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فِي جَمَاعَةٍ ثُمَّ قَعَدَ يَذْكُرُ اللهَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ كَانَتْ لَهُ كَأَجْرِ حَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: تَامَّةٍ تَامَّةٍ تَامَّةٍ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کی نماز با جماعت پڑھ کر طلوع آفتاب تک بیٹھا اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا رہا پھر دو رکعت نماز (اشراق) ادا کی اس کے لیے کامل (ومقبول) حج اور عمرہ کا ثواب ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے لفظ تامة یعنی ''کامل'' تین مرتبہ فرمایا۔''

فَضْلُ صَلَاةِ الضُّحَى

١٤٩ / ٣١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ حَافَظَ

الحديث رقم ٣٠: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الجمعة عن رسول الله ﷺ، باب: ذكر ما يستحب من الجلوس في المسجد بعد صلاة الصبح حتى تطلع الشمس، ٢/ ٤٨١، الرقم: ٥٨٦، والطبراني في مسند الشاميين، ٢/ ٤٢، الرقم: ٨٨٥، والبيهقي في شعب الإيمان، ٧/ ١٣٨، الرقم: ٩٧٦٢، والمنذري في الترغيب والترهيب، ١/ ١٧٨، الرقم: ٦٦٧۔

الحديث رقم ٣١: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: الصلاة عن رسول ﷺ، باب: ⟵

عَلَى شُفْعَةِ الضُّحَى غُفِرَتْ لَهُ ذُنُوْبُهُ وَ إِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص چاشت کی دو رکعات کی پابندی کرتا ہے، اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔''

فَضْلُ صَلَاةِ الْأَوَّابِيْنَ

١٥٠/٣٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَنْ صَلَّى بَعْدَ الْمَغْرِبِ سِتَّ رَكَعَاتٍ لَمْ يَتَكَلَّمْ فِيْمَا بَيْنَهُنَّ بِسُوْءٍ عُدِلْنَ لَهُ بِعِبَادَةِ ثِنْتَي عَشْرَةَ سَنَةً. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص نمازِ مغرب کے بعد چھ نفل اس طرح پڑھے کہ ان کے درمیان کوئی بری بات نہ کرے اس کے لئے یہ نفل بارہ سال کی عبادت کے برابر شمار ہوں گے۔''

..... ماجاء فی صلاة الضحی، ٢/٣٤١، الرقم: ٤٧٦، وابن ماجه فی السنن، کتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء فی صلاة الضحی، ١/٤٤٠، الرقم: ١٣٨٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٤٤٣، الرقم: ٩٧١٤، وابن راهوية فی المسند، ١/٣٣٨، الرقم: ٣٢٩، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ١/٢٦٤، الرقم: ٩٩٦.

الحديث رقم ٣٢: أخرجه الترمذي فی السنن، کتاب: الصلاة عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ماجاء فی فضل التطوع وست رکعات بعد المغرب، ٢/٢٩٨، الرقم: ٤٣٥، وابن ماجه فی السنن، کتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء في ست رکعات بعد المغرب، ١/٣٦٩، الرقم: ١١٦٧، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ١/٢٢٧، الرقم: ٨٦٢.

فَصْلٌ فِي صِيَامِ رَمَضَانَ

﴿رمضان المبارک کے روزوں کا بیان﴾

١٥١ / ٣٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ : مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَلَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص بحالتِ ایمان ثواب کی نیت سے رمضان کے روزے رکھتا ہے اس کے سابقہ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔''

١٥٢ / ٣٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ فُتِحَتْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ. وفي رواية: فُتِحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ، وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ جَهَنَّمَ، وَسُلْسِلَتِ الشَّيَاطِيْنُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

الحديث رقم ٣٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الصوم، باب: صوم رمضان احتسابا من الإيمان، ١/٢٢، الرقم: ٣٨، ومسلم في الصحيح، كتاب: صلاة المسافرين وقصرها، باب: الترغيب في قيام رمضان وهو التراويح، ١/٥٢٣، الرقم: ٧٦٠، وأبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: فى قيام شهر رمضان، ٢/٤٩، الرقم: ١٣٧٢، والنسائي في السنن، كتاب: الصيام، باب: ثواب من قام رمضان وصامه إيمان واحتسابا، ٤/١٥٧، الرقم: ٢٢٠٣۔ ٢٢٠٥، وابن ماجه في السنن، كتاب: الصيام، باب: ماجاء في فضل شهر رمضان، ١/٥٢٦، الرقم: ١٦٤١۔

الحديث رقم ٣٤: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: بدء الخلق، باب: صفة إبليس وجنوده، ٣/١١٩٤، الرقم: ٣١٠٣، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الصيام، باب: فضل شهر رمضان، ٢/٧٥٨، الرقم: ١٠٧٩، والنسائى فى السنن، كتاب: الصيام، باب: نكر الاختلاف على الزهرى فيه، ٤/١٢٦، ١٢٨، الرقم: ٢٠٩٧، ٢١٠١، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٢٨١، الرقم: ٧٧٦٨۔

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب رمضان شروع ہوتا ہے تو آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ (اور ایک روایت میں ہے کہ) جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور شیطان (زنجیروں میں) جکڑ دیئے جاتے ہیں۔‘‘

۱۵۳/ ۳۵۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: قَالَ اللهُ عزوجل: كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهُ إِلَّا الصِّيَامَ، فَإِنَّهُ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ، وَالصِّيَامُ جُنَّةٌ، وَإِذَا كَانَ يَوْمُ صَوْمِ أَحَدِكُمْ فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَصْخَبْ، فَإِنْ سَابَّهُ أَحَدٌ أَوْ قَاتَلَهُ فَلْيَقُلْ: إِنِّي امْرُؤٌ صَائِمٌ. وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! لَخُلُوفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ. لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ يَفْرَحُهُمَا: إِذَا أَفْطَرَ فَرِحَ، وَإِذَا لَقِيَ رَبَّهُ فَرِحَ بِصَوْمِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: بنی آدم کا ہر عمل اسی کے لئے ہے سوائے روزہ کے۔ روزہ صرف میرے لیے ہے اور میں ہی اس کا بدلہ دیتا ہوں۔ اور روزہ ڈھال ہے اور جس روز تم میں سے کوئی روزہ سے ہو تو نہ فحش کلامی کرے اور نہ جھگڑے اور اگر اسے (روزہ دار کو) کوئی گالی دے یا لڑے تو یہ وہ کہہ دے کہ میں روزہ سے ہوں۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جان ہے! روزہ دار کے منہ کی بُو اللہ عزوجل کو مشک سے زیادہ پیاری ہے۔ روزہ دار کے لئے دو خوشیاں ہیں، جن سے اسے فرحت ہوتی ہے: ایک (فرحتِ افطار) جب وہ روزہ افطار کرتا ہے، اور دوسری (فرحتِ دیدار کہ) جب وہ اپنے رب سے ملے گا تو اپنے روزہ کے باعث خوش ہوگا۔‘‘

الحديث رقم ۳۵: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الصوم، باب: هل يقول إنی صائم إذا شتم، ۲/ ۶۷۳، الرقم: ۱۸۰۵، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الصيام، باب: فضل الصيام، ۲/ ۸۰۷، الرقم: ۱۱۵۱، والنسائی فی السنن، كتاب: الصيام، باب: نكرالإختلاف علی أبی بن صالح فی هذا الحديث، ۴/ ۲۲۱۷، الرقم: ۲۲۱۳-۲۲۱۸، والبيهقی فی السنن الكبری، ۴/ ۲۷۰، الرقم: ۸۰۹۴۔

١٥٤ـ/٣٦ـ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ بَابًا يُقَالُ لَهُ الرَّيَّانُ يَدْخُلُ مِنْهُ الصَّائِمُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، لَا يَدْخُلُ مِنْهُ أَحَدٌ غَيْرُهُمْ، يُقَالُ: أَيْنَ الصَّائِمُوْنَ؟ فَيَقُوْمُوْنَ لَايَدْخُلُ مِنْهُ أَحَدٌ غَيْرُهُمْ، فَإِذَا دَخَلُوْا أُغْلِقَ، فَلَمْ يَدْخُلْ مِنْهُ أَحَدٌ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک دروازہ ہے جسے ریّان کہا جاتا ہے۔ قیامت کے دن روزہ دار اس میں سے داخل ہوں گے اور اُن کے سوا اس دروازہ سے کوئی داخل نہیں ہوگا۔ کہا جائے گا: کہاں ہیں روزہ دار؟ پس وہ کھڑے ہوں گے، ان کے علاوہ اس میں سے کوئی اور داخل نہیں ہو سکے گا۔ جب وہ داخل ہو جائیں گے تو اسے بند کر دیا جائے گا، پھر کوئی اور اس سے داخل نہیں ہو سکے گا۔''

١٥٥/٣٧ـ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضي الله عنه قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مُرْنِي بِعَمَلٍ قَالَ: عَلَيْكَ بِالصَّوْمِ فَإِنَّهُ لَا عِدْلَ لَهُ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مُرْنِي بِعَمَلٍ، قَالَ: عَلَيْكَ بِالصَّوْمِ فَإِنَّهُ لَا عِدْلَ لَهُ.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ وَابْنُ خُزَيْمَةَ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

الحديث رقم ٣٦: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الصوم، باب: الريان للصائمين، ٢/٦٧١، الرقم: ١٧٩٧، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الصيام، باب: فضل الصيام،٢/٨٠٨، الرقم: ١١٥٢، وابن خزيمة فی الصحيح، ٣/١٩٩، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٤/٣٠٥، الرقم: ٨٢٩٤، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٦/١٩٢، الرقم: ٥٩٧٠.

الحديث رقم ٣٧: أخرجه النسائي في السنن، كتاب: الصيام، باب: في فضل الصائم، ٤/١٦٥، الرقم: ٢٢٢٣، وفي السنن الكبرى، ٢/٩٢، الرقم: ٢٥٣٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/٢٤٨- ٢٤٩، الرقم: ٢٢١٩٤- ٢٢١٩٥، وابن خزيمة في الصحيح، ٣/١٩٤، الرقم: ١٨٩٣، وابن حبان في الصحيح، ٨/٢١٣، الرقم: ٣٤٢٦، والحلكم في المستدرك، ١/٥٨٢، الرقم: ١٥٣٣، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣/٢٩٧، الرقم: ٣٥٨٧.

’’حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے کوئی (ایسا) عمل بتائیں (جس سے میں جنت میں داخل ہو جاؤں) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: روزہ رکھو، اس کے برابر کوئی عمل نہیں ہے۔ میں نے (پھر) عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے کوئی (اور) عمل (بھی) بتائیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: روزہ رکھو اس کے برابر کوئی عمل نہیں ہے۔‘‘

۱۵۶/۳۸۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أَتَاكُمْ رَمَضَانُ شَهْرٌ مُبَارَكٌ فَرَضَ اللهُ عزوجل عَلَيْكُمْ صِيَامَهُ تُفْتَحُ فِيْهِ أَبْوَابُ السَّمَاءِ وَتُغْلَقُ فِيْهِ أَبْوَابُ الْجَحِيْمِ وَتُغَلُّ فِيْهِ مَرَدَةُ الشَّيَاطِيْنِ لِلهِ فِيْهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ مَنْ حُرِمَ خَيْرَهَا فَقَدْ حُرِمَ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ.

وفي رواية للطبراني: عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَقُوْلُ: هَذَا رَمَضَانَ قَدْ جَاءَ تُفْتَحُ فِيْهِ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَتُغْلَقُ أَبْوَابُ النَّارِ وَتُغَلُّ فِيْهِ الشَّيَاطِيْنُ. بُعْدًا لِمَنْ أَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ إِذَا لَمْ يُغْفَرْ لَهُ فِيْهِ فَمَتَى؟

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پاس ماہ رمضان آیا۔ یہ مبارک مہینہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تم پر اس کے روزے فرض کیے ہیں۔ اس میں آسمانوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور بڑے شیاطین جکڑ دیئے جاتے ہیں۔ اس (مہینہ) میں اللہ تعالیٰ کی ایک ایسی رات (بھی) ہے جو ہزار مہینوں سے افضل ہے جو اس کے ثواب سے محروم ہوگیا سو وہ محروم ہو گیا۔‘‘

اور طبرانی کی ایک روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا کہ

الحديث رقم ۳۸: أخرجه النسائي في السنن، كتاب: الصيام، باب: نكر الاختلاف على معمر فيه، ٤/١٤٢، الرقم: ٢١٠٦، وفي السنن الكبرى، ٢/٦٦، الرقم: ٢٤١٦، وابن أبي شيبة في المصنف، ٢/٢٧٠، الرقم: ٨٨٦٧، والطبراني في المعجم الأوسط، ٧/٣٢٣، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٦٠، الرقم: ١٤٩٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٣/١٤٣۔

میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: رمضان المبارک کا مقدس مہینہ آ گیا ہے۔ اس میں جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں۔ اس میں شیاطین کو (زنجیروں میں) جکڑ دیا جاتا ہے۔ وہ شخص بڑا ہی بدنصیب ہے جس نے رمضان کا مہینہ پایا لیکن اس کی بخشش نہ ہوئی۔ اگر اس کی اس (مغفرت کے) مہینہ میں بھی بخشش نہ ہوئی تو (پھر) کب ہو گی؟‘‘

١٥٧ / ٣٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: الصِّيَامُ جُنَّةٌ، وَحِصْنٌ حَصِيْنٌ مِنَ النَّارِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ بِإِسْنَادٍ حَسَنٍ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وفي رواية: عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّمَا الصِّيَامُ جُنَّةٌ يَسْتَجِنُّ بِهَا الْعَبْدُ مِنَ النَّارِ.(١)

رَوَاهُ أَحْمَدُ بِإِسْنَادٍ حَسَنٍ وَالْبَزَّارُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: روزہ ڈھال ہے اور دوزخ کی آگ سے بچاؤ کے لئے محفوظ قلعہ ہے۔‘‘

’’اور ایک روایت میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کیا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: روزہ ڈھال ہے اس کے ساتھ بندہ خود کو دوزخ کی آگ سے بچاتا

الحديث رقم ٣٩: أخرجه بن حنبل في المسند، ٢ / ٤٠٢، الرقم: ٩٢١٤، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣ / ٢٨٩، الرقم: ٣٥٧١، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢ / ٥٠، الرقم: ١٤٥١، وقال: إسناده حسن، وابن رجب في جامع العلوم والحكم، ١ / ٢٧١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٣ / ١٨٠، وقال: إسناده حسن.

(١) أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٣ / ٣٩٦، الرقم: ١٥٢٩٩، والبزار عن ابن أبي الوقاص رضي الله عنه، ٦ / ٣٠٩، الرقم: ٢٣٢١، والطبراني في المعجم الكبير، ٩ / ٥٨، الرقم: ٨٣٨٦، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣ / ٢٩٤، الرقم: ٣٥٨٢، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢ / ٥٠، الرقم: ١٤٥٢، وقال: إسناد حسن، وابن رجب في جامع العلوم والحكم، ١ / ٢٧١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٣ / ١٨٠، وقال: رواه أحمد وإسناده حسن.

ہے۔‘‘

۱۵۸/۴۰۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: يَقُوْلُ اللهُ تَعَالَى: كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهُ فَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا إِلَى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ إِلَّا الصِّيَامَ هُوَ لِي وَ أَنَا أَجْزِي بِهِ إِنَّهُ يَتْرُكُ الطَّعَامَ وَشَهْوَتَهُ مِنْ أَجْلِي وَيَتْرُكُ الشَّرَابَ وَشَهْوَتَهُ مِنْ أَجْلِي فَهُوَ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ.

رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: آدمی کا ہر عمل اس کے لئے ہے اور ہر نیکی کا ثواب دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک ہے۔ سوائے روزہ کے کہ وہ میرے لیے ہے اور میں ہی اس کی جزا عطا کرتا ہوں، یقیناً وہ (روزہ دار) کھانا اور شہوت نفسانی کو میری وجہ سے ترک کرتا ہے اور اپنا پینا اور شہوت میری وجہ سے ترک کرتا ہے، پس وہ (روزہ) میرے لئے ہے اور میں ہی اس کی جزا عطا کرتا ہوں۔‘‘

۱۵۹/۴۱۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ، عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: إِذَا نَسِيَ أَحَدُكُمْ، فَأَكَلَ، أَوْ شَرِبَ، فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ، فَإِنَّمَا أَطْعَمَهُ اللهُ وَسَقَاهُ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ، وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

الحديث رقم ۴۰: أخرجه الدارمي في السنن، ۲/۴۰، الرقم:۱۷۷۰، وأحمد بن حنبل في المسند، ۲/۴۴۳، الرقم:۹۷۱۲، وابن خزيمة في الصحيح، ۳/۱۹۷، الرقم:۱۸۹۸، والمنذري في الترغيب والترهيب، ۲/۴۷، الرقم:۱۴۴۲۔

الحديث رقم ۴۱: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الصوم، باب: الصائم إذا أكل أو شرب ناسيا، ۲/۶۸۲، الرقم:۱۸۳۱، وفی كتاب: الأيمان والنذور، باب: إذا حنث ناسيا في الأيمان، ۶/۲۴۵۵، الرقم:۶۲۹۲، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الصيام، باب: أكل الناسي وشربه وجماعة لا يفطر، ۲/۸۰۹، الرقم:۱۱۵۵، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الصيام، باب: ماجاء فيمن أفطر ناسيا، ۱/۵۳۵، الرقم:۱۶۷۳، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۲/۴۲۵، الرقم:۹۴۸۵، والنسائی فی السنن الكبرى، ۲/۲۴۴، الرقم:۳۲۷۵۔

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص بھول جائے اور کھا پی لے تو اسے چاہیے کہ وہ اپنا روزہ پورا کرے کیونکہ اسے اللہ تعالیٰ نے ہی تو کھلایا اور پلایا ہے۔‘‘

١٦٠ / ٤٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لِكُلِّ شَيءٍ زَكَاةٌ وَ زَكَاةُ الْجَسَدِ الصَّوْمُ. وَقَالَ: الصِّيَامُ نِصْفُ الصَّبْرِ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وفي رواية: صَلُّوْا تَنْجَحُوْا وَزَكُّوْا تُفْلِحُوْا وَصُوْمُوْا تَصِحُّوْا وَسَافِرُوْا تَغْنَمُوْا. رَوَاهُ الرَّبِيْعُ.(١)

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر ایک چیز کی زکوٰۃ ہے اور جسم کی زکوٰۃ روزہ ہے اور روزہ آدھا صبر ہے۔‘‘

’’اور ایک روایت میں ہے کہ نماز پڑھو نجات پا جاؤ گے اور زکوٰۃ ادا کرو فلاح پا جاؤ گے اور روزے رکھو، صحت وتندرستی پاؤ گے اور سفر کرو غنی ہو جاؤ گے۔‘‘

١٦١ / ٤٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَنْ لَمْ يَدَعْ

الحديث رقم ٤٢: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الصيام، باب: فى الصوم زكاة الجسد، ١/٥٥٥، الرقم:١٧٤٥، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٦/١٩٣، الرقم: ٥٩٧٣، والقضاعى فى مسند الشهاب، ١/١٦٢، الرقم:٢٢٩، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٣/٢٩٢، الرقم:٣٥٧٧، والديلمى فى مسند الفردوس، ٣/٣٣١، الرقم:٤٩٩٦، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٢/٥١، الرقم:١٤٥٩، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٣/١٨٢۔

(١): أخرجه الربيع في المسند، ١/١٢٢، الرقم: ٢٩١۔

الحديث رقم ٤٣: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الصوم، باب: من لم يدع قول الزور والعمل به فى الصوم، ٢/٦٧٣، الرقم: ١٨٠٤، وفى كتاب: الأدب، باب: قول الله تعالىٰ: واجتنبوا قول الزور، ٥/٢٢٥١، الرقم:٥٧١٠، والترمذى فى السنن، كتاب: الصوم عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى التشديد فى الغيبة للصائم، ٣/٨٧، الرقم:٧٠٧، وقال أبوعيسى: هذا حديث حسن صحيح، وأبوداود فى السنن، ←

قَولَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِهِ فَلَيْسَ لِلّٰهِ حَاجَةٌ فِي أَنْ يَدَعَ طَعَامَهُ وَشَرَابَهُ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص (بحالتِ روزہ) جھوٹ بولنا اور اس پر (برے) عمل کرنا ترک نہ کرے تو اللہ تعالیٰ کو اس کی کوئی ضرورت نہیں کہ وہ کھانا پینا چھوڑ دے۔‘‘

۱۶۲/ ۴۴۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: الصِّيَامُ وَالْقُرْآنُ يَشْفَعَانِ لِلْعَبْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. يَقُوْلُ الصِّيَامُ: أَيْ رَبِّ مَنَعْتُهُ الطَّعَامَ وَالشَّهَوَاتِ بِالنَّهَارِ فَشَفِّعْنِي فِيْهِ وَيَقُوْلُ الْقُرْآنُ: مَنَعْتُهُ النَّوْمَ بِاللَّيْلِ فَشَفِّعْنِي فِيْهِ فَيُشَفَّعَانِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: روزہ اور قرآن قیامت کے روز بندۂ مومن کے لئے شفاعت کریں گے۔ روزہ عرض کرے گا: اے اللہ! دن کے وقت میں نے اس کو کھانے اور شہوت سے روکے رکھا پس اس کے حق میں میری شفاعت قبول فرما اور قرآن کہے گا میں نے رات کو اسے جگائے رکھا پس اس کے حق میں میری

..... كتاب: الصوم، باب: الغيبة للصائم، ۲/ ۳۰۷، الرقم:۲۳۶۲، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الصيام، باب: ماجاء فی الغيبة والرفث للصائم، ۱/ ۵۳۹، الرقم:۱۶۸۹، والنسائی فی السنن الكبری، ۲/ ۲۳۸، الرقم:۳۲۴۷، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۲/ ۴۵۲، الرقم:۹۸۳۸، وابن الجعد فی المسند، ۱/ ۴۱۴، الرقم:۲۸۳۱۔

الحديث رقم ۴۴: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ۲/ ۱۷۴، الرقم:۶۶۲۶، والحاكم فی المستدرك، ۱/ ۷۴۰، الرقم:۲۰۳۶، وابن المبارك فی الزهد، ۱/ ۱۱۴، الرقم:۳۸۵، والبيهقی فی شعب الإيمان، ۲/ ۳۴۶، الرقم:۱۹۹۴، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۲/ ۵۰، الرقم:۱۴۵۵، وقال: رواه الطبرانی في الكبير ورجاله محتج بهم في الصحيح ورواه ابن أبي الدنيا في كتاب الجوع وغيره بإسناد حسن، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ۳/ ۱۸۱۔

شفاعت قبول فرما، پس دونوں کی شفاعت قبول کر لی جائے گی۔‘‘

١٦٣ / ٤٥۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اسْتَعِينُوْا بِطَعَامِ السَّحْرِ عَلَى صِيَامِ النَّهَارِ وَبِالْقَيْلُوْلَةِ عَلَى قِيَامِ اللَّيْلِ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَابْنُ خُزَيْمَةَ وَالْحَاكِمُ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت بیان کی کہ آپ ﷺ نے فرمایا: سحری کے کھانے کے ذریعے دن کا روزہ (پورا کرنے) کے لئے مدد لو اور قیلولہ (دوپہر کو کچھ دیر کی نیند) کے ذریعے رات کے قیام کے لئے مدد لو۔‘‘

الحديث رقم ٤٥: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: الصيام، باب: ما جاء في السحور، ١ / ٥٤٠، الرقم: ١٦٩٣، وابن خزيمة في الصحيح، ٣ / ٢١٤، الرقم: ١٩٣٩، والحاكم في المستدرك، ١ / ٥٨٨، الرقم: ١٥٥١، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢ / ٨٩، الرقم: ١٦٢٠۔

فَصْلٌ فِي صِيَامِ التَّطَوُّعِ

﴿نفلی روزوں کا بیان﴾

١٦٤/٤٦۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَ أَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی الله عنه سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: اے نوجوانو! جو تم میں عورتوں کے حقوق ادا کرنے کی طاقت رکھتا ہے تو وہ ضرور نکاح کرے کیونکہ یہ نگاہ کو جھکاتا اور شرمگاہ کی حفاظت کرتا ہے اور جو نکاح کی طاقت نہ رکھے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ روزے رکھے، بے شک یہ اس کے لئے (برائی سے) بچاؤ کا ذریعہ ہے۔''

١٦٥/٤٧۔ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ صلی الله عليه وآله وسلم: قَالَ: مَنْ

الحديث رقم ٤٦: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: النكاح، باب: من لم يستطع الباءة فليصم، ٥/١٩٥٠، الرقم: ٤٧٧٩، وفي كتاب: الصوم، باب: الصوم لمن خاف على نفسه العزبة، ٢/٦٧٣، الرقم: ١٨٠٦، ومسلم في الصحيح، كتاب: النكاح، باب: استحباب النكاح لمن تاقت نفسه إليه ووجده مؤنة، ٢/١٠١٨-١٠١٩، الرقم: ١٤٠٠، وأبوداود في السنن، كتاب: النكاح، باب: التحريض على النكاح، ٢/٢١٩، الرقم: ٢٠٤٦، والنسائي في السنن، كتاب: الصيام، باب: في فضل الصائم، ٤/٨١٦٩، الرقم: ٢٢٣٩، ٢٢٤١، وابن ماجه في السنن، كتاب: النكاح، باب: ماجاء في فضل النكاح، ١/٥٩٢، الرقم: ١٨٤٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٤٢٥، الرقم: ٤٠٣٥، وابن حبان في الصحيح، ٩/٣٣٥، الرقم: ٤٠٢٦.

الحديث رقم ٤٧: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الصيام، باب: استحباب صوم ستة أيام من شوال إتباعا لرمضان، ٢/٨٢٢، الرقم/١١٦٤، والترمذى فى السنن، كتاب: الصوم عن رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم، باب: ماجاء فى صيام ستة أيام من شوال، ٣/١٣٢، الرقم:٧٥٩، وأبوداود فى السنن، كتاب: الصوم، باب: فى ←

صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ أَتْبَعَهُ سِتًّا مِنْ شَوَّالٍ كَانَ كَصِيَامِ الدَّهْرِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

''حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص رمضان المبارک کے روزے رکھے، پھر اس کے بعد شوال کے چھ روزے رکھے گویا اس نے عمر بھر کے روزے رکھے۔''

١٦٦ / ٤٨۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ: رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا كَانَتْ لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَقُوْمُوْا لَيْلَهَا وَصُوْمُوْا نَهَارَهَا فَإِنَّ اللهَ يَنْزِلُ فِيْهَا لِغُرُوْبِ الشَّمْسِ إِلَى سَمَاءِ الدُّنْيَا فَيَقُوْلُ: أَلَا مِنْ مُسْتَغْفِرٍ لِي فَأَغْفِرَ لَهُ؟ أَلَا مِنْ مُسْتَرْزِقٍ فَأَرْزُقَهُ؟ أَلَا مُبْتَلًى فَأُعَافِيَهُ؟ أَلَا كَذَا أَلَا كَذَا؟ حَتَّى يَطْلُعَ الْفَجْرُ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

''حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب پندرہ شعبان کی رات ہوتو اس رات کو قیام کیا کرو اور دن کو روزہ رکھا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ غروب آفتاب کے وقت آسمانِ دنیا پر نزول فرماتا ہے اور فرماتا ہے: کیا کوئی میری بخشش کا طالب ہے کہ میں اسے بخش دوں؟ کیا کوئی رزق مانگنے والا ہے کہ میں اسے رزق دوں؟ کیا کوئی بیمار ہے کہ میں اسے شفا دوں؟ کیا کوئی ایسے ہے؟ ایسے ہے؟ یہاں تک کہ فجر طلوع ہو جاتی ہے۔''

------ صوم ستة أيام من شوال، ٢ / ٣٢٤، الرقم:٢٤٣٣، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الصيام، باب: صيام ستة أيام من شوال، ١٠ / ٥٤٧، الرقم:١٧١٦، والنسائی فی السنن الكبرى، ٢ / ١٦٤، الرقم:٢٨٦٦، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٤ / ١٣٥، الرقم:٣٩٠٨، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٢ / ٦٦٠، الرقم: ١٥١٢۔

الحديث رقم ٤٨: أخرجه ابن ماجه فی السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء في ليلة النصف من شعبان، ١ / ٤٤٤، الرقم:١٣٨٨، والكنانی فی مصباح الزجاجة، ٢ / ١٠، الرقم:٤٩١، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٢ / ٧٤، الرقم:١٥٥٠۔

۱۶۷/ ۴۹۔ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم سُئِلَ عَنْ صِيَامِ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ، فَقَالَ: يُكَفِّرُ السَّنَةَ الْمَاضِيَةَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

’’حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عاشورہ کے روزے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ روزہ گزشتہ سال کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔‘‘

۱۶۸/ ۵۰۔ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم سُئِلَ عَنْ صَوْمِ يَوْمِ الاِثْنَيْنِ فَقَالَ: ذٰلِکَ يَوْمٌ وُلِدْتُ فِيْهِ، وَيَوْمٌ بُعِثْتُ، أَوْ أُنْزِلَ عَلَيَّ فِيْهِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوموار کے روزے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ وہ دن ہے جس میں میری ولادتِ باسعادت ہوئی اور اسی دن میں مبعوث ہوا یا اسی دن مجھ پر قرآن نازل ہوا۔‘‘

الحديث رقم ٤٩: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الصيام، باب: استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهر وصوم يوم عرفة وعاشوراء، ٢/ ٨١٩، الرقم:١١٦٢، والترمذی فی السنن، كتاب: الصوم عن رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم، باب: ماجاء فی الحث صوم يوم عاشوراء، ٣/ ١٢٦، الرقم:٧٥٢، وأبوداود فی السنن، كتاب: الصيام، باب: فی صوم الدهر تطوعا، ٢/ ٣٢١، الرقم:٢٤٢٥، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الصيام، باب: صيام يوم عاشوراء، ١/ ٥٥٣، الرقم:١٧٣٨، والنسائی فی السنن الكبرى، ٢/ ١٥٠، الرقم:٢٧٩٦، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/ ٣٠٨، الرقم:٢٢٦٧٤۔

الحديث رقم ٥٠: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الصيام، باب: استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهر وصوم يوم عرفة وعاشوراء والاثنين والخميس، ٢/ ٨١٩، الرقم:١١٦٢، والنسائی فی السنن الكبرى، ٢/ ١٤٦، الرقم:٢٧٧٧، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/ ٢٩٧، الرقم: ٢٢٥٩٤، وابن حبان فی الصحيح، ٨/ ٤٠٣، الرقم:٣٦٤٢، وعبد الرزاق فی المصنف، ٤/ ٢٩٥، الرقم:٧٨٦٥، وأبويعلى فی المسند، ١/ ١٣٣، الرقم:١٤٤، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٤/ ٣٠٠، الرقم: ٨٢٥٩۔

١٦٩ / ٥١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: تُعْرَضُ الْأَعْمَالُ يَوْمَ الاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسِ فَأُحِبُّ أَنْ يُعْرَضَ عَمَلِي وَأَنَا صَائِمٌ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سوموار اور جمعرات کو اعمال (بارگاہِ الٰہی میں) پیش کئے جاتے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ میرا عمل روزے کی حالت میں پیش ہو۔''

١٧٠ / ٥٢۔ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ رضي الله عنه قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَنْ يَوْمِ عَرَفَةَ قَالَ: يُكَفِّرُ السَّنَةَ الْمَاضِيَةَ وَالْبَاقِيَةَ. رواه مسلم والترمذي: إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: صِيَامُ يَوْمِ عَرَفَةَ إِنِّي أَحْسَبُ عَلَى اللهِ أَنْ يُكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِي بَعْدَهُ وَالسَّنَةَ الَّتِي قَبْلَهُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: حَدِيْثُ أَبِي قَتَادَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے یوم عرفہ (نویں

الحديث رقم ٥١: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الصوم عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى صوم يوم الاثنين والخميس، ٣ / ١٢٢، الرقم:٧٤٧، وعبد الرزاق فى المصنف، ٤ / ٣١٤، الرقم:٧٩١٧، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٢ / ٧٨، الرقم:١٥٦٩۔

الحديث رقم ٥٢: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الصيام، باب: استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهر وصوم يوم عرفة، ٢ / ٨١٩، الرقم:١١٦٢، والترمذي فى السنن، كتاب: الصوم عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى فضل صوم يوم عرفة، ٣ / ١٢٤، الرقم: ٧٤٩، وأبوداود فى السنن، كتاب: الصوم، باب: فى صوم الدهر تطوعا، ٢ / ٣٢١، الرقم:٢٤٢٥، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الصيام، باب: صيام يوم عرفة، ١ / ٥٥١، الرقم:١٧٣٠، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥ / ٣٠٨، الرقم: ٢٢٦٧٤۔

ذوالحجہ کے روزہ) کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: (یوم عرفہ کا روزہ) گزشتہ اور آئندہ سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ (ترمذی کے الفاظ یہ ہیں) کہ یوم عرفہ کے روزہ کے متعلق مجھے اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ وہ اسے گزشتہ اور آئندہ سال کا کفارہ بنا دیتا ہے۔‘‘

۱۷۱/ ۵۳۔ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رضي الله عنهما، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ، لَمْ أَرَکَ تَصُوْمُ مِنْ شَهْرٍ مِنَ الشُّهُوْرِ مَا تَصُوْمُ مِنْ شَعْبَانَ؟ قَالَ: ذَاکَ شَهْرٌ يَغْفُلُ النَّاسُ عَنْهُ بَيْنَ رَجَبٍ وَ رَمَضَانَ وَهُوَ شَهْرٌ تُرْفَعُ فِيْهِ الْأَعْمَالُ إِلَی رَبِّ الْعَالَمِيْنَ فَأُحِبُّ أَنْ يُرْفَعَ عَمَلِي وَأَنَا صَائِمٌ.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! جس قدر آپ ماہِ شعبان میں (نفلی) روزے رکھتے ہیں اس قدر میں نے آپ کو کسی اور مہینے میں (نفلی) روزے رکھتے ہوئے نہیں دیکھا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ ایک ایسا مہینہ ہے جو رجب اور رمضان کے درمیان میں (آتا) ہے اور لوگ اس سے غفلت برتتے ہیں حالانکہ اس مہینے میں (پورے سال کے) عمل اللہ تعالیٰ کی طرف اٹھائے جاتے ہیں۔ لہٰذا میں چاہتا ہوں کہ میرے عمل روزہ دار ہونے کی حالت میں اٹھائے جائیں۔‘‘

الحديث رقم ۵۳: أخرجه النسائی فی السنن، کتاب: الصيام، باب: صوم النبي ﷺ بأبي هو وأمّي وذکر اختلاف الناقلين للخبر في ذلك، ٤/ ٢٠١، الرقم:٢٣٥٧، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/ ٢٠١، الرقم:٢١٨٠١، والطحاوی فی شرح معانی الآثار، ٢/ ٨٢، وابن أبي شيبة فی المصنف، ٢/ ٣٤٦، الرقم:٩٧٦٥، ونحوه البزار فی المسند، ٧/ ٦٩، الرقم:٢٦١٧، والمقدسی فی الأحاديث المختارة، ٤/ ١٠٨، الرقم:١٣١٩، وقال: إسناده حسن، والبغوی فی مسند أسامة، ١/ ١٢٣، الرقم:٤٨، والمحاملی فی أمالی، ١/ ٤١٦، الرقم:٤٨٥۔

فَصْلٌ فِي فَضْلِ قِيَامِ رَمَضَانَ

﴿ فضیلتِ قیامِ رمضان کا بیان ﴾

١٧٢ / ٥٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان میں بحالتِ ایمان ثواب کی نیت سے قیام کیا تو اس کے سابقہ تمام گناہ معاف کر دیئے گئے۔''

١٧٣ / ٥٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ صَامَ

الحديث رقم ٥٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: تطوع قيام رمضان من الإيمان، ١/٢٢، الرقم: ٣٧، ومسلم في الصحيح، كتاب: صلاة المسافرين وقصرها، باب: الترغيب في قيام رمضان، ١/٥٢٣، الرقم: ٧٥٩، والنسائي في السنن، كتاب: قيام الليل وتطوع النهار، باب: ثواب من قام رمضان إيمانا واحتسابا، ٣/٢٠١، الرقم: ١٦٠٢-١٦٠٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٤٠٨، الرقم: ٩٢٧٧، وابن خزيمة في الصحيح، ٣/٣٣٦، الرقم: ٢٢٠٣، والدارمي في السنن، ٢/٤٢، الرقم: ١٧٧٦۔

الحديث رقم ٥٥: أخرجه البخارى في الصحيح، كتاب: صلاة التراويح، باب: فضل ليلة القدر، ٢/٧٠٩، الرقم: ١٩١٠، ٣٧، ٣٨، ١٨٠١، ١٩٠٥، ومسلم فى الصحيح كتاب: صلاة المسافرين وقصرها، باب: الترغيب فى قيام رمضان وهو التراويح، ١/٥٢٣، الرقم: ٧٤٠، والترمذى فى السنن، كتاب: الصوم عن رسول الله ﷺ، باب: الترغيب فى قيام رمضان وما جاء فيه من الفضل، ٣/١٧١، الرقم: ٨٠٨، وأبوداود فى السنن، كتاب: الصلاة، باب: تفريع أبواب شهر رمضان، باب: فى قيام شهر رمضان، ٢/٤٩، الرقم: ١٣٧١، والنسائى فى السنن، كتاب: الصيام، باب: ثواب من قام رمضان وصامه إيمانا واحتسابا، ٤/١٥٦، الرقم: ٢٢٠٢، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الصيام، باب: ماجاء فى فضل شهر رمضان، ١/٥٢٦، الرقم: ١٦٤١۔

رَمَضَانَ إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ. وَمَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيْمَاناً وَإِحْتِسَابًا غُفِرَلَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ. وَمَنْ قَامَ لَيْلَةَ القَدْرِ إِيْمَانًا واحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے حالتِ ایمان میں اور ثواب کی نیت سے رمضان کے روزے رکھے تو اس کے سابقہ گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور جو رمضان میں ایمان کی حالت اور ثواب کی نیت سے قیام کرتا ہے تو اس کے (بھی) سابقہ گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور جو لیلۃ القدر میں ایمان کی حالت اور ثواب کی نیت سے قیام کرے اس کے گذشتہ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔‘‘

۱۷٤ / ٥٦۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رضی اللہ عنہ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم أَنَّهُ ذَكَرَ شَهْرَ رَمضَانَ فَفَضَّلَهُ عَلَى الشُّهُوْرِ، وَقَالَ: مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِهِ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ.

وفي رواية له: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ اللهَ تَبَارَکَ وَتَعَالَى فَرَضَ صِيَامَ رَمَضَانَ عَلَيْكُمْ، وَسَنَنْتُ لَكُمْ قِيَامَهُ، فَمَنْ صَامَهُ وَقَامَهُ إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِهِ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

’’حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رمضان المبارک کا ذکر فرمایا تو سب مہینوں پر اسے فضیلت دی۔ بعد ازاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ایمان اور حصولِ ثواب کی نیت کے ساتھ رمضان کی راتوں میں قیام کرتا ہے تو وہ گناہوں سے یوں پاک صاف ہو جاتا ہے جیسے وہ اس دن تھا جب اسے اس

الحديث رقم ٥٦: أخرجه النسائی فی السنن، کتاب: الصيام، باب: ذکر اختلاف يحيى بن أبی کثير والنضر بن شيبان فيه، ٤ / ١٥٨، الرقم: ٢٢٠٨-٢٢١٠، وابن ماجه فی السنن، کتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء فی قيام شهر رمضان، ١ / ٤٢١، الرقم: ١٣٢٨۔

کی ماں نے جنم دیا تھا۔‘‘

’’اور ایک روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے رمضان کے روزے فرض کیے ہیں اور میں نے تمہارے لئے اس کے قیام (نمازِ تراویح) کو سنت قرار دیا ہے لہٰذا جو شخص ایمان اور حصولِ ثواب کی نیت کے ساتھ ماہ رمضان کے دنوں میں روزے رکھتا اور راتوں میں قیام کرتا ہے تو وہ گناہوں سے یوں پاک صاف ہو جاتا ہے جیسے وہ اس دن تھا جب اسے اس کی ماں نے جنم دیا تھا۔‘‘

١٧٥ / ٥٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، يُرَغِّبُ فِي قِيَامِ رَمَضَانَ، مِنْ غَيْرِ أَنْ يَأْمُرَ بِعَزِيْمَةٍ، فَيَقُوْلُ: مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا، غُفِرَلَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ. فَتُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، وَالْأَمْرُ عَلَى ذَلِکَ، ثُمَّ كَانَ الْأَمْرُ عَلَى ذَلِکَ فِي خِلَافَةِ أَبِي بَكْرٍ وَصَدْرًا مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ عَلَى ذَلِکَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نماز تراویح پڑھنے کی رغبت

الحديث رقم ٥٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: صلاة التروايح، باب: فضل من قام رمضان، ٢/٧٠٧، الرقم: ١٩٠٥، ومسلم في الصحيح، كتاب: صلاة المسافرين وقصرها، باب: الترغيب في قيام رمضان وهو التراويح، ١/٥٢٣، الرقم: ٧٥٩، والترمذي في السنن، كتاب: الصوم عن رسول الله ﷺ، باب: الترغيب في قيام رمضان وما جاء فيه من الفضل، ٣/١٧١، الرقم: ٨٠٨، وقال أبوعيسى: هذا حديث حسن صحيح، وأبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: في قيام شهر رمضان، ٢/٤٩، الرقم: ١٣٧١، والنسائي في السنن، كتاب: الصيام، باب: ثواب من قام رمضان وصامه إيمانا واحتسابا، ٤/١٥٤، الرقم: ٢١٩٢، ومالك في الموطأ، كتاب: الصلاة في رمضان، باب: الترغيب في الصلاة في رمضان، ١/١١٣، الرقم: ٢٤٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٢٨١، الرقم: ٧٧٧٤، وابن خزيمة في الصحيح، ٣/٣٣٨، الرقم: ٢٢٠٧، وابن حبان في الصحيح، ١/٣٥٣، الرقم: ١٤١، وعبد الرزاق في المصنف، ٤/ ٢٥٨، الرقم: ٧٧١٩، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/٤٩٣، الرقم: ٤٣٧٨، والطبراني في المعجم الأوسط، ٩/١٢٠، الرقم: ٩٢٩٩۔

دلایا کرتے تھے لیکن حکماً نہیں فرماتے تھے چنانچہ فرماتے کہ جس نے رمضان المبارک میں حصولِ ثواب کی نیت سے اور حالتِ ایمان کے ساتھ قیام کیا تو اس کے سابقہ (تمام) گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ کے وصال مبارک تک نمازِ تراویح کی یہی صورت برقرار رہی اور خلافت ابوبکر رضی اللہ عنہ میں اور پھر خلافت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے شروع تک یہی صورت برقرار رہی۔"

۱۷۶/۵۸۔ عَنْ مَالِکٍ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ سَمِعَ مَنْ يَثِقُ بِهِ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ يَقُولُ: إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ أُرِيَ أَعْمَارَ النَّاسِ قَبْلَهُ أَوْ مَا شَاءَ اللهُ مِنْ ذَلِکَ فَکَأَنَّهُ تَقَاصَرَ أَعْمَارَ أُمَّتِهِ أَنْ يَبْلُغُوْا مِنَ الْعَمَلِ مِثْلَ الَّذِي بَلَغَ غَيْرُهُمْ فِي طُوْلِ الْعُمُرِ فَأَعْطَاهُ اللهُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ.

رَوَاهُ مَالِکٌ وَالْبَيْهَقِيُّ.

"حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ثقہ (یعنی قابل اعتماد) اہل علم کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کو سابقہ امتوں کی عمریں دکھائی گئیں یا اس بارے میں جو اللہ تعالیٰ نے چاہا دکھایا تو آپ ﷺ نے اپنی امت کی کم عمروں کا خیال کرتے ہوئے سوچا کہ کیا میری امت اس قدر اعمال کر سکے گی جس قدر دوسری امتوں کے لوگوں نے طوالتِ عمر کے باعث کئے۔ تو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو شبِ قدر عطا فرما دی جو ہزار مہینوں سے بھی افضل ہے۔"

۱۷۷/۵۹۔ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! أَخْبِرْنَا

الحديث رقم ۵۸: أخرجه مالك في الموطأ، كتاب: الاعتكاف، باب: ما جاء في ليلة القدر، ۱/۳۲۱، الرقم: ٦٩٨، والبيهقي في شعب الإيمان، ۳/۳۲۳، الرقم: ٣٦٦٧، والمنذري في الترغيب والترهيب، ۲/٦٥، الرقم: ۱۵۰۸۔

الحديث رقم ۵۹: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ۵/۳۱۸، ۳۲۱، ۳۲٤، الرقم: ٢٢٧٦٥، ٢٢٧٩٣، ٢٢٨١٥، والطبراني في المعجم الأوسط، ۲/۷۱، الرقم: ١٢٨٤، والمنذري في الترغيب والترهيب، ۲/٦٥، الرقم: ۱۵۰۷، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۳/۱۷۵۔۱۷٦۔

عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: هِيَ فِي رَمَضَانَ الْتَمِسُوْهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ فَإِنَّهَا وِتْرٌ فِي إِحْدَى وَعِشْرِيْنَ أَوْثَلَاثٍ وَعِشْرِيْنَ أَوْخَمْسٍ وَعِشْرِيْنَ أَوْسَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ أَوْ تِسْعٍ وَعِشْرِيْنَ أَوْ فِي آخِرِ لَيْلَةٍ فَمَنْ قَامَهَا إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمیں شبِ قدر کے بارے میں بتائیں تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ (رات) ماہِ رمضان کے آخری عشرے میں اکسویں، تیئسویں، پچیسویں، ستائیسویں، انتیسویں یا رمضان کی آخری رات ہوتی ہے۔ جو بندہ اس میں ایمان و ثواب کے ارادہ سے قیام کرے اس کے اگلے پچھلے (تمام) گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔''

١٧٨ / ٦٠۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ صَعِدَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ: آمِيْنَ. آمِيْنَ. آمِيْنَ. قِيلَ يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنَّکَ حِيْنَ صَعِدْتَ الْمِنْبَرَ قُلْتَ: آمِيْنَ. آمِيْنَ. آمِيْنَ؟ قَالَ: إِنَّ جِبْرِيْلَ عليہ السلام أَتَانِي، فَقَالَ: مَنْ أَدْرَکَ شَهْرَ رَمَضَانَ وَ لَمْ يُغْفَرْ لَهُ، فَدَخَلَ النَّارَ، فَأَبْعَدَهُ اللهُ. قُلْ: آمِيْنَ. فَقُلْتُ: آمِيْنَ. وَمَنْ أَدْرَکَ أَبَوَيْهِ أَوْ أَحَدَهُمَا فَلَمْ يَبَرَّهُمَا فَمَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللهُ. قُلْ آمِيْنَ. فَقُلْتُ: آمِيْنَ. وَمَنْ ذُکِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ

الحديث رقم ٦٠: أخرجه ابن خزيمة في الصحيح، ٣/١٩٢، الرقم: ١٨٨٨، وابن حبان في الصحيح، ٣/١٨٨، الرقم: ٩٠٧، والبخاري في الأدب المفرد، ١/٢٢٥، الرقم: ٦٤٦، والبزار في المسند، ٤/٢٤٠، الرقم: ١٤٠٥، ٩/٢٤٧، الرقم: ٣٧٩٠، وأبو يعلي في المسند، ١٠/٣٢٨، الرقم: ٥٩٢٢، والبيهقي في السنن الكبرى، ٤/٣٠٤، الرقم: ٨٢٨٧، والطبراني في المعجم الأوسط، ٩/١٧، الرقم: ٨٩٩٤، وفي المعجم الكبير، ٢/٢٤٣، الرقم: ٢٠٢٢، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٥٧، الرقم: ١٤٨١۔

عَلَيْکَ فَمَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللهُ قُلْ: آمِيْنَ. فَقُلْتُ: آمِيْنَ.

رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَابْنُ خُزَيْمَةَ.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے تو تین بار آمین، آمین، آمین فرمایا۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے تو آپ نے آمین، آمین، آمین فرمایا (اس کی کیا وجہ ہے؟)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جبرائیل علیہ السلام میرے پاس حاضر ہوئے اور کہنے لگے: جس شخص نے ماہِ رمضان پایا اور اس کی مغفرت نہ ہوسکی تو وہ آگ میں گیا، اسے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے دور کر دے۔ (اے حبیبِ خدا!) آپ آمین کہیں۔ اس پر میں نے آمین کہا اور جس شخص نے ماں باپ دونوں کو پایا یا ان میں سے کسی ایک کو پایا اور ان کے ساتھ نیکی نہ کی اور مر گیا تو وہ آگ میں گیا۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنی رحمت سے دور کر دے: (اے حبیبِ خدا!) آپ آمین کہیں۔ تو میں نے آمین کہا اور وہ شخص جس کے پاس آپ کا ذکر کیا گیا اور اس نے آپ پر درود نہ پڑھا اور اسی حالت میں مر گیا تو وہ بھی آگ میں گیا۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنی رحمت سے دور کر دے (اے حبیب خدا!) آپ آمین کہیں تو میں نے آمین کہا۔‘‘

١٧٩/ ٦١۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ شَدَّ مِئْزَرَهُ ثُمَّ لَمْ يَأْتِ فِرَاشَهُ حَتَّى يَنْسَلِخَ. رَوَاهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَأَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

’’حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا: جب ماہِ رمضان شروع ہو جاتا تو حضور نبی اکرم ﷺ اپنا کمر بند کس لیتے پھر آپ ﷺ اپنے بستر پر تشریف نہیں لاتے تھے یہاں تک کہ رمضان گزر جاتا۔‘‘

الحديث رقم ٦١: أخرجه ابن خزيمة في الصحيح، ٣/ ٣٤٢، الرقم: ٢٢١٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/ ٦٦، الرقم: ٢٤٤٢٢، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣/ ٣١٠، الرقم: ٣٦٢٤، والسيوطي في الجامع الصغير، ١/ ١٤٣، الرقم: ٢١١۔

١٨٠ / ٦٢۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا دَخَلَ رَمَضَانَ تَغَيَّرَ لَوْنُهُ وَكَثُرَتْ صَلَاتُهُ وَابْتَهَلَ فِي الدُّعَاءِ وَأَشْفَقَ مِنْهُ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ جب ماہِ رمضان شروع ہوتا تو آپ ﷺ کا رنگ مبارک متغیر ہو جاتا اور آپ ﷺ نمازوں کی (مزید) کثرت کر دیتے اور اللہ تعالیٰ سے عاجزی و گڑگڑا کر دعا کرتے اور اس ماہ میں نہایت محتاط رہتے۔''

١٨١ / ٦٣۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّ فِي رَمَضَانَ يُنَادِي مُنَادٍ بَعْدَ ثُلُثِ اللَّيْلِ الْأَوَّلِ أَوْ ثُلُثِ اللَّيْلِ الْآخِرِ أَلَا سَائِلٌ يَسْأَلُ فَيُعْطَى، أَلَا مُسْتَغْفِرٌ يَسْتَغْفِرُ فَيُغْفَرُ لَهُ، أَلَا تَائِبٌ يَتُوْبُ فَيَتُوْبُ اللهُ عَلَيْهِ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت بیان کی کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بیشک رمضان المبارک میں رات کے پہلے تیسرے پہر کے بعد یا آخری تیسرے پہر کے بعد ایک ندا کرنے والا ندا کرتا ہے: ہے کوئی سوال کرنے والا کہ وہ سوال کرے تو اسے عطا کیا جائے؟ کیا ہے کوئی مغفرت کا طلبگار کہ وہ مغفرت طلب کرے تو اسے بخش دیا جائے؟ کیا ہے کوئی توبہ کرنے والا کہ وہ توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کرے؟''

١٨٢ / ٦٤۔ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ يَوْمًا وَحَضَرَ رَمَضَانُ: أَتَاكُمْ رَمَضَانُ شَهْرُ بَرَكَةٍ يَغْشَاكُمُ اللهُ فِيْهِ فَيُنْزِلُ

الحديث رقم ٦٢: أخرجه البيهقي في شعب الإيمان، ٣/ ٣١٠، الرقم: ٣٦٢٥، والسيوطي في الجامع الصغير، ١/ ١٤٣، الرقم: ٢١٢۔

الحديث رقم ٦٣: أخرجه البيهقي في شعب الإيمان، ٣/ ٣١١، الرقم: ٣٦٢٨۔

الحديث رقم ٦٤: أخرجه المنذري في الترغيب والترهيب، ٢/ ٦٠، الرقم: ١٤٩٠، وقال: رواه الطبراني ورواته ثقات، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٣/ ١٤٢، وقال: رواه الطبراني في الكبير۔

الرَّحْمَةَ، وَيَحُطُّ الْخَطَايَا، وَيَسْتَجِيْبُ فِيْهِ الدُّعَاءَ، يَنْظُرُ اللهُ تَعَالَى إِلَى تَنَافُسِكُمْ فِيْهِ، وَيُبَاهِي بِكُمْ مَلَائِكَتَهُ فَأَرُوا اللهَ مِنْ أَنْفُسِكُمْ خَيْرًا، فَإِنَّ الشَّقِيَّ مَنْ حُرِمَ فِيْهِ رَحْمَةَ اللهِ عَزَّوَجَلَّ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَرُوَاتُهُ ثِقَاتٌ كَمَا قَالَ الْمُنْذِرِيُّ وَالْهَيْثَمِيُّ.

’’حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن فرمایا جبکہ رمضان المبارک شروع ہو چکا تھا: تمہارے پاس برکتوں والا مہینہ آ گیا ہے اس میں اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی رحمت سے ڈھانپ لیتا ہے۔ رحمت نازل فرماتا ہے، گناہوں کو مٹاتا ہے اور دعائیں قبول فرماتا ہے۔ اس مہینہ میں اللہ تعالیٰ تمہارے دلوں پر نظر فرماتا ہے اور تمہاری وجہ سے اپنے فرشتوں کے سامنے فخر فرماتا ہے۔ لہٰذا تم اپنے قلب و باطن سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں نیکی پیش کرو کیونکہ بدبخت ہے وہ شخص جو اس ماہ میں بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے محروم رہا۔‘‘

١٨٣ / ٦٥۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذَاكِرُ اللهِ فِي رَمَضَانَ مَغْفُوْرٌ لَهُ، وَسَائِلُ اللهِ فِيْهِ لَا يَخِيْبُ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

’’حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ماہِ رمضان میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا بخش دیا جاتا ہے اور اس ماہ میں اللہ تعالیٰ سے مانگنے والے کو نامراد نہیں کیا جاتا۔‘‘

الحديث رقم ٦٥: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٦ / ١٩٥، الرقم: ٦١٧٠، ٧ / ٢٢٦، الرقم: ٧٣٤١، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣ / ٣١١، الرقم: ٣٦٢٧، والديلمي في مسند الفردوس، ٢ / ٢٤٢، الرقم: ٣١٤١، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢ / ٦٤، الرقم: ١٥٠١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٢ / ٦٤۔

فَصْلٌ فِي فَضْلِ الاعْتِكَافِ

﴿ فضیلتِ اِعتکاف کا بیان ﴾

١٨٤ / ٦٦۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ يَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللهُ ثُمَّ اعْتَكَفَ أَزْوَاجُهُ مِنْ بَعْدِهِ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ رمضان المبارک کے آخری دس دن اعتکاف کیا کرتے تھے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے آپ ﷺ کا وصال مبارک ہو گیا۔ پھر آپ ﷺ کے بعد آپ کی ازواج مطہرات نے بھی اعتکاف کیا ہے۔''

١٨٥ / ٦٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يَعْتَكِفُ فِي كُلِّ

الحديث رقم ٦٦: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الاعتكاف، باب: الاعتكاف في العشر الأواخر والاعتكاف في المساجد، ٢ / ٧١٣، الرقم: ١٩٢٢، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الاعتكاف، باب: اعتكاف العشر الأواخر من رمضان، ٢ / ٨٣١، الرقم: ١١٧٢، وأبوداود فى السنن، كتاب: الصوم، باب: الاعتكاف، ٢ / ٣٣١، الرقم: ٢٤٦٢، والترمذى نحوه فى السنن، كتاب: الصوم عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في الاعتكاف، وقال: حديث حسن صحيح، ٣ / ١٥٧، الرقم: ٧٩٠، والنسائى فى السنن الكبرى، ٢ / ٢٥٨، الرقم: ٣٣٣٨، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الصيام، باب: فى المعتكف يلزم مكانا من المسجد، ١ / ٥٦٤، الرقم: ١٧٧٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦ / ٩٢، الرقم: ٢٤٦٥٧۔

الحديث رقم ٦٧: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الاعتكاف، باب: الاعتكاف فى العشر الأوسط من رمضان، ٢ / ٧١٩، الرقم: ١٩٣٩، وأبوداود فى السنن، كتاب: الصوم، باب: أين يكون الاعتكاف، ٢ / ٣٣٢، الرقم: ٢٤٦٦، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الصيام، باب: ماجاء فى الاعتكاف، ١ / ٥٦٢، الرقم: ١٧٦٩، والنسائى فى السنن الكبرى، ٢ / ٢٥٩، الرقم: ٣٣٤٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢ / ٣٣٦، الرقم: ٨٤١٦، والدارمى فى السنن، ٢ / ٤٣، الرقم: ١٧٧٩۔

رَمَضَانَ عَشْرَةَ أَيَّامٍ، فَلَمَّا كَانَ الْعَامُ الَّذِيَ قُبِضَ فِيْهِ اعْتَكَفَ عِشْرِيْنَ يَوْمًا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر سال رمضان المبارک میں دس دن اعتکاف فرماتے تھے اور جس سال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا اس سال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیس دن اعتکاف کیا۔''

١٨٦/ ٦٨۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم كَانَ يَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ قَالَ نَافِعٌ: وَقَدْ أَرَانِي عَبْدُ اللهِ رضی اللہ عنہ الْمَكَانَ الَّذِي كَانَ يَعْتَكِفُ فِيْهِ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مِنَ الْمَسْجِدِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَبُوْدَاوُدَ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف کیا کرتے تھے۔ نافع کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر نے مجھے مسجد میں وہ جگہ دکھائی جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔''

١٨٧/ ٦٩۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ عُمَرَ رضی اللہ عنہ سَأَلَ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

الحديث رقم ٦٨: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الاعتكاف، باب: اعتكاف العشر الأواخر من رمضان، ٢/ ٨٣٠، الرقم: ١١٧١، وأبوداود فی السنن، كتاب: الصوم، باب: أين يكون الاعتكاف، ٢/ ٣٣٢، الرقم: ٢٤٦٥، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الصيام، باب: فی المعتكف يلزم مكانا من المسجد، ١/ ٥٦٤، الرقم: ١٧٧٣۔

الحديث رقم ٦٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الاعتكاف، باب: الاعتكاف ليلا، ٢/ ٧١٤، الرقم: ١٩٢٧، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الأيمان، باب: نذر الكافر وما يفعل فيه إذا أسلم، ٣/ ١٢٧٧، الرقم: ١٦٥٦، والترمذی فی السنن، كتاب: الأيمان والنذور عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ماجاء في وفاء النذر، ٤/ ١١٢، الرقم: ١٥٣٩، وقال أبوعيسى: حديث عمرو حديث حسن صحيح، وأبوداود فی السنن، كتاب: الأيمان والنذور، باب: من نذر فی الجاهلية ثم أدرك الإسلام، ٣/ ٢٤٢، الرقم: ٣٣٢٥، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الكفارات، باب: الوفاء بالنذر، ١/ ٦٨٧، الرقم: ٢١٢٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/ ٣٧، الرقم: ٢٥٥، والدارمی فی السنن، ٢/ ٢٣٩، الرقم: ٢٣٣٣۔

قَالَ: كُنْتُ نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَنْ أَعْتَكِفَ لَيْلَةً فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ قَالَ: فَأَوْفِ بِنَذْرِكَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا: میں نے دورِ جاہلیت میں منت مانی تھی کہ خانہ کعبہ میں ایک رات کا اعتکاف کروں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی منت پوری کرو۔''

١٨٨ / ٧٠۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ يَمُرُّ الْمَرِيْضَ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ، فَيَمُرُّ كَمَا هُوَ وَلَا يُعَرِّجُ يَسْأَلُ عَنْهُ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کسی مریض کے پاس سے اعتکاف کی حالت میں گذرتے تو بغیر ٹھہرے حسب معمول گزرتے جاتے اور اس کا حال پوچھ لیتے۔''

١٨٩ / ٧١۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ كَانَ إِذَا اعْتَكَفَ طُرِحَ لَهُ فِرَاشُهُ أَوْ يُوضَعُ لَهُ سَرِيْرُهُ وَرَاءَ أُسْطُوَانَةِ التَّوْبَةِ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَابْنُ خُزَيْمَةَ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب اعتکاف فرماتے تو آپ ﷺ کے لئے ستون توبہ کے پیچھے تخت یا بستر بچھا دیا جاتا۔''

الحديث رقم ٧٠: أخرجه أبوداود فى السنن، كتاب: الصوم، باب: المعتكف يعود المريض، ٢ / ٣٣٣، الرقم: ٢٤٧٢، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٤ / ٣٢١، الرقم: ٨٣٧٨۔

الحديث رقم ٧١: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الصيام، باب: المعتكف يلزم مكانا من المسجد، ١ / ٥٦٤، الرقم: ١٧٧٤، وابن خزيمة فى الصحيح، ٣ / ٣٥٠، الرقم: ٢٢٣٦، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١٢ / ٣٨٥، الرقم: ١٣٤٢٤، وفى المعجم الأوسط، ٨ / ٩٤، الرقم: ٨٠٧١، والكنانى فى مصباح الزجاجة، ٢ / ٨٤، الرقم: ٦٤١، وقال: هذا إسناد صحيح۔

١٩٠/ ٧٢۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ فِي الْمُعْتَكِفِ: هُوَ يَعْتَكِفُ الذُّنُوْبَ وَيُجْرَى لَهُ مِنَ الْحَسَنَاتِ كَعَامِلِ الْحَسَنَاتِ كُلِّهَا. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اعتکاف کے بارے میں فرمایا: وہ گناہ سے روک دیتا ہے۔ اس کے لئے ایسی نیکیاں لکھی جاتی ہیں جو تمام نیکیوں پر عمل کرنے والوں کے لئے لکھی جاتی ہیں۔‘‘

١٩١/ ٧٣۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنِ اعْتَكَفَ يَوْمًا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللهِ عزوجل جَعَلَ اللهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّارِ ثَلَاثَ خَنَادِقَ كُلُّ خَنْدَقٍ أَبْعَدُ مِمَّا بَيْنَ الْخَافِقَيْنِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ایک دن اعتکاف کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے اور دوزخ کے درمیان تین خندقوں کا فاصلہ کر دیتا ہے، ہر خندق مشرق سے مغرب کے درمیانی فاصلہ سے زیادہ لمبی ہے۔‘‘

١٩٢/ ٧٤۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ رضي الله عنهما عَنْ أَبِيْهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنِ اعْتَكَفَ عَشْرًا فِي رَمَضَانَ كَانَ كَحَجَّتَيْنِ وَعُمْرَتَيْنِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

الحديث رقم ٧٢: أخرجه ابن ماجه فی السنن، کتاب: الصيام، باب: فی ثواب الاعتکاف، ١/ ٥٦٧، الرقم: ١٧٨١، والديلمی فی مسند الفردوس، ٤/ ٢٠٧، الرقم: ٦٦٣٢، والکنانی فی مصباح الزجاجة، ٢/ ٨٥، الرقم: ٦٤٣۔

الحديث رقم ٧٣: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ٧/ ٢٢٠، الرقم: ٧٣٢٦، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٣/ ٢٦٣، الرقم: ٣٩٧١، وقال: رواه الحاکم وقال: صحيح الإسناد، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٨/ ١٩٢۔

الحديث رقم ٧٤: أخرجه الطبرانی فی المعجم الکبير، ٣/ ١٢٨، الرقم: ٢٨٨٨، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٣/ ٤٢٥، الرقم: ٣٩٦٦-٣٩٦٧، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٢: ٩٦، الرقم: ١٦٤٩، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٣/ ١٧٣۔

’’حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما اپنے والد (حضرت امام حسین علیہ السلام) سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص رمضان المبارک میں دس دن اعتکاف کرتا ہے اس کا ثواب دو حج اور دو عمرہ کے برابر ہے۔‘‘

١٩٣ / ٧٥۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ: قَالَ: تَحَرَّوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْوِتْرِ مِنَ الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ، وفي رواية: فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شبِ قدر کو رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں (اور ایک روایت میں ہے کہ رمضان کی آخری سات طاق راتوں) میں تلاش کیا کرو۔‘‘

١٩٤ / ٧٦۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا بَقِيَ عَشْرٌ مِنْ رَمَضَانَ شَدَّ مِئْزَرَهُ وَاعْتَزَلَ أَهْلَهُ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ.

’’حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا: جب رمضان کے (آخری عشرہ) کے دس دن باقی رہ جاتے تو آپ ﷺ اپنا کمر بند کس لیتے اور اپنے اہلِ خانہ سے الگ ہو (کر عبادت و ریاضت میں مشغول ہو) جاتے۔‘‘

الحديث رقم ٧٥: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: صلاة التراويح، باب: تحري ليلة القدر في الوتر من العشر الأواخر، ٢ / ٧١٠، الرقم: ١٩١٣، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الصيام، باب: فضل ليلة القدر والحث على طلبها وبيان محلى وأرجى روينا طلبها، ٢ / ٨٢٣، الرقم: ١١٦٥ / ١١٦٩، والترمذی فی السنن، كتاب: الصوم عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فی ليلة القدر، وقال حديث عائشة رضي الله عنها حديث حسن صحيح ، ٣ / ١٥٨، الرقم: ٧٩٢، وأبوداود فی السنن، كتاب: الصلاة، باب: من روى فی السبع الأواخر، ٢ / ٥٣، الرقم: ١٣٨٥، ومالك فی الموطأ، ١ / ٣١٩۔٣٢٠، الرقم: ٦٩٣۔٦٩٤۔

الحديث رقم ٧٦: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٦ / ٦٦، الرقم: ٢٤٤٢٢، والسيوطي في الجامع الصغير، ١ / ١٤٣، الرقم: ٢١١۔

فَصْلٌ فِي الصَّدَقَةِ وَالزَّكَاةِ

﴿صدقہ اور زکوٰۃ کا بیان﴾

۱۹۵/۷۷۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه، عَنِ النَّبِيِّ صلی الله عليه وآله وسلم أَنَّهُ قَالَ: خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَلَى ظَهْرِ غِنىً، وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت ابوہریرہ رضی الله عنه روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: بہترین صدقہ وہ ہے جس کے بعد (بھی) خوشحالی قائم رہے، اور اِبتداء ان لوگوں سے کرو جو تمہارے زیرِکفالت ہوں۔‘‘

۱۹۶/۷۸۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: يَا ابْنَ آدَمَ! إِنَّكَ أَنْ تَبْذُلَ الْفَضْلَ خَيْرٌ لَكَ، وَأَنْ تُمْسِكَهُ شَرٌّ لَكَ. وَلَا تُلَامُ عَلَى كَفَافٍ وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ. وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْ عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

الحديث رقم ۷۷: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: النفقات، باب: وجوب النفقة على الأهل والعيال، ۵/۲۰۸، الرقم: ۵۰۴۱، وأبوداود فی السنن، كتاب: الزكاة، باب: الرجل يخرج من ماله، ۲/۱۲۹، الرقم: ۱۶۷۶، والنسائی فی السنن، كتاب: الزكاة، باب: أی الصدقة أفضل، ۵/۶۹، الرقم: ۲۵۴۴۔

الحديث رقم ۷۸: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: بيان أن اليد العليا خير من اليد السفلى، ۲/۷۱۸، الرقم: ۱۰۳۶، والترمذی فی السنن، كتاب: الشهادات عن رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم، باب: منه (۳۲)، ۴/۵۷۳، الرقم: ۲۳۴۳، والبيهقی فی السنن الكبرى، ۴/۱۸۲، الرقم: ۷۵۷۰، وفی شعب الإيمان، ۳/۲۲۴، الرقم: ۳۳۸۶، والرؤيانی فی المسند، ۲/۳۰۳، الرقم: ۱۲۵۱، والطيالسی مثله فی المسند، ۱/۴۰، الرقم: ۳۱۲، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۱/۳۳۴، الرقم: ۱۲۳۰۔

’’حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے ابن آدم! تیرے لیے ضرورت سے زائد چیز کا خرچ کرنا بہتر ہے اور(ضرورت سے زائداپنے پاس) روکے رکھنا تیرے لئے برا ہے، اوربقدرِضرورت (اپنے پاس) رکھنے پر تجھے کچھ ملامت نہیں اور پہلے ان پر خرچ کرو جو تمہارے زیرکفالت ہیں اور اُوپر کا ہاتھ (یعنی دینے والا ہاتھ) نیچے کے ہاتھ(یعنی لینے والے ہاتھ) سے بہتر ہے۔‘‘

١٩٧/ ٧٩۔ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! أَرَأَيْتَ إِنْ أَدَّى الرَّجُلُ زَكَاةَ مَالِهِ؟ فَقَالَ: مَنْ أَدَّى زَكَاةَ مَالِهِ فَقَدْ ذَهَبَ عَنْهُ شَرُّهُ.

رَوَاهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَالطَّبَرَانِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس شخص کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے جس نے اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کردی؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کر دی، اس مال کا شراس سے جاتا رہا۔‘‘

١٩٨/ ٨٠۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِذَا أَدَّيْتَ الزَّكَاةَ فَقَدْ قَضَيْتَ مَا عَلَيْكَ، وَمَنْ جَمَعَ مَالًا حَرَامًا ثُمَّ تَصَدَّقَ بِهِ لَمْ يَكُنْ لَهُ فِيْهِ أَجْرٌ، وَكَانَ أَجْرُهُ عَلَيْهِ.

رَوَاهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

الحديث رقم ٧٩: أخرجه ابن خزيمة فى الصحيح، ٤/ ١٣، الرقم: ٢٢٥٨، والحلكم فى المستدرك، ١/ ٥٤٧، الرقم: ١٤٣٩، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٢/ ١٦١، الرقم: ١٥٧٩، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١/ ٣٠١، الرقم: ١١١١، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٣/ ٦٣۔

الحديث رقم ٨٠: أخرجه ابن خزيمة فى الصحيح، ٤/ ١١٠، الرقم: ٢٤٧١، وابن حبان فى الصحيح ٥/ ١١، الرقم: ٣٢١٦، والحلكم فى المستدرك، ١/ ٥٤٧، الرقم: ١٤٤٠۔

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تو نے (اپنے مال کی) زکوٰۃ ادا کر دی تو تو نے اپنا فرض ادا کر دیا۔ اور جو شخص حرام مال جمع کرے پھر اسے صدقہ کردے اسے اس صدقہ کا کوئی ثواب نہیں ملے گا بلکہ اس کا بوجھ اس پر ہوگا۔‘‘

۱۹۹/۸۱۔ عَنِ الْحَسَنِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: حَصِّنُوْا أَمْوَالَكُمْ بِالزَّكَاةِ، وَدَاوُوْا أَمْرَاضَكُمْ بِالصَّدَقَةِ، وَاسْتَقْبِلُوْا أَمْوَاجَ الْبَلَاءِ بِالدُّعَاءِ وَالتَّضَرُّعِ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

’’حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے مال و دولت کو زکوٰۃ کے ذریعے بچاؤ اور اپنی بیماریوں کا علاج صدقہ کے ذریعے کرو اور مصیبت کی لہروں کا سامنا دعا اور گریہ و زاری کے ذریعے کرو۔‘‘

۲۰۰/۸۲۔ عَنْ عَلْقَمَةَ رضی اللہ عنہ، قَالَ: فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ تَمَامَ إِسْلَامِكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا زَكَاةَ أَمْوَالِكُمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالشَّيْبَانِيُّ.

’’حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں فرمایا: تمہارے اسلام کی تکمیل یہ ہے کہ تم اپنے مال کی (کامل) زکوٰۃ ادا کیا کرو۔‘‘

الحديث رقم ۸۱: أخرجه أبوداود فی السنن، كتاب: المراسيل: ۱۳۳، والطبرانی عن عبد الله بن مسعود رضی اللہ عنہ فی المعجم الأوسط، ۲/۲۷۹، الرقم: ۱۹۲۳ وفی المعجم الكبير، ۱۰/۱۲۸، الرقم: ۱۰۱۹٤، والبيهقی فی شعب الإيمان، ۳/۲۸۲، الرقم: ۳۵۵۸، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۱/۳۰۱، الرقم: ۱۱۱۲، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ۳/٦۳۔

الحديث رقم ۸۲: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ۱۸/۸، الرقم: ٦، وابن قانع فی معجم الصحابة، ۲/ ۲۸۵، الرقم: ۸۱٦، والشيبانی فی الآحاد والمثانی، ٤/۳۰۹، الرقم: ۲۳۳٤، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۱/۳۰۱، الرقم: ۱۱۱۳، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ۳/٦۲، وقال: رواه البزار۔

٢٠١ / ٨٣۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ الصَّدَقَةَ لَتُطْفِيءُ غَضَبَ الرَّبِّ، وَتَدْفَعُ عَنْ مِيْتَةِ السُّوْءِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیشک صدقہ اللہ تعالیٰ کے غصہ کو ٹھنڈا کرتا ہے اور بری موت سے بچاتا ہے۔''

٢٠٢ / ٨٤۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: تَبَسُّمُکَ فِي وَجْهِ أَخِيْکَ لَکَ صَدَقَةٌ، وأَمْرُکَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهْيُکَ عَنِ الْمُنْکَرِ صَدَقَةٌ، وَإِرْشَادُکَ الرَّجُلَ فِي أَرْضِ الضَّلَالِ لَکَ صَدَقَةٌ، وَبَصَرُکَ لِلرَّجُلِ الرَّدِيءِ الْبَصَرِ لَکَ صَدَقَةٌ، وَإِمَاطَتُکَ الْحَجَرَ وَالشَّوْکَةَ وَالْعَظْمَ عَنِ الطَّرِيْقِ لَکَ صَدَقَةٌ، وَإِفْرَاغُکَ مِنْ دَلْوِکَ فِي دَلْوِ أَخِيْکَ لَکَ صَدَقَةٌ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

الحديث رقم ٨٣: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الزكاة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في فضل الصَّدَقَةِ، ٣ / ٥٢، الرقم: ٦٦٤، وابن حبان في الصحيح، ٨ / ١٠٣، الرقم: ٣٣٠٩، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣ / ٢١٣، الرقم: ٣٣٥١، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٥ / ٢١٨، الرقم: ١٨٩٧، وابن رجب في جامع العلوم والحكم، ١ / ٢٧٢، والديلمي في مسند الفردوس، ٢ / ٤١٣، الرقم: ٣٨٣٤، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢ / ٧، الرقم: ١٢٨٣۔

الحديث رقم ٨٤: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في صَنَائِعِ المعروف، ٤ / ٣٣٩، الرقم: ١٩٥٦، وابن حبان في الصحيح، ٢ / ٢٨٦، الرقم: ٥٢٩، والطبراني في المعجم الأوسط، ٨ / ١٨٣، الرقم: ٨٣٤٢، والبزار في المسند، ٩ / ٤٥٧، الرقم: ٤٠٧٠، وابن رجب في جامع العلوم والحكم، ١ / ٢٣٥، والمروزي في تعظيم قدر الصلاة، ٢ / ٨١٧، الرقم: ٨١٣، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٣ / ٢٨٢، الرقم: ٤٠٧٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٣ / ١٣٤، وفي موارد الظمآن، ١ / ٢٢٠، الرقم: ٨٦٤۔

’’حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارا اپنے مسلمان بھائی کے سامنے مسکرانا بھی صدقہ ہے، تمہارا نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا بھی صدقہ ہے، اور تمہارا بھٹکے ہوئے کو راستہ دکھانا بھی تمہارے لیے صدقہ ہے، اور تمہارا کسی اندھے کو راستہ دکھانا بھی تمہارے لیے صدقہ ہے، اور تمہارا راستے سے پتھر، کانٹا اور ہڈی (وغیرہ تکلیف دہ چیز) کا ہٹانا بھی تمہارے حق میں صدقہ ہے اور اپنے ڈول سے دوسرے بھائی کی بالٹی میں پانی ڈالنا بھی صدقہ ہے۔‘‘

۲۰۳/۸۵۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: يُصْبِحُ عَلَى كُلِّ سُلَامَى مِنْ أَحَدِكُمْ صَدَقَةٌ. فَكُلُّ تَسْبِيْحَةٍ صَدَقَةٌ. وَكُلُّ تَحْمِيْدَةٍ صَدَقَةٌ. وَكُلُّ تَهْلِيْلَةٍ صَدَقَةٌ. وَكُلُّ تَكْبِيْرَةٍ صَدَقَةٌ وَأَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ صَدَقَةٌ وَنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ وَيُجْزِئُ مِنْ ذٰلِكَ رَكْعَتَانِ يَرْكَعُهُمَا مِنَ الضُّحَى. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

’’حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک کے جوڑ پر صدقہ ہے جب وہ صبح کرے، (ہر جوڑ کی طرف سے ادائیگی صدقہ یہ ہے کہ) ہر دفعہ ﴿سُبْحَانَ اللهِ﴾ کہنا صدقہ ہے اور ہر دفعہ ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ﴾ کہنا صدقہ ہے اور ہر دفعہ ﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ﴾ کہنا صدقہ ہے اور ہر دفعہ ﴿اَللهُ أَكْبَرُ﴾ کہنا صدقہ ہے اور نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا بھی صدقہ ہے اور ان سب کی طرف سے چاشت کے دو نفل کافی ہیں۔‘‘

الحديث رقم ۸۵: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: صلاة المسافرين وقصرها، باب: استحباب صلاة الضحى، ۱/۴۹۸، الرقم: ۷۲۰، وفی كتاب: الزكاة، باب: بيان أن اسم الصدقة يقع على كل نوع من المعروف، ۲/۶۰۷، الرقم: ۱۰۰۶، وابن حبان فی الصحيح، ۳/۱۱۹، الرقم: ۸۳۸، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۵/۱۶۷، الرقم: ۲۱۵۱۱، ۷۶۱۲، والبيهقی فی السنن الكبرى، ۳/۴۷، الرقم: ۴۶۷۷، ۷۶۱۲، والبزار فی المسند، ۹/۳۵۲، الرقم: ۳۵۲، وابن أبی شيبة فی المصنف، ۶/۵۴، الرقم: ۲۹۴۶۰، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۱/۲۶۴، الرقم: ۹۹۴.

فَصْلٌ فِي الصَّدَقَةِ عَلَى الْأَهْلِ وَ الْأَقَارِبِ

﴿اَعزّاء و اَقرِباء پر صدقہ کرنے کا بیان﴾

٢٠٤/٨٦۔ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِذَا أَنْفَقَ الرَّجُلُ عَلَى أَهْلِهِ يَحْتَسِبُهَا فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ. مُتَّفَقٌ عَلَيهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت ابومسعود رضی الله عنه روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب آدمی اپنے اہل وعیال پر ثواب کی نیت سے خرچ کرتا ہے تو وہ (جو کچھ خرچ کرتا ہے) اس کے لیے صدقہ (کا ثواب) ہے۔''

٢٠٥/٨٧۔ عَنْ ثَوْبَانَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَفْضَلُ دِيْنَارٍ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ دِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ عَلَى عِيَالِهِ. وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلَى دَابَّتِهِ فِي

الحديث رقم ٨٦: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: ماجاء أن الأعمال بالنية والحسبة، ولكل امری ءٍ مانوی، ١/٣٠، الرقم: ٥٥، ومسلم فی الصحيح كتاب: الزكوة، باب: فضل النفقة والصدقة على الأقربين والزوج والأولاد والوالدين ولو كانوا مشركين، ٢/٦٩٥، الرقم: ١٠٠٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/١٢٢۔

الحديث رقم ٨٧: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: فضل النفقة على العيال والمملوك وإثم من ضيعهم أوحبس نفقتهم عنهم، ٢/٦٩١، الرقم: ٩٩٤، والترمذی فی السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ ، باب: ماجاء فی النفقَةِ عَلَى الأَهْلِ، ٤/٣٤٤، الرقم: ١٩٦٦، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الجهاد، باب: فضل النفقة فی سبيل الله تعالى، ٢/٩٢٢، الرقم: ٢٧٦٠، والنسائی فی السنن الكبرى، ٥/٣٧٦، الرقم: ٩١٨٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/٢٧٩، الرقم: ٢٢٤٥٩، ٢٢٥٠٦، وابن حبان فی الصحيح، ١٠/٥٣، الرقم: ٤٢٤٢، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٤/١٧٨، الرقم: ٧٥٤٦، وفی شعب الإيمان، ٣/٢٣٧، الرقم: ٣٤٢٢، والبخاری فی الأدب المفرد، ١/٢٦٢، الرقم: ٧٤٨، وابن رجب فی جامع العلوم والحكم، ١/٢٣٦، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٣/٤١، الرقم: ٢٩٩٨۔

سَبِيْلِ اللهِ. وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ عَلَى أَصْحَابِهِ فِي سَبِيْلِ اللهِ. قَالَ أَبُوقِلَابَةَ: وَبَدَأَ بِالْعِيَالِ: ثُمَّ قَالَ أَبُوْقِلَابَةَ: وَأَيُّ رَجُلٍ أَعْظَمُ أَجْرًا مِنْ رَجُلٍ يُنْفِقُ عَلَى عِيَالٍ صِغَارٍ، يُعِفُّهُمْ أَوْ يَنْفَعُهُمُ اللهُ بِهِ، وَ يُغْنِيهِمْ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بہترین دینار وہ ہے جو کوئی شخص اپنے اہل و عیال پر خرچ کرتا ہے، بہترین دینار وہ ہے جو کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی سواری پر خرچ کرتا ہے اور بہترین دینار وہ ہے جو کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنے ساتھیوں پر خرچ کرتا ہے۔ ابو قلابہ نے کہا: آپ نے گھر والوں پر خرچ سے شروع کیا تھا۔ پھر ابوقلابہ نے کہا: اس شخص سے زیادہ اور کس کا اجر ہوگا جو اپنے چھوٹے بچوں پر خرچ کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس شخص کے سبب اُن بچوں کو نفع دیتا ہے اور غنی کرتا ہے۔''

۲۰۶/۸۸۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: دِيْنَارٌ أَنْفَقْتَهُ فِي سَبِيْلِ اللهِ. وَدِيْنَارٌ أَنْفَقْتَهُ فِي رَقَبَةٍ وَدِيْنَارٌ تَصَدَّقْتَ بِهِ عَلَى مِسْكِيْنٍ. وَدِينَارٌ أَنْفَقْتَهُ عَلَى أَهْلِكَ أَعْظَمُهَا أَجْرًا الَّذِي أَنْفَقْتَهُ عَلَى أَهْلِكَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک دینار وہ ہے جسے تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہو، ایک دینار وہ ہے جسے تم مسکین پر صدقہ کرتے ہو اور ایک دینار وہ ہے جسے تم اپنے اہل خانہ پر خرچ کرتے ہو ان میں سب سے زیادہ

الحديث رقم ۸۸: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: فضل النفقة على العيال والمملوك وإثم من ضيعهم أو حبس نفقتهم عنهم، ۲/۶۹۲، الرقم: ۹۹۵، والبخاری فی الأدب المفرد، ۱/۲۶۳، الرقم: ۷۵۱، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۲/۴۷۶، الرقم: ۱۰۱۷۷، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ۹/۳۹، الرقم: ۹۰۷۹، والديلمی فی مسند الفردوس، ۲/۲۲۲، الرقم: ۳۰۷۹، وابن رجب فی جامع العلوم والحكم، ۱/۲۳۶، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۳/۴۱، الرقم: ۲۹۹۷۔

اجراس دینار پر ملے گا جسے تم اپنے اہل خانہ پر خرچ کرتے ہو۔‘‘

٢٠٧/ ٨٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: أَمَرَ النَّبِيُّ ﷺ بِالصَّدَقَةِ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَارَسُوْلَ اللهِ عِنْدِي دِيْنَارٌ. قَالَ: فَقَالَ: تَصَدَّقْ بِهِ عَلَى نَفْسِکَ. قَالَ: عِنْدِي آخَرُ قَالَ: تَصَدَّقْ بِهِ عَلَى وَلَدِکَ: قَالَ: عِنْدِي آخَرُ. قَالَ: تَصَدَّقْ بِهِ عَلَى زَوْجَتِکَ أَوْ زَوْجِکَ. قَالَ: عِنْدِي آخَرُ قَالَ. أَنْتَ أَبْصَرُ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ الْحَاکِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے صدقہ کرنے کا حکم فرمایا تو ایک آدمی نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے پاس ایک دینار ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اسے اپنے اوپر خرچ کرلو۔ اس نے عرض کیا: میرے پاس اور بھی ہے۔ فرمایا: اسے اپنی اولاد پر خرچ کرلو، عرض کیا: میرے پاس اور بھی ہے۔ فرمایا: اسے اپنی بیوی پر خرچ کرلو۔ عرض کیا: میرے پاس اور بھی ہے فرمایا: جس کے لیے تم مناسب سمجھو (اس پر خرچ کرو)۔‘‘

٢٠٨/ ٩٠۔ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ رضي الله عنه، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: الصَّدَقَةُ

الحديث رقم ٨٩: أخرجه أبوداود فی السنن، کتاب: الزکاة، باب: فی صلة الرحم، ٢/ ١٣٢، الرقم: ١٦٩١، والنسائی فی السنن، کتاب: الزکاة، باب: تفسير لك، ٥/ ٦٢، الرقم: ٢٥٣٥، وفی السنن الکبری، ٢/ ٣٤، الرقم: ٢٣١٤، ٩١٨١، والبخاری فی الأدب المفرد، ١/ ٧٨، الرقم: ١٩٧، ٧٥٠، وابن حبان فی الصحيح، ٨/ ١٢٦، الرقم: ٣٣٣٧، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٨/ ٢٣٧، الرقم: ٨٥٠٨، والحاکم فی المستدرك، ١/ ٥٨٥، الرقم: ١٥١٤، والبيهقی فی السنن الکبری، ٧/ ٤٦٦، وفی شعب الإيمان، ٣/ ٢٣٦، الرقم: ٣٤٢١، والشافعی فی المسند، ١/ ٢٦٦، والشافعی فی السنن الماثورة، ١/ ٣٩٣، الرقم: ٥٤٩، وأبو المحاسن فی معتصر المختصر، ١/ ١٢٦، والحميدی فی المسند، ٢/ ٤٩٥، الرقم: ١١٧٦، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٣/ ٤٢، الرقم: ٣٠٠٥۔

الحديث رقم ٩٠: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: الزکوة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فی الصدقة علی ذی القرابة، ٣/ ٤٦، الرقم: ٦٥٨، والنسائی فی ←

عَلَى الْمِسْكِيْنِ صَدَقَةٌ وَعَلَى ذِي الرَّحِمِ ثِنْتَانِ صَدَقَةٌ وَصِلَةٌ.

رَوَاهُ التِّرمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کسی حاجت مند کو صدقہ دینا (صرف) ایک صدقہ ہے اور رشتہ دار کو صدقہ دینا دو صدقات (کے برابر) ہیں، ایک صدقہ اور دوسرا صلہ رحمی۔''

------ السنن، کتاب: الزکوة، باب: الصدقة علی الأقارب، ٥ / ٩٢، الرقم: ٢٥٨٢، وابن ماجه فی السنن، کتاب: الزکاة، باب: فضل الصدقة، ١ / ٥٩١، الرقم: ١٨٤٤، وابن خزيمة فی الصحيح، ٨ / ١٣٢، الرقم: ٣٣٤٤، والحاکم فی المستدرک، ١ / ٥٦٤، الرقم: ١٤٧٦.

فَصْلٌ فِي الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

﴿حج اور عمرہ کا بیان﴾

٢٠٩ / ٩١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ حَجَّ هَذَا الْبَيْتَ، فَلَمْ يَرْفُثْ، وَلَمْ يَفْسُقْ، رَجَعَ كَمَا وَلَدَتْهُ أُمُّهُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے اس گھر (کعبہ) کا حج کیا پس وہ نہ تو عورت کے قریب گیا اور نہ ہی کوئی گناہ کیا تو (تمام گناہوں سے پاک ہوکر) اس طرح واپس لوٹا جیسے اس کی ماں نے اُسے جنم دیا تھا۔''

٢١٠ / ٩٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْعُمْرَةُ إِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا، وَالْحَجُّ الْمَبْرُوْرُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک عمرہ

الحديث رقم ٩١: أخرجه البخاری فی الصحيح، أبواب: العمرة، باب: قول الله تعالى: فلا رفث، ٢/٦٤٥، الرقم: ١٧٢٣، ١٤٤٩، ١٧٢٤، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الحج، باب: فضل الحج والعمرة ويوم عرفة، ٢/٩٨٣، الرقم: ١٣٥٠، والنسائی فی السنن، كتاب: مناسك الحج، باب: فضل الحج، ٥/١١٤، الرقم: ٢٦٢٧، وابن ماجه فی السنن، كتاب: المناسك، باب: فضل الحج والعمرة، ٢/٩٦٤، الرقم: ٢٨٨٧۔

الحديث رقم ٩٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، أبواب: العمرة، باب: وجوب العمرة وفضلها، ٢/٦٢٩، الرقم: ١٦٨٣، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الحج، باب: فی فضل الحج والعمرة ويوم عرفة، ٢/٩٨٣، الرقم: ١٣٤٩، والترمذی فی السنن، كتاب: الحج عن رسول الله ﷺ، باب: ما ذكر فی فضل العمرة، ٣/٢٧٢، الرقم: ٩٣٣ وقال أبوعيسى: هذا حديث حسن صحيح، والنسائی فی السنن، كتاب: مناسك الحج، باب: فضل العمرة، ٥/١١٥، الرقم: ٢٦٢٩، وابن ماجه فی السنن، كتاب: المناسك، باب: فضل الحج والعمرة، ٢: ٩٦٤، الرقم: ٢٨٨٨۔

سے دوسرے عمرہ تک کا درمیانی عرصہ گناہوں کا کفارہ ہے، اور حج مبرور (مقبول) کا بدلہ جنت ہی ہے۔‘‘

۲۱۱/۹۳۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَنْ لَمْ يَمْنَعْهُ مِنَ الْحَجِّ حَاجَةٌ ظَاهِرَةٌ أَوْ سُلْطَانٌ جَائِرٌ أَوْ مَرَضٌ حَابِسٌ، فَمَاتَ وَلَمْ يَحُجَّ فَلْيَمُتْ إِنْ شَآءَ يَهُوْدِيًّا وَإِنْ شَآءَ نَصْرَانِيًّا.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

’’حضرت ابو اُمامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو فریضۂ حج کی ادائیگی میں کوئی ظاہری ضرورت یا کوئی ظالم بادشاہ یا روکنے والی بیماری (یعنی سخت مرض) نہ روکے اور وہ پھر (بھی) حج نہ کرے اور (فریضہ حج کی ادائیگی کے بغیر ہی) مر جائے تو چاہے وہ یہودی ہو کر مرے یا عیسائی ہو کر (اللہ تعالیٰ کو اس کی کوئی فکر نہیں ہے)۔‘‘

۲۱۲/۹۴۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اَلْحُجَّاجُ وَالْعُمَّارُ وَفْدُ اللهِ. إِنْ دَعَوْهُ أَجَابَهُمْ، وَإِنِ اسْتَغْفَرُوْهُ غَفَرَ لَهُمْ.

وَفِي رِوَايَةٍ: اَلْغَازِيُّ فِي سَبِيْلِ اللهِ وَالْحَاجُّ وَالْمُعْتَمِرُ.

الحديث رقم ۹۳: أخرجه الترمذي فی السنن، کتاب: الحج عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: مَا جَاء فِي التَّغْلِيظِ فی ترك الحج، ۳/۱۷۶، الرقم: ۸۱۲، والدارمی فی السنن، ۲/۴۵ الرقم: ۱۷۸۵، وابن أبي شيبة فی المصنف، ۳/۳۰۵، الرقم: ۱۴۴۵۰، والبيهقی فی السنن الكبرى، ۴/۳۳۴، الرقم: ۸۴۴۳، وفی شعب الإيمان، ۳/۴۳۰، الرقم: ۳۹۷۹، والديلمی فی مسند الفردوس، ۳/۶۲۵، الرقم: ۵۹۵۱، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۲/۱۳۷، الرقم: ۱۸۲۰۔

الحديث رقم ۹۴: أخرجه ابن ماجه فی السنن، کتاب: المناسك، باب: فضل دعاء الحج، ۲/۹، الرقم: ۲۸۹۲، وابن حبان فی الصحيح، ۹/۴۴۷، الرقم: ۳۶۹۲، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ۶/۲۴۷، الرقم: ۶۳۱۱، والبيهقی فی السنن الكبرى، ۵/۲۶۲، الرقم: ۱۰۱۶۸، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۲/۱۰۷، الرقم: ۱۶۹۷، وَ قَالَ الْمُنْذِرِيُّ: رَوَاهُ الْبَزَّارُ وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حج اور عمرہ کرنے والے اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں، وہ اس سے دعا کریں تو ان کی دعا قبول کرتا ہے اور اگر اس سے بخشش طلب کریں تو انہیں بخش دیتا ہے۔ (ایک روایت میں) جہاد کرنے والا، حج کرنے والا اور عمرہ کرنے والا (کے الفاظ بھی ہیں)۔''

٢١٣/ ٩٥۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ دَخَلَ الْبَيْتَ دَخَلَ فِي حَسَنَةٍ وَخَرَجَ مِنْ سَيِّئَةٍ مَغْفُوْرًا لَهُ.

رَوَاهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص بیت اللہ میں داخل ہوگیا وہ نیکی میں داخل ہوگیا اور برائی سے خارج ہو کر مغفرت پا گیا۔''

٢١٤/ ٩٦۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، قَدْ فُرِضَ عَلَيْكُمُ الْحَجَّ فَحُجُّوْا. فَقَالَ رَجُلٌ: أَكُلَّ عَامٍ يَارَسُوْلَ اللهِ؟ فَسَكَتَ حَتَّى قَالَهَا ثَلَاثاً. فَقَالَ: لَوْ قُلْتُ: نَعَمْ، لَوَجَبَتْ وَلَمَّا اسْتَطَعْتُمْ. ثُمَّ قَالَ: ذَرُوْنِي مَا تَرَكْتُكُمْ، فَإِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ

الحديث رقم ٩٥: أخرجه ابن خزيمة فى الصحيح، ٤/٣٣٢، الرقم: ٣٠١٣، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١١/٢٠٠، الرقم: ١١٤٩٠، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٣/٢٩٣۔

الحديث رقم ٩٦: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الحج، باب: فرض الحج مرة فى العمر، ٢/٩٧٥ الرقم: ١٣٣٧، والترمذى فى السنن، كتاب: الحج عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء كم فرض الحج، ٣/١٧٨، الرقم: ٨١٤، والنسائى فى السنن، كتاب: مناسك الحج، باب: وجوب الحج، ٥/١١٠، الرقم: ٢٦١٩، وابن ماجة فى السنن، كتاب: المناسك، باب: فرض الحج، ٢/٩٦٣، الرقم: ٢٨٨٤، وابن خزيمة فى الصحيح، ٤/١٢٩، الرقم: ٢٥٠٨۔

قَبْلَكُمْ بِكَثْرَةِ سُؤَالِهِمْ، وَاخْتِلَافِهِمْ عَلَى أَنْبِيَائِهِمْ، فَإِذَا أَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ فَأْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ، وَإِذَا نَهَيْتُكُمْ عَنْ شَيْءٍ فَدَعُوْهُ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا اور فرمایا: اے لوگو! تم پر حج فرض کر دیا گیا ہے پس حج کیا کرو۔ ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا ہر سال حج فرض ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاموش رہے یہاں تک کہ تین مرتبہ اس نے یہی عرض کیا۔ اس کے بعد حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر میں ہاں کہہ دیتا تو (ہر سال) فرض ہو جاتا اور پھر تم اس کی طاقت نہ رکھتے۔ پھر فرمایا: میری اتنی ہی بات پر اکتفا کیا کرو جس پر میں تمہیں چھوڑوں، اس لئے کہ تم سے پہلے لوگ زیادہ سوال کرنے اور اپنے انبیاء سے اختلاف کرنے کی بناء پر ہی ہلاک ہوئے تھے، لہٰذا جب میں تمہیں کسی شے کا حکم دوں تو بقدر استطاعت اسے بجا لایا کرو اور جب کسی شے سے منع کروں تو اسے چھوڑ دیا کرو۔''

۲۱۵/۹۷۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فِي الْحَجَرِ: وَاللهِ لَيَبْعَثُهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَهُ عَيْنَانِ يُبْصِرُ بِهِمَا، وَلِسَانٌ يَنْطِقُ بِهِ يَشْهَدُ عَلَى مَنِ اسْتَلَمَهُ بِحَقٍّ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ وَابْنُ خَزِيْمَةَ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجرِ اسود کے متعلق فرمایا: اللہ تعالیٰ کی قسم! قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے دو آنکھیں عطا فرمائے گا جن سے یہ دیکھے گا اور ایک زبان عطا فرمائے گا جس سے یہ بولے گا اور ہر اس شخص کے متعلق گواہی دے گا جس نے حالتِ ایمان میں اسے بوسہ دیا۔''

الحديث رقم ۹۷: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: الحج عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ماجاء فی الحجر الأسود، ۳/۲۹٤، الرقم: ۹۷۱، وابن خزيمة فی الصحيح، ٤/۲۲۰، الرقم: ۲۷۳۵، وابن حبان فی الصحيح، ۹/۲۵، الرقم: ۳۷۱۲، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۱/۲٤۷، الرقم: ۲۲۱۵، والبيهقی فی السنن الكبرى، ۵/۷۵، الرقم: ۹۰۱٤۔

٢١٦/٩٨۔ عَنْ عَابِسِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ عُمَرَ رضي الله عنه أَنَّهُ جَاءَ إِلَى الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ فَقَبَّلَهُ، فَقَالَ: إِنِّي أَعْلَمُ أَنَّکَ حَجَرٌ، لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ، وَلَوْلَا أَنِّي رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ يُقَبِّلُکَ ما قَبَّلْتُکَ. وفي رواية: قَالَ عُمَرُ: شَيءٌ صَنَعَهُ النَّبِيُّ ﷺ فَلاَ نُحِبُّ أَنْ نَتْرُکَهُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

’’حضرت عابس بن ربیعہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حجرِ اسود کے پاس آئے اور اسے بوسہ دے کر کہا: میں خوب جانتا ہوں کہ تو پتھر ہے نہ تو نقصان پہنچا سکتا ہے اور نہ نفع۔ اگر میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں کبھی تجھے بوسہ نہ دیتا۔ (اور ایک روایت میں ہے کہ) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ وہ کام ہے جسے حضور نبی اکرم ﷺ نے ادا فرمایا ہے پس ہم نہیں چاہتے کہ اسے ترک کر دیں۔‘‘

الحديث رقم ٩٨: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الحج، باب: ما ذُكر فی الحجر الأسود، ٢/٥٧٩، الرقم: ١٥٢٠، ١٥٢٨، ومسلم في الصحيح، كتاب: الحج، باب: استحباب تقبيل الحجر الأسود في الطواف، ٢/٩٢٥، الرقم: ١٢٧٠، وأبوداود في السنن، كتاب: المناسك، باب: في تقبيل الحجر، ٢/١٧٥، الرقم: ١٨٧٣، والنسائي في السنن، كتاب: مناسك الحج، باب: كيف يقبل، ٥/٢٢٧، الرقم: ٢٩٣٨، وابن ماجه فی السنن، باب: استلام الحجر، ٢/٩٨١، الرقم: ٢٩٤٣، ومالك في الموطأ، ١/٣٦٧، الرقم: ٨١٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/١٦، الرقم: ٩٩، والبزار في المسند، ١/٩٤٩، الرقم: ١٣٩، وابن حبان في الصحيح، ٤/٢١٢، الرقم: ٢٧١١۔

فَصْلٌ فِي فَضَائِلِ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ

﴿فضائلِ مکّہ مکرّمہ کا بیان﴾

٢١٧ / ٩٩۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لَيْسَ مِنْ بَلَدٍ إِلَّا سَيَطَؤُهُ الدَّجَّالُ إِلَّا مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةَ لَيْسَ لَهُ مِنْ نِقَابِهَا نَقْبٌ إِلَّا عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ صَافِّيْنَ يَحْرُسُوْنَهَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی شہر ایسا نہیں جسے دجال نہ روندے سوائے مکّہ مکرّمہ اور مدینہ منوّرہ کے۔ ان کے راستوں میں سے ہر راستہ پر صف بستہ فرشتے حفاظت کر رہے ہوں گے۔''

٢١٨ / ١٠٠۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: يَوْمَ افْتَتَحَ مَكَّةَ، فَإِنَّ هَذَا بَلَدٌ حَرَّمَهُ اللهُ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضَ، وَهُوَ

الحديث رقم ٩٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل المدينة، باب: لا يدخل الدجال المدينة، ٢ / ٦٦٥، الرقم: ١٧٨٢، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الفتن وأشراط الساعة، باب: قصة الجساسة، ٤ / ٢٢٦٥، الرقم: ٢٩٤٣، والنسائی فی السنن الكبرى، ٢ / ٤٨٥، الرقم: ٤٢٧٤، وابن حبان فی الصحيح، ١٥ / ٢١٤، الرقم: ٦٨٠٣، والمقرئ فی السنن الواردة فی الفتن، ٦ / ١١٦٣، الرقم: ٦٣٨۔

الحديث رقم ١٠٠: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: جزاء الصَّيدِ، باب: لا يحل القتال بمكة، ٢ / ٦٥١، الرقم: ١٧٣٧، وفی كتاب: الجزية، باب: إثم الغادر للبر والفاجر، ٣ / ١١٦٤، الرقم: ٣٠١٧، ومسلم في الصحيح، كتاب: الحج، باب: تحريم مكة وصيدها وخلاها وشجرها ولقطتها إلا لمنشد على الدوام، ٢ / ٩٨٦، الرقم:١٣٥٣، والنسائی فی السنن، كتاب: مناسك الحج، باب: حرمة مكة، ٥ / ٢٠٣، الرقم: ٢٨٧٤، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١ / ٢٥٩، الرقم: ٢٣٥٣، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٣ / ٤٤١، الرقم: ٤٠٠٧۔

حَرَامٌ بِحُرْمَةِ اللهِ إِلَى يَومِ الْقِيَامَةِ، وَإِنَّهُ لَمْ يَحِلَّ الْقِتَالُ فِيْهِ لِأَحَدٍ قَبْلِي، وَلَمْ يَحِلَّ لِي إِلَّا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ فَهُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَةِ اللهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، لَا يُعْضَدُ شَوْكُهُ وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهُ، وَلَا يَلْتَقِطُ لُقَطَتَهُ إِلَّا مَنْ عَرَّفَهَا وَلَا يُخْتَلَى خَلَاهَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضي الله عنهما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے جب مکہ مکرمہ فتح کیا تو اس روز فرمایا: اس شہر کو اللہ تعالیٰ نے اس دن سے حرمت عطا فرمائی ہے جس روز آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا تھا اور وہ اللہ تعالیٰ کی حرمت کے باعث تا قیامت حرام ہے اور اِس میں جنگ کرنا کسی کے لئے نہ مجھ سے پہلے حلال ہوا نہ میرے لئے مگر دن کی ایک ساعت کے لئے، پس وہ اللہ تعالیٰ کی حرمت کے ساتھ قیامت تک حرام ہے۔ نہ اِس کا کانٹا توڑا جائے اور نہ اس کا شکار بھڑکایا جائے اور اس کی گری پڑی چیز صرف وہ اٹھائے جس نے اعلان کرنا ہو اور نہ یہاں کی گھاس اُکھاڑی جائے۔‘‘

٢١٩/١٠١۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَدِيِّ ابْنِ حَمْرَاءَ الزُّهْرِيِّ رضي الله عنه قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ وَاقِفًا عَلَى الْحَزْوَرَةِ، فَقَالَ: وَاللهِ إِنَّكِ لَخَيْرُ أَرْضِ اللهِ وَأَحَبُّ أَرْضِ اللهِ إِلَى اللهِ وَلَوْلَا أَنِّي أُخْرِجْتُ مِنْكِ مَا خَرَجْتُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت عبداللہ بن عدی بن حمرا رضي الله عنه روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی

الحديث رقم ١٠١: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في فضل مكة، ٥/٧٢٢، الرقم: ٣٩٢٥، والنسائى فى السنن الكبرى، ٢/٤٧٩، الرقم: ٤٢٥٢ – ٤٢٥٣، وابن ماجه فى السنن، كتاب: المناسك، باب: فضل مكة، ٢/١٠٣٧، الرقم: ٣١٠٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٣٠٥، الرقم: ١٨٧٣٩، وابن حبان فى الصحيح، ٩/٢٢، الرقم: ٣٧٠٨، والحاكم فى المستدرك، ٣/٨، الرقم: ٤٣٧٠، وقال الحاكم: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

اکرم ﷺ کو مقام حزورہ پر کھڑے ہو کر فرماتے ہوئے سنا: اللہ رب العزت کی قسم! اے مکہ تو اللہ تعالیٰ کی ساری زمین سے بہتر اور اللہ تعالیٰ کو ساری زمین سے زیادہ محبوب ہے اگر مجھے تجھ سے نکل جانے پر مجبور نہ کیا جاتا تو میں ہرگز نہ جاتا۔‘‘

۲۲۰/۱۰۲۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لِمَكَّةَ مَا أَطْيَبَكِ مِنْ بَلَدٍ وَأَحَبَّكِ إِلَيَّ وَلَوْلَا أَنَّ قَوْمِي أَخْرَجُوْنِي مِنْكِ مَا سَكَنْتُ غَيْرَكِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مکہ مکرمہ کو مخاطب کر کے فرمایا: (اے مکہ!) تو کتنا اچھا شہر ہے اور مجھے کتنا عزیز ہے اگر میری قوم مجھے یہاں سے نہ نکالتی تو میں تیرے علاوہ کہیں نہ ٹھہرتا۔‘‘

۲۲۱/۱۰۳۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: صَلَاةُ الرَّجُلِ فِي بَيْتِهِ بِصَلَاةٍ، وَصَلَاتُهُ فِي مَسْجِدِ الْقَبَائِلِ بِخَمْسٍ وَعِشْرِيْنَ صَلَاةً، وَصَلَاتُهُ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِي يُجَمَّعُ فِيْهِ بِخَمْسِ مِائَةِ صَلَاةٍ. وَصَلَاتُهُ فِي الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى بِخَمْسِيْنَ أَلْفِ صَلَاةٍ. وَصَلَاتُهُ فِي مَسْجِدِي بِخَمْسِيْنَ أَلْفِ صَلَاةٍ. وَصَلَاتُهُ فِي الْمَسْجِدِ

الحديث رقم ۱۰۲: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: في فضل مكة، ۵/۷۲۳، الرقم: ۳۹۲۶، وابن حبان فی الصحيح، ۹/۲۳، الرقم: ۳۷۰۹، والحاكم فی المستدرك، ۱/۶۶۱، الرقم: ۱۷۸۷، والطبرانی فی المعجم الكبير، ۱۰/۲۶۷، ۲۷۰، الرقم: ۱۰۶۲۴، ۱۰۶۳۳، والبيهقی فی شعب الإيمان، ۳/۴۴۳، الرقم: ۴۰۱۳۔

الحديث رقم ۱۰۳: أخرجه ابن ماجه فی السنن، کتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء فی الصلاة فی المسجد الجامع، ۱/۴۵۳، الرقم: ۱۴۱۳، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ۷/۱۱۲، الرقم: ۷۰۰۸، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۲/۱۴۰، الرقم: ۱۸۳۳۔

الْحَرَامِ بِمِائَةِ أَلْفِ صَلَاةٍ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْمُنْذِرِيُّ: رُوَاتُهُ ثِقَاتٌ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو اپنے گھر میں نماز پڑھے اسے پچیس نمازوں کا، جو جامع مسجد میں نماز پڑھے اسے پانچ سو نمازوں کا، جو جامع مسجد اقصیٰ اور میری مسجد (مسجد نبوی) میں نماز پڑھے اسے پچاس ہزار کا، اور جو مسجد حرام میں نماز پڑھے اسے ایک لاکھ نمازوں کا ثواب ملتا ہے۔''

٢٢٢/١٠٤۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! أَيُّ مَسْجِدٍ وُضِعَ فِي الْأَرْضِ أَوَّلُ؟ قَالَ: الْمَسْجِدُ الْحَرَامُ. قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: الْمَسْجِدُ الْأَقْصَى. قُلْتُ: كَمْ كَانَ بَيْنَهُمَا؟ قَالَ: أَرْبَعُوْنَ سَنَةً، ثُمَّ أَيْنَمَا أَدْرَكَتْكَ الصَّلَاةُ بَعْدُ فَصَلِّهْ، فَإِنَّ الْفَضْلَ فِيْهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں عرض کیا: یارسول اللہ! زمین پر سب سے پہلے کون سی مسجد بنائی گئی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بیت الحرام۔ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: اس کے بعد؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مسجد اقصیٰ۔ میں

الحديث رقم ١٠٤: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الأنبياء، باب: يَزِفُّونَ النَّسلاَنُ فِي المَشْيِ، ٣/١٢٣١، الرقم: ٣١٨٦، وفی كتاب: الأنبياء، باب: قول الله تعالى: وَوَهَبْنَا لِدَاوُدَ سُلَيْمَانَ: [ص: ٣٠] الرَّاجِعُ الْمُنِيْبُ، ٣/١٢٦٠، الرقم: ٣٢٤٣، ومسلم فی الصحيح، كتاب: المساجد ومواضع الصلاة، ١/٣٧٠، الرقم: ٥٣٠، والنسائی فی السنن، كتاب: المساجد، باب: ذكر أي مسجد وضع أولا، ٢/٣٢، الرقم: ٦٩٠، وفی السنن الكبرى، ١/٢٥٥، الرقم: ٧٦٩، وابن ماجه فی السنن، كتاب: المساجد والجماعات، باب: أي مسجد وضع أول، ١/٢٤٨، الرقم: ٧٥٣، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/١٥٠، الرقم: ٢١٣٧١، ٢١٤٢٠، ٢١٤٢٧، ٢١٤٢٨، ٢١٤٥٩، وابن خزيمة فی الصحيح، ٢/٥، الرقم: ٧٨٧، ١٢٩٠، وابن حبان فی الصحيح، ٤/٤٧٥، الرقم: ١٥٩٨: ١٤/١٢٠، الرقم: ٦٢٢٨، وعبد الرزاق فی المصنف، ١/٤٠٣، الرقم: ١٥٧٨-٥٩٢٥، والبزار فی المسند، ٩/٤١٠، الرقم: ٤٠١٥۔

نے عرض کیا: (یا رسول اللہ!) ان دونوں (مسجدوں) کی تعمیر کے درمیان کتنا وقفہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: چالیس سال۔ لیکن تم جہاں وقت ہو جائے اسی جگہ نماز پڑھ لیا کرو اسی میں تمہارے لئے فضیلت ہے۔‘‘

٢٢٣ / ١٠٥۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ لِهَذَا الْحَجَرِ لِسَانًا وَشَفَتَيْنِ يَشْهَدُ لِمَنِ اسْتَلَمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِحَقٍّ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیشک اس پتھر (حجرِ اسود) کو اللہ تعالیٰ نے ایک زبان اور دو ہونٹ عطا فرمائے ہیں جن سے یہ قیامت کے دن ان لوگوں کے بارے میں گواہی دے گا جنہوں نے حق سمجھ کر اسے بوسہ دیا ہوگا۔‘‘

٢٢٤ / ١٠٦۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنهما يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ الرُّكْنَ وَالْمَقَامَ يَاقُوْتَتَانِ مِنْ يَاقُوْتِ الْجَنَّةِ طَمَسَ اللهُ نُوْرَهُمَا وَلَوْلَمْ يَطْمِسْ نُوْرَهُمَا لَأَضَاءَتَا مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے

الحديث رقم ١٠٥: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ١/٢٦٦، الرقم: ٢٣٩٨، وابن خزيمة فى الصحيح، ٤/٢٢١، الرقم: ٢٧٣٦، وابن حبان فى الصحيح، ٩/٢٥، الرقم: ١/٣٧، والحاكم فى المستدرك، ١/٦٢٧، الرقم: ١٦٨٠، وأبويعلى فى المسند، ٥/١٠٧، الرقم: ٢٧١٩، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٣/٤٥٠، الرقم: ٤٠٣٥، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ١٠/٢٠٤، الرقم: ٢٠٩-٢١٠.

الحديث رقم ١٠٦: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: الحج عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في فضل الحجر الأسود والركن والمقام، ٣/٢٢٦، الرقم: ٨٧٨، ⟵

فرمایا: رکنِ یمانی اور مقامِ ابراہیم جنت کے یاقوتوں میں سے دو یاقوت ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے نور کی روشنی بجھا دی ہے اگر اللہ تعالیٰ انہیں نہ بجھاتا تو ان کی روشنی مشرق سے مغرب تک سارا ماحول روشن کر دیتی۔‘‘

----- وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٢١٣-٢١٤، الرقم: ٧٠٠٠-٧٠٠٨، وابن حبان فی الصحيح، ٩/٢٤، الرقم: ٣٧١٠، والحاكم فی المستدرك، ١/٦٢٦، الرقم: ١٦٧٧، وروى عن أنس بن مالك ﷺ بنحوه فی المستدرك، ١/٦٢٧، الرقم: ١٦٧٨، وعبد الرزاق فی المصنف، ٥/٣٩، الرقم: ٨٩٢١۔

فَصْلٌ فِي فَضَائِلِ الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ

﴿فضائلِ مدینہ منوّرہ کا بیان﴾

٢٢٥ / ١٠٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: مَا بَيْنَ بَيْتِي وَمِنْبَرِي رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَمِنْبَرِي عَلَى حَوْضِي.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی الله عنه سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان کا حصہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اور میرا منبر میرے حوض پر ہے۔''

٢٢٦ / ١٠٨۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم قَالَ: إِنَّ الإِيمَانَ لَيَأْرِزُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، كما تَأْرِزُ الْحَيَّةُ إِلَى جُحْرِهَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

الحديث رقم ١٠٧: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الجمعة، باب: فضل ما بين القبر والمنبر، ١/٣٩٩، الرقم: ١١٣٨، وفی كتاب: الحج، باب: كراهية النبی صلی الله عليه وآله وسلم أن تعرى المدينة، ٢/٦٦٧، الرقم: ١٧٨٩، وفی كتاب: الرقاق، باب: فی الحوض، ٥/٢٤٠٨، الرقم: ٦٢١٦، وفی كتاب: الإعتصام بالكتاب والسنة، باب: ذكر النبی صلی الله عليه وآله وسلم ، وفی باب: حض علی إتفاق أهل العلم وماجتمع عليه الحرمان مكة والمدينة، ٦/٢٦٧٢، الرقم: ٦٩٠٤، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الحج، باب: ما بين القبر والمنبر روضة من رياض الجنة، ٢/١١٠، ١١١، الرقم: ١٣٩٠-١٣٩١، والترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم، باب: ما جاء فی فضل المدينة، ٥/٧١٨- ٧١٩، الرقم: ٣٩١٥-٣٩١٦، والنسائی فی السنن، كتاب: المساجد، باب: فضل مسجد النبی صلی الله عليه وآله وسلم والصلاة فيه، ٢/٣٥، الرقم: ٦٩٥، والنسائی فی السنن الكبری، ١/٢٥٧، الرقم: ٧٧٤، ٢/٣٥، الرقم: ٦٩٥، ومالك فی الموطأ، ١/١٩٧، الرقم: ٤٦٣-٤٦٤، وأحمد بن حنبل، فی المسند، ٢/٢٣٦، الرقم: ٧٢٢٢۔

الحديث رقم ١٠٨: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل المدينة، باب: ←

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (قیامت کے قریب) ایمان اِس طرح مدینہ منورہ کی طرف سمٹ جائے گا جیسے سانپ اپنے بل کی طرف سمٹ آتا ہے۔‘‘

٢٢٧/ ١٠٩۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اَلْمَدِيْنَةُ حَرَمٌ مِنْ كَذَا إِلَى كَذَا، لَا يُقْطَعُ شَجَرُهَا، وَلَا يُحْدَثُ فِيهَا حَدَثٌ، مَنْ أَحْدَثَ فِيْهَا حَدَثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

وهذا لفظ البخاري وزاد مسلم: لَا يَقْبَلُ اللهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرَفاً وَلَا عَدَلاً.

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مدینہ منورہ فلاں جگہ سے فلاں جگہ تک حرم ہے اس کے درخت نہ کاٹے جائیں اور نہ اس میں کوئی فتنہ بپا کیا جائے جو اس میں فتنہ کا کوئی کام ایجاد کرے گا اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے۔ اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے یہ الفاظ بھی انہی کے ہیں اور مسلم

------ باب: الإيمانُ يأرز إلى المدينة، ٢/٦٦٣، الرقم: ١٧٧٧، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان أن الإسلام بدأ غريبا وسيعود غريبا وإنه يأرز بين المسجدين، ١/١٣١، الرقم: ١٤٧، والترمذي فى السنن، كتاب: الإيمان عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء أن الإسلام بدأ غريبا وسيعود غريبا، ٥/١٨، الرقم: ٢٦٣٠، وابن ماجه فى السنن، كتاب: المناسك، باب: فضل المدينة، ٢/١٠٨، الرقم: ٣١١١، وابن حبان فى الصحيح، ٩/٤٦، الرقم: ٧٨٣٣۔

الحديث رقم ١٠٩: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: فضائل المدينة، باب: حرم المدينة، ٢/٦٦١، الرقم: ١٧٦٨، وفى كتاب: الإعتصام بالكتاب والسنة، باب: إثم من آوى محدثا، ٦/٢٦٦٥، الرقم: ٦٨٧٦، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الحج، باب: فضل المدينة ودعاء النبى ﷺ فيها بالبركة وبيان تحريمها وتحريم صيدها وشجرها وبيان حدود حرمها، ٢/٩٩٤، الرقم: ١٣٦٦، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٥/١٩٧، الرقم: ٩٧٣٩، والطحاوى فى شرح معانى الآثار، ٤/١٩٣۔

نے ان الفاظ کے اضافہ کے ساتھ روایت کیا ہے کہ: ’’قیامت کے دن اس کا فرض ونفل کچھ بھی قبول نہ ہوگا۔‘‘

۲۲۸ / ۱۱۰۔ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ إِبْرَاهِيمَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَإِنِّي حَرَّمْتُ الْمَدِينَةَ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا. لَا يُقْطَعُ عِضَاهُهَا وَلَا يُصَادُ صَيْدُهَا.

رَوَاهُ مُسلِمٌ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ مکرمہ کو حرم قرار دیا تھا اور میں دونوں کالے پتھروں والے میدانوں کے درمیان مدینہ منورہ کو حرم قرار دیتا ہوں نہ وہاں کوئی درخت اور جھاڑی کاٹی جائے اور نہ ہی وہاں کوئی جانور شکار کیا جائے۔‘‘

۲۲۹ / ۱۱۱۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: وَلَا يُرِيدُ أَحَدٌ أَهْلَ الْمَدِينَةِ بِسُوْءٍ إِلَّا أَذَابَهُ اللهُ فِي النَّارِ ذَوْبَ الرُّصَاصِ، أَوْ ذَوْبَ الْمِلْحِ فِي الْمَاءِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ.

’’حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اہلِ مدینہ کو تکلیف دینا چاہے گا تو اللہ تعالیٰ دوزخ میں اسے اس طرح پگھلائے

الحديث رقم ۱۱۰: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الحج، باب: فضل المدينة ودعاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فيها بالبركة وبيان تحريمها وتحريم صيدها وشجرها وبيان حدود حرمها، ۲ / ۹۹۲، الرقم: ۱۳۶۲، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۱ / ۱۸٤، والعسقلانی فی فتح الباری، ٤ / ۸٤، والزرقانی فی شرحه علی موطا إمام مالك، ٤ / ۲۸۳، والنووی فی شرحه علی صحيح مسلم، ۹ / ۱۳٦۔

الحديث رقم ۱۱۱: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الحج، باب: فضل المدينة ودعاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فيها بالبركة وبيان تحريمها وتحريم صيدها وشجرها وبيان حدود حرمها، ۲ / ۹۹۲، الرقم: ۱۳٦۳، والنسائی فی السنن الكبری، ۲ / ٤۸٦، الرقم: ٤۲۷۹، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۱ / ۱۸٤، الرقم: ۱٦۰٦، وابن كثير الدورقی فی مسند سعد، ۱ / ۸۲، الرقم: ۳۸، وإبراهيم الجندی فی فضائل المدينة، ۱ / ۲۹، الرقم: ۲۸۔

گا جس طرح آگ میں سیسہ پگھلتا ہے یا جس طرح نمک پانی میں پگھلتا ہے۔‘‘

٢٣٠ / ١١٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ: رَسُوْلُ اللهِ ﷺ : عَلَى أَنْقَابِ الْمَدِيْنَةِ مَلَائِكَةٌ لَا يَدْخُلُهَا الطَّاعُوْنُ وَلَا الدَّجَّالُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مدینہ منورہ کے راستوں پر فرشتے (بطور محافظ مقرر) ہیں لہٰذا طاعون اور دجال اس (مقدس شہر) میں داخل نہیں ہوں گے۔‘‘

٢٣١ / ١١٣۔ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ رُعْبُ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، لَهَا يَوْمَئِذٍ سَبْعَةُ أَبْوَابٍ، عَلَى كُلِّ بَابٍ مَلَكَانِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

’’حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا مسیح دجال کا رعب مدینہ کے اندر داخل نہیں ہوگا اس دن اس (شہر) کے سات دروازے ہوں گے اور ہر دروازے پر دو فرشتے مقرر ہوں گے۔‘‘

الحديث رقم ١١٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل المدينة، باب: لا يدخل الدجال المدينة، ٢ / ٦٦٤، الرقم: ١٧٨١، وفی كتاب: الطب، باب: ما يُذْكَرُ في الطاعون، ٥ / ٢١٦٥، الرقم: ٥٣٩٩، وفی كتاب: الفتن، باب: لا يدخل الدجال المدينة، ٦ / ٢٦٠٩، الرقم: ٦٧١٤، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الحج، باب: صيانة المدينة من دخول الطاعون والدجال إليها، ٢ / ١٠٠٥، الرقم: ١٣٧٩، ومالك فی الموطأ، ٢ / ٨٩٢، الرقم: ١٥٨٢، والجندی فی فضائل المدينة، ١ / ٢٤، الرقم: ١٥، والمقرىء فی السنن الواردة فی الفتن، ٦ / ١١٦٥، الرقم: ٢، وأبونعيم فی المسند المستخرج، ٤ / ٤٧، الرقم: ٣١٩٣۔

الحديث رقم ١١٣: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل المدينة، باب: لايدخُلُ الدَّجَّال المدينة، ٢ / ٦٦٤، الرقم: ١٧٨٠، وفی كتاب: الفتن، باب: ذكر الدجال، ٦ / ٢٦٠٧، الرقم: ٦٧٠٧، وابن حبان فی الصحيح، ٩ / ٤٨، الرقم: ٣٧٣١، ٦٨٠٥، والحاكم فی المستدرك، ٤ / ٥٨٥، الرقم: ٨٦٢٧، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦ / ٤٠٦، الرقم: ٣٢٤٢٥، ٣٧٤٨٣۔

۲۳۲ / ۱۱٤ ۔ عَنْ أَنَسٍ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ: قَالَ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ بِالْمَدِيْنَةِ ضِعْفَي مَاجَعَلْتَ بِمَكَّةَ مِنَ الْبَرَكَةِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت انس رضی الله عنه سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے دعا فرمائی: اے اللہ! مدینہ منورہ میں اس سے دوگنا برکت عطا فرما جتنی تو نے مکہ مکرمہ میں رکھی ہے۔‘‘

۲۳۳ / ۱۱٥ ۔ عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَنْ صَبَرَ عَلَى لَأْوَائِهَا وَشِدَّتِهَا، كُنْتُ لَهُ شَهِيدًا أَوْ شَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ (يَعْنِي الْمَدِينَةَ). رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَمَالِكٌ.

’’حضرت عبداللہ بن عمر رضی الله عنهما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا، جو شخص مدینہ منورہ کی سختیوں اور مصیبتوں پر صبر کرے گا قیامت کے دن میں اس کا گواہ ہوں گا یا اس کی شفاعت کروں گا۔‘‘

۲۳٤ / ۱۱٦ ۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: لَا يَصْبِرُ

الحديث رقم ۱۱٤: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: فضائل المدينة، باب: المدينة تَنْفِي الخَبَثَ، ۲/٦٦٦، الرقم: ۱۷۸٦، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الحج، باب: فضل المدينة ودعا النبی ﷺ فيها بالبركة وبيان تحريمها وتحريم صيدها وشجرها وبيان حدود حرمها، ۲/۹۹٤، الرقم: ۱۳٦۹، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۲/۱٤۸، الرقم: ۱۸۷۳۔

الحديث رقم ۱۱٥: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الحج، باب: الترغيب في سكنى المدينة والصبر على لأوائها، ۲/۱۰۰٤، الرقم: ۱۳۷۷، والنسائی فی السنن الكبرى، ۲/٤۸۷، الرقم: ٤۲۸۱، ومالك فی الموطأ، ۲/۸۸٥، الرقم: ۱٥٦۹، وابن حبان فی الصحيح، ۳/٥٦، الرقم: ۳۷۳۹، والبيهقی فی شعب الايمان، ۳/٤۹٦، الرقم: ٤۱۷۹، والجندی فی فضائل المدينة، ۱/۳۱، الرقم: ۳۲۔ ۳٤، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ۲/۱٤٥۔۱٤٦، الرقم: ۱۸٥۷۔۱۸٥۸، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ۳/۳۰۰: ٦/۱۱۹، وَقَالَ الهيثميُّ: وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ۔

الحديث رقم ۱۱٦: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الحج، باب: الترغيب في سكنى المدينة والصبر على لأوائها، ۲/۱۰۰٤، الرقم: ۱۳۷۸۔

عَلَى لَأْوَاءِ الْمَدِيْنَةِ وَشِدَّتِهَا أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِي، إِلَّا كُنْتُ لَهُ شَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَوْ شَهِيْدًا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سے جو شخص بھی مدینہ پاک کی تنگی اور سختی پر صبر کرے گا۔ قیامت کے دن میں اس کی شفاعت کروں گا یا اس کے حق میں گواہی دوں گا۔‘‘

اَلْبَابُ الرَّابِعُ:

كَيْفِيَّةُ صَلَاةِ النَّبِيِّ ﷺ

﴿حضور نبی اکرم ﷺ کا طریقۂ نماز﴾

١. فَصْلٌ فِي الإِمَامَةِ وَعَدْمِ الْجَهْرِ بِبِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيْمِ

﴿امامت کرانے اور بلند آواز سے تسمیہ نہ پڑھنے کا بیان﴾

٢. فَصْلٌ فِي عَدْمِ رَفْعِ الْيَدَيْنِ إِلَّا فِي أَوَّلِ مَرَّةٍ

﴿تکبیرِ اُولیٰ کے علاوہ نماز میں رفع یدین نہ کرنے کا بیان﴾

٣. فَصْلٌ فِي تَرْكِ الْقِرَاءَةِ خَلْفَ الإِمَامِ

﴿اِمام کے پیچھے قرأت نہ کرنے کا بیان﴾

٤. فَصْلٌ فِي عَدْمِ الْجَهْرِ بِالتَّأْمِيْنِ

﴿بلند آواز سے آمین نہ کہنے کا بیان﴾

فَصْلٌ فِي الْإِمَامَةِ وَعَدَمِ الْجَهْرِ بِبِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيْمِ

﴿إمامت کرانے اور بلند آواز سے تسمیہ نہ پڑھنے کا بیان﴾

٢٣٥ / ١۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيِّ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ رَكِبَ فَرَسًا فَجُحِشَ شِقُّهُ الْأَيْمَنُ. قَالَ أَنَسٌ رضي الله عنه: فَصَلَّى لَنَا يَوْمَئِذٍ صَلَاةً مِنَ الصَّلَوَاتِ، وَهُوَ قَاعِدٌ، فَصَلَّيْنَا وَرَاءَهُ قُعُوْدًا، ثُمَّ قَالَ لَمَّا سَلَّمَ: إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ فَإِذَا صَلَّى قَائِمًا فَصَلُّوْا قِيَامًا، وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا. وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا، وَإِذَا قَالَ: ﴿سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ﴾، فَقُوْلُوْا: ﴿رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ﴾. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

الحديث رقم ١: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: صفة الصلاة، باب: إيجاب التكبير وافتتاح الصلاة، ١ / ٢٥٧، الرقم: ٦٩٩، وفی كتاب: الجمعة، باب: صلاة القاعد، ١ / ٣٧٥، الرقم: ١٠٦٣، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: ائتمام المأموم بالإمام، ١ / ٣٠٨، الرقم: ٤١١، وأبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: الإمام يصلى من قعود، ١ / ١٦٤، الرقم: ٦٠١، والنسائي في السنن، كتاب: الإمامة، باب: الإئتمام بالإمام يصلى قاعدا، ٢ / ٩٨، الرقم: ٨٣٢، وابن ماجه في السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء فی إنما جعل الإمام ليؤتم به، ١ / ٣٩٢، الرقم: ١٢٣٨، ومالك في الموطأ، ١ / ١٣٥، الرقم: ٣٠٤، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢ / ٤١١، الرقم: ٩٣١٨، والشافعی في المسند، ١ / ٥٨، وابن حبان في الصحيح، ٥ / ٤٦١، الرقم: ٢١٠٣، ٥ / ٤٦٩، الرقم: ٢١٠٨، والنسائي في السنن الكبرى، ١ / ٢٩٢، الرقم: ٩٠٦، وابن أبي شيبة في المصنف، ٧ / ٢٨٦، الرقم: ٣٦١٣٤، وعبد الرزاق في المصنف، ٢ / ٤٦٠، الرقم: ٤٠٧٨، والطحاوي في شرح معاني الآثار، ١ / ٤٠٣، وأبويعلى في المسند، ٦ / ٢٨٣، الرقم: ٣٥٩٥، وأبوعوانة في المسند، ١ / ٤٣٦، الرقم: ١٦١٩، والبيهقی فی السنن الصغرى، ١ / ٣٢٠، الرقم: ٥٤٦، وفی السنن الكبرى، ٢ / ٩٧، الرقم: ٢٤٥١، والطبراني في مسند الشاميين، ١ / ٦٢، الرقم: ٦٦۔

’’حضرت انس بن مالک انصاری ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ گھوڑے پر سوار ہوئے اور آپ ﷺ کا دایاں پہلو مبارک زخمی ہو گیا سو آپ ﷺ نے ہمیں ایک نماز بیٹھ کر پڑھائی اور ہم نے بھی آپ ﷺ کے پیچھے بیٹھ کر نماز پڑھی پھر آپ ﷺ نے سلام پھیر کر فرمایا: امام تو بنایا ہی اس لیے جاتا ہے کہ اس کی پیروی کی جائے۔ جب وہ کھڑا ہو کر نماز پڑھے تو تم بھی کھڑے ہو کر پڑھو اور جب وہ رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو اور جب وہ سر اٹھائے تو تم بھی اٹھاؤ اور جب وہ سجدہ کرے تو تم بھی سجدہ کرو اور جب وہ ﴿سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ﴾ کہے تو تم ﴿رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ﴾ کہو۔‘‘

۲۳۶ / ۲۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: خَرَّ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَنْ فَرَسٍ فَجُحِشَ، فَصَلَّى لَنَا قَاعِدًا، فَصَلَّيْنَا مَعَهُ قُعُوْدًا، ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالَ: إِنَّمَا الإِمَامُ (أَوْ إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ) لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا کَبَّرَ فَکَبِّرُوْا، وَإِذَا رَکَعَ فَارْکَعُوْا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا، وَإِذَا قَالَ: ﴿سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ﴾، فَقُوْلُوْا: ﴿رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ﴾، وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت انس بن مالک ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ گھوڑے

الحديث رقم ۲: أخرجه البخاری فی الصحيح، کتاب: صفة الصلاة، باب: إيجاب التکبير وافتتاح الصلاة، ۱: ۲۵۷، الرقم: ۷۰۰، وفي کتاب: الجمعة، باب: صلاة القاعد، ۱/ ۳۷۵، الرقم: ۱۰۶۳، ومسلم في الصحيح، کتاب: الصلاة، باب: ائتمام المأموم بالإمام، ۱/ ۳۰۸، الرقم: ٤۱۱، والترمذي في السنن، کتاب: الصلاة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء إذا صلی الإمام قاعدا فصلوا قعودا، ۲/ ۱۹٤، الرقم: ۳٦۱، وقال أبوعيسی: هذا حديث حسن صحيح، وأبوداود في السنن، کتاب: الصلاة، باب: الإمام يصلي من قعود، ۱/ ۱٦٤، الرقم: ٦۰۱، والنسائي في السنن، کتاب: التطبيق، باب: ما يقول المأموم، ۲/ ۱۹۵، الرقم: ۱۰٦۱، وابن ماجه في السنن، کتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء في إنما جعل الإمام ليؤتم به، ۱/ ۳۹۳، الرقم: ۱۲۳۸، والشافعي في المسند، ۱/ ۵۸، وأحمد بن حنبل في المسند، ۳/ ۱۱۰، الرقم: ۱۲۰۹۵، وابن حبان في الصحيح، ۵/ ٤۷۷، الرقم: ۲۱۱۳۔

سے نیچے تشریف لے آئے تو خراش آ گئی، آپ ﷺ نے ہمیں بیٹھ کر نماز پڑھائی اور ہم نے بھی آپ ﷺ کے ساتھ بیٹھ کر نماز پڑھی، پھر فارغ ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: امام اسی لئے بنایا جاتا ہے کہ اُس کی پیروی کی جائے جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو، جب رکوع کرے تو رکوع کرو، جب سر اٹھائے تو سر اٹھاؤ اور جب وہ ﴿سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ﴾ کہے تو تم ﴿رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ﴾ کہو اور جب وہ سجدہ کرے تو تم بھی سجدہ کرو۔‘‘

٢٣٧ / ٣۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رضی الله عنه، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: أَقِيْمُوا الرُّکُوْعَ وَالسُّجُوْدَ، فَوَاللهِ إِنِّي لَأَرَاکُمْ مِنْ بَعْدِي (وَرُبَّمَا قَالَ: مِنْ بَعْدِ ظَهْرِي) إِذَا رَکَعْتُمْ وَسَجَدْتُمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت انس بن مالک رضی الله عنه سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: رکوع اور سجدے پورے کیا کرو، خدا کی قسم! میں تمہیں اپنے بعد بھی دیکھتا ہوں (اور کبھی فرمایا: پیٹھ پیچھے سے بھی دیکھتا ہوں) جب تم رکوع اور سجدہ کرتے ہو۔‘‘

٢٣٨ / ٤۔ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضی الله عنه قَالَ: کَانَ النَّاسُ يُؤْمَرُوْنَ أَنْ يَضَعَ الرَّجُلُ الْيَدَ الْيُمْنَى عَلَى ذِرَاعِهِ الْيُسْرَى فِي الصَّلَاةِ. وَقَالَ أَبُوْحَازِمٍ: لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا يَنْمِي ذٰلِکَ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمَالِکٌ.

’’حضرت سہل بن سعد رضی الله عنه نے فرمایا: لوگوں سے کہا جاتا تھا کہ نمازی حالت نماز

الحديث رقم ٣: أخرجه البخاری فی الصحيح، کتاب: صفة الصلوة، باب: الخشوع فی الصلاة، ١/ ٢٥٩، الرقم: ٧٠٩، ومسلم في الصحيح، کتاب: الصلاة، باب: الأمر بتحسين الصلاة وإتمامها والخشوع فيها، ١/ ٣١٩، الرقم: ٤٢٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/ ١٣٠، الرقم: ١٢٣٤٣۔

الحديث رقم ٤: أخرجه البخاری فی الصحيح، کتاب: صفة الصلاة، باب: وضع اليمنى على اليسرى فی الصلوة، ١/ ٢٥٩، الرقم: ٧٠٧ ومالك في الموطأ، ١/ ١٥٩، الرقم: ٣٧٦، وأبو عوانة في المسند، ١/ ٤٢٩، الرقم: ١٥٩٧، والطبراني في المعجم الكبير، ٦/ ١٤٠، الرقم: ٥٧٧٢۔

میں اپنے دائیں ہاتھ کو اپنی بائیں کلائی پر رکھے۔ ابوحازم نے فرمایا کہ مجھے تو یہی معلوم ہے کہ حضرت سہل اس بات کو نبی کریم ﷺ کی طرف منسوب کرتے تھے۔''

٢٣٩/٥۔ عَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ رضي الله عنه قَالَ: صَلَّى مَعَ عَلِيٍّ رضي الله عنه بِالْبَصْرَةِ، فَقَالَ: ذَكَّرَنَا هَذَا الرَّجُلُ صَلَاةً، كُنَّا نُصَلِّيهَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَذَكَرَ اَنَّهُ كَانَ يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَفَعَ وَكُلَّمَا وَضَعَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

٣٤٦/ ٢٠۔ عَنْ أَبِي مَرْوَانَ أَنَّ كَعْبً (الْأَحْبَارَ) رضی اللہ عنہ حَلَفَ لَهُ بِاللهِ الَّذِي فَلَقَ الْبَحْرَ لِمُوْسَى عليه السلام إِنَّا لَنَجِدُ فِي التَّوْرَاةِ أَنَّ دَاوُدَ نَبِيَّ اللهِ عليه السلام كَانَ إِذَا انْصَرَفَ مِنْ صَلَاتِهِ قَالَ: اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِي دِيْنِي الَّذِي جَعَلْتَهُ لِي عِصْمَةً وَأَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ الَّتِي جَعَلْتَ فِيْهَا مَعَاشِي، اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ

------ ٧٨١١، ٧٩٨٢، والديلمي في مسند الفردوس، ١/ ٤٧٥، الرقم: ١٩٣٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/ ١١٢، وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الزبير بن خريق وهو ثقة،والمباركفوری في تحفة الأحوذي، ٢/ ١٧٠، والقزويني في التدوين، ٣/ ٢٥٢۔

الحديث رقم ٢٠: أخرجه النسائي في السنن، كتاب: السهو، باب: نوع آخر من الدعاء وعند الانصراف من الصلاة، ٣/ ٧٣، الرقم: ١٣٤٦، وفي السنن الكبرى، ١/ ٤٠٠، الرقم: ١٢٦٩، وابن خزيمة في الصحيح، ١/ ٣٦٦، الرقم: ٧٤٥، والطبراني في المعجم الكبير، ٨/ ٣٣، الرقم: ٧٢٩٨، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٨/ ٦٥، الرقم: ٥٩، وقال: إسناده صحيح۔

بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَأَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ نِقْمَتِكَ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَالْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ وَحَدَّثَنِي كَعْبٌ أَنَّ صُهَيْبًا حَدَّثَهُ أَنَّ مُحَمَّدًا ﷺ كَانَ يَقُوْلُهُنَّ عِنْدَ انْصِرَافِهِ مِنْ صَلَاتِهِ.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ خُزَيْمَةَ وَالطَّبَرَانِيُّ. إِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ.

''مروان سے روایت ہے کہ ان کی موجودگی میں حضرت کعب (احبار) رضی اللہ عنہ نے حلف اٹھایا کہ اس ذات کی قسم جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے دریا کو چیر دیا! ہم نے تورات میں دیکھا ہے کہ حضرت داود علیہ السلام جب نماز سے فارغ ہوتے تو وہ (یعنی حضرت داود علیہ السلام) یوں دعا کرتے۔ ''اے اللہ! وہ دین جس سے میرا بچاؤ ہے اسے درست فرمادے۔ اور میری دنیا جس میں میرا رزق ہے اس کی اصلاح فرما۔ اے اللہ! میں تیرے غضب سے تیری رضامندی کی پناہ طلب کرتا ہوں۔ اور تیرے عذاب سے تیری معافی کی پناہ مانگتا ہوں۔ تو جو کچھ عطا کرے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو تو روک لے اسے کوئی دینے والا نہیں ہے۔ اور مال دار کا مال تیرے نزدیک کسی کام نہ آئے گا۔ حضرت مروان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مجھ سے حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا اور حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے ان سے بیان کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب نماز ادا فرما لیتے تو آپ ﷺ بھی یہ کلمات ارشاد فرماتے۔''

٣٤٧/٢١۔ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ قَالَ: كَانَ ابْنُ الزُّبَيْرِ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ فِي دُبُرِ

الحديث رقم ٢١: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: المساجد ومواضع الصلاة، باب: استحباب الذكر بعد الصلاة وبيان صفته، ١/٤١٥، الرقم: ٥٩٤، وأبو داود في السنن، كتاب: الوتر، باب: ما يقول الرجل إذا سلم، ٢/٨٢، الرقم: ١٥٠٦-١٥٠٧، والنسائي في السنن، كتاب: السهو، باب: عدد التهليل والذكر بعد التسليم، ٣/٧٠، الرقم: ١٣٤٠، وفي السنن الكبرى، ١/٣٩٨، الرقم: ١٢٦٣، ٦/٣٨، الرقم: ٩٩٥٦، والشافعي في المسند، ١/٤٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٤، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/٣٣، الرقم: ٢٩٢٦٢، وأبو يعلى في المسند، ١٢/١٨٤، الرقم: ٦٨١١، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/١٨٤، الرقم: ٢٨٣٩، والطبراني في كتاب الدعاء، ١/٢١٦، الرقم: ٦٨١.

كُلِّ صَلَاةٍ حِيْنَ يُسَلِّمُ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْکَ لَهُ، لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى کُلِّ شَيءٍ قَدِيْرٌ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَلَا نَعْبُدُ إِلَّا إِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ کَرِهَ الْکَافِرُوْنَ. وَقَالَ: کَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يُهَلِّلُ بِهِنَّ دُبُرَ کُلِّ صَلَاةٍ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ وَالشَّافِعِيُّ وَلَفْظُهُ: کَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا سَلَّمَ مِنْ صَلَاتِهِ يَقُوْلُ بِصَوْتِهِ الْأَعْلَى ..... فذکر الحديث.

’’حضرت ابوزبیر سے روایت ہے کہ انہوں نے بیان کیا کہ حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ ہر نماز میں سلام پھیرنے کے بعد (دعا میں) کہا کرتے تھے: اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہی ہے، اور اسی کے لئے تمام تعریفیں ہیں اور وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی غالب آنے والا اور قوت رکھنے والا نہیں اور ہم سوائے اس کے کسی کی عبادت نہیں کرتے اس کے لئے تمام نعمتیں ہیں اور اسی کے لیے فضل اور تمام اچھی تعریفیں ہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اسی کا دین خالص ہے اگرچہ کافروں کو یہ ناگوار گزرے۔‘‘

اور امام شافعی رضی اللہ عنہ کی روایت کے الفاظ ہیں: رسول اللہ ﷺ ان کلمات کو ہر نماز کے بعد بلند آواز سے ادا فرماتے تھے پھر آگے اسی طرح حدیث ذکر کی۔‘‘

٣٤٨/ ٢٢۔ عَنِ الْأَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ رضی الله عنه قَالَ: صَلَّى بِنَا إِمَامٌ لَنَا يُکْنَى أَبَا رِمْثَةَ فَقَالَ: صَلَّيْتُ هَذِهِ الصَّلَاةَ أَوْ مِثْلَ هَذِهِ الصَّلَاةِ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: وَکَانَ أَبُوبَکْرٍ وَعُمَرُ رضي الله عنهما يَقُوْمَانِ فِي الصَّفِّ الْمُقَدَّمِ عَنْ يَمِيْنِهِ

الحديث رقم ٢٢: أخرجه أبوداود في السنن، کتاب: الصلاة، باب: في الرجل يتطوع في مکانه الذي صلى فيه المکتوبة، ١/ ٢٦٤، الرقم: ١٠٠٧، والحاکم في المستدرک، ١/ ٤٠٣، الرقم: ٩٩٦، والبيهقي في السنن الصغرى، ١/ ٣٩٥، الرقم: ٦٧٥، وفي السنن الکبرى، ٢/ ١٩٠، الرقم: ٢٨٦٧، والطبراني في المعجم الأوسط، ٢/ ٣١٦، الرقم: ٢٠٨٨.

وَكَانَ رَجُلٌ قَدْ شَهِدَ التَّكْبِيْرَةَ الْأُوْلَى مِنَ الصَّلَاةِ فَصَلَّى نَبِيُّ اللهِ ﷺ ثُمَّ سَلَّمَ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ حَتَّى رَأَيْنَا بَيَاضَ خَدَّيْهِ ثُمَّ انْفَتَلَ كَانْفِتَالِ أَبِي رِمْثَةَ يَعْنِي نَفْسَهُ فَقَامَ الرَّجُلُ الَّذِي أَدْرَکَ مَعَهُ التَّكْبِيْرَةَ الْأُوْلَى مِنَ الصَّلَاةِ يَشْفَعُ فَوَثَبَ إِلَيْهِ عُمَرُ فَأَخَذَ بِمَنْكِبِهِ فَهَزَّهُ ثُمَّ قَالَ: اِجْلِسْ فَإِنَّهُ لَمْ يَهْلِکْ أَهْلَ الْکِتَابِ إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَکُنْ بَيْنَ صَلَوَاتِهِمْ فَصْلٌ فَرَفَعَ النَّبِيُّ ﷺ بَصَرَهُ فَقَالَ: أَصَابَ اللهُ بِکَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالْحَاکِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ الْحَاکِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ.

''حضرت ارزق بن قیس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ایک امام نے ہمیں نماز پڑھائی جن کی کنیت ابو رمثہ رضی اللہ عنہ تھی، انہوں نے فرمایا کہ میں نے یہ نماز یا اس جیسی نماز حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ پڑھی ہے۔ فرمایا کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما پہلی صف میں دائیں جانب کھڑے تھے اور ایک آدمی نماز کی تکبیر اولیٰ میں آ شامل ہوا۔ جب حضور نبی اکرم ﷺ نے نماز پڑھالی تو دائیں جانب سلام پھیرا، یہاں تک کہ آپ ﷺ کے رخساروں کی سفیدی ہم نے دیکھی۔ پھر ایسے ہی مڑے جیسے ابو رمثہ مڑے ہیں یعنی وہ خود۔ پس جو شخص تکبیر اولیٰ میں آ کر شامل ہوا تھا کھڑا ہو کر دوگانہ پڑھنے لگا پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کی طرف جھپٹے اور اسے کندھوں سے پکڑ کر ہلایا پھر فرمایا کہ بیٹھ جاؤ کیونکہ اہلِ کتاب صرف اس وجہ سے ہلاک ہوئے کہ ان کی نمازوں کے درمیان وقفہ نہیں رہتا تھا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے نگاہ مبارک اٹھائی اور فرمایا: اے ابن خطاب! اللہ تعالیٰ نے تمہیں صحیح بات کی توفیق مرحمت فرمائی ہے۔''

٣٤٩/٢٣۔ وَقَدْ أَخْرَجَ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، وَابْنُ جَرِيْرٍ وَابْنُ الْمُنْذِرِ وَابْنُ أَبِي حَاتِمٍ وَابْنُ مَرْدَوَيْه مِنْ طُرُقٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما فِي قَوْلِهِ

الحديث رقم ٢٣: أخرجه ابن جرير الطبري في جامع البيان، ٣٠/٢٣٦، والسيوطي في الدر المنثور، ٨/٥٥١، والبيضاوي في أنوار التنزيل، ٥/٥٠٦، والشوكاني في فتح القدير، ٥/٤٦٣، وابن الجوزي في زاد المسير، ٩/١٦٦، والآلوسي في روح المعاني، ٣٠/١٧٢۔

تَعَالَى: ﴿فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ﴾ [الم نشرح، ٩٤: ٧] قَالَ: إِذَا فَرَغْتَ مِنَ الصَّلَاةِ فَانْصَبْ فِي الدُّعَاءِ وَاسْأَلِ اللهَ وَارْغَبْ إِلَيْهِ.

ذَكَرَهُ ابْنُ جَرِيْرٍ وَالسُّيُوطِيُّ.

''امام عبد بن حمید، امام ابن جریر، امام ابن منذر، امام ابن ابی حاتم اور امام ابن مردویہ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے طرف سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان: ﴿فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ﴾ میں روایت کیا ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ ''اے محبوب! جب آپ نماز سے فارغ ہوجائیں تو دعا میں مشغول ہوجایا کریں اور اللہ تعالیٰ سے مانگا کریں اور اسی کی طرف (کامل یکسوئی سے) راغب ہوا کریں۔''

٣٥٠/ ٢٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ رضی الله عنه ﴿فَإِذَا فَرَغْتَ﴾ مِنَ الصَّلَاةِ ﴿فَانْصَبْ﴾ إِلَى الدُّعَاءِ ﴿وَإِلَى رَبِّكَ فَارْغَبْ﴾ [الم نشرح، ٩٤: ٧-٨] فِي الْمَسْأَلَةِ.

ذَكَرَهُ السُّيُوْطِيُّ وَقَالَ: أَخْرَجَهُ ابْنُ أَبِي الدُّنْيَا فِي الذِّكْرِ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ﴿فَإِذَا فَرَغْتَ﴾ یعنی جب آپ نماز سے فارغ ہوجائیں ﴿فَانْصَبْ﴾ تو دعا میں مشغول ہوجائیں ﴿وَإِلَى رَبِّكَ فَارْغَبْ﴾ اور سوال کرنے میں اپنے رب کی طرف ہی راغب ہوا کریں۔''

٣٥١/ ٢٥۔ وَأَخْرَجَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَعَبْدُ بْنُ حَمِيْدٍ وَابْنُ جَرِيْرٍ وَابْنُ الْمُنْذِرِ عَنْ قَتَادَةَ: ﴿فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ﴾ [الم نشرح، ٩٤: ٧] قَالَ: إِذَا فَرَغْتَ مِنْ صَلَاتِكَ فَانْصَبْ فِي الدُّعَاءِ. ذَكَرَهُ السُّيُوطِيُّ وَالْجَصَّاصُ.

الحديث رقم ٢٤: أخرجه السيوطي في الدر المنثور، ٨/ ٥٥١، والشوكاني في فتح القدير، ٥/ ٤٦٣.

الحديث رقم ٢٥: أخرجه السيوطي في الدر المنثور، ٨/ ٥٥٢، والجصاص في أحكام القرآن، ٥/ ٣٧٣، والنحاس في الناسخ والمنسوخ، ١/ ٧٧٣.

’’امام عبدالرزاق اور امام عبد بن حمید، امام ابن جریر اور امام ابن منذر نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے: ﴿فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ﴾ سے مراد یہ ہے کہ جب اپنی نماز سے فارغ ہو جائیں تو خود کو دعا میں مشغول کر لیں۔‘‘

٣٥٢/٢٦۔ عَنْ قَتَادَةَ وَالضَّحَاکِ وَمَقَاتِلَ فِي قَوْلِهِ تَعَالَی: ﴿فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ﴾ أَي إِذَا فَرَغْتَ مِنَ الصَّلَاةِ الْمَکْتُوبَةِ فَانْصَبْ إِلَی رَبِّکَ فِي الدُّعَاءِ وَارْغَبْ إِلَيْهِ فِي الْمَسَأَلَةِ يُعْطِکَ.

رَوَاهُ فَخْرُ الدِّيْنِ الرَّازِيُّ وَالسُّيُوْطِيُّ.

’’حضرت قتادہ ضحاک اور مقاتل اللہ تعالیٰ کے اس فرمان: ﴿فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ﴾ کی تفسیر میں بیان کرتے ہیں کہ اس سے مراد ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرض نماز سے فارغ ہو جائیں تو خود کو اپنے رب کی طرف دعا کرنے میں مشغول کریں اور سوال کرنے (یعنی مانگنے) میں اسی کی طرف راغب ہوں وہ آپ کو عطا فرمائے گا۔‘‘

٣٥٣/٢٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَنْ لَمْ يَسْأَلِ اللهَ عزوجل يَغْضَبْ عَلَيْهِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاکِمُ وَأَبُوْيَعْلَی وَالْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ

الحديث رقم ٢٦: أخرجه الرازي في التفسير الكبير، ٣٢/٨، والسيوطي في الدر المنثور، ٨/٥٥، والبغوي في معالم التنزيل، ٤/٥٠٣، والسمعاني في تفسيره، ٦/٢٥٢، وابن الجوزي في زاد المسير، ٩/١٦٦، والشوكاني في فتح القدير، ٥/٤٦٢.

الحديث رقم ٢٧: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الدعوات عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: منه(٢)، ٥/٤٥٦، الرقم: ٣٣٧٣، والحكم في المستدرك، ١/٦٦٧-٦٦٨، الرقم: ١٨٠٦-١٨٠٧، وأبويعلى في المسند، ١٢/١٠، الرقم: ٦٦٥٥، والبخاري في الأدب المفرد، ١/٢٢٩، الرقم: ٦٥٨، وابن رجب في جامع العلوم والحكم، ١/١٩١.

تعالیٰ سے (دعا) نہیں مانگتا اللہ تعالیٰ اس پر غضب فرماتا ہے۔‘‘

٣٥٤/٢٨۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ كَانَ يُعْجِبُهُ أَنْ يَدْعُوَ ثَلَاثًا وَيَسْتَغْفِرَ ثَلَاثًا. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت عبداللہ (بن مسعود) رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ تین دفعہ دعا اور تین دفعہ استغفار کرنا پسند فرمایا کرتے تھے۔‘‘

الحديث رقم ٢٨: أخرجه أبو داود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: في الاستغفار، ٢/٨٦، الرقم: ١٥٢٤، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/١١٩، الرقم: ١٠٢٩١، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٣٩٤، ٣٩٧، الرقم: ٣٧٤٤، ٣٧٦٩-٣٧٧٠، والطبراني في المعجم الكبير، ١٠/١٥٩، الرقم: ١٠٣١٧، والشاشي في المسند، ٢/١٣٨، الرقم: ٦٧٧، والنسائي في عمل اليوم والليلة، ١/٣٣١، الرقم: ٤٥٧، وأبونعيم في حلية الأولياء، ٤/٣٤٨.

فَصْلٌ فِي رَفْعِ الْيَدَيْنِ فِي الدُّعَاءِ

﴿دعا میں ہاتھ اٹھانے کا بیان﴾

٣٥٥/٢٩۔ قَالَ أَبُوْمُوْسَى الْأَشْعَرِيُّ رضی اللہ عنہ: دَعَا النَّبِيُّ ﷺ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ، وَرَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے دعا کی اور اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے، یہاں تک کہ میں نے آپ ﷺ کے مبارک بغلوں کی سفیدی دیکھی۔''

٣٥٦/٣٠۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ: رَفَعَ يَدَيْهِ حَتَّى رَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے (دعا کے لیے) ہاتھ اٹھائے یہاں تک کہ میں نے آپ ﷺ کی بغل مبارک کی سفیدی دیکھی۔''

٣٥٧/٣١۔ قَالَ ابْنُ عُمَرَ رضي الله عنهما: رَفَعَ النَّبِيُّ ﷺ يَدَيْهِ وَقَالَ:

الحديث رقم ٢٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الدعوات، باب: رَفْعِ الأيدي فی الدُّعاءِ، ٥/٢٣٣٥، وفی كتاب: المغازی، باب: غَزْوَةِ أَوْطاسٍ، ٤/١٥٧١، الرقم: ٤٠٦٨۔

الحديث رقم ٣٠: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الدعوات، باب: رَفْعِ الأيدي فی الدُّعاءِ، ٥/٢٣٣٥، وفی كتاب: الاستسقاء، باب: رفع الإمام يَدَه فِی الاسْتِسْقَاءِ، ١/٣٤٩، الرقم: ٩٨٤، وفی كتاب: المناقب، باب: صفة النبي ﷺ، ٣/١٣٠٧، الرقم: ٣٣٧٢۔

الحديث رقم ٣١: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الدعوات، باب: رَفْعِ الأيدي فی الدُّعاءِ، ٥/٢٣٣٥، وفی باب: بَعْثِ النَّبِيِّ ﷺ خالد بن الوليد إلى بنی جَذِيْمَةَ، ٤/١٥٧٧، الرقم: ٤٠٨٤، وفی كتاب: الأحكام، باب: إذا قضى الحكم بجور، أو خلاف أهل العلم فهو ردّ، ٦/٢٦٢٨، الرقم: ٦٧٦٦، والنسائی فی ←

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَبْرَأُ إِلَيْکَ مِمَّا صَنَعَ خَالِدٌ.

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے ہاتھ اٹھائے عرض کیا: اے اللہ! جو خالد نے کیا میں تیری بارگاہ میں اس سے بری ہوں۔

٣٥٨۔/ ٣٢۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی الله عنه، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا رَفَعَ يَدَيْهِ فِي الدُّعَاءِ، لَمْ يَحُطَّهُمَا حَتَّى يَمْسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْحَاكِمُ وَالْبَزَّارُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ دعا کے لئے ہاتھ اٹھاتے تو اپنے چہرہ اقدس پر پھیرنے سے پہلے (ہاتھ) نیچے نہ کرتے تھے۔''

٣٥٩۔/ ٣٣۔ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ إِذَا دَعَا

السنن، كتاب: آداب القضاة، باب: الردّ على الحاكم إذا قضى بغير الحق، ٨/٢٣٦، الرقم: ٥٤٠٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/١٥٠، الرقم: ٦٣٨٢، وابن حبان فى الصحيح، ١١/٥٣، الرقم: ٤٧٤٩، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٩/١١٥، وعبد الرزاق فى المصنف، ٥/٢٢١، الرقم: ٩٤٣٤۔

الحديث رقم ٣٢: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في رفع الأيدي عند الدعاء، ٥/٤٦٣، الرقم: ٣٣٨٦، وعبد الرزاق فى المصنف، ٢/٢٤٧، الرقم: ٣٢٣٤، والحاكم فى المستدرك، ١/٧١٩، الرقم: ١٩٦٧، والبزار فى المسند، ١/٢٤٣، الرقم: ١٢٩، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٧/١٢٤، الرقم: ٧٠٥٣، وعبد بن حميد فى المسند، ١/٤٤، الرقم: ٣٩، والسيوطى فى الجامع الصغير، ١/١٥٦، الرقم: ٢٣٦، والمناوى فى فيض القدير، ٥/١٣٨۔

الحديث الرقم ٣٣: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: الدعاء، ٢/٧٩، الرقم: ١٤٩٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٢٢١، والطبراني في المعجم الكبير، ٢٢/٢٤١، الرقم: ٦٣١، والبيهقي في شعب الإيمان، ٢/٤٥، والسيوطي في الجامع الصغير، ١/١٤٥، الرقم: ٢١٦، والمقريزي في مختصر كتاب الوتر، ١/١٥٢۔

فَرَفَعَ يَدَيْهِ مَسَحَ وَجْهَهُ بِيَدَيْهِ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب دعا فرماتے تو (اس کے لئے) اپنے دونوں ہاتھ مبارک اٹھاتے (پھر دعا کے بعد) اپنے چہرہ انور پر ہاتھ پھیرتے۔‘‘

٣٦٠/٣٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَا مِنْ عَبْدٍ يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتَّى يَبْدُوَ إِبِطُهُ يَسْأَلُ اللهَ مَسْأَلَةً إِلَّا آتَاهَا إِيَّاهُ مَالَمْ يَعْجَلْ. قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَكَيْفَ عَجَلَتُهُ؟ قَالَ: يَقُوْلُ: قَدْ سَأَلْتُ وَسَأَلْتُ وَلَمْ أُعْطَ شَيْئًا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب بھی کوئی شخص دعا کے لئے ہاتھ اٹھاتا ہے (اور اتنے بلند کرتا ہے) یہاں تک کہ اس کی بغل (کی سفیدی) ظاہر ہو جاتی ہے پھر وہ جو کچھ اللہ تعالیٰ سے مانگتا ہے اللہ تعالیٰ اسے عطا فرما دیتا ہے جب تک کہ وہ جلدی نہ کرے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! جلدی سے کیا مراد ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس طرح کہے: میں نے مانگا، میں نے مانگا لیکن مجھے کچھ نہ دیا گیا۔‘‘

٣٦١/٣٥۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ

الحديث رقم ٣٤: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الدعوات عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: (١٣٨)، الرقم: ٣٦٠٨/٣٩٦٩۔

الحديث رقم ٣٥: أخرجه ابن حبان في الصحيح، ٣/١٠٦، الرقم: ٨٧٦، وأبو يعلى في المسند، ٣/٣٩١، الرقم: ١٨٦٧، والبزار عن سلمان رضی اللہ عنہ في المسند، ٦/٤٧٨، الرقم: ٢٥١١، والطبراني في المعجم الكبير، ١٢/٤٢٣، الرقم: ١٣٥٥٧، والديلمي في مسند الفردوس، ١/٢٢١، الرقم: ٨٤٧، وابن راشد في الجامع، ١٠/٤٤٣، والقضاعي في مسند الشهاب، ٢/١٦٥، الرقم: ١١١١، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٣١٥، الرقم: ٢٥٢٧، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/١٦٩، والهندى في كنز العمال، ٢/٨٧، الرقم: ٣٢٦٦، ٣٢٦٨۔

رَبَّكُمْ حَيِيٌّ كَرِيْمٌ، يَسْتَحِيِّ أَنْ يَرْفَعَ الْعَبْدُ يَدَيْهِ، فَيَرُدَّهُمَا صِفْرًا لَا خَيْرَ فِيْهِمَا، فَإِذَا رَفَعَ أَحَدُكُمْ يَدَيْهِ فَلْيَقُلْ: ﴿يَا حَيُّ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ﴾ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ إِذَا رَدَّ يَدَيْهِ فَلْيُفْرِغْ ذَلِكَ الْخَيْرَ عَلَى وَجْهِهِ. رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَأَبُوْيَعْلَى وَالْبَزَّارُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک تمہارا رب بڑا حیادار اور کریم ہے وہ اس بات سے حیا محسوس کرتا ہے کہ اس کا کوئی بندہ (اس کے سامنے دعا کے لئے) ہاتھ اٹھائے اور وہ انہیں خالی لوٹا دے پس جب بھی تم میں سے کوئی دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے تو یوں کہے: ﴿یا حي لا إله إلا أنت یا أرحم الرحمین﴾ یہ کلمات تین بار دہرائے پھر جب وہ اپنے ہاتھوں کو (واپس) ہٹائے تو وہ انہیں اپنے چہرہ پر پھیر لے۔

٣٦٢/ ٣٦۔ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَرْفَعُ يَدَيْهِ عِنْدَ صَدْرِهِ فِي الدُّعَاءِ، ثُمَّ يَمْسَحُ بِهِمَا وَجْهَهُ.

رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَقَالَ: وَرُبَّمَا رَأَيْتُ مَعْمَرًا يَفْعَلُهُ وَأَنَا أَفْعَلُهُ.

’’امام زہری فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ دعا میں اپنے ہاتھ مبارک سینہ اقدس تک بلند فرماتے اور پھر دعا کے بعد ان کو اپنے چہرہ انور پر پھیر لیتے۔‘‘

اس حدیث کو امام عبدالرزاق نے روایت کیا ہے اور وہ فرماتے ہیں کہ میں نے امام معمر کو اکثر (دعا میں) ایسے کرتے دیکھا اور میرا اپنا معمول بھی یہی ہے۔‘‘

٣٦٣/ ٣٧۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا

الحديث رقم ٣٦: أخرجه عبد الرزاق في المصنف، ٢/ ٢٤٧، الرقم: ٣٢٣٤-٣٢٣٥، ٣/ ١٢٣، الرقم: ٥٠٠٣۔

الحديث رقم ٣٧: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١١/ ٤٣٥، الرقم: ١٢٢٣٤، وفي المعجم الأوسط، ٥/ ٢٥٠، الرقم: ٥٢٢٦، والسيوطي في الجامع الصغير، ١/ ١٤٥، الرقم: ٢١٧، والمناوي في فيض القدير، ٥/ ١٣٣۔

دَعَا جَعَلَ بَاطِنَ كَفِّهِ إِلَى وَجْهِهِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب دعا فرماتے تو اپنی مبارک ہتھیلیوں کو اپنے رخِ زیبا کی طرف فرما لیتے۔''

٣٦٤/٣٨۔ عَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ الْأَنْصَارِيِّ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ كَانَ إِذَا دَعَا جَعَلَ بَاطِنَ كَفَّيْهِ إِلَى وَجْهِهِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت خلاد بن سائب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب دعا فرماتے تو اپنی ہتھیلیوں کو اپنے چہرہ انور کے سامنے کر لیتے۔''

٣٦٥/٣٩۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَدْعُو هَكَذَا بِبَاطِنِ كَفَّيْهِ وَظَاهِرِهِمَا. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ نَحْوَهُ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو دعا کرتے ہوئے دیکھا اور آپ ﷺ نے اپنی ہتھیلیوں کے باطن اور (نماز استسقاء میں) ظاہر کو یوں کیا ہوا تھا۔''

٣٦٦/٤٠۔ عَنْ سَلْمَانَ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، قَالَ: إِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ

الحديث رقم ٣٨: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٤/٥٦، والسيوطي في الجامع الصغير، ١/١٤٦، الرقم: ٢١٧، ٢٤٧، والمزي في تهذيب الكمال، ٧/٧٧، الرقم: ١٤١٨، والعسقلاني في تلخيص الحبير، ٢/١٠٠، الرقم: ٧٢٣، والشوكاني في نيل الأوطار، ٤/٣٥.

الحديث رقم ٣٩: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: الدعاء، ٢/٧٨، الرقم: ١٤٨٧، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/٤٢٧، الرقم: ٢٣٦٧٠، والشيباني في المبسوط، ١/١٠٢، والقرطبي في الجامع لأحكام القرآن، ١١/٣٣٧، وابن عدي في الكامل، ٥/٣٢، الرقم: ١٢٠٢.

الحديث رقم ٤٠/٤١/٤٢: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٦/٢٥٦، الرقم: ٦١٤٨، وفي كتاب الدعاء، ١/٨٤، الرقم: ٢٠٣، ٢٠٥، والهندي في كنز العمال، ٢/٨٧، الرقم: ٣٢٦٧.

لَيَسْتَحْيِي إِذَا رَفَعَ الْعَبْدُ يَدَيْهِ أَنْ يَرُدَّهُمَا صِفْرًا لَا شَيءَ فِيْهِمَا.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت سلمان رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ عزوجل کو اس بات سے حیا آتی ہے کہ اس کا بندہ دعا کے لئے (اس کے سامنے) ہاتھ اٹھائے اور وہ انہیں خالی بغیر ان میں کچھ ڈالے لوٹا دے۔''

٣٦٧ / ٤١۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا دَعَا الْعَبْدُ فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَسَأَلَ، قَالَ اللهُ عزوجل: إِنِّي لَأَسْتَحْيِي مِنْ عَبْدِي أَنْ أَرُدَّهُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ فِي الدُّعَاءِ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب کوئی بندہ دعا کرتا ہے اور اپنے ہاتھ کو اٹھاتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: بیشک میں اپنے اس بندے سے حیا کرتا ہوں کہ میں اس کی دعا کو رد کردوں۔''

٣٦٨ / ٤٢۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ رَبَّكُمْ حَيِيٌّ كَرِيْمٌ، يَسْتَحْيِي إِذَا رَفَعَ الْعَبْدُ يَدَيْهِ أَنْ يَرُدَّهُمَا صِفْرًا لَا خَيْرَ فِيْهِمَا.

رَوَاهُ الدَّارَ قُطْنِيُّ فِي الْأَفْرَادِ كَمَا قَالَ الْهِنْدِيُّ.

''حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک تمہارا رب بڑا حیادار اور سخی ہے۔ اسے اس بات سے حیا آتی ہے کہ کوئی بندہ (دعا کے لئے اس کے سامنے) اپنے ہاتھ اٹھائے اور وہ انہیں خالی، ان میں خیرات ڈالے بغیر واپس لوٹا دے۔''

٣٦٩ / ٤٣۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: لَا تَسْتُرُوا الْجُدُرَ مَنْ نَظَرَ فِي كِتَابِ أَخِيْهِ بِغَيْرِ إِذْنِهِ فَإِنَّمَا يَنْظُرُ فِي

الحديث رقم ٤٣: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: الدعاء، ٢ / ٧٨، الرقم: ١٤٨٥، والحاكم في المستدرك، ١ / ٧١٩، الرقم: ١٩٦٨، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦ / ٥٢، الرقم: ٢٩٤٠٥، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢ / ٢١٢، الرقم: ٢٩٦٩، والطبراني في المعجم الكبير، ١٠ / ٣١٩، الرقم: ١٠٧٧٩، وفي ←

النَّارِ سَلُوا اللهَ بِبُطُوْنِ أَكُفِّكُمْ وَلَا تَسْأَلُوهُ بِظُهُورِهِمَا فَإِذَا فَرَغْتُمْ فَامْسَحُوْا بِهَا وُجُوْهَكُمْ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ. وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دیواروں کو (پردوں سے) نہ چھپایا کرو اور جو شخص اپنے بھائی کے خط میں بغیر اس کی اجازت کے دیکھتا ہے بیشک وہ جہنم کی آگ میں دیکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے ہتھیلیاں اوپر کر کے سوال کیا کرو اور ہاتھوں کی پشت اوپر نہ رکھا کرو اور جب فارغ ہو جاؤ تو انہیں چہروں پر مل لیا کرو۔''

٣٧٠/٤٤۔ عَنِ الْأَسْوَدِ الْعَامِرِيِّ عَنْ أَبِيْهِ رضی الله عنه قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، الْفَجْرَ سَلَّمَ، انْحَرَفَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَدَعَا.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''اسود عامری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی معیت میں نماز فجر ادا کی پس جب آپ ﷺ نے سلام پھیرا تو ایک طرف رخ انور موڑ کر اپنے دونوں مبارک ہاتھ اٹھائے اور دعا فرمائی۔''

٣٧١/٤٥۔ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي يَحْيَى قَالَ: رَأَيْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ الزُّبَيْرَ

----- مسند الشاميين، ٢/٤٣٢، الرقم: ١٦٣٩، والشيباني في الأحاد والمثاني، ٤/٤١٠، الرقم: ٢٤٥٩، والديلمي في مسند الفردوس، ٢/٣٠٦، الرقم: ٣٣٨٣، والمقريزي في مختصر كتاب الوتر، ١/١٥٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/١٦٩، وقال: رجاله ثقات، والقرطبي في الجامع لأحكام القرآن، ١١/٣٣٧۔

الحديث رقم ٤٤: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ١/٢٦٩، الرقم: ٣٠٩٣، والمباركفوري في تحفة الأحوذي، ٢/١٧١، وقال: رواه ابن أبي شيبة في مصنفه، وابن القدامة في المغني، ١/٣٢٨۔

الحديث رقم ٤٥: أخرجه المقدسي في الأحاديث المختارة، ٩/٣٣٦، الرقم: ٣٠٣، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/١٦٩، وقال: رواه الطبراني وترجم له فقال ⟵

رضي الله عنهما وَرَأَى رَجُلًا رَافِعًا يَدَيْهِ يَدْعُو قَبْلَ أَنْ يَفْرُغَ مِنْ صَلَاتِهِ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْهَا قَالَ: لَهُ إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ لَمْ يَكُنْ يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتَّى يَفْرُغَ مِنْ صَلَاتِهِ. رَوَاهُ الْمَقْدَسِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ كَمَا قَالَ الْهَيْثَمِيُّ. وَقَالَ: وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ.

''محمد بن ابی یحییٰ رضی الله عنه روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی الله عنهما کو دیکھا اور انہوں نے ایک آدمی کو نماز سے فارغ ہونے سے قبل ہاتھ اٹھائے دعا مانگتے ہوئے دیکھا پس جب وہ نماز سے فارغ ہوا تو حضرت عبداللہ بن زبیر رضی الله عنه نے اسے فرمایا: بیشک حضور نبی اکرم ﷺ (دعا کے لئے) ہاتھ نہیں اٹھاتے تھے یہاں تک کہ وہ نماز سے فارغ نہ ہو جائیں۔''

٣٧٢/٤٦۔ عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ بَسَطَ كَفَّيْهِ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ ثُمَّ يَقُوْلُ: ﴿اللَّهُمَّ إِلٰهِي وَإِلَهَ إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ، وَإِلَهَ جِبْرِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَإِسْرَافِيْلَ عليهم السلام أَسْأَلُكَ: أَنْ تَسْتَجِيْبَ دَعْوَتِي فَإِنِّي مُضْطَرٌّ، وَتَعْصِمَنِي فِي دِيْنِي، فَإِنِّي مُبْتَلًى، وَتَنَالَنِي بِرَحْمَتِكَ، فَإِنِّي مُذْنِبٌ، وتَنْفِيَ عَنِّي الْفَقْرَ، فَإِنِّي مُتَمَسْكِنٌ﴾ إِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللهِ عزوجل أَنْ لَا يَرُدَّ يَدَيْهِ خَائِبَتَيْنِ.

رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ وَابْنُ السُّنِّيِّ وَاللَّفْظُ لَهُ وَالدَّيْلَمِيُّ وَالْهِنْدِيُّ.

''حضرت انس رضی الله عنه نے حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کیا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: کوئی بھی بندۂ (مومن) ایسا نہیں جو ہر نماز کے بعد اپنی ہتھیلیاں (دعا کے لئے) پھیلاتا ہے پھر یہ کہتا ہے: ''اے میرے اللہ! اے میرے اور ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب عليهم السلام کے

----- محمد بن يحيى الأسلمي عن عبدالله بن الزبير ورجاله ثقات، والمباركفوري في تحفة الأحوذي، ٢/١٠٠، وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات.

الحديث رقم ٤٦: أخرجه ابن عساكر، ١٦/٣٨٣، وابن السني في عمل اليوم والليلة، ١/٥٢، الرقم: ١٣٩؛ والديلمي في مسند الفردوس، ١/٤٨١، الرقم: ١٩٧٠، والهندي في كنز العمال، ٢/١٣٤، الرقم: ٣٤٧٥، والمباركفوري في تحفة الأحوزي، ٢/١٧١۔

معبود اور جبرائیل اور میکائیل اور اسرافیل علیہم السلام کے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو میری دعا کو قبول فرما کیونکہ میں مجبور ہوں اور تو مجھے میرے دین میں مضبوط رکھ کیونکہ میں آزمائش میں ہوں اور تو مجھے اپنی رحمت سے حصہ وافر عطا فرما کیونکہ میں گنہگار ہوں اور مجھ سے فقر کو دور فرما کیونکہ میں ایک مسکین ہوں۔'' پھر اللہ تعالیٰ اپنے ذمہ کرم پر لے لیتا ہے اور اس کے ہاتھوں کو ناکام واپس نہیں لوٹاتا۔''

٣٧٣/٤٧۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم مِنَ الْبَيْتِ إِلَى الْمَسْجِدِ، وَقَوْمٌ فِي الْمَسْجِدِ رَافِعِي أَيْدِيهِمْ يَدْعُوْنَ اللهَ عزوجل، فَقَالَ لِي رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: هَلْ تَرَى مَا أَرَى بِأَيْدِي الْقَوْمِ؟ فَقُلْتُ: مَا تَرَى فِي أَيْدِيهِمْ؟ فَقَالَ: نُورٌ قُلْتُ: أُدْعُ اللهَ أَنْ يُرِيَنِيهِ، قَالَ: فَدَعَا، فَرَأَيْتُهُ، فَقَالَ: يَا أَنَسُ، اسْتَعْجَلْ بِنَا حَتَّى نُشْرِكَ الْقَوْمَ، فَأَسْرَعْتُ مَعَ نَبِيِّ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم فَرَفَعْنَا أَيْدِيَنَا.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي الْكَبِيْرِ وَالطَّبَرَانِيُّ فِي الدُّعَاءِ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معیت میں گھر سے مسجد کی طرف نکلا اور کچھ لوگ مسجد میں اپنے ہاتھوں کو اٹھائے اللہ عزوجل سے دعا مانگ رہے تھے تو مجھے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم وہ چیز دیکھ رہے ہو جو ان کے ہاتھوں میں ہے؟ تو میں نے عرض کیا: آپ ان کے ہاتھوں میں کیا دیکھ رہے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (میں ان کے ہاتھوں میں) نور (دیکھ رہا ہوں) میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ وہ مجھے بھی یہ نور دکھائے، حضرت انس بیان کرتے ہیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے انس! جلدی کرو یہاں تک کہ ہم بھی ان لوگوں کے ساتھ (دعا میں) شریک ہو سکیں۔ پس میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جلدی جلدی ان لوگوں کی طرف گیا پھر ہم نے بھی دعا کے لیے ہاتھ اٹھا لئے۔''

الحديث رقم ٤٧: أخرجه البخاري في التاريخ الكبير، ٣/٢٠٢، الرقم: ٦٩٢، والطبراني في كتاب الدعاء، ١/٨٥، الرقم: ٢٠٦.

٣٧٤/ ٤٨۔ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: الصَّلَاةُ مَثْنَى، مَثْنَى تَشَهَّدُ فِي كُلِّ رَكْعَتَيْنِ، وَتَخَشَّعُ وَتَضَرَّعُ، وَتَمَسْكَنُ وَتَذَرَّعُ وَتُقْنِعَ يَدَيْکَ تَقُوْلُ تَرْفَعُهُمَا إِلَى رَبِّکَ مُسْتَقْبِلاً بِبُطُوْنِهِمَا وَجْهَکَ وَتَقُوْلُ: يَا رَبِّ يَا رَبِّ، وَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِکَ فَهُوَ کَذَا وَکَذَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت فضل بن عباس رضي الله عنهما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نماز (نفل) دو دو رکعتیں ہیں ہر دو رکعت کے بعد تشہد ہے، خشوع وخضوع سکون اور اپنے رب کی طرف ہاتھوں کو (دعا میں) اس طرح اٹھانا کہ ان کا اندرونی حصہ منہ کی جانب رہے اور پھر کہنا: اے رب! اے رب! جس نے ایسا نہ کیا وہ ایسا ہے وہ ایسا ہے۔‘‘

٣٧٥/ ٤٩۔ عَنِ الْمُطَّلِبِ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: الصَّلَاةُ مَثْنَى مَثْنَى أَنْ تَشَهَّدَ فِي کُلِّ رَکْعَتَيْنِ وَأَنْ تَبْأَسَ وَتَمَسْکَنَ وَتُقْنِعَ بِيَدَيْکِ وَتَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ اللّٰهُمَّ فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِکَ فَهِيَ خِدَاجٌ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَه وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ خُزَيْمَةَ.

الحديث رقم ٤٨: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الصلاة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في التخشع في الصلاة، ٢/ ٢٢٥، الرقم: ٣٨٥، والنسائي في السنن الكبرى، ١/ ٢١٢، ٤٥٠، الرقم: ٦١٥، ١٤٤٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/ ١٦٧، والطبراني في المعجم الكبير، ١٨/ ٢٩٥، الرقم: ٧٥٧، والمنذري في الترغيب والترهيب، ١/ ٢٠٣، الرقم: ٧٧٠، وأبو المحاسن في المعتصر المختصر، ١/ ٣٨، وابن رجب في جامع العلوم والحكم، ١/ ١٠٦، وابن قتيبة في تأويل مختلف الحديث، ١/ ١٦٨۔

الحديث رقم ٤٩: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: في صلاة النهار، ٢/ ٢٩، الرقم: ١٢٩٦، وابن ماجه في السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء في صلاة الليل والنهار مثنى مثنى ١٠/ ٤١٩، الرقم: ١٣٢٥، والنسائي في السنن الكبرى، ١/ ٢١٢، ٤٥١، الرقم: ٦١٦، ١٤٤١، وابن خزيمة في الصحيح، ٢/ ٢٢٠-٢٢١، الرقم: ١٢١٢-١٢١٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ←

وقال الإمام ابن خزيمة بعد تخريج الحديث المذكور: في هذا الخبر زيادة شرح ذكر رفع اليدين ليقول: اللَّهُمَّ اللَّهُمَّ، وفي خبر الليث ترفعهما إلى ربک تستقبل بهما وجهک وتقول: يا ربّ يا ربّ، ورفع اليدين وتشهد قبل التسليم ليس من سنة الصلاة، وهذا دالٌّ على أنه إنما أمره برفع اليدين والدعا والمسألة بعد التسليم من المثنى.

’’حضرت مطلب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نماز کی دو دو رکعتیں ہیں ہر دو رکعت پر تشہد ہے اور (نماز سے فراغت کے بعد بندہ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں اپنی) مصیبت و غربت کا حال عرض کرتا ہے دونوں ہاتھ پھیلا کر کہتا ہے، یا اللہ! (یہ عطا فرما وہ عطا فرما) یا اللہ! جو ایسا نہ کرے اس کی نماز نامکمل ہے۔‘‘

امام ابن خزیمہ اپنی صحیح میں اس حدیث کی تخریج کے بعد بیان فرماتے ہیں: اس حدیث میں دعا میں ہاتھ اٹھانے کی مزید شرح ہے اور یہ کہ دعا مانگنے والے کو کہنا چاہیے: اے میرے اللہ! اے میرے اللہ! اور لیث کی روایت میں ہے کہ دعا مانگنے والا اپنے دونوں ہاتھ اللہ کی طرف اٹھائے اور انہیں اپنے چہرہ کے سامنے رکھے اور یہ کہے: اے میرے رب! اے میرے رب! اور رفع یدین اور سلام سے پہلے تشہد سنت نماز میں سے نہیں ہے اور یہ چیز اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ رفع یدین، اور دعا، اور سوال کرنا سلام کے بعد ہے یعنی دونوں طرف سلام پھیرنے کے بعد (اور نماز مکمل کرنے کے بعد) دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا کرنی چاہیے۔‘‘

٣٧٦ / ٥٠۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: الْمَسْأَلَةُ أَنْ تَرْفَعَ يَدَيْکَ

..... ٤/١٦٧، والدارقطني في السنن، ١/٤١٨، الرقم: ٤، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/٤٨٨، الرقم: ٤٣٥٤، والديلمي في مسند الفردوس، ٢/٤٠٧، الرقم: ٣٨١١، والمنذري في الترغيب والترهيب، ١/٢٠٣، الرقم: ٧٧٠۔

الحديث رقم ٥٠: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: الصلاة، باب: الدعاء، ٢/٧٩، الرقم: ١٤٨٩۔ ١٤٩٠، وعبد الرزاق في المصنف، ٢/٢٥٠، الرقم: ٣٢٤٧، والطبراني في كتاب الدعاء، ١/٨٦، الرقم: ٢٠٨، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٩/٤٨٦، الرقم: ٤٦٨۔٤٦٩، والعسقلاني في فتح الباري، ١١/١٤٣، ⟵

حَذْوَ مَنْكِبَيْکَ أَوْ نَحْوَهُمَا وَالْاِسْتِغْفَارُ أَنْ تُشِيْرَ بِإِصْبَعٍ وَاحِدٍ وَالابْتِهَالُ أَنْ تَمُدَّ يَدَيْکَ جَمِيْعًا.

وفي رواية: عَنْ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَعْبَدِ بْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهم بِهٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَ فِيْهِ وَالابْتِهَالُ هٰکَذَا وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَجَعَلَ ظُهُوْرَهُمَا مِمَّا يَلِي وَجْهَهُ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: مانگنے کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے دونوں ہاتھ اپنے کندھوں تک اٹھاؤ یا ان کے برابر اور استغفار ایک انگلی سے اشارہ کرنا ہے اور اظہارِ عجز دونوں ہاتھوں کا اکٹھے پھیلانا ہے۔

اور حضرت عباس بن عبداللہ بن معبد بن عباس رضی اللہ عنہ اسی حدیث کی روایت میں فرماتے ہیں کہ اظہارِ عجز اس طرح ہے: پھر انہوں نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور ان کی پشت اپنے چہرے کے سامنے رکھی۔''

٣٧٧ / ٥١۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا دَعَوْتَ اللهَ، فَادْعُ بِبُطُوْنِ کَفَّيْکَ. وَلَا تَدْعُ بِظُهُوْرِهِمَا. فَإِذَا فَرَغْتَ فَامْسَحْ بِهِمَا وَجْهَکَ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے

------ وقال: أخرجه أبوداود والحلکم، وفي الدراية في تخريج أحاديث الهداية، ٢/ ١٧، الرقم: ٤٢٦، والزيلعي في نصب الراية، ٣/ ٥١، والصنعاني في سبل السلام، ٤/ ٢١٩، والزرقاني في شرح الموطأ، ٢/ ٥٩، الرقم: ١٢٣، والمناوي في فيض القدير، ١/ ١٨٤، والعظيم آبادي في عون المعبود، ٤/ ٢٥٣۔

الحديث رقم ٥١: أخرجه ابن ماجه فی السنن، کتاب: الدعاء، باب: رفع اليدين فی الدعاء، ٢/ ١٢٧٢، الرقم: ٣٨٦٦، وفی کتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، ١/ ٣٧٣، الرقم: ١١٨١، والکنانی فی مصباح الزجاجة، ١/ ١٤١، الرقم: ٤٢٢، والمقريزی فی مختصر کتاب الوتر، ١/ ١٥١، الرقم: ٦٥، والسيوطی فی شرح سنن ابن ماجه، ١/ ٢٧٥، الرقم: ٣٨٦٦۔

فرمایا: جب اللہ عزوجل سے دعا کرو تو اپنے ہاتھ کی ہتھیلیوں سے دعا کیا کرو نہ کہ ان کی پشت سے اور جب دعا سے فارغ ہوجاؤ تو اپنے ہاتھوں کو منہ پر مل لو۔‘‘

٣٧٨/٥٢۔ وقال الإمام البيهقي (٣٨٤-٤٥٨هـ) في الشعب وأما آدابه:

فَمِنْهَا: الْمُحَافَظَةُ عَلَى الدُّعَاءِ فِي الرَّخَاءِ دُوْنَ تَخْصِيْصِ حَالِ الشِّدَّةِ وَالْبَلَاءِ.

وَمِنْهَا: افْتِتَاحُ الدُّعَاءِ وَخَتْمُهُ بِالصَّلَاةِ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ.

وَمِنْهَا: أَنْ يَّدْعُوَ فِي دُبُرِ صَلَوَاتِهِ.

وَمِنْهَا: أَنْ يَرْفَعَ الْيَدَيْنِ حَتَّى يُحَاذِيَ بِهِمَا الْمَنْكِبَيْنِ إِذَا دَعَا.

وَمِنْهَا: أَنْ يَمْسَحَ وَجْهَهُ بِيَدَيْهِ إِذَا فَرَغَ مِنَ الدُّعَاءِ.

’’امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے ’’شعب الإیمان‘‘ میں فرمایا: آداب دعا میں سے ہے:
(انسان کا) ہمیشہ دعا پر استقامت اختیار کرنا خواہ وہ خوشحالی میں ہو اور دعا کو صرف سختی اور مصیبت کے (وقت کے) ساتھ خاص نہ کرنا۔
اور یہ کہ دعا کے آغاز اور آخر میں حضور نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجنا۔
اور یہ کہ اپنی (تمام) نمازوں کے بعد دعا کرنا۔
اور یہ کہ (دونوں) ہاتھوں کو دعا میں اپنے کندھوں کے برابر بلند کرنا۔
اور یہ کہ دعا سے فارغ ہو کر اپنے ہاتھوں کو چہرے پر پھیرنا۔‘‘

٣٧٩/٥٣۔ وقال الإمام أبوزكريا يحيى بن شرف النووي (٦٣١-٦٧٦هـ): قَالَ جَمَاعَةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا وَغَيْرِهِمُ السُّنَّةُ فِي كُلِّ دُعَاءٍ لِرَفْعِ بَلَاءٍ كَالْقَحْطِ وَنَحْوِهِ أَنْ يَّرْفَعَ يَدَيْهِ وَيَجْعَلَ

الحديث رقم ٥٢: أخرجه البيهقي في شعب الإيمان، ٢/٤٥.
الحديث رقم ٥٣: أخرجه النووي في شرحه على صحيح مسلم، ٦/١٩٠.

ظَهْرَ كَفَّيْهِ إِلَى السَّمَاءِ احْتَجُّوْا بِهَذَا الْحَدِيْثِ قوله: عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ لَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِي شَيءٍ مِنْ دُعَائِهِ إِلَّا فِي الاسْتِسْقَاءِ حَتَّى يُرَى بَيَاضُ ابْطَيْهِ، هَذَا الْحَدِيْثُ يُوْهِمُ ظَاهِرُهُ أَنَّهُ لَمْ يَرْفَعْ ﷺ إِلَّا فِي الاسْتِسْقَاءِ وَلَيْسَ الْأَمْرُ كَذَلِکَ بَلْ قَدْ ثَبَتَ رَفْعُ يَدَيْهِ ﷺ فِي الدُّعَاءِ فِي مَوَاطِنَ غَيْرَ الاسْتِسْقَاءِ وَهِيَ أَكْثَرُ مِنْ أَنْ تُحْصَرَ وَقَدْ جَمَعْتُ مِنْهَا نَحْوًا مِنْ ثَلَاثِيْنَ حَدِيْثًا مِنَ الصَّحِيْحَيْنِ أَوْ أَحَدِهِمَا.

’’امام ابوزکریا یحییٰ بن شرف نووی نے فرمایا: ہمارے علمائے کرام اور بعض دیگر نے کہا ہے کہ ہر دعا میں جو کسی مصیبت جیسے قحط وغیرہ کے ٹالنے کے لئے ہو ہاتھ اٹھانا سنت ہے اور وہ اس طرح کہ اپنی ہتھیلیوں کی پشت آسمان کی طرف کرے۔ اس حدیث کو دلیل بناتے ہوئے بعض لوگوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کا قول بیان کیا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نماز استسقاء کے علاوہ دعا میں ہاتھ بلند نہیں فرماتے تھے حتی کہ (جب آپ ہاتھ بلند فرماتے تو) آپ ﷺ کی بغلوں کی سفیدی مبارک نظر آتی تھی۔ اس حدیث کا ظاہر یہ وہم ڈالتا ہے کہ آپ نماز استسقاء کے علاوہ ہاتھ بلند نہیں فرماتے تھے جبکہ درحقیقت معاملہ ایسا ہرگز نہیں بلکہ یہ بات ثابت ہے کہ آپ ﷺ نے نماز استسقاء کے علاوہ دیگر مواقع پر بھی ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی ہے اور یہ مواقع بے شمار ہیں اور میں نے صحیحین یا ان دونوں میں کسی ایک میں سے اس طرح کی تیس احادیث جمع کی ہیں۔‘‘

٣٨٠/ ٥٤۔ قال الإمام ابن تيمية (٦٦١-٧٢٨ھ) في الفتاوى: وَإِنْ أَرَادَ أَنَّ مَنْ دَعَا اللهَ لَا يَرْفَعُ إِلَيْهِ يَدَيْهِ فَهَذَا خِلَافُ مَا تَوَاتَرَتْ بِهِ السُّنَنُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، وَمَا فَطَرَ اللهُ عَلَيْهِ عِبَادَهُ مِنْ

الحديث رقم ٥٤: أخرجه ابن تيمية في مجموع فتاوى، ٥/ ٢٦٥۔

رَفْعِ الْأَيْدِي إِلَى اللهِ فِي الدُّعَاءِ.

’’شیخ ابن تیمیہ نے اپنے فتاوی میں بیان کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا اس کثرت سے ثابت ہے کہ اس کا شمار نہیں کیا جا سکتا۔ نیز فرماتے ہیں کہ اس کی احادیث متواتر ہیں اور اگر اس سے کسی نے یہ مراد لیا ہے کہ دعا کرنے والا اپنے ہاتھ نہ اٹھائے تو یہ حضور نبی اکرم ﷺ سے منقول سنن متواترہ کے خلاف ہے اور اس (انسانی) فطرت کے بھی خلاف ہے جس پر اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں (یعنی مانگنے والا ہمیشہ ہاتھ بڑھاتا ہے) اور وہ یہ ہے کہ دعا میں اللہ تعالیٰ کی طرف ہاتھ بلند کئے جائیں۔‘‘

٣٨١/٥٥۔ وأخرج الإمام ابن رجب الحنبلي (٧٣٦-٧٩٥ھ): مَدَّ يَدَيْهِ إِلَى السَّمَاءِ وَهُوَ مِنْ آدَابِ الدُّعَاءِ الَّتِي يُرْجَى بِسَبَبِهَا إِجَابَتُهُ.

’’امام ابن رجب حنبلی نے ایک طویل حدیث میں (حضور نبی اکرم ﷺ کے ایک صحابی کی کیفیتِ دعا بیان کرتے ہوئے) بیان کیا: انہوں نے اپنے ہاتھ آسمان کی طرف بلند کئے اور یہ آدابِ دعا میں سے جس کے سبب امیدِ قبولیت رکھی جاتی ہے۔‘‘

٣٨٢/٥٦۔ وقال الإمام جلال الدين السّيوطي (٨٤٩-٩١١ھ): أَحَادِيْثُ رَفْعِ الْيَدَيْنِ فِي الدُّعَاءِ فَقَدْ وَرَدَ عَنْهُ ﷺ نَحْوُ مِائَةِ حَدِيْثٍ فِيْهِ رَفْعُ يَدَيْهِ فِي الدُّعَاءِ وَقَدْ جَمَعْتُهَا فِي جُزْءٍ ﴿فض الوعا في أحاديث رفع اليدين في الدعاء﴾ لَكِنَّهَا فِي قَضَايَا مُخْتَلِفَةٍ فَكُلُّ قَضِيَةٍ مِنْهَا لَمْ تَتَوَاتَرْ وَالْقَدْرُ الْمُشْتَرَكُ فِيْهَا وَهُوَ

الحديث رقم ٥٥: أخرجه ابن رجب في جامع العلوم والحكم، ١/١٠٥۔
الحديث رقم ٥٦: أخرجه السيوطي في تدريب الراوي، ٢/١٨٠۔

الرَّفْعُ عِنْدَ الدُّعَاءِ تَوَاتَرَ بِاعْتِبَارِ الْمَجْمُوْعِ.

’’امام جلال الدین سیوطی نے فرمایا: دعا کے لئے ہاتھ اٹھانے کے بارے میں حضور نبی اکرم ﷺ سے تقریبًا سو کے قریب احادیث منقول ہیں جن میں یہ مذکور ہے کہ آپ ﷺ نے دعا میں ہاتھ بلند فرمائے ہیں ان تمام احادیث کو میں نے ایک مستقل کتاب (فض الوعا في أحاديث رفع اليدين في الدعاء) میں جمع کر دیا ہے اگرچہ یہ دعائیں مختلف قضایا سے متعلق ہیں مگر ان میں ہاتھ اٹھانا چونکہ قدر مشترک ہے اس لئے یہ (ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا) مجموعی اعتبار سے احادیث متواتر (سے ثابت) ہو گیا۔‘‘

اَلْبَابُ السَّابِعُ:

الإِخْلَاصُ وَالرَّقَائِقُ

﴿اِخلاص اور رِقّتِ قلب﴾

١. فَصْلٌ فِي أَنَّ الْأَعْمَالَ بِالنِّيَّاتِ

﴿اَعمال کا دار و مدار نیتوں پر ہونے کا بیان﴾

٢. فَصْلٌ فِي الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا

﴿دنیا سے بے رغبتی کا بیان﴾

٣. فَصْلٌ فِي الصِّدْقِ وَالإِخْلَاصِ

﴿سچائی اور اِخلاص کا بیان﴾

٤. فَصْلٌ فِي أَجْرِ الْحُبِّ فِي اللهِ تَعَالَى

﴿اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے محبت کرنے کے ثواب کا بیان﴾

٥. فَصْلٌ فِي حُسْنِ الظَّنِّ بِاللهِ تَعَالَى

﴿اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بارے میں حُسنِ ظن رکھنے کا بیان﴾

٦. فَصْلٌ فِي الْبُكَاءِ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ تَعَالَى

﴿اللہ عَزَّوَجَلَّ کے خوف سے رونے کا بیان﴾

٧. فَصْلٌ فِي قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ وَتَحْسِيْنِ الصَّوْتِ بِهَا

﴿اچھی آواز سے تلاوتِ قرآن کرنے کا بیان﴾

٨. فَصْلٌ فِي الْقَنَاعَةِ وَتَرْكِ الطَّمْعِ

﴿قناعت اِختیار کرنے اور لالچ سے بچنے کا بیان﴾

٩. فَصْلٌ فِي التَّوْبَةِ وَالاسْتِغْفَارِ

﴿توبہ اور استغفار کا بیان﴾

١٠. فَصْلٌ فِي الْأَذْكَارِ وَالتَّسْبِيحَاتِ

﴿اَذکار اور تسبیحات کا بیان﴾

فَصْلٌ فِي أَنَّ الْأَعْمَالَ بِالنِّيَّاتِ

﴿ اَعمال کا دار و مدار نیتوں پر ہونے کا بیان ﴾

٣٨٣ / ١۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ، وَلِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللهِ وَرَسُوْلِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللهِ وَرَسُوْلِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ لِدُنْيَا يُصِيْبُهَا، أَوِ امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت عمر بن خطاب ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اعمال کا دار و مدار نیت پر ہے اور ہر شخص کے لئے وہی ہے جس کی اس نے نیت کی، پس جس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف ہجرت کی اس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اُس کے

الحديث رقم ١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: ماجاءَ أَنَّ الأعمال بِالنِيّةِ والحِسْبَةِ وَ لِكُلِّ امْرِئٍ مَانَوَى، ١/ ٣٠، الرقم: ٥٤، وفي كتاب: العتق، باب: الخطا والنسيان في العتاقة والطلاق ونحوه ولا عتاقه إلا لوجه الله، ٢/ ٨٩٤، الرقم: ٢٣٩٢، وفي كتاب: المناقب، باب: هجرة النبي ﷺ وأصحابه إلى المدينة، ٣/ ١٤١٦، الرقم: ٣٦٨٥، وفي كتاب: الأيمان والنذور، باب: النية في الأيمان، ٦/ ٢٤٦١، الرقم: ٦٣١١، وفي كتاب: الحيل، باب: في ترك الحيل وأن لكل امرىء مانوى في الأيمان وغيرها، ٦/ ٢٥٥١، الرقم: ٦٥٥٣، وفي كتاب: بدء الوحي، باب: كيف كان بدء الوحي، ١/ ٣، الرقم: ١، ومسلم في الصحيح، كتاب: الإمارة، باب: قوله إنما الأعمال بالنية وأنه يدخل فيه الغزو وغيره من الأعمال، ٣/ ١٥١٥، الرقم: ١٩٠٧، والترمذي في السنن، كتاب: فضائل الجهاد عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فيمن يقاتل رياء وللدنيا، ٤/ ١٧٩، الرقم: ١٦٤٧، وأبو داود في السنن، كتاب: الطلاق، باب: فيها عني به الطلاق والنيات، ٢/ ٣٦٢، الرقم: ٢٢٠١، والنسائي في السنن، كتاب: الأيمان والنذور، باب: النية في اليمين، ٧/ ١٣، الرقم: ٣٧٩٤، وابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب: النية، ٢/ ١٤١٣، الرقم: ٤٢٢٧۔

رسول ﷺ کے لئے ہی شمار ہو گی، اور جس کی ہجرت دنیا حاصل کرنے یا کسی عورت سے شادی کرنے کے لیے ہوئی تو اس کی ہجرت اسی کے لیے ہے جس کی طرف اس نے ہجرت کی۔‘‘

٣٨٤/٢۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ، وَلَكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ، وَ إِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: فتح (مکہ) کے بعد (مکہ مکرمہ سے) ہجرت نہیں، ہاں جہاد اور نیت باقی ہے۔ جب تمہیں جہاد کی طرف بلایا جائے تو فوراً نکل پڑو۔‘‘

٣٨٥/٣۔ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ نُفَيْعِ بْنِ الْحَارِثِ الثَّقَفِيِّ رضي الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا، فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُوْلُ فِي النَّارِ. قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، هَذَا الْقَاتِلُ فَمَا بَالُ الْمَقْتُوْلِ؟ قَالَ: إِنَّهُ كَانَ رَيْصًا

الحديث رقم ٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الجهاد والسير، باب: فضل الجهاد والسِّيَر، ٣/١٠٢٥، الرقم: ٢٦٣١، وفی باب: وجُوبِ النَّفِيْرِ، ما يجِبُ مِنَ الجِهَادِ وَالنِّيَّةِ، ٤/١٠٤٠، الرقم: ٢٦٧٠، وفی باب: لا هِجْرَةَ بَعْدَ الفتح، ٣/١١٢٠، الرقم: ٢٩١٢، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإمارة، باب: المبايعة بعد فتح مكة على الإسلام والجهاد والخير، وبيان معنى لا هجرة بعد الفتح، ٣/١٤٨٨، الرقم: ١٨٦٣۔ ١٨٦٤، والترمذی فی السنن، كتاب: السِّيَر عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فی الهجرة، ٤/١٤٨، الرقم: ١٥٩٠، وَ قَالَ أَبُوعِيْسَى: هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، وابن الجارود فی المنتقى، ١/٢٥٧، الرقم: ١٠٣٠، وابن حبان فی الصحيح، ١٠/٤٥٢، الرقم: ٤٥٩٢، والدارمی فی السنن، ٢/٣١٢، الرقم: ٢٥١٢، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٧/٤٠٨، الرقم: ٣٦٩٣٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/٢٢٦، الرقم: ١٩٩١، ٣٣٣٥، وأبويعلى فی المسند، ٨/٣٦٢، الرقم: ٤٩٥٢، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١٠/٣٣٩، الرقم: ١٠٨٤٤۔

الحديث رقم ٣: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: وَ إِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا، الحجرات: (٩)، فَسَمَّاهُمُ الْمُؤْمِنِيْنَ، ⟵

عَلَى قَتْلِ صَاحِبِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو بکرہ نفیع بن حارث ثقفی ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب دو مسلمان اپنی تلواروں کے ساتھ ملیں (آپس میں لڑیں) تو قاتل اور مقتول دونوں جہنم میں ہیں۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! قاتل کے متعلق تو درست (ہے) لیکن مقتول کیوں؟ فرمایا: کیوں کہ وہ بھی اپنے حریف کو قتل کرنے کا تمنائی تھا۔''

٣٨٦/ ٤۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ صَخْرٍ ﷺ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ لَا يَنْظُرُ إِلَى أَجْسَادِكُمْ، وَلَا إِلَى صُوَرِكُمْ وَلَكِنْ يَنْظُرُ إِلَى قُلُوْبِكُمْ. وفي رواية بلفظ: إِنَّ اللهَ لَا يَنْظُرُ إِلَى صُوَرِكُمْ وَأَمْوَالِكُمْ وَلَكِنْ يَنْظُرُ إِلَى قُلُوْبِكُمْ وَأَعْمَالِكُمْ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نہ تمہارے جسموں کو دیکھتا ہے اور نہ ہی تمہاری صورتوں کو، بلکہ وہ تمہارے دلوں کو

..... ١/ ٢٠، الرقم: ٣١، وفى كتاب: الديات، باب: قولِ الله تعالى: وَ مَنْ أَحْيَاهَا [المائدة: ٣٢]، ٦/ ٢٥٢٠، الرقم: ٦٤٨١، وفى كتاب: الفتن، باب: إذا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا، ٤/ ٢٢١٤، الرقم: ٦٦٧٢، ومسلم فى الصحيح، كتاب: الفتن وأشراط الساعة، باب: إذا تواجه المسلمان بِسَيْفَيْهِمَا، ٤/ ٢٢١٤، الرقم: ٢٨٨٨، وابن ملجه فى السنن، كتاب: الفتن، باب: إذا التقى المسلمان بِسَيْفَيْهِمَا، ٢/ ١٣١١، الرقم: ٣٩٦٣۔ ٣٩٦٤، والبزار فى المسند، ٩/ ١٠٤، والمنذري فى الترغيب والترهيب، ٣/ ٣١٩، الرقم: ٤٢٥١، وابن رجب فى جامع العلوم والحكم، ١/ ٣٥٤۔

الحديث رقم ٤: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: تحريم ظلم المسلم وخذله واحتقاره ودمه وعرضه وماله، ٤/ ١٩٨٦، الرقم: ٢٥٦٤، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: القناعة، ٢/ ١٣٨٨، الرقم: ٤١٤٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/ ٢٨٤، الرقم: ٧٨١٤، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٧/ ٥٠٨، الرقم: ١١١٥١، والديلمى فى مسند الفردوس، ١/ ١٦٦، الرقم: ٦١٤، وابن المبارك فى كتاب الزهد، ١/ ٥٤٠، الرقم: ١٥٤٤۔

دیکھتا ہے۔ (اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:) ’’بے شک اللہ تعالیٰ تمہاری شکلوں اور تمہارے اَموال کو نہیں دیکھتا بلکہ وہ تمہارے دلوں اور تمہارے اَعمال کو دیکھتا ہے۔‘‘

٣٨٧/ ٥۔ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِي رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: نِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِنْ عَمَلِهِ، وَعَمَلُ الْمُنَافِقِ خَيْرٌ مِنْ نِيَّتِهِ، وَكُلٌّ يَّعْمَلُ عَلَى نِيَّتِهِ، فَإِذَا عَمِلَ الْمُؤْمِنُ عَمَلًا ثَارَ فِي قَلْبِهِ نُوْرٌ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالدَّيْلَمِيُّ وَرِجَالُهُ مُوَثَّقُوْنَ.

’’حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مومن کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے اور منافق کا عمل اس کی نیت سے بہتر ہے اور ہر ایک اپنی نیت پر عمل کرتا ہے۔ پس جب مومن کوئی (نیک) عمل کرتا ہے تو اس (نیک عمل کی برکت کے باعث اس) کے دل میں نور پھوٹ پڑتا ہے۔‘‘

الحديث رقم ٥: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٦/١٨٥، الرقم: ٥٩٤٢، والديلمي في مسند الفردوس، ٤/٢٨٥، الرقم: ٦٨٤٢، والربيع عن عبد الله بن عباس في المسند، ١/٢٣، الرقم: ١، والقضاعي في مسند الشهاب، ١/١١٩، الرقم: ١٤٨، والبيهقي في شعب الإيمان، ٥/٣٤٣، الرقم: ٦٨٦٠ والهيثمي في مجمع الزوائد، ١/٦١ وقال رجاله موثّقون.

فَصْلٌ فِي الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا

﴿دنیا سے بے رغبتی کا بیان﴾

٣٨٨/٦۔ رَوَى أَبُوْحَنِيْفَةَ رضی الله عنه قَالَ حَدَّثَنِي دَاوُدُ عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي زَائِدَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: أَعْقَلُ النَّاسِ أَتْرَكُهُمْ لِلدُّنْيَا. أَخْرَجَهُ فِي مُسْنَدِهِ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ بے شک حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لوگوں میں سب سے زیادہ عقل مند وہ ہے جو دنیا (کی محبت) کو سب سے زیادہ چھوڑنے والا ہو۔''

٣٨٩/٧۔ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ رضی الله عنه أَتَى النَّبِيَّ ﷺ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، دُلَّنِي عَلَى عَمَلٍ إِذَا أَنَا عَمِلْتُهُ أَحَبَّنِيَ اللهُ وَأَحَبَّنِيَ النَّاسُ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ازْهَدْ فِي الدُّنْيَا يُحِبَّكَ اللهُ، وَازْهَدْ فِيْمَا فِي أَيْدِيَ النَّاسِ يُحِبُّكَ النَّاسُ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے کوئی ایسا عمل

الحديث رقم ٦: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ١/١٩٩۔

الحديث رقم ٧: أخرجه ابن ماجه فی السنن، كتاب: الزهد، باب: الزهد فی الدنيا، ٢/١٣٧٣، الرقم: ٤١٠٢، والحاكم فی المستدرك، ٤/٣٤٨، الرقم: ٧٨٧٣، والطبرانی فی المجعم الكبير، ٦/١٩٣، الرقم: ٥٩٧٢، والبيهقی فی شعب الإيمان، ١٧ ٣٤٤، الرقم: ١٠٥٢٢، والصيداوی فی معجم الشيوخ، ١/٣١٢، الرقم: ٢٨٢، والقضاعی فی مسند الشهاب، ١/٣٧٣، الرقم: ٦٤٣، والديلمی فی مسند الفردوس، ١/٤٣١، الرقم: ١٧٥٨، وابن عبد البر فی التمهيد، ٩/٢٠١۔

بتائیں جسے کرنے سے اللہ تعالیٰ بھی مجھ سے محبت کرے اور لوگ بھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: دنیا سے بے رغبت ہو جا، اللہ تعالیٰ تجھ سے محبت کرے گا اور جو کچھ لوگوں کے پاس ہے اس سے بے رغت ہوجا، لوگ بھی تجھ سے محبت کریں گے۔‘‘

٣٩٠/٨۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ تَعَالَى يَقُوْلُ: يَا ابْنَ آدَمَ! تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِي أَمْلَأْ صَدْرَکَ غِنًى وَأَسُدَّ فَقْرَکَ وَ إِلَّا تَفْعَلْ مَلأْتُ يَدَيْکَ شُغْلاً وَلَمْ أَسُدَّ فَقْرَکَ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ، وَقَالَ الْحَاکِمُ : صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے ابن آدم! تو میری عبادت کے لئے فارغ تو ہو میں تمہارا سینہ بے نیازی سے بھر دوں گا اور تیرا فقر و فاقہ ختم کر دوں گا؛ اور اگر تو ایسا نہیں کرے گا تو میں تیرے ہاتھ کام کاج سے بھر دوں گا اور تیری محتاجی (کبھی) ختم نہیں کروں گا۔‘‘

٣٩١/٩۔ عَنْ أَبِي خَلَّادٍ رضي الله عنه (وَکَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ) قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا رَأَيْتُمُ الرَّجُلَ قَدْ أُعْطِيَ زُهْدًا فِي الدُّنْيَا وَقِلَّةَ مَنْطِقٍ فَاقْتَرِبُوْا مِنهُ، فَإِنَّهُ يُلْقَى الْحِکْمَةَ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

الحديث رقم ٨: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: (٣٠)، ٤/٦٤٢، الرقم: ٢٤٦٦، وابن ماجه فی السنن، کتاب: الزهد، باب: الهم بالدنيا، ٢/١٣٧٦، الرقم: ٤١٠٧، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٣٥٨، الرقم: ٨٦٨١، وابن حبان عن أبی هريرة رضي الله عنه فی الصحيح، ٢/١١٩، الرقم: ٣٩٣، والحاکم فی المستدرک، ٢/٤٨١، الرقم: ٣٦٥٧، والطبرانی فی المعجم الکبير، ٢٠/٢١٦، الرقم: ٥٠٠، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٧/٢٨٨، الرقم: ١٠٣٣٩، والديلمی عن أبی هريرة رضي الله عنه فی مسند الفردوس، ٥/٢٣٢، الرقم: ٨٠٤٥۔

الحديث رقم ٩: أخرجه ابن ماجه فی السنن، کتاب: الزهد، باب: الزهد فی الدنيا، ٢/١٣٧٣، الرقم: ٤١٠١، والبيهقی عن أبی هريرة رضي الله عنه فی شعب الإيمان، ←

’’حضرت ابو خلاد ﷺ (جو کہ صحابی رسول ہیں) روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تم دیکھو کہ کسی شخص کو دنیا میں زہد اور کم گوئی عطا کر دی گئی ہے تو اس کا قرب حاصل کرو کیونکہ اسے حکمت عطا کر دی جاتی ہے۔‘‘

٣٩٢ / ١٠۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دنیا مومن کا قید خانہ اور کافر کی جنت ہے۔‘‘

٣٩٣ / ١١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا يُرِيْحُ الْقَلْبَ وَالْجَسَدَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ بِإِسْنَادٍ لَا بَأْسَ بِهِ.

وأخرجه القضاعي عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنهما وزاد: وَالرَّغْبَةُ فِي الدُّنْيَا تُكْثِرُ الْهَمَّ وَالْحُزْنَ وَالْبِطَالَةُ تُقْسِي الْقَلْبَ.

------ ٤ / ٢٥٤، الرقم: ٤٩٨٥، ١٠٥٣٤، وأبو يعلى فى المسند، ١٢ / ١٧٥، الرقم: ٦٨٠٣، والشيبانى فى الآحاد والمثانى، ٤ / ٤٩٩، الرقم: ٢٤٤٨.

الحديث رقم ١٠: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الزهد والرقائق، ٤ / ٢٢٧٢، الرقم: ٢٩٥٦، والترمذى فى السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء أن الدنيا سجن المؤمن وجنة الكافر، ٤ / ٥٦٢، الرقم: ٢٣٢٤، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: مثل الدنيا، ٢ / ١٣٧٨، الرقم: ٤١١٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢ / ٣٢٣، الرقم: ٨٢٧٢، وابن حبان فى الصحيح، ٢ / ٤٦٢، الرقم: ٦٨٧، والحاكم عن سلمان ﷺ فى المستدرك، ٣ / ٦٩٩، الرقم: ٦٥٤٥، وقال الحاكم: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ، والبزار عن سلمان ﷺ فى المسند، ٦ / ٤٦١، الرقم: ٢٤٩٨.

الحديث رقم ١١: أخرجه الطبرانى فى المعجم الأوسط، ٦ / ١٧٧، الرقم: ٦١٢٠، والقضاعى فى مسند الشهاب، ١ / ١٨٨، الرقم: ٢٧٨، والبيهقى فى شعب الإيمان، ⟵

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دنیا سے بے رغبتی دل اور جسم (دونوں) کو سکون بخشتی ہے۔‘‘

’’اور امام قضاعی نے حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہوئے ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے: دنیا سے محبت غم و حزن میں اضافہ کرتی ہے اور فحش کلامی دل کو سخت کر دیتی ہے۔‘‘

٣٩٤/١٢۔ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رضي الله عنهما قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَا تَزَيَّنَ الْأَبْرَارُ بِمِثْلِ الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا.

رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى بِإِسْنَادِهِ.

اس حدیث کو امام ابن قانع اور امام عسقلانی نے روایت کیا ہے اور امام ابن کثیر نے ''البدایہ'' میں روایت کرنے کے بعد فرمایا ہے کہ میں کہتا ہوں کہ بعض روایات میں آیا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنی چادر مبارک ان کو اس وقت عطا فرمائی جب انہوں نے اپنے قصیدے کے ذریعے آپ ﷺ کی مدح فرمائی..... اور اسی طرح حافظ ابوالحسن ابن الاثیر نے ''اسد الغابہ'' میں بیان کیا ہے کہ یہ وہی چادر ہے جو خلفا کے پاس رہی اور یہ بہت ہی مشہور واقعہ ہے۔''

٥٢٨/٦٨۔ عَنْ خُرَيْمِ بْنِ أَوْسِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ لَامٍ ﷺ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رضي الله عنهما: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنِّي أُرِيْدُ أَنْ أَمْدَحَکَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: هَاتِ لَا يَفْضُضُ اللهُ فَاکَ فَأَنْشَأَ الْعَبَّاسُ ﷺ يَقُوْلُ:

وَأَنْتَ لَمَّا وُلِدْتَ أَشْرَقَتِ الْأَرْضُ وَضَائَتْ بِنُورِکَ الْأُفُقُ

فَنَحْنُ فِي الضِّيَاءِ وَفِي النُّوْرِ وَسُبُلُ الرَّشَادِ نَخْتَرِقُ

رَوَاهُ الطَّبَرَانِي وَالْحَاکِمُ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت خریم بن اوس بن حارثہ بن لام ﷺ بیان کرتے ہیں کہ ہم حضور نبی

الحديث رقم ٦٨: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٤/٢١٣، الرقم: ٤١٦٧، والحاكم في المستدرك، ٣/٣٦٩، الرقم: ٥٤١٧، وأبونعيم في حلية الأولياء، ١/٣٦٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/٢١٧، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢/١٠٢، وابن الجوزي في صفوة الصفوة، ١/٥٣، وابن عبد البر في الاستيعاب، ٢/٤٤٧، الرقم: ٦٦٤، والعسقلاني في الإصابة، ٢/٢٧٤، الرقم: ٢٢٤٧، والخطابي في إصلاح غلط المحدثين، ١/١٠١، الرقم: ٥٧، وابن قدامة في المغني، ١٠/١٧٦، والسيوطي في الخصائص الكبرى، ١/٦٦، وابن كثير في البداية والنهاية (السيرة)، ٢/٢٥٨، والقرطبي في الجامع لأحكام القرآن، ١٣/١٤٦، والحلبي في السيرة، ١/٩٢۔

اکرم ﷺ کے خدمتِ اقدس میں موجود تھے تو حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما نے آپ ﷺ کی بارگاہ میں عرض کیا: یا رسول اللہ! میں آپ کی مدح و نعت پڑھنا چاہتا ہوں تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لاؤ مجھے سناؤ اللہ تعالیٰ تمہارے دانت صحیح و سالم رکھے (یعنی تم اسی طرح کا عمدہ کلام پڑھتے رہو) تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے یہ پڑھنا شروع کیا:

''اور آپ وہ ذات ہیں کہ جب آپ کی ولادت باسعادت ہوئی تو (آپ کے نور سے) ساری زمین چمک اٹھی اور آپ کے نور سے اُفقِ عالم روشن ہو گیا پس ہم ہیں اور ہدایت کے راستے ہیں اور ہم آپ کی عطا کردہ روشنی اور آپ ہی کے نور میں ان (ہدایت کی راہوں) پر گامزن ہیں۔''

٥٢٩/ ٦٩۔ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ قَالَ: حَدَّثَنِي مَنْ سَمِعَ النَّابِغَةَ الْجَعْدِيَّ (وَإِسْمُهُ قَيْسُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنه لَهُ صُحْبَةٌ) يَقُوْلُ: أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ فَأَنْشَدْتُهُ قَوْلِي..... فَلَمَّا أَنْشَدْتُهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا يَفْضُضُ اللهُ فَاكَ. قَالَ: وَكَانَ مِنْ أَحْسَنِ النَّاسِ ثَغْرًا. وَكَانَ إِذَا سَقَطَتْ لَهُ سِنٌّ نَبَتَتْ أُخْرَى.

وفي رواية: عَبْدِ اللهِ بْنِ جَرَّادٍ لِهَذَا لْخَبَرِ، قَالَ: فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ كَأَنَّ فَاهُ الْبَرْدُ الْمُنْهَلُ يَتَلَأْلَأُ وَيُبْرِقُ، مَا سَقَطَتْ لَهُ سِنٌّ وَلَا تَفَلَّتَتْ لِقَوْلِ

الحديث رقم ٦٩: أخرجه ابن عبد البر في الاستعياب، ٤/١٥١٤-١٥١٧، ١٧٤٣، الرقم: ٢٦٤٨، ٣١٥٤، والعسقلاني في الإصابة، ٥/٥٨٨، الرقم: ٧٤٠٧، ٦/٣٩٤، وقال: أخرجه البزار وأبونعيم في تاريخ أصبهان، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/١٢٦، وقال: رواه البزار، والحارث في المسند (زوائد الهيثمي)، ٢/٨٤٤، الرقم: ٨٩٤، وابن حيان في طبقات المحدثين بأصبهان، ١/٢٧٤،٢٧٦، والسيوطي في الخصائص الكبرى، ٢/٢٨٢، وابن كثير في البداية والنهاية (السيرة)، ٦/١٦٨، وفي ريح النسرين فيمن عاش من الصحابة، ١/٧٧، والقنوجي في أبجد العلوم، ١/٣٢٩، وقال: أخرجه السيوطي والبيهقي.

رَسُوْلِ اللهِ ﷺ: أَجَدْتَ لَا يَفْضُضُ اللهُ فَاکَ. قَالَ: وَعَاشَ النَّابِغَةُ بِدَعْوَةِ النَّبِيِّ ﷺ حَتَّی أَتَتْ عَلَيْهِ مِائَةٌ وَاثْنَتَا عَشْرَةَ سَنَةً.

رَوَاهُ ابْنُ عَبْدِ الْبَرِّ وَالْعَسْقَلَانِيُّ وَالْهَيْثَمِيُّ وَقَالَ: رَوَاهُ الْبَزَّارُ.

وَقَالَ السُّيُوْطِيُّ فِي الْخَصَائِصِ: أَخْرَجَ الْبَيْهَقِيُّ وَأَبُوْنُعَيْمٍ مِنْ طَرِيْقِ يَعْلَی بْنِ الْأَشْدَقِ قَالَ: سَمِعْتُ النَّابِغَةَ رضی الله عنه نَابِغَةَ بَنِي جَعْدَةَ رضی الله عنه يَقُوْلُ: أَنْشَدْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ هَذَا الشِّعْرَ فَأَعْجَبَهُ، فَقَالَ: أَجَدْتَ لَا يَفْضُضُ اللهُ فَاکَ. فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ وَلَقَدْ أَتَی عَلَيْهِ نَيِّفٌ وَمِائَةُ سَنَةٍ وَمَا ذَهَبَ لَهُ سِنٌّ ثُمَّ أَخْرَجَهُ الْبَيْهَقِيُّ مِنْ وَجْهٍ آخَرَ عَنِ النَّابِغَةِ وَأَخْرَجَهُ ابْنُ أَبِي أُسَامَةَ مِنْ وَجْهٍ آخَرَ عَنْهُ وَفِيْهِ: فَکَانَ مِنْ أَحْسَنِ النَّاسِ ثَغْرًا فَکَانَ إِذَا سَقَطَتْ لَهُ سِنٌّ نَبَتَتْ لَهُ أُخْرَی وَأَخْرَجَهُ ابْنُ السُّکَنِ مِنْ وَجْهٍ آخَرَ عَنْهُ، وَفِيْهِ: فَرَأَيْتُ أَسْنَانَ النَّابِغَةِ أَبْيَضَ مِنَ الْبَرْدِ لِدَعْوَةِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ.

’’حضرت حسین بن عبید اللہ روایت کرتے ہیں کہ مجھے اس نے بتایا جس نے حضرت نابغہ جعدی رضی اللہ عنہ (اور ان کا پورا نام قیس بن عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ ہے اور انہیں صحبتِ رسول اللہ ﷺ کا شرف حاصل ہے) سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا اور آپ ﷺ کو اپنا کلام سنایا پس جب میں نے آپ ﷺ کی مدح کی تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے دانت سلامت رکھے (اور تم اسی طرح کا عمدہ کلام پڑھتے رہو) اور (اس دعا کے نتیجہ میں) وہ تمام لوگوں سے بڑھ کر خوبصورت دانتوں والے تھے اور جب ان کا کوئی دانت گرتا تو اس جگہ دوسرا دانت نکل آتا تھا۔‘‘

اور یہی حدیث عبد اللہ بن جراد سے بھی مروی ہے اس میں ہے کہ میں نے آپ (نابغہ جعدی رضی اللہ عنہ) کی طرف دیکھا گویا ان کا منہ (پہاڑوں پر) گری ہوئی برف کی طرف روشن اور چمکدار تھا۔ ان کا کوئی دانت گرا نہ خراب ہوا۔ حضور نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کی بدولت کہ ’’تم نے کیا خوب میری مدح کی ہے اللہ تعالیٰ تمہارے دانت سلامت رکھے۔‘‘ آپ بیان

کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی دعا کی بدولت حضرت نابغہ رضی اللہ عنہ نے طویل زندگی پائی یہاں تک کہ آپ ۱۱۲ سال زندہ رہے۔‘‘

امام سیوطی ’’الخصائص‘‘ میں بیان کرتے ہیں کہ امام بیہقی اور ابونعیم نے یعلی بن اشدق کے طریق سے یہ حدیث روایت کی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نابغہ جو کہ نابغہ بنی جعدہ ہیں کو بیان کرتے ہوئے سنا وہ فرماتے ہیں: میں نے اس شعر کے ذریعے حضور نبی اکرم ﷺ کی مدح سرائی کی تو آپ ﷺ کو یہ بہت پسند آیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تو نے کیا خوب کہا ہے! اللہ تعالیٰ تمہارے دانت سلامت رکھے۔ پس میں نے انہیں دیکھا کہ ان کی عمر سو اور کچھ سال اوپر ہوگئی تھی لیکن ان کا کوئی دانت نہیں گرا تھا۔ اور امام بیہقی نے یہ حدیث ایک اور طریق سے حضرت نابغہ سے روایت کی ہے اور ابن ابی اسامہ نے بھی ان ہی سے ایک اور طریق سے اس کی روایت کی ہے اور اس میں یہ الفاظ ہیں: ’’حضرت نابغہ رضی اللہ عنہ تمام لوگوں سے بڑھ کر خوبصورت دانتوں والے تھے اور جب ان کا کوئی دانت گرتا تو اس کی جگہ دوسرا دانت نکل آتا‘‘ اور امام ابن سکن نے آپ ہی سے ایک اور طریق سے اس کو روایت کیا ہے اور اس میں یہ الفاظ ہیں: ’’میں نے حضرت نابغہ رضی اللہ عنہ کے دندان سفید اولوں سے بڑھ کر سفید دیکھے اور یہ حضور نبی اکرم ﷺ کی ان کے لئے دعا کا نتیجہ تھا۔‘‘

٥٣٠ / ٧٠۔ عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ قَالَ لِلنَّبِيِّ ﷺ: إِنَّ اللهَ عزوجل قَدْ أَنْزَلَ فِي الشِّعْرِ مَا أَنْزَلَ فَقَالَ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ يُجَاهِدُ بِسَيْفِهِ وَلِسَانِهِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَكَأَنَّ مَا تَرْمُوْنَهُمْ بِهِ نَضْحُ النَّبْلِ.

الحديث رقم ٧٠: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٦/٣٨٧، الرقم: ٢٧٢١٨، ٣/٤٥٦، وابن حبان في الصحيح، ١٣/١٠٢، الرقم: ٥٧٨٦، ١١/٥، الرقم: ٤٧٠٧، والبخاري في التاريخ الكبير، ٥/٣٠٤، والطبراني في المعجم الكبير، ١٩/٧٥، الرقم: ١٥١-١٥٣، والبيهقي في السنن الكبرى، ١٠/٢٣٩، والبغوي في شرح السنة، ١٢/٣٧٨، الرقم: ٣٤٠٩، وابن عبد البر في الاستيعاب، ٣/١٣٢٥، والمزي في تهذيب الكمال، ٢٤/١٩٥، والحسيني في البيان والتعريف، ١/٢١٦، الرقم: ٥٦٦۔

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْكَبِيْرِ وَالْبَغَوِيُّ.

’’حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا: بیشک اللہ تبارک وتعالیٰ نے شعر کے بارے میں نازل کیا جو نازل کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیشک مؤمن اپنی تلوار اور زبان دونوں کے ساتھ جہاد کرتا ہے اور اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! گویا جو الفاظ تم ان (کفار ومشرکین) کی مذمت میں کہتے ہو وہ (ان کے لئے) بمنزلہ تیر برسانے کے ہیں۔‘‘

فَصْلٌ فِي فَضْلِ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ

﴿زیارتِ قبور کی فضیلت کا بیان﴾

٥٣١ / ٧١۔ رَوَى أَبُوْحَنِيْفَةَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: نَهَيْنَاكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ وَقَدْ أُذِنَ لِمُحَمَّدٍ فِي زِيَارَةِ قَبْرِ أُمِّهِ فَزُوْرُوْهَا وَلَا تَقُوْلُوْا هِجْرًا.

رَوَاهُ أَبُوْحَنِيْفَةَ.

''امام اعظم ابوحنیفہ علقمہ بن مرثد سے وہ سلیمان بن بریدہ سے اور وہ اپنے والد حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ہم نے تمہیں قبروں کی زیارت کرنے سے منع کیا تھا، محمد مصطفیٰ (ﷺ) کو اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کرنے کا اذن دے دیا گیا ہے، سو (اب) تم بھی قبروں کی زیارت کیا کرو اور بے ہودہ باتیں مت کیا کرو۔''

٥٣٢ / ٧٢۔ عَنْ بُرَيْدَةَ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ

الحديث رقم٧١: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبی حنيفة، ٢/١٩٩، وأبو يوسف فی كتاب الآثار، ١/٢٢٥، الرقم: ٩٩٦، والنسائی فی السنن، كتاب: الجنائز، باب: زيارة القبور، ٤/٨٩، الرقم: ٢٠٣٣، ومالك فی الموطأ، ٢/٤٨٥، الرقم: ١٠٣١، والشافعی فی المسند، ١/٣٦١، والحاكم فی المستدرك، ١/٥٣٢، الرقم: ١٣٩٣۔

الحديث رقم ٧٢: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: استئذان النبی ﷺ ربه عزوجل فی زيارة قبر أمه، ٢/٦٧٢، الرقم: ٩٧٧، وفی كتاب: الأضاحی، باب: بيان ماكان من النهی عن أكل لحوم الأضاحی بعد ثلاث فی أول الإسلام وبيان نسخه وإباحة إلی متی شاء، ٣/١٥٦٣، الرقم: ١٩٧٧، والترمذی فی السنن، كتاب: الجنائزعن رسول الله، باب: ماجاء فی الرخصة فی زيارة القبور، ٣/٣٧٠، الرقم: ١٠٥٤ وزاد: (فَإِنَّهَا تُذَكِّرُكُمُ الْآخِرَةَ)۔ وأبو داود فی السنن،كتاب: الجنائز، باب: فی زيارة القبور، ٣/٢١٨، الرقم: ٣٢٣٥، والنسائی فی السنن، كتاب: الجنائز، باب: زيارة القبور، ٤/٨٩، الرقم: ٢٠٣٢۔

عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ فَزُوْرُوْهَا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَزَادَ: فَإِنَّهَا تُذَكِّرُكُمُ الْآخِرَةَ.

''حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں زیارتِ قبور سے منع کیا کرتا تھا، پس اب تم زیارتِ (قبور) کیا کرو۔''

اسے امام مسلم نے روایت کیا اور امام ترمذی نے ان الفاظ کا اضافہ بیان کیا کہ ''یہ تمہیں آخرت کی یاد دلاتی ہیں۔''

٥٣٣ / ٧٣۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها أَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (كُلَّمَا كَانَ لَيْلَتُهَا مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) يَخْرُجُ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ إِلَى الْبَقِيْعِ، فَيَقُوْلُ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِيْنَ، وَأَتَاكُمْ مَا تُوْعَدُوْنَ، غَدًا مُؤَجَّلُوْنَ، وَإِنَّا، إِنْ شَاءَ اللهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ. اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِأَهْلِ بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (کی جب میرے یہاں باری ہوتی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) رات کے آخری پہر بقیع کے قبرستان میں تشریف لے جاتے اور (اہلِ قبرستان سے) فرماتے: تم پر سلامتی ہو، اے مومنوں کے گھر والو! جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ تمہارے پاس آ گئی کہ جسے کل ایک مدت بعد پاؤ گے اور اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو ہم بھی تم سے ملنے والے ہیں۔ اے اللہ! بقیع غرقد (اہلِ مدینہ کے قبرستان) والوں کی مغفرت فرما۔''

٥٣٤ / ٧٤۔ عَنْ بُرَيْدَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يُعَلِّمُهُمْ إِذَا

الحديث رقم ٧٣: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: ما يقال عند دخول القبور والدعاء لأهلها، ٢ / ٦٦٩، الرقم: ٩٧٤، والنسائى فى السنن، كتاب: الجنائز، باب: الأمر بالاستغفار للمؤمنين، ٤ / ٩٣، الرقم: ٢٠٣٩، وأبويعلى فى المسند، ٨ / ١٩٩، الرقم: ٤٧٥٨، وابن حبان فى الصحيح، ٧ / ٤٤٤، الرقم: ٣١٧٢.

الحديث رقم ٧٤: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: ما يقال عند دخول القبور والدعاء لأهلها، ٢ / ٦٧١، الرقم: ٩٧٥، وأحمد بن حنبل فى المسند ←

خَرَجُوْا إِلَى الْمَقَابِرِ فَكَانَ قَائِلُهُمْ يَقُوْلُ ..... وفي رواية زُهَيْرٍ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ. وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللهُ، لَلَاحِقُوْنَ. أَسْأَلُ اللهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ. رواهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ انہیں سکھایا کرتے تھے کہ جب وہ قبور کی زیارت کے لئے جائیں تو ان میں سے کہنے والا کہے:..... اور حضرت زہیر کی روایت میں ہے اے مومنوں اور مسلمانوں کے گھر والو! تم پر سلامتی ہو اور اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو ہم بھی ضرور بالضرور تم سے ملنے والے ہیں، ہم اللہ تعالیٰ سے اپنے لئے اور تمہارے لئے عافیت کے طلب گار ہیں۔''

٥٣٥ / ٧٥۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها، في رواية طويلة قَالَتْ: قُلْتُ: كَيْفَ أَقُوْلُ لَهُمْ يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ (تَعْنِي فِي زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ) قَالَ: قُوْلِي: اَلسَّلَامُ عَلَى أَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ، وَيَرْحَمُ اللهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَأْخِرِيْنَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ایک طویل روایت میں بیان کرتی ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں زیارتِ قبور کے وقت اہلِ قبور سے کس طرح مخاطب ہوا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یوں کہا کرو: اے مومنو اور مسلمانوں کے گھر

..... المسند، ٥ / ٣٥٣، الرقم: ٢٣٠٣٥، والرويانى فى المسند، ١ / ٦٧، الرقم: ١٥، وابن حبان فى الصحيح، ٧ / ٤٤٥، الرقم: ٣١٧٣، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٤ / ٧٩، الرقم: ٧٠٠٥۔

الحديث رقم ٧٥: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: ما يقال عند دخول القبر والدعاء لأهلها، ٢ / ٦٦٩، الرقم: ٩٧٤، والنسائى فى السنن، كتاب: الجنائز، باب: الأمر بالاستغفار للمؤمنين، ٤ / ٩١، الرقم: ٢٠٣٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦ / ٢٢١، الرقم: ٢٥٨٩٧، وعبد الرزاق فى المصنف، ٣ / ٥٧٦، الرقم: ٦٧٢٢۔

والو! تم پر سلامتی ہو، اللہ تعالیٰ ہمارے اگلے اور پچھلے لوگوں پر رحم فرمائے اور اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو ہم بھی تمہیں ملنے والے ہیں۔‘‘

٥٣٦/ ٧٦۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: مَرَّ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ بِقُبُوْرِ الْمَدِيْنَةِ، فَأَقْبَلَ عَلَيْهِمْ بِوَجْهِهِ، فَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا أَهْلَ الْقُبُوْرِ يَغْفِرُ اللهُ لَنَا وَلَكُمْ، أَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْأَثَرِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِي الْبَابِ: عَنْ بُرَيْدَةَ، وَعَائِشَةَ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ کے قبرستان سے گزرے تو اہلِ قبور کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: ’’اے اہلِ قبور! تم پر سلامتی ہو اللہ تعالیٰ ہماری اور تمہاری مغفرت فرمائے تم ہم سے پہلے پہنچے ہو اور ہم بھی تمہارے پیچھے آنے والے ہیں۔‘‘

٥٣٧/ ٧٧۔ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ، فَزُوْرُوْهَا، فَإِنَّهَا تُزَهِّدُ فِي الدُّنْيَا، وَتُذَكِّرُ الْآخِرَةَ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

’’حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں زیارتِ قبور سے منع کیا کرتا تھا اب زیارتِ (قبور) کیا کرو کیونکہ یہ دنیا میں زاہد بناتی ہے (یعنی دنیاوی لذتوں سے بے رغبتی پیدا کرتی ہے) اور آخرت کی یاد دلاتی ہے۔‘‘

الحديث رقم ٧٦: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: الجنائز عن رسول الله ﷺ، باب: ما يقول الرجل إذا دخل المقابر، ٢/ ٣٥٧، الرقم: ١٠٥٣۔

الحديث رقم ٧٧: أخرجه ابن ماجه فی السنن، کتاب: الجنائز، باب: ماجاء فی زيارة القبور، ١/ ٥٠١، الرقم: ١٥٧١۔

فَصْلٌ فِي فَضْلِ إِيْصَالِ الثَّوَابِ إِلَى الْأَمْوَاتِ

﴿فوت شدگان کو ثواب پہنچانے کی فضیلت کا بیان﴾

٥٣٨ / ٧٨۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ صِيَامٌ صَامَ عَنْهُ وَلِيُّهُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

وفي رواية: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما وَإِنْ كَانَ عَلَيْهِ نَذْرٌ قَضَى عَنْهُ وَلِيُّهُ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو کوئی فوت ہو جائے اور اس کے ذمہ روزے (باقی) ہوں تو اس کا ولی اس کی طرف سے وہ روزے رکھے۔''

''اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی روایت میں ہے کہ فرمایا: اگر اس (فوت ہونے والے) پر کسی نذر کا پورا کرنا باقی ہو (جو اس نے مانی تھی) تو وہ اس کی طرف سے اس کا ولی پوری کرے۔''

الحديث رقم ٧٨: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الصوم، باب: من مات وعليه صوم، ٢ / ٦٩٠، الرقم: ١٨٥١، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الصيام، باب: قضاء الصيام عن الميت، ٢ / ٨٠٣، الرقم: ١١٤٧، وأبو داود فی السنن، كتاب: الصيام، باب: فيمن مات وعليه صيام، ٢ / ٣١٥، الرقم: ٢٤٠٠، ٢٤٠١، وفی كتاب: الأيمان والنذور، باب: ما جاء فيمن مات وعليه صيام صام عنه وليه، ٣ / ٢٣٧، الرقم: ٣٣١١، والنسائی فی السنن الكبرى، ٢ / ١٧٥، الرقم: ٢٩١٩، وابن حبان فی الصحيح، ٨ / ٣٣٤، الرقم: ٣٥٦٩، وأبو يعلى فی المسند، ٧ / ٣٩٠، الرقم: ٤٤١٧: ٨ / ٢٠٠، الرقم: ٤٧٦١، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٤ / ٢٥٣، الرقم: ٤١٢١، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٤ / ٢٥٥، ٢٥٦، الرقم: ٨٠١٠: ٦ / ٢٧٩، الرقم: ١٢٤٢٤، والدار قطنی فی السنن، ٢ / ١٩٤، الرقم: ٧٩۔ ٨٠، وقال الدار قطني: إِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ، وابن الجارود فی المنتقى، ١ / ٢٣٧، الرقم: ٩٤٣، وابن أبي شيبة فی المصنف، ٣ / ١١٣، الرقم: ١٢٥٩٨۔

٥٣٩ / ٧٩۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ ﷺ: إِنَّ أُمِّي افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا، وَأَظُنُّهَا لَوْ تَكَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ، فَهَلْ لَهَا أَجْرٌ إِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ فِي بَابِ: وُصُوْلِ ثَوَابِ الصَّدَقَاتِ إِلَى الْمَيِّتِ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کیا: میری والدہ اچانک فوت ہوگئی ہے اور میرا خیال ہے کہ اگر وہ (بوقت نزع) گفتگو کرسکتی تو صدقہ (کی ادائیگی کا حکم) کرتی۔ اگر میں اس کی طرف سے خیرات کروں تو کیا اسے ثواب پہنچے گا آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔''

اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے اور امام مسلم نے ''صدقات کے ثواب کا فوت شدگان تک پہنچنے'' کے عنوان سے باقاعدہ باب قائم کیا ہے۔

الحديث رقم ٧٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: موتِ الفَجْأةِ البَغْتَةِ، ١ / ٤٦٧، الرقم: ١٣٢٢، وفی كتاب: الوصايا، باب: ما يستحب لمن يتوفی فجأة أن يتصدقوا عنه وقضاء النذور عن الميت، ٣ / ١٠١٥، الرقم: ٢٦٠٩، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: وصول ثواب الصدقة عن الميت إليه، ٢ / ٦٩٦، الرقم: ١٠٠٤، وفی كتاب: الوصية، باب: وصول ثواب الصدقات إلى الميت، ٣ / ١٢٥٤، الرقم: ١٠٠٤، وأبوداود فی السنن، كتاب: الوصايا، باب: ما جاء فيمن مات وصية يتصدق عنه، ٣ / ١١٨، الرقم: ٢٨٨١، والنسائی فی السنن، كتاب: الوصايا، باب: إذا مات الفجأة هل يستحب لأهله أن يتصدقوا عنه، ٦ / ٢٥٠، الرقم: ٣٦٤٩، وفی السنن الكبرى، ٤ / ١٠٩، الرقم: ٦٤٧٦، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الوصايا، باب: من مات ولم يوصی هل يتصدق عنه، ٢ / ٩٠٦، الرقم: ٢٧١٧، ومالك فی الموطأ، كتاب: الأقضية باب: صدقة الحي عن الميت، ٢ / ٧٦٠، الرقم: ١٤٥١، وابن خزيمة فی الصحيح، ٤ / ١٢٤، الرقم: ٢٤٩٩، وابن حبان فی الصحيح، ٨ / ١٤٠، الرقم: ٣٣٥٣، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٦ / ٥١، الرقم: ٢٤٢٩٦، وأبو يعلى فی المسند، ٧ / ٤١٠، الرقم: ٤٤٣٤، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٤ / ٦٢، الرقم: ٦٨٩٥، ١٢٤٠٩، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ١ / ٢١٨، الرقم: ٧٠٣۔

٥٤٠ / ٨٠۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ امْرَأَةً مِنْ جُهَيْنَةَ، جَاءَتْ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَتْ: إِنَّ أُمِّي نَذَرَتْ أَنْ تَحُجَّ، فَلَمْ تَحُجَّ حَتَّى مَاتَتْ، أَفَأَحُجُّ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ حُجِّي عَنْهَا، أَرَأَيْتِ لَوْ كَانَ عَلَى أُمِّكِ دَيْنٌ أَكُنْتِ قَاضِيَةً؟ اقْضُوا اللهَ، فَاللهُ أَحَقُّ بِالْوَفَاءِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ (قبیلہ) جُہینہ کی ایک عورت نے حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوکر عرض کیا: میری والدہ نے حج کی منت مانی تھی لیکن وہ حج نہ کرسکی یہاں تک کہ فوت ہوگئی۔ کیا میں اس کی طرف سے حج کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں تم اس کی طرف سے حج کرو۔ بھلا بتاؤ تو اگر تمہاری والدہ پر قرض ہوتا تو کیا تم اسے ادا نہ کرتیں؟ پس اللہ تعالیٰ کا حق ادا کرو کیونکہ وہ زیادہ حق دار ہے کہ اُس کا قرض ادا کیا جائے۔‘‘

٥٤١ / ٨١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ ﷺ: إِنَّ أَبِي

الحديث رقم ٨٠: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الإحصار وجزاء الصيد، باب: الحج والنذور عن الميت، وَ الرَّجُلُ يَحُجُّ عَنِ الْمَرْأَةِ، ٢/٦٥٦، الرقم: ١٧٥٤، وفی كتاب: الأيمان والنذور، باب: من مات وعليه نَذْرٌ، ٦/٢٤٦٤، الرقم: ٦٣٢١، وفی كتاب: الاعتصام بالكتاب والسنة، باب: مَن شَبَّهَ أَصْلًا مَعْلُوْمًا بِأَصْلٍ مُبَيَّنٍ وَقد بَيَّنَ النَّبِيُّ ﷺ حُكْمَهُمَا لِيُفْهِمَ السَّائِلَ، ٦/٢٦٦٨، الرقم:٦٨٨٥، والنسائی فی السنن، كتاب: مناسك الحج، باب: الحج عن الميت الذي نذر أن يحج، ٥/١١٦، الرقم: ٢٦٣٢، وفی السنن الكبرى، ٢/٣٢٢، الرقم: ٣٦١٢، وابن خزيمة فی الصحيح، ٤/٣٤٦، الرقم: ٣٠٤١، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١٢/٥٠، الرقم: ١٢٤٤٣-١٢٤٤٤، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٤/٣٣٥، الرقم: ٨٤٥٥: ٥/١٧٩، الرقم: ٩٦٣٤، ١٢٣٨٢، ١٢٤٠٧، وابن الجارود فی المنتقى، ١/١٣٣، الرقم: ٥٠١، ٩٤٤، وابن جعد فی المسند، ١/٢٥٨، الرقم: ١٧١٠-

الحديث رقم ٨١: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الوصية، باب: وصول ثواب الصدقات إلى الميت،٣/١٢٥٤، الرقم: ١٦٣٠، والنسائی فی السنن، كتاب: الوصايا، باب: فضل الصدقة عن الميت، ٦/٢٥١، الرقم: ٣٦٥٢، وابن ماجه فی ←

مَاتَ وَتَرَکَ مَالًا وَلَمْ يُوْصِ. فَهَلْ يُکَفِّرُ عَنْهُ أَنْ أَتَصَدَّقَ عَنْهُ؟ قَالَ: نَعَمْ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میرا والد فوت ہو گیا ہے اور اس نے مال چھوڑا ہے اور اس نے وصیت بھی نہیں کی اگر میں اس کی طرف سے صدقہ کروں تو کیا یہ (صدقہ) اس کے گناہوں کا کفّارہ ہو جائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔‘‘

٥٤٢ / ٨٢۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ امْرَأَةً أَتَتْ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ فَقَالَتْ: إِنَّ أُمِّي مَاتَتْ وَعَلَيْهَا صَوْمُ شَهْرٍ فَقَالَ: أَرَأَيْتِ لَوْ کَانَ عَلَيْهَا دَيْنٌ، أَکُنْتِ تَقْضِيْنَهُ؟ قَالَتْ: نَعَمْ. قَالَ: فَدَيْنُ اللهِ أَحَقُّ بِالْقَضَاءِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

وفي رواية: فَقَالَتْ: إِنَّ أُخْتِي مَاتَتْ وَعَلَيْهَا صِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک عورت حاضر ہوئی اور عرض کیا: میری ماں فوت ہو گئی ہے اور اس پر ایک ماہ

..... السنن، کتاب: الوصايا، باب: من مات ولم يوص هل يتصدق عنه، ٢ / ٢٠٦، الرقم: ٢٧١٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢ / ٣٧١، الرقم: ٨٨٢٨، وابن خزيمة في الصحيح، ٤ / ١٢٣، الرقم: ٢٤٩٨، والبيهقي في السنن الکبری، ٦ / ٢٧٨، الرقم: ١٢٤١٤، وأبو يعلى في المسند، ١١ / ٣٧٩، الرقم: ٦٤٩٤، وأبو عوانة في المسند، ٣ / ٤٩٣، الرقم: ٥٨١٦۔

الحديث رقم ٨٢: أخرجه مسلم في الصحيح، کتاب: الصيام، باب: قضاء الصيام عن الميت، ٢ / ٨٠٤، الرقم: ١١٤٨، والنسائي في السنن الکبری، ٢ / ١٧٣-١٧٤، الرقم: ٢٩١٢-٢٩١٥، وابن ماجه في السنن، کتاب: الصيام، باب: من مات وعليه صيام من نذر، ١ / ٥٥٩، الرقم: ١٧٥٨، وابن حبان في الصحيح، ٨ / ٢٩٩، ٣٣٥، الرقم: ٣٥٣٠، ٣٥٧٠، والبيهقي في السنن الکبری، ٤ / ٢٥٥، الرقم: ٨٠١٢، وابن الجارود في المنتقی، ١ / ٢٣٧، الرقم: ٩٤٢۔

کے روزے واجب ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ بتاؤ اگر اس پر کچھ قرض ہوتا تو کیا تم اس کی طرف سے وہ قرض ادا کرتیں؟ اس عورت نے عرض کیا: ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پس اللہ تعالیٰ زیادہ حقدار ہے کہ اس کا قرض (پہلے) ادا کیا جائے۔''

''اور ایک روایت میں یہ الفاظ مروی ہیں کہ اس نے عرض کیا: میری بہن فوت ہوگئی ہے اور اس پر دو ماہ کے مسلسل روزے واجب ہیں۔ (تو آپ ﷺ نے اسے اس کی طرف سے ادائیگی کا حکم دیا)۔''

٥٤٣ / ٨٣۔ عَنْ بُرَيْدَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: بَيْنَا أَنَا جَالِسٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، إِذَا أَتَتْهُ امْرَأَةٌ. فَقَالَتْ: إِنِّي تَصَدَّقْتُ عَلَى أُمِّي بِجَارِيَةٍ وَإِنَّهَا مَاتَتْ. قَالَ: فَقَالَ: وَجَبَ أَجْرُكِ. وَرَدَّهَا عَلَيْكِ الْمِيْرَاثُ. قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! إِنَّهُ كَانَ عَلَيْهَا صَوْمُ شَهْرٍ. أَفَأَصُوْمُ عَنْهَا؟ قَالَ: صُوْمِي عَنْهَا. قَالَتْ: إِنَّهَا لَمْ تَحُجَّ قَطُّ. أَفَأَحُجُّ عَنْهَا؟ قَالَ: حُجِّي عَنْهَا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ. وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک عورت آئی اور عرض کیا: میں نے اپنی ماں کو ایک باندی صدقہ میں دی تھی اور اب میری ماں فوت ہوگئی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں ثواب مل گیا اور وراثت نے وہ باندی تمہیں لوٹا دی۔ اس عورت نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میری ماں پر ایک ماہ کے روزے (بھی باقی) تھے کیا میں اس کی طرف سے روزے رکھوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں، اس کی

الحديث رقم ٨٣: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الصيام، باب: قضاء الصيام عن الميت، ٢ / ٨٠٥، الرقم: ١١٤٩، والترمذی فی السنن، كتاب: الزكاة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في المُتَصَدِّقِ يَرِثُ صَدَقَتَهُ، ٣ / ٥٤، الرقم: ٦٦٧، والنسائی فی السنن الكبرى، ٤ / ٦٦-٦٧، الرقم: ٦٣١٤-٦٣١٦، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الصدقات، باب: من تصدق بصدقه ثم ورثها، ٢ / ٨٠٠، الرقم: ٢٣٩٤، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٤ / ٢٥٦، الرقم: ٨٠١٩، وابن أبي شيبة فی المصنف، ٤ / ٣٥٦، الرقم: ١٢١، وعبد الرزاق فی المصنف، ٩ / ١٢٠، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥ / ٣٤٩، ٣٥١، ٣٥٩، ٣٦١، الرقم: ٢٣٠٠٦، ٢٣٠٢١-٢٣٠٨٢، ٢٣١٠٤۔

طرف سے روزے رکھو۔ اس نے عرض کیا: میری ماں نے حج بھی کبھی نہیں کیا تھا کیا میں اس کی طرف سے حج بھی ادا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں، اس کی طرف سے حج بھی ادا کرو (اسے ان سب اعمال کا ثواب پہنچے گا)۔‘‘

٥٤٤ / ٨٤۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنَّ أُمِّي تُوُفِّيَتْ أَفَيَنْفَعُهَا إِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّ لِي مَخْرَفًا فَأُشْهِدُكَ أَنِّي قَدْ تَصَدَّقْتُ بِهِ عَنْهَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ، وَبِهِ: يَقُوْلُ أَهْلُ الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ: لَيْسَ شَيْءٌ يَصِلُ إِلَى الْمَيِّتِ إِلَّا الصَّدَقَةُ وَ الدُّعَاءُ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص نے بارگاہِ رسالت میں عرض کیا: یا رسول اللہ! میری والدہ فوت ہو چکی ہے اگر میں اس کی طرف سے صدقہ دوں تو کیا وہ اسے کوئی نفع دے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! اس نے عرض کیا: میرے پاس ایک باغ ہے آپ گواہ رہیں میں نے یہ باغ اس کی طرف سے صدقہ کر دیا۔‘‘

’’امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے اور علماء کا یہی قول ہے وہ فرماتے ہیں: میت کو صرف صدقہ اور دعا پہنچتی ہے۔‘‘

٥٤٥ / ٨٥۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ رضي الله عنه أَنَّ أُمَّهُ مَاتَتْ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ

الحديث رقم ٨٤: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الزكاة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى الصدقة عن الميت، ٣/٥٦، الرقم: ٦٦٩، وأبو داود فى السنن، كتاب: الوصايا، باب: ما جاء فيمن مات وصية يتصدق عنه، ٣/١١٨، الرقم: ٢٨٨٢، والنسائى فى السنن، كتاب: الوصايا، باب: فضل الصدقة عن الميت، ٦/٢٥٢، الرقم: ٣٦٥٥، وفى السنن الكبرى، ٤/١١٠، الرقم: ٦٤٨٢، والحاكم فى المستدرك، ١/٥٨١، الرقم: ١٥٣١، وابن خزيمة فى الصحيح، ٤/١٢٥، الرقم: ٢٥٠٢، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/٣٧٠، الرقم: ٣٥٠٤.

الحديث رقم ٨٥: أخرجه النسائى فى السنن، كتاب: الوصايا، باب: ذكر اختلاف على سفيان، ٦/٢٥٤۔ ٢٥٥، الرقم: ٣٦٦٢۔ ٣٦٦٦، وفى السنن الكبرى، ٤/١١٢، الرقم: ٦٤٩١، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الأدب، باب: فضل صدقة ⟵

اللهِ إِنَّ أُمِّي مَاتَتْ، أَفَأَتَصَدَّقُ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَأَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: سَقْيُ الْمَاءِ. فَتِلْكَ سِقَايَةُ سَعْدٍ أَوْ آلِ سَعْدٍ بِالْمَدِيْنَةِ.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ان کی والدہ فوت ہو گئی۔ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میری والدہ فوت ہوگئی ہے، کیا میں اس کی طرف سے صدقہ کر سکتا ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! انہوں نے عرض کیا: تو کونسا صدقہ بہتر رہے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پانی پلانا۔ (تو انہوں نے ایک کنواں خرید کر مسلمانوں کے لئے وقف کر دیا) پس یہ کنواں مدینہ منورہ میں سعد یا آل سعد کی پانی کی سبیل (کے نام سے مشہور تھا)۔''

٥٤٦ / ٨٦۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنَّ أُمَّ سَعْدٍ مَاتَتْ فَأَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الْمَاءُ، قَالَ: فَحَفَرَ بِئْرًا وَقَالَ: هَذِهِ لِأُمِّ سَعْدٍ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ.

''حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: یا رسول اللہ! امّ سعد (یعنی ان کی والدہ ماجدہ) کا انتقال ہو گیا ہے۔ سو (ان کی طرف سے) کون سا صدقہ افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پانی (پلانا) تو انہوں نے ایک کنواں کھدوایا اور کہا: یہ امّ سعد کا کنواں ہے۔''

..... الماء، ٢ / ١٢١٤، الرقم: ٣٦٨٤، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥ / ٢٨٤، الرقم: ٢٢٥١٢، والطبرانی فی المعجم الکبیر، ٦ / ٢٠، الرقم: ٥٣٧٩، والبیهقی فی شعب الإیمان، ٣ / ٢٢١، الرقم: ٣٣٧٩، والمنذری فی الترغیب والترهیب، ٢ / ٤٢، الرقم: ١٤٢٣۔ ١٤٢٤۔

الحدیث رقم ٨٦: أخرجه أبوداود فی السنن، کتاب: الزکاة، باب: فی فضل سقي الماء، ٢ / ١٣٠، الرقم: ١٦٨١، والمنذری فی الترغیب والترهیب، ٢ / ٤١، الرقم: ١٤٢٤، والحسینی فی البیان والتعریف، ١ / ١٢٠، الرقم: ٣٠٧، والخطیب التبریزی فی مشکاة المصابیح، ١ / ٣٦٢، الرقم: ١٩١٢۔

٥٤٧ / ٨٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: إِذَا مَاتَ الإِنْسَانُ انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهُ إِلَّا مِنْ ثَلَاثَةٍ: إِلَّا مِنْ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ. أَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهِ. أَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُوْ لَهُ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ وَأَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَه.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب انسان مر جاتا ہے تو اس کے اعمال کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے سوائے تین چیزوں کے (ان کا اجر اسے برابر ملتا رہتا ہے:) ایک وہ صدقہ جس کا نفع جاری رہے، دوسرا وہ علم جس سے فائدہ اٹھایا جائے تیسری وہ نیک اولاد جو اس کے لئے دعا کرے۔‘‘

٥٤٨ / ٨٨۔ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ: قَالَ طَاوُوْسُ رضي الله عنه: إِنَّ الْمَوْتَى يُفْتَنُوْنَ

الحديث رقم ٨٧: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الوصية، باب: ما يلحق الإنسان من الثواب بعد وفاته، ٣/١٢٥٥، الرقم: ١٦٣١، والبخارى فى الأدب المفرد، ١/٢٨، الرقم: ٣٨، وأبوداود فى السنن، كتاب: الوصايا، باب: ماجاء فى الصدقة عن الميت، ٣/١١٧، الرقم: ٢٨٨٠، وابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: ثواب معلم الناس الخير، ١/٨٨، الرقم: ٢٣٩، وابن خزيمة فى الصحيح، ٤/١٢٢، الرقم: ٢٤٩٤، وابن حبان فى الصحيح، ٧/٢٨٦، الرقم: ٣٠١٦: ١١/٢٦٦، الرقم: ٤٩٠٢، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٣٧٢، الرقم: ٨٨٣١، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٦/٢٧٨، الرقم: ١٢٤١٥، وفى شعب الإيمان، ٣/٢٤٧، الرقم: ٣٤٤٧، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٤/٨، الرقم: ٣٤٧٢، وفى المعجم الصغير، ١/٢٤٢، الرقم: ٣٩٥، وأبويعلى فى المسند، ١١/٣٤٣، الرقم: ٦٤٥٧، وابن الجارود فى المنتقى، ١/١٠١، الرقم: ٣٧٠، وأبو عوانة فى المسند، ٣/٣٩٤-٣٩٥، الرقم: ٥٨٢٤، وأبو المحاسن فى معتصر المختصر، ٢/٣٠٦، والديلمى فى مسند الفردوس، ١/٢٨٣، الرقم: ١١٠٩، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١/٥٥، الرقم: ١٢٤-١٢٥، ١٥٦، ١٨٨۔

الحديث رقم ٨٨: أخرجه أبونعيم فى حلية الأولياء، ٤/١١، والسيوطى فى الديباج على صحيح مسلم، ٢/٤٩١، الرقم: ٩٠٥، وفى شرحه على سنن النسائى، ٤/١٠٤، ونور الدين السندى فى حاشية السندى على النسائى، ٤/١٠٣، الرقم: ←

فِي قُبُوْرِهِمْ سَبْعًا فَكَانُوْا يَسْتَحِبُّوْنَ أَنْ يُطْعَمَ عَنْهُمْ تِلْكَ الْأَيَّامِ.

رَوَاهُ أَبُوْنُعَيْمٍ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ السُّيُوْطِيُّ: إِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ وَلَهُ حُكْمُ الرَّفْعِ.

’’حضرت سفیان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت طاووس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک سات دن تک مردوں کو قبروں میں آزمایا جاتا ہے اس لئے لوگ ان دنوں میں ان کی طرف سے کھانا کھلانے کو مستحب سمجھتے تھے۔‘‘

------ ٢٠٦٠، وابن الجوزی فی صفوة الصفوة، ٢/ ٢٨٩.

اَلْبَابُ التَّاسِعُ:

عَظْمَةُ الرِّسَالَةِ وَشَرَفُ الْمُصْطَفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿عظمتِ رِسالت اور شرفِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾

١. فَصْلٌ فِي أَنَّ الْأَنْبِيَاءَ أَحْيَاءٌ فِي قُبُوْرِهِمْ بِأَجْسَادِهِمْ

﴿انبیاءِ کرام علیہم السلام کا اپنے مزارات میں جسموں کے ساتھ زندہ ہونے کا بیان﴾

٢. فَصْلٌ فِي مَنْزِلَةِ عِلْمِ النَّبِيِّ ﷺ وَمَعْرِفَتِهِ

﴿حضور نبی اکرم ﷺ کی شانِ علم اور معرفت کا بیان﴾

٣. فَصْلٌ فِي أَنَّ الْأُمَّةَ تُسْئَلُ عَنْ مَكَانَةِ النَّبِيِّ ﷺ فِي الْقُبُوْرِ

﴿اُمت سے قبر میں مقامِ مصطفیٰ ﷺ سے متعلق پوچھے جانے کا بیان﴾

٤. فَصْلٌ فِي الشَّفَاعَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

﴿روزِ قیامت شفاعت کا بیان﴾

٥. فَصْلٌ فِي أَجْرِ حُبِّ النَّبِيِّ ﷺ وَالصُّحْبَةِ الصَّالِحَةِ

﴿حضور ﷺ سے محبت کرنے اور صحبتِ صالحین کے اَجر کا بیان﴾

٦. فَصْلٌ فِي التَّبَرُّكِ بِالنَّبِيِّ ﷺ وَآثَارِهِ

﴿حضور ﷺ کی ذاتِ اقدس اور آپ ﷺ کے آثارِ مبارکہ سے حصولِ برکت کا بیان﴾

٧. فَصْلٌ فِي التَّوَسُّلِ بِالنَّبِيِّ ﷺ وَالصَّالِحِيْنَ

﴿حضور نبی اکرم ﷺ اور صالحین سے توسّل کا بیان﴾

٨. فَصْلٌ فِي شَرَفِ النُّبُوَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ ﷺ

﴿نبوتِ محمدی ﷺ کے شرف کا بیان﴾

٩. فَصْلٌ فِي عَدَمِ نَظِيْرِ النَّبِيِّ ﷺ فِي الْكَوْنِ

﴿کائنات میں حضور ﷺ کی مثل نہ ہونے کا بیان﴾

١٠. فَصْلٌ فِي تَعْظِيمِ النَّبِيِّ ﷺ

﴿حضور نبی اکرم ﷺ کی تعظیم کا بیان﴾

فَصْلٌ فِي أَنَّ الْأَنْبِيَاءَ أَحْيَاءٌ فِي قُبُوْرِهِمْ بِأَجْسَادِهِمْ

﴿انبیاءِ کرام علیہم السلام کا اپنے مزارات میں جسموں کے ساتھ زندہ ہونے کا بیان﴾

٥٤٩ / ١۔ عَنْ أَوْسِ بْنِ أَوْسٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ مِنْ أَفْضَلِ أَيَّامِكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فِيْهِ خُلِقَ آدَمُ، وَفِيْهِ قُبِضَ وَفِيْهِ النَّفْخَةُ، وَفِيْهِ الصَّعْقَةُ فَأَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلَاةِ فِيْهِ، فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ مَعْرُوْضَةٌ عَلَيَّ، قَالَ: قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ! كَيْفَ تُعْرَضُ صَلَاتُنَا عَلَيْكَ وَقَدْ أَرِمْتَ؟ يَقُوْلُوْنَ: بَلِيْتَ قَالَ ﷺ: إِنَّ اللهَ حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَاءِ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت اَوس بن اَوس رضی الله عنه سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیشک تمہارے دنوں میں سے جمعہ کا دن سب سے بہتر ہے اس دن حضرت آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اسی دن انہوں نے وفات پائی اور اسی دن صور پھونکا جائے گا اور اسی دن سخت آواز ظاہر ہو گی۔ پس اس دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو کیونکہ تمہارا درود مجھے پیش کیا جاتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمارا درود آپ کے وصال کے بعد آپ کو کیسے پیش کیا جائے گا؟ جبکہ آپ کا جسدِ مبارک خاک میں مل چکا ہو گا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ عزوجل

الحديث رقم ١: أخرجه أبوداود فى السنن، كتاب: الصلاة، باب: فضل يوم الجمعة و ليلة الجمعة، ١ / ٢٧٥، الرقم: ١٠٤٧، وفى كتاب: الصلاة، باب: في الاستغفار، ٢ / ٨٨، الرقم: ١٥٣١، والنسائى فى السنن، كتاب: الجمعة، باب: بإكثار الصلاة على النبى ﷺ يوم الجمعة، ٣ / ٩١، الرقم: ١٣٧٤، وابن ماجه فى السنن، كتاب: إقامة الصلاة، باب: في فضل الجمعة، ١ / ٣٤٥، الرقم: ١٠٨٥۔

نے زمین پر انبیائے کرام کے جسموں کو (کھانا یا کسی بھی قسم کا نقصان پہنچانا) حرام کر دیا ہے۔‘‘

٥٥٠ / ٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَا مِنْ أَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ إِلَّا رَدَّ اللهُ عَلَيَّ رُوْحِي، حَتَّى أَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کوئی بھی شخص مجھ پر سلام بھیجتا ہے تو بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھ پر میری روح لوٹا دی ہوئی ہے (اور میری توجہ اس کی طرف مبذول فرماتا ہے) یہاں تک کہ میں اس کے سلام کا جواب دیتا ہوں۔‘‘

٥٥١ / ٣۔ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَكْثِرُوْا الصَّلَاةَ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَإِنَّهُ مَشْهُوْدٌ تَشْهَدُهُ الْمَلَائِكَةُ وَإِنَّ أَحَدًا لَنْ يُصَلِّيَ عَلَيَّ إِلَّا عُرِضَتْ عَلَيَّ صَلَاتُهُ حَتَّى يَفْرُغَ مِنْهَا قَالَ: قُلْتُ: وَبَعْدَ الْمَوْتِ؟ قَالَ: وَبَعْدَ الْمَوْتِ إِنَّ اللهَ حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَنْ تَأْكُلَ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَاءِ فَنَبِيُّ اللهِ حَيٌّ يُرْزَقُ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه بِإِسْنَادٍ صَحِيْحٍ.

’’حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جمعہ کے دن مجھ پر زیادہ سے زیادہ درود بھیجا کرو، یہ یوم مشہود (یعنی میری بارگاہ میں فرشتوں کی خصوصی حاضری کا دن) ہے، اس دن فرشتے (خصوصی طور پر کثرت سے میری بارگاہ میں) حاضر ہوتے ہیں، کوئی شخص جب بھی مجھ پر درود بھیجتا ہے اس کے فارغ ہونے تک اس کا درود مجھے پیش کر

الحديث رقم ٢: أخرجه أبوداود في السنن، كتاب: المناسك، باب: زيارة القبور، ٢/٢١٨، الرقم: ٢٠٤١۔ و أحمد بن حنبل في المسند ٢/٥٢٧، الرقم: ١٠٨٢٧، والبيهقي في السنن الكبرى، ١٥/٢٤٥، الرقم: ١٠٠٥٠، و في شعب الإيمان، ٢/٢١٧، الرقم: ١٥٨١، ٤١٦١، وابن راهويه في المسند، ١/٤٥٣ الرقم: ٥٢٦۔

الحديث رقم ٣: أخرجه ابن ماجه في السنن، كتاب: الجنائز، باب: ذكر وفاته ودفنه ﷺ، ١/٥٢٤، الرقم: ١٦٣٧، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٣٢٨، الرقم: ٢٥٨٢۔

دیا جاتا ہے۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا: اور (یا رسول اللہ!) آپ کے وصال کے بعد (کیا ہو گا)؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں وصال کے بعد بھی (اسی طرح پیش کیا جائے گا کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے زمین کے لیے انبیائے کرام علیہم السلام کے جسموں کا کھانا حرام کر دیا ہے۔ پس اللہ عزوجل کا نبی زندہ ہوتا ہے اور اسے رزق بھی دیا جاتا ہے۔‘‘

٥٥٢ / ٤۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ زَارَ قَبْرِي بَعْدَ مَوْتِي كَانَ كَمَنْ زَارَنِي فِي حَيَاتِي.

رَوَاهُ الدَّارُقُطْنِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے میری وفات کے بعد میری قبر کی زیارت کی گویا اس نے میری حیات میں میری زیارت کی۔‘‘

٥٥٣ / ٥۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَقَدْ رَأَيْتُنِي فِي الْحِجْرِ، وَقُرَيْشٌ تَسْأَلُنِي عَنْ مَسْرَايَ، فَسَأَلَتْنِي عَنْ أَشْيَاءَ مِنْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ لَمْ أُثْبِتْهَا، فَكَرِبْتُ كُرْبَةً مَا كَرِبْتُ مِثْلَهُ قَطُّ، قَالَ: فَرَفَعَهُ اللهُ لِي أَنْظُرُ إِلَيْهِ. مَا يَسْأَلُوْنِي عَنْ شَيءٍ إِلَّا أَنْبَأْتُهُمْ بِهِ. وَقَدْ رَأَيْتُنِي فِي جَمَاعَةٍ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ، فَإِذَا مُوْسَى عليه السلام قَائِمٌ يُصَلِّي، فَإِذَا رَجُلٌ ضَرْبٌ جَعْدٌ كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَةَ. وَإِذَا عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ عليه السلام قَائِمٌ يُصَلِّي،

الحديث رقم ٤: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٢ / ٤٠٦، الرقم: ١٣٤٩٦، والدارقطني عن حاطب رضي الله عنه في السنن، ٢ / ٢٧٨، الرقم: ١٩٣ والبيهقي في شعب الإيمان، ٣ / ٤٨٩، الرقم: ٤١٥٤، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٤ / ٢۔

الحديث رقم ٥: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: ذكر المسيح ابن مريم والمسيح الدجال، ١ / ١٥٦، الرقم: ١٧٢، والنسائي في السنن الكبرى، ٦ / ٤٥٥، الرقم: ١١٤٨٠، وأبو عوانة في المسند، ١ / ١١٦ الرقم: ٣٥٠، وأبونعيم في المسند المستخرج، ١ / ٢٣٩، الرقم: ٤٣٣، والعسقلاني في فتح الباري، ٦ / ٤٨٧۔

أَقْرَبُ النَّاسِ بِهِ شَبَهًا عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ الثَّقَفِيُّ. وَإِذَا إِبْرَاهِيْمُ عليه السلام قَائِمٌ يُصَلِّي، أَشْبَهُ النَّاسِ بِهِ صَاحِبُكُمْ (يَعْنِي نَفْسَهُ) فَحَانَتِ الصَّلَاةُ فَأَمَمْتُهُمْ فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنَ الصَّلَاةِ، قَالَ قَائِلٌ: يَا مُحَمَّدُ، هَذَا مَالِكٌ صَاحِبُ النَّارِ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ. فَالْتَفَتُّ إِلَيْهِ فَبَدَأَنِي بِالسَّلَامِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے خود کو حطیم کعبہ میں پایا اور قریش مجھ سے سفرِ معراج کے بارے میں سوالات کر رہے تھے۔ انہوں نے مجھ سے بیت المقدس کی کچھ چیزیں پوچھیں جنہیں میں نے (یاد داشت میں) محفوظ نہیں رکھا تھا جس کی وجہ سے میں اتنا پریشان ہوا کہ اس سے پہلے کبھی اتنا پریشان نہیں ہوا تھا، تب اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس کو اٹھا کر میرے سامنے رکھ دیا۔ وہ مجھ سے بیت المقدس کے متعلق جو بھی چیز پوچھتے میں (اسے دیکھ دیکھ کر) انہیں بتا دیتا اور میں نے خود کو گروہ انبیائے کرام علیہم السلام میں پایا۔ میں نے دیکھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کھڑے مصروفِ صلاۃ تھے، اور وہ قبیلہ شنوءہ کے لوگوں کی طرح گھنگریالے بالوں والے تھے اور پھر (دیکھا کہ) حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کھڑے مصروفِ صلاۃ تھے اور عروہ بن مسعود ثقفی ان سے بہت مشابہ ہیں، اور پھر دیکھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کھڑے مصروفِ صلاۃ تھے اور تمہارے آقا (یعنی خود حضور نبی اکرم ﷺ) ان کے ساتھ سب سے زیادہ مشابہ ہیں پھر نماز کا وقت آیا، اور میں نے ان سب انبیائے کرام علیہم السلام کی امامت کرائی۔ جب میں نماز سے فارغ ہوا تو مجھے ایک کہنے والے نے کہا: یہ مالک ہیں جو جہنم کے داروغہ ہیں، انہیں سلام کیجئے۔ پس میں ان کی طرف متوجہ ہوا تو انہوں نے (مجھ سے) پہلے مجھے سلام کیا۔‘‘

٥٥٤/٦۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: أَتَيْتُ، (وفي رواية هدّاب:) مَرَرْتُ عَلَى مُوْسَى لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي عِنْدَ الْكَثِيْبِ

الحديث رقم ٦: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب الفضائل، باب: من فضائل موسى عليه السلام، ٤/١٨٤٥، الرقم: ٢٣٧٥، والنسائى فى السنن، كتاب: قيام الليل وتطوع النهار، باب: ذكر صلاة نبي الله موسى عليه السلام، ٣/٢١٥، الرقم: ١٦١٠-١٦٣٢، وفى السنن الكبرى، ١/٤١٩، الرقم: ١٣٢٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/١٤٨، الرقم: ١٢٥٢٦-١٣٦١٨، وابن حبان فى الصحيح، ١/٢٤٢، ⟵

الْأَحْمَرِ وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي فِي قَبْرِهِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: معراج کی شب میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا، (اور ھدّاب کی ایک روایت میں ہے کہ فرمایا:) سرخ ٹیلے کے پاس سے میرا گزر ہوا (تو میں نے دیکھا کہ) حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قبر میں کھڑے مصروفِ صلاۃ تھے۔‘‘

٧/٥٥٥۔ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ رضی اللہ عنہ قَالَ: لَمَّا كَانَ أَيَّامُ الْحَرَّةِ لَمْ يُؤَذَّنْ فِي مَسْجِدِ النَّبِيِّ ﷺ ثَلَاثًا وَلَمْ يُقَمْ وَلَمْ يَبْرَحْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ رضی اللہ عنہ مِنَ الْمَسْجِدِ، وَكَانَ لَا يَعْرِفُ وَقْتَ الصَّلَاةِ إِلَّا بِهَمْهَمَةٍ يَسْمَعُهَا مِنْ قَبْرِ النَّبِيِّ ﷺ فَذَكَرَ مَعْنَاهُ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَانْفَرَدَ بِهِ.

’’حضرت سعید بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب ایام حرّہ (جن دنوں یزید نے مدینہ منورہ پر حملہ کروایا تھا) کا واقعہ پیش آیا تو حضور نبی اکرم ﷺ کی مسجد میں تین دن تک اذان اور اقامت نہیں کہی گئی اور حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ (جو کہ جلیل القدر تابعی ہیں انہوں نے مسجد نبوی میں پناہ لی ہوئی تھی اور) انہوں نے (تین دن تک) مسجد نہیں چھوڑی تھی اور وہ نماز کا وقت نہیں جانتے تھے مگر ایک دھیمی سی آواز کے ذریعے جو وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر انور سے سنتے تھے۔‘‘

..... الرقم: ٥٠، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٨/١٣، الرقم: ٧٨٠٦، وابن أبی شیبة فی المصنف، ٧/٣٣٥، الرقم: ٣٦٥٧٥، وأبو یعلی فی المسند، ٦/٧١، الرقم: ٣٣٢٥، وعبد بن حمید فی المسند، ١/٣٦٢، الرقم: ١٢٠٥، والدیلمی فی مسند الفردوس، ٤/١٧٠، الرقم: ٦٥٢٩، والهیثمی فی مجمع الزوائد، ٨/٢٠٥، والعسقلانی فی فتح الباری، ٦/٤٤٤۔

الحدیث رقم ٧: أخرجه الدارمی فی السنن، باب: (١٥)، ما أکرم الله تعالی نبیه ﷺ بَعْدَ مَوْتِهِ، ١/ ٥٦، الرقم: ٩٣، والخطیب التبریزی فی مشکاة المصابیح، ٢/٤٠٠، الرقم: ٥٩٥١، والسیوطی فی شرح سنن ابن ماجه، ١/٢٩١، الرقم: ٤٠٢٩۔

٨/٥٥٦۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْأَنْبِيَاءُ أَحْيَاءٌ فِي قُبُوْرِهِمْ يُصَلُّوْنَ.

رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى وَرِجَالُهُ ثِقَاتٌ وَابْنُ عَدِيٍّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ ابْنُ عَدِيٍّ: وَأَرْجُوْ أَنَّهُ لَا بَأْسَ بِهِ.

والعسقلاني في الفتح وقال: قد جمع البيهقي كتابًا لطيفًا في حياة الأنبياء في قبورهم أورد فيه حديث أنس رضي الله عنه: الأنبياء أحياء في قبورهم يصلّون. أخرجه من طريق يحيى بن أبي كثير وهو من رجال الصحيح عن المستلم بن سعيد وقد وثّقه أحمد وابن حبّان عن الحجاج الأسود وهو ابن أبي زياد البصري وقد وثّقه أحمد وابن معين عن ثابت عنه وأخرجه أيضاً أبو يعلى في مسنده من هذا الوجه وأخرجه البزار وصحّحه البيهقي.

’’حضرت انس بن مالک رضي الله عنه بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: انبیاء کرام علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔‘‘

اس حدیث کو امام ابویعلی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال ثقہ ہیں اور اس

الحديث رقم ٨: أخرجه أبو يعلى في المسند، ٦/١٤٧، الرقم: ٣٤٢٥، وابن عدي في الكامل، ٢/٣٢٧، الرقم: ٤٦٠، وقال: هذا أحاديث غرائب حسان وأرجو أنه لا بأس به، والديلمي في مسند الفردوس، ١/١١٩، الرقم: ٤٠٣، والعسقلاني في فتح الباري، ٦/٤٨٧، وفي لسان الميزان، ٢/١٧٥، ٢٤٦، الرقم: ٧٨٧، ١٠٣٣، وقال: رواه البيهقي، وقال: ابن عدي: أرجو أنه لا بأس به، والذهبي في ميزان الاعتدال، ٢/٢٠٠، ٢٧٠، وقال: رواه البيهقي، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/٢١١، وقال: رواه أبو يعلى والبزار، ورجال أبي يعلى ثقات، والسيوطي في شرحه على سنن النسائي، ٤/١١٠، والعظيم آبادي في عون المعبود، ٦/١٩، وقال: وألفت عن ذلك تأليفا سميته: انتباه الأنكياء بحياة الأنبياء، والمناوي في فيض القدير، ٣/١٨٤، والشوكاني في نيل الأوطار، ٥/١٧٨، وقال: فقد صححه البيهقي وألف في ذلك جزءا، والزرقاني في شرحه على موطأ الإمام مالك، ٤/٣٥٧، وقال: وجمع البيهقي كتابا لطيفا في حياة الأنبياء وروى فيه بإسناد صحيح عن أنس رضي الله عنه مرفوعا۔

حدیث کو امام ابن عدی اور بیہقی نے بھی روایت کیا ہے اور امام ابن عدی نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند میں کوئی نقص نہیں ہے۔

امام عسقلانی ''فتح الباری'' میں بیان کرتے ہیں کہ امام بیہقی نے انبیاء کرام علیہم السلام کے اپنی قبروں میں زندہ ہونے کے بارے میں ایک خوبصورت کتاب لکھی ہے جس میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث بھی وارد کی ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہوتے ہیں اور صلاۃ بھی ادا کرتے ہیں۔ یہ حدیث انہوں نے یحی بن ابی کثیر کے طریق سے روایت کی ہے اور وہ صحیح حدیث کے رواۃ میں سے ہیں انہوں نے مستلم بن سعید سے روایت کی اور امام احمد بن حنبل نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے اور ابن حبان نے یہ حدیث حجاج اسود سے روایت کی ہے اور وہ ابن ابی زیاد البصری ہیں اور انہیں بھی امام احمد نے ثقہ قرار دیا ہے۔ اور ابن معین نے حضرت ثابت سے یہ حدیث روایت کی ہے۔ اور امام ابویعلی نے بھی اپنی مسند میں اسی طریق سے یہ حدیث روایت کی ہے اور امام بزار نے بھی اس کی تخریج کی ہے اور امام بیہقی نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔''

فَصْلٌ فِي مَنْزِلَةِ عِلْمِ النَّبِيِّ ﷺ وَمَعْرِفَتِهِ

﴿حضور نبی اکرم ﷺ کی شانِ علم اور معرفت کا بیان﴾

٥٥٧ / ٩۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ خَرَجَ حِيْنَ زَاغَتِ الشَّمْسُ، فَصَلَّى الظُّهْرَ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَذَكَرَ السَّاعَةَ، وَذَكَرَ أَنَّ بَيْنَ يَدَيْهَا أُمُوْرًا عِظَامًا، ثُمَّ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَسْأَلَ عَنْ شَيْءٍ فَلْيَسْأَلْ عَنْهُ: فَوَاللهِ لَا تَسْأَلُوْنِي عَنْ شَيْءٍ إِلَّا أَخْبَرْتُكُمْ بِهِ مَا دُمْتُ فِي مَقَامِي هَذَا، قَالَ أَنَسٌ: فَأَكْثَرَ النَّاسُ الْبُكَاءَ، وَأَكْثَرَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ أَنْ يَقُوْلَ: سَلُوْنِي. فَقَالَ أَنَسٌ: فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: أَيْنَ مَدْخَلِي يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: النَّارُ. فَقَامَ عَبْدُ اللهِ بْنُ حُذَافَةَ فَقَالَ: مَنْ أَبِي يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: أَبُوْكَ حُذَافَةُ. قَالَ: ثُمَّ أَكْثَرَ أَنْ يَقُوْلَ: سَلُوْنِي، سَلُوْنِي. فَبَرَكَ عُمَرُ عَلَى رُكْبَتَيْهِ فَقَالَ: رَضِيْنَا بِاللهِ رَبًّا، وَبِالْإِسْلَامِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ ﷺ رَسُوْلاً. قَالَ: فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ حِيْنَ قَالَ عُمَرُ: ذَلِكَ، ثُمَّ قَالَ

الحديث رقم ٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الاعتصام بالكتاب والسنة، باب: ما يكره من كثرة السؤال وتكلف ما لايعنيه ، ٦ / ٢٦٦٠، الرقم: ٦٨٦٤، وفی كتاب: مواقيت الصلاة، باب: وقت الظهر عند الزوال، ١ / ٢٠٠، الرقم: ٢٠٠١، ٢٢٧٨، وفی كتاب: العلم، باب: حسن برك على ركبتيه عند الإمام أو المحدث، ١ / ٤٧، الرقم: ٩٣، وفی الأدب المفرد، ١: ٤٠٤، الرقم: ١١٨٤، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: توقيره ﷺ وترك إكثار سؤال عما لا ضرورة إليه ، ٤ / ١٨٣٢، الرقم: ٢٣٥٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣ / ١٦٢، الرقم: ١٢٦٨١، وأبو يعلى فی المسند، ٦ / ٢٨٦، الرقم: ٣٢٠١، وابن حبان فی الصحيح، ١ / ٣٠٩، الرقم: ١٠٦، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٩ / ٧٢، الرقم: ٩١٥٥۔

رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَقَدْ عُرِضَتْ عَلَيَّ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ آنِفًا فِي عُرْضِ هَذَا الْحَائِطِ، وَأَنَا أُصَلِّي، فَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب آفتاب ڈھلا تو حضور نبی اکرم ﷺ تشریف لائے اور ظہر کی نماز پڑھائی پھر سلام پھیرنے کے بعد آپ ﷺ منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور قیامت کا ذکر کیا اور پھر فرمایا: اس سے پہلے بڑے بڑے واقعات و حادثات ہیں، پھر فرمایا: جو شخص کسی بھی نوعیت کی کوئی بات پوچھنا چاہتا ہے تو وہ پوچھے، خدا کی قسم! میں جب تک یہاں کھڑا ہوں تم جو بھی پوچھو گے اس کا جواب دوں گا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں نے زاروقطار رونا شروع کر دیا۔ حضور نبی اکرم ﷺ جلال کے سبب بار بار یہ اعلان فرما رہے تھے کہ کوئی سوال کرو، مجھ سے (جو چاہو) پوچھ لو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ پھر ایک شخص کھڑا ہوا اور کہنے لگا: یا رسول اللہ! میرا ٹھکانہ کہاں ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: دوزخ میں۔ پھر حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میرا باپ کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرا باپ حذافہ ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پھر آپ ﷺ بار بار فرماتے رہے مجھ سے سوال کرو مجھ سے سوال کرو، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ گھٹنوں کے بل بیٹھ کر عرض گذار ہوئے۔ ہم اللہ تعالیٰ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر اور محمد مصطفیٰ ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہیں (اور ہمیں کچھ نہیں پوچھنا)۔ راوی کہتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ گذارش کی تو حضور نبی اکرم ﷺ خاموش ہو گئے پھر آپ ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! ابھی ابھی اس دیوار کے سامنے مجھ پر جنت اور دوزخ پیش کی گئیں جبکہ میں نماز پڑھ رہا تھا تو آج کی طرح میں نے خیر اور شر کو کبھی نہیں دیکھا۔‘‘

٥٥٨/١٠۔ عَنْ عُمَرَ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: قَامَ فِيْنَا النَّبِيُّ ﷺ مَقَامًا، فَأَخْبَرَنَا عَنْ بَدْءِ الْخَلْقِ حَتَّى دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ مَنَازِلَهُمْ وَأَهْلُ النَّارِ مَنَازِلَهُمْ،

الحديث رقم ١٠: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: بدء الخلق، باب: ما جاء في قول الله تعالى: وهو الذي يبدأ الخلق ثم يعيده وهو أهون عليه، ٣/١١٦٦، الرقم: ٣٠٢٠۔

حَفِظَ ذَلِکَ مَنْ حَفِظَهُ وَنَسِيَهُ مَنْ نَسِيَهُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ ایک روز ہمارے درمیان قیام فرما ہوئے اور آپ ﷺ نے مخلوقات کی ابتدا سے لے کر جنتیوں کے جنت میں داخل ہو جانے اور دوزخیوں کے دوزخ میں داخل ہو جانے تک ہمیں سب کچھ بتا دیا۔ جس نے اسے یاد رکھا، یاد رکھا اور جو اسے بھول گیا سو بھول گیا۔''

٥٥٩ / ١١۔ عَنْ حُذَيفَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مَقَامًا مَا تَرَکَ شَيْئًا يَکُوْنُ فِي مَقَامِهِ ذَلِکَ إِلَی قِيَامِ السَّاعَةِ، إِلَّا حَدَّثَ بِهِ حَفِظَهُ مَنْ حَفِظَهُ وَنَسِيَهُ مَنْ نَسِيَهُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ.

''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ہمارے درمیان ایک مقام پر کھڑے ہو کر خطاب فرمایا: آپ ﷺ نے اپنے اس دن کھڑے ہونے سے لے کر قیامت تک کی کوئی ایسی چیز نہ چھوڑی، جس کو آپ ﷺ نے بیان نہ فرما دیا ہو۔ جس نے اسے یاد رکھا یاد رکھا اور جو اسے بھول گیا سو بھول گیا۔''

٥٦٠ / ١٢۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ أَخْطَبَ رضی اللہ عنہ قَالَ: صَلَّی بِنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ

الحديث رقم ١١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: القدر، باب: وكان أمر الله قدرا مقدورا، ٦ / ٢٤٣٥، الرقم: ٦٢٣٠، ومسلم في الصحيح، كتاب: الفتن وأشراط الساعة، باب: اخبار النبي ﷺ فيما يكون إلى قيام الساعة، ٤ / ٢٢١٧، الرقم: ٢٨٩١، والترمذي مثله عن أبي سعيد الخدري رضی اللہ عنہ في السنن، كتاب: الفتن عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء أخبر النبي ﷺ أصحابه بما هو كائن إلى يوم القيامة، ٤ / ٤٨٣، الرقم: ٢١٩١، وأبوداود في السنن، كتاب: الفتن والملاحم، باب: ذكر الفتن ودلائلها، ٤ / ٩٤، الرقم: ٤٢٤٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥ / ٣٨٥، الرقم: ٢٣٣٢٢، والبزار في المسند، ٧ / ٢٣١، الرقم: ٨٤٩٩، وقال: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، والطبراني مثله عن أبي سعيد الخدري رضی اللہ عنہ في مسند الشاميين، ٢ / ٢٤٧، الرقم: ١٢٧٨، والخطيب التبريزي في مشكوٰة المصابيح، ٢ / ٢٧٨، الرقم: ٥٣٧٩۔

الحديث رقم ١٢: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الفتن وأشراط الساعة، باب: إخبار النبي ﷺ فيما يكون إلى قيام الساعة، ٤ / ٢٢١٧، الرقم: ٢٨٩٢، ←

الْفَجْرَ. وَصَعِدَ الْمِنْبَرَ فَخَطَبَنَا حَتَّى حَضَرَتِ الظُّهْرُ، فَنَزَلَ فَصَلَّى ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ. فَخَطَبَنَا حَتَّى حَضَرَتِ الْعَصْرُ، ثُمَّ نَزَلَ فَصَلَّى ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ. فَخَطَبَنَا حَتَّى غَرَبَتِ الشَّمْسُ، فَأَخْبَرَنَا بِمَا كَانَ وَبِمَا هُوَ كَائِنٌ قَالَ: فَأَعْلَمُنَا أَحْفَظُنَا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

''حضرت عمرو بن اخطب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے نماز فجر میں ہماری امامت فرمائی اور منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور ہمیں خطاب فرمایا یہاں تک کہ ظہر کا وقت ہوگیا' پھر آپ ﷺ نیچے تشریف لے آئے نماز پڑھائی بعد ازاں پھر منبر پر تشریف فرما ہوئے اور ہمیں خطاب فرمایا حتی کہ عصر کا وقت ہو گیا پھر منبر سے نیچے تشریف لائے اور نماز پڑھائی پھر منبر پر تشریف فرما ہوئے۔ یہاں تک کہ سورج ڈوب گیا پس آپ ﷺ نے ہمیں ہر اس بات کی خبر دے دی جو جو آج تک وقوع پذیر ہو چکی تھی اور جو قیامت تک ہونے والی تھی۔ حضرت عمرو بن اخطب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم میں زیادہ جاننے والا وہی ہے جو ہم میں سب سے زیادہ حافظہ والا تھا۔''

٥٦١ / ١٣۔ عَنْ حُذَيْفَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ قَالَ: أَخْبَرَنِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: بِمَا

والترمذي فی السنن، کتاب: الفتن عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء ما أخبر النبی ﷺ أصحابه بما هو کائن إلی یوم القیامة، ٤ / ٤٨٣، الرقم: ٢١٩١، وابن حبان فی الصحیح، ١٥ / ٩، الرقم: ٦٦٣٨، والحاکم فی المستدرک، ٤ / ٥٣٣، الرقم: ٨٤٩٨، وأبویعلی فی المسند، ١٢ / ٢٣٧، الرقم: ٢٨٤٤، والطبرانی فی المعجم الکبیر، ١٧ / ٢٨، الرقم: ٤٦، والشیبانی فی الأحاد والمثانی، ٤ / ١٩٩، الرقم: ٢١٨٣۔

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ اللہ عزوجل اور اس کا رسول ﷺ اسے باقی ہر ایک سے محبوب تر نہ ہوجائیں، اور اس وقت تک جب کہ وہ کفر سے

الحديث رقم ٤٠: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٣/٢٠٧، الرقم: ١٣١٧٤، ٣/٢٧٨، الرقم: ١٣٩٩١-١٣٩٩٢، ٣/٢٣٠، الرقم: ١٣٤٣١، وابن حبان في الصحيح، ١/٤٧٣، الرقم: ٢٣٧، وعبد بن حميد في المسند، ١/٣٩٤، الرقم: ١٣٢٨، وابن منده في الإيمان، ١/٤٣٣، الرقم: ٢٨٣، وابن رجب في جامع العلوم والحكم، ١/٣٣۔

نجات پانے کے بعد دوبارہ (حالت) کفر (اور ایک روایت میں ہے کہ یہودیت اور نصرانیت) کی طرف لوٹنے کو وہ اس طرح ناپسند کرتا ہو کہ اس کے بدلے اسے آگ میں پھینکا جانا پسند ہو۔ اور تم میں سے کوئی مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ میں اسے اُس کی اولاد اور اس کے والد (یعنی والدین) اور تمام لوگوں سے محبوب تر نہ ہو جاؤں۔''

٥٨٩ / ٤١۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! إِنَّکَ لَأَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِي وَإِنَّکَ لَأَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَهْلِي وَأَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ وَلَدِي، وَإِنِّي لَأَکُوْنُ فِي الْبَيْتِ، فَأَذْکُرُکَ فَمَا أَصْبِرُ حَتّٰی آتِيَکَ فَأَنْظُرُ إِلَيْکَ وَإِذَا ذَکَرْتُ مَوْتِي وَمَوْتَکَ عَرَفْتُ أَنَّکَ إِذَا دَخَلْتَ الْجَنَّةَ رُفِعْتَ مَعَ النَّبِيِّيْنَ، وَأَنِّي إِذَا دَخَلْتُ الْجَنَّةَ خَسِيْتُ أَنْ لَا أَرَاکَ، فَلَمْ يَرُدَّ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ شَيْئًا حَتّٰی نَزَلَ جِبْرِيْلُ عليه السلام بِهٰذِهِ الْآيَةِ: ﴿وَمَنْ يُطِعِ اللهَ وَالرَّسُوْلَ فَأُولٰئِکَ مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمَ اللهُ عَلَيْهِمْ.....﴾ [النساء، ٤: ٦٩] فَدَعَا بِهِ فَقَرَأَهَا عَلَيْهِ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک صحابی نے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ مجھے میری جان اور میرے اہل و عیال اور میری اولاد سے بھی زیادہ محبوب ہیں۔ جب میں اپنے گھر میں ہوتا ہوں تو بھی آپ کو ہی یاد کرتا رہتا ہوں اور اس وقت تک چین نہیں آتا جب تک حاضر ہوکر آپ کی زیارت نہ کرلوں۔ لیکن جب مجھے اپنی موت اور آپ کے وصال مبارک کا خیال آتا ہے تو سوچتا ہوں کہ آپ تو جنت میں انبیاء کرام علیہم السلام کے ساتھ بلند ترین مقام پر جلوہ افروز ہوں

الحديث رقم ٤١: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ١/١٥٢، الرقم: ٤٧٧، وفي المعجم الصغير، ١/٥٣، الرقم: ٥٢، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٤/٢٤٠، ٨/١٢٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٧/٧، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، ١/٥٢٤، والسيوطي في الدر المنثور، ٢/١٨٢۔

گے اور اگر میں جنت میں داخل ہوں گا تو خدشہ ہے کہ کہیں آپ کی زیارت سے محروم نہ ہو جاؤں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے اس صحابی کے جواب میں سکوت فرمایا: یہاں تک کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام یہ آیت مبارکہ کو لے کر اترے: ''اور جو کوئی اللہ تعالیٰ اور رسول (ﷺ) کی اطاعت کرے تو یہی لوگ (روز قیامت) اُن (ہستیوں) کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ تعالیٰ نے (خاص) انعام فرمایا ہے۔'' پس آپ ﷺ نے اس شخص کو بلایا اور اسے یہ آیت پڑھ کر سنائی۔''

٥٩٠/ ٤٢۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعْدٍ رضي الله عنه قَالَ: خَدِرَتْ رِجْلُ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: اذْكُرْ أَحَبَّ النَّاسِ إِلَيْكَ. فَقَالَ: (يَا) مُحَمَّدَاهُ .رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا پاؤں سن ہوگیا تو ایک آدمی نے ان سے کہا کہ لوگوں میں سے جو آپ کو سب سے زیادہ محبوب ہو اسے یاد کریں، تو انہوں نے یا محمد (صلی اللہ علیک وسلم) کا نعرہ بلند کیا۔''

٥٩١/ ٤٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، قَالَ: إِذَا أَحَبَّ اللهُ

الحديث رقم ٤٢: أخرجه البخاري في الأدب المفرد، ١/ ٣٣٥، الرقم: ٩٦٤، وابن الجعد في المسند، ١/ ٣٦٩، الرقم: ٢٥٣٩، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٤/ ١٥٤، وابن السني في عمل اليوم والليلة، الرقم: ١٦٨، ١٧٠، ١٧٢، والقاضي عياض في الشفا، ١/ ٤٩٨، الرقم: ١٢١٨، ويحيى بن معين في التاريخ، ٤/ ٢٤، الرقم: ٢٩٥٣، والمناوي في فيض القدير، ١/ ٣٩٩، والمزي في تهذيب الكمال، ١٧/ ١٤٢۔

الحديث رقم ٤٣: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: بدء الخلق، باب: ذِكرِ المَلَاۤئِكَةِ، ٣/ ١١٧٥، الرقم: ٣٠٣٧، وفی كتاب: الأدب، باب: المِقَةِ مِن اللّٰهِ تَعَالَى، ٥/ ٢٢٤٦، الرقم: ٥٦٩٣، وفی كتاب: التوحيد، باب: كَلَامِ الرَّبِّ مَعَ جِبْرِيْلَ، ونِداءِ اللّٰهِ الملاۤئِكَةَ، ٦/ ٢٧٢١، الرقم: ٧٠٤٧، وفی مسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: إذا أحب الله عبداً حببه إلى عباده، ٤/ ٢٠٣٠، الرقم: ٢٦٣٧، ومالك فی الموطأ، كتاب: الشعر، باب: ماجاء فی المتحابين فی اللّٰه، ٢/ ٩٥٣، الرقم: ١٧١٠، وابن حبان فی الصحيح، ٢/ ٨٦، الرقم: ٣٦٥، وأحمد ⟵

الْعَبْدَ نَادَى جِبْرِيْلَ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ فُلَانًا فَأَحْبِبْهُ. فَيُحِبُّهُ جِبْرِيْلُ، فَيُنَادِي جِبْرِيْلُ فِي أَهْلِ السَّمَاءِ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ فُلَانًا فَأَحِبُّوْهُ، فَيُحِبُّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، ثُمَّ يُوضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِي الْأَرْضِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام کو بلاتا ہے (اور حکم دیتا ہے) کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت رکھتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو تو حضرت جبرئیل علیہ السلام اس سے محبت کرتے ہیں۔ پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام آسمانی مخلوق میں ندا دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں شخص سے محبت کرتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو پھر آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر زمین والوں (کے دلوں) میں بھی اس کی مقبولیت رکھ دی جاتی ہے۔‘‘

٥٩٢ / ٤٤۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ وَالسُّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيْرِ، فَحَامِلُ الْمِسْكِ: إِمَّا أَنْ يُحْذِيَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ، وإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا طَيِّبَةً.

..... بن حنبل فی المسند، ٢ / ٤١٣، الرقم: ٩٣٤١، ١٠٦٨٥، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٣ / ١٦٠، الرقم: ٢٨٠٠، والبیهقی فی کتاب الزهد الکبیر، ٢ / ٣٠١، الرقم: ٨٠٥، وابن عمر الأزدی فی مسند الربیع، ١ / ٤٥، الرقم: ٦٧، وابن راهویه فی المسند، ١ / ٣٦٦، الرقم: ٣٧٥، وأبو المحاسن فی معتصر المختصر، ٢ / ٢٢٨۔

الحدیث رقم ٤٤: أخرجه البخاری فی الصحیح، کتاب: الذبائح والصید، باب: المِسكِ، ٥ / ٢١٠٤، الرقم: ٥٢١٤، وفی کتاب: البیوع، باب: فی العَطَّارِ وبیع المِسكِ، ٢ / ٧٤١، الرقم: ١٩٩٥، ومسلم فی الصحیح، کتاب: البر والصلة والآداب، باب: استحباب مجالسة الصالحین، ومجانبة قرناء السوء، ٤ / ٢٠٢٦، الرقم: ٧٢٧٠، ٧٣٠٧، والبیهقی فی شعب الإیمان، ٧ / ٥٤، الرقم: ٩٤٣٥، والقضاعی فی مسند الشهاب، ٢ / ٢٨٨، الرقم: ١٣٨٠، والرویانی فی المسند، ١ / ٣١٨، الرقم: ٩٧٤، والمنذری فی الترغیب والترهیب، ٤ / ٢٤، الرقم: ٤٦٣٨۔

وَنَافِخُ الْكِيرِ: إِمَّا أَنْ يُحْرِقَ ثِيَابَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ رِيحًا خَبِيثَةً.
مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابوموسیٰ (اشعری) رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اچھے اور برے ساتھی کی مثال مشک والے اور بھٹی دھونکنے والے جیسی ہے کیونکہ مشک والا یا تو تحفتہً تمہیں (تھوڑی بہت خوشبو) دے دے گا یا تم اس سے خرید لو گے ورنہ عمدہ خوشبو تو تم پا ہی لو گے، رہی بھٹی والے (لوہار) کی بات تو (اس کی بھٹی کی آگ) یا تمہارے کپڑے جلا دے گی وگرنہ تمہیں (بھٹی کی) بدبو تو ضرور پہنچے گی۔‘‘

٥٩٣ / ٤٥۔ عَنْ أَبِي هَرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللهِ، مَالَنَا إِذَا كُنَّا عِنْدَكَ رَقَّتْ قُلُوْبُنَا، وَزَهِدْنَا فِي الدُّنْيَا، وَكُنَّا مِنْ أَهْلِ الآخِرَةِ، فَإِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِكَ فَآنَسْنَا أَهَالِيْنَا، وَشَمَمْنَا أَوْلَادَنَا أَنْكَرْنَا أَنْفُسَنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَوْ أَنَّكُمْ تَكُوْنُوْنَ إِذَا خَرَجْتُمْ مِنْ عِنْدِي كُنْتُمْ عَلَى حَالِكُمْ ذَلِكَ لَزَارَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ فِي بُيُوْتِكُمْ، وَلَوْ لَمْ تُذْنِبُوْا لَجَاءَ اللهُ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ كَي يُذْنِبُوْا فَيَغْفِرَ لَهُمْ .....الحديث.
رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہمیں کیا ہوگیا ہے کہ جب ہم آپ کی بارگاہِ اقدس میں ہوتے ہیں تو ہمارے دل نرم ہوتے ہیں ہم دنیا سے بے رغبت اور آخرت کے باسی ہو جاتے ہیں اور جب آپ کی بارگاہ سے چلے جاتے ہیں اور اپنے گھر والوں میں گھل مل جاتے ہیں اور اپنی اولاد سے ملتے جلتے رہتے ہیں تو ہمارے دل

الحديث رقم ٤٥: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فی صفة الجنة ونعيمها، ٤ / ٦٧٢، الرقم: ٢٥٢٦، وابن حبان فی الصحيح، ١٦ / ٣٩٦، الرقم، ٣٧٨٧، والطيالسی فی المسند، ١ / ٣٣٧، الرقم: ٢٥٨٣، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٥ / ٤٠٩، الرقم: ٧١٠١، وعبد بن حميد فی المسند، ١ / ٤١٥، الرقم: ١٤٢٠، وابن المبارك فی الزهد، ١ / ٣٨٠، الرقم: ١٠٧٥۔

بدل جاتے ہیں حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم اسی حالت میں رہو جس طرح میرے پاس سے اٹھ کر جاتے ہو تو فرشتے تمہارے گھروں میں تمہاری زیارت کریں اور اگر تم گناہ نہ کرو تو اللہ تعالیٰ ضرور ایک نئی مخلوق لے آئے گا تاکہ وہ گناہ کریں (اور پھر توبہ کر لیں) اور پھر اللہ تعالیٰ انہیں بخش دے۔‘‘

٥٩٤ / ٤٦۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ مَثَلُ الْعَطَّارِ إِنْ لَمْ يُصِبْکَ مِنْهُ أَصَابَکَ رِيْحُهُ، وَمَثَلُ الْجَلِيْسِ السُّوْءِ مَثَلُ الْقَيْنِ إِنْ لَمْ يُحرِقْکَ بِشَرَرِهِ عَلَقَ بِکَ مِنْ رِيْحِهِ. رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَالْبَزَّارُ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ الْحَاکِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

’’حضرت ابوموسیٰ (اشعری) رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اچھے ساتھی کی مثال عطار کی سی ہے اس سے اگر تمہیں اور کچھ بھی نہ ملے تو اس کی (اچھی) خوشبو تو پہنچ ہی جائے گی، اور برے ساتھی کی مثال لوہار کی سی ہے اگر اس (کی بھٹی کے) شعلے تجھے نہ بھی جلائیں تو اس کی (بھٹی کی) بدبو تو تمہیں ضرور پہنچے گی۔‘‘

٥٩٥ / ٤٧۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ رضي الله عنه أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: لَا

الحديث رقم ٤٦: أخرجه ابن حبان فی الصحيح، ٢/ ٣٤١، الرقم: ٥٧٩، والبزار فی المسند، ٨/ ٤٤، الرقم: ٣٠٢٧، ٣١٩٠، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/ ٤٠٤، الرقم: ١٩٦٢٤، والحاکم فی المستدرک، ٤/ ٣١٢، الرقم: ٧٧٤٩، وأبو يعلی فی المسند، ٧/ ٢٧٤، الرقم: ٤٢٩٥، والمقدسی فی الأحاديث المختارة، ٦/ ١٩٩، الرقم: ٢٢١٥، ٢٢١٦، وقال المقدسی: إِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ. والقضاعی فی مسند الشهاب، ٢/ ٢٨٧، الرقم: ١٣٧٧، وابن خلاد فی أمثال الحديث، ١/ ١١٣، الرقم: ٧٧۔٧٨، وابن أبی عاصم فی کتاب الزهد، ١/ ٢٧٤، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٨/ ٦١، وقال الهيثمی: إِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

الحديث رقم ٤٧: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فی صُحْبَةِ الْمُؤْمِنِ، ٤/ ٦٠٠، الرقم: ٢٣٩٥، وأبوداود فی السنن، کتاب: الأدب، باب: مَن يؤمر أن يجالس، ٤/ ٢٥٩، الرقم: ٤٨٣٢، وابن حبان فی الصحيح، ٢/ ٣١٤، الرقم: ٥٥٤۔٥٦٠، والدارمی فی السنن، ٢/ ١٤٠، الرقم: ٢٠٥٧، والحاکم فی المستدرک، ٤/ ١٤٣، الرقم: ٧١٦٩، وَقَالَ الحَاکِمُ: ⟵

تُصَاحِبْ إِلَّا مُؤْمِنًا، وَلَا يَأْكُلْ طَعَامَکَ إِلَّا تَقِيٌّ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

’’حضرت ابوسعید (خدری) رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (سچے) مومنوں کی صحبت ہی اختیار کرو اور تمہارا کھانا صرف پرہیزگار (دوست) ہی کھائے۔‘‘

هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٣/٢٧٧، الرقم: ٣١٣٦، وأبويعلی فی المسند، ٢/٤٨٤، الرقم: ١٣١٥، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٧/٤٢، الرقم: ٩٣٨٣، وابن المبارك فی الزهد، ١/١٢٤، الرقم: ٣٦٤، والديلمی فی مسند الفردوس، ٥/٣٥١، الرقم: ٨٤٠٣، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٤/١٥، الرقم: ٤٥٩٩.

فَصْلٌ فِي التَّبَرُّكِ بِالنَّبِيِّ ﷺ وَآثَارِهِ

﴿ حضور ﷺ کی ذاتِ اقدس اور آپ ﷺ کے آثارِ مبارکہ سے حصولِ برکت کا بیان ﴾

٥٩٦ / ٤٨۔ عَنِ السَّائِبِ ابْنِ يَزِيْدَ رضی الله عنه يَقُوْلُ: ذَهَبَتْ بِي خَالَتِي إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنَّ ابْنَ أُخْتِي وَجِعٌ فَمَسَحَ رَأْسِي وَدَعَا لِي بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ تَوَضَّأَ، فَشَرِبْتُ مِنْ وَضُوْئِهِ، ثُمَّ قُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَنَظَرْتُ إِلَى خَاتَمِ النُّبُوَّةِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، مِثْلَ زِرِّ الْحَجَلَةِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میری خالہ جان مجھے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں لے جا کر عرض گزار ہوئیں: یا رسول اللہ! میرا بھانجا بیمار ہے۔ آپ ﷺ نے میرے سر پر اپنا دستِ اقدس پھیرا اور میرے لئے برکت کی دعا فرمائی پھر وضو فرمایا تو میں نے آپ ﷺ کے وضو کا پانی پیا پھر آپ ﷺ کے پیچھے کھڑا ہو گیا تو آپ ﷺ کے دونوں مبارک شانوں کے درمیان مہرِ نبوت کی زیارت کی جو کبوتر (یا اس کی مثل کسی پرندے) کے انڈے جیسی تھی۔''

الحديث رقم ٤٨: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الوَضُوء، باب: اسْتِعْمَالِ فَضْلِ وَضُوءِ النَّاسِ، ١ / ٨١، الرقم: ١٨٧، وفی كتاب: المناقب، باب: كُنْيَةِ النَّبِيِّ ﷺ، ٣ / ١٣٠١، الرقم: ٣٣٤٧، وفی باب: خَاتَمِ النُّبُوَّةِ، ٣ / ١٣٠١، الرقم: ٣٣٤٨، وفی كتاب: المرضى، باب: مَن ذَهبَ بِالصَّبِيِّ المَرِيْضِ لِيُدْعى لَهُ، ٥ / ٢١٤٦، الرقم: ٥٣٤٦، وفی كتاب: الدعوات، باب: الدُّعَاءِ لِلصِّبْيَانِ بِالْبَرَكَةِ وَمَسْحِ رُؤُوْسِهِمْ، ٥ / ٢٣٣٧، الرقم: ٥٩٩١، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: إثبات خاتَم النُّبُوَةِ وصفته ومحله من جسده ﷺ، ٤ / ١٨٢٣، الرقم: ٢٣٤٥، والنسائی فی السنن الكبرى، ٤ / ٣٦١، الرقم: ٧٥١٨، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٧ / ١٥٧، الرقم: ٦٦٨٢، والشيبانی فی الآحاد والمثانی، ٤ / ٣٧٩، الرقم: ٢٤٢٠، ٣٤٣٠۔

٥٩٧ / ٤٩۔ عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ رضي الله عنه يَقُوْلُ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ بِالْهَاجِرَةِ، فَأُتِيَ بِوَضُوْءٍ فَتَوَضَّأَ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَأْخُذُوْنَ مِنْ فَضْلِ وَضُوْئِهِ فَيَتَمَسَّحُوْنَ بِهِ، فَصَلَّى النَّبِيُّ ﷺ الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ، وَالْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ، وَبَيْنَ يَدَيْهِ عَنَزَةٌ. وَقَالَ أَبُوْ مُوْسَى: دَعَا النَّبِيُّ ﷺ بِقَدَحٍ فِيْهِ مَاءٌ، فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَوَجْهَهُ فِيْهِ وَمَجَّ فِيْهِ، ثُمَّ قَالَ لَهُمَا: اشْرَبَا مِنْهُ، وَأَفْرِغَا عَلَى وُجُوْهِكُمَا وَنُحُوْرِكُمَا.

وفي رواية عنه: قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ فِي قُبَّةٍ حَمْرَاءَ مِنْ أَدَمٍ، وَرَأَيْتُ بِلَالًا أَخَذَ وَضُوْءَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، وَرَأَيْتُ النَّاسَ يَبْتَدِرُوْنَ ذَاکَ الْوَضُوْءَ، فَمَنْ أَصَابَ مِنْهُ شَيْئًا تَمَسَّحَ بِهِ، وَمَنْ لَمْ يُصِبْ مِنْهُ شَيْئًا أَخَذَ مِنْ بَلَلِ يَدِ صَاحِبِهِ، ثُمَّ رَأَيْتُ بِلَالًا أَخَذَ عَنَزَةً فَرَكَزَهَا، وَخَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ فِي حُلَّةٍ حَمْرَاءَ مُشَمِّرًا، صَلَّى إِلَى الْعَنَزَةِ بِالنَّاسِ

الحديث رقم ٤٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الوضوء، باب: اسْتِعْمَالِ فَضْلِ وَضُوْءِ النَّاسِ، ١/ ٨٠، الرقم: ١٨٥، وفی كتاب: الصلاة فی الثياب، باب: الصلاةِ فِی الثَّوبِ الأَحْمَرِ، ١/ ١٤٧، الرقم: ٣٦٩، وفی كتاب: الصلاة، باب: سترة الإمامِ سترةُ مَن خَلْفَهُ، ١/ ١٨٧، الرقم: ٤٧٣، وفی باب: الصلاةِ إِلَى العَنَزَةِ، ١/ ١٨٨، الرقم: ٤٧٧، وفی باب: السُّتْرَةُ بِمَكَّةَ وَغَيْرِهَا، ١/ ١٨٨، الرقم: ٤٧٩، وفی كتاب: الأذان، باب: الأذان لِلْمُسَافِرِ، إذا كانوا جماعةً، والإقامة، وكذلك بِعَرَفَةَ وَ جَمْعٍ، ١/ ٢٢٧، الرقم: ٦٠٧، وفی كتاب: المناقب، باب: صِفةِ النَّبِيِّ ﷺ، ٣/ ١٣٠٤، الرقم: ٣٣٧٣، وفی كتاب: المغازی، باب: غَزْوَة الطَّائِفِ، ٤/ ١٥٧٣، الرقم: ٤٠٧٣، وفی كتاب: اللباس، باب: التَّشْمِيْر فِی الثِّيَابِ، ٥/ ٢١٨٢، الرقم: ٥٤٤٩، وفی كتاب: الوضوء، باب: الغسل والوضوء فی المخضب والقدح، والخشب والحجارة، ١/ ٨٣، الرقم: ١٩٣، ومسلم فی الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل أبي موسى وأبي عامر الأشعريين رضی الله عنهما، ٤/ ١٩٤٣، الرقم: ٢٤٩٧، وأبو يعلى فی المسند، ١٣/ ٣٠١، الرقم: ٣٠١۔

رَكْعَتَيْنِ، وَرَأَيْتُ النَّاسَ وَالدَّوَابَّ، يَمُرُّوْنَ مِنْ بَيْنَ يَدَيِ الْعَنَزَةِ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ مُخْتَصَرًا.

’’حضرت ابوجُحَیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ دوپہر کے وقت ہمارے پاس تشریف لائے۔ پانی لایا گیا تو آپ ﷺ نے وضو فرمایا۔ لوگ آپ ﷺ کے وضو کے بچے ہوئے پانی کو لینے لگے اور اُسے اپنے اوپر ملنے لگے۔ پس حضور نبی اکرم ﷺ نے ظہر کی دو رکعتیں اور عصر کی دو رکعتیں ادا فرمائیں اور آپ ﷺ کے سامنے نیزہ تھا۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے پانی کا ایک پیالہ منگوایا۔ پس اپنے ہاتھوں اور چہرہ اقدس کو اُسی میں دھویا اور اُسی میں کلی کی پھر اُن دونوں (یعنی حضرت ابوموسیٰ اشعری اور حضرت ابوعامر اشعری) سے فرمایا: اس میں سے پی لو اور اپنے چہروں اور سینوں پر بھی ڈال لو۔‘‘

’’اور حضرت ابوجُحَیفہ رضی اللہ عنہ سے ہی مروی روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو چمڑے کے ایک سرخ خیمے میں دیکھا اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حضور نبی اکرم ﷺ کا استعمال شدہ پانی لیتے دیکھا اور میں نے لوگوں کو آپ ﷺ کے استعمال شدہ پانی کی طرف لپکتے دیکھا جسے کچھ مل گیا اُس نے اسے اپنے اُوپر مل لیا اور جسے اس میں سے ذرا بھی نہ ملا اُس نے اپنے ساتھی کے ہاتھ سے تری حاصل کی (اور اسے اپنے جسم پر مل لیا)، پھر میں نے دیکھا کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے نیزہ لے کر گاڑ دیا تو حضور نبی اکرم ﷺ سُرخ لباس میں جوڑے کو سمیٹتے ہوئے باہر تشریف لائے اور نیزے کی طرف منہ کر کے لوگوں کو دو رکعتیں پڑھائیں اور میں نے دیکھا کہ نیزے سے پرے آدمی اور جانور گزر رہے ہیں۔‘‘

٥٩٨/ ٥٠۔ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ رضی اللہ عنہ قَالَ: وَهُوَ الَّذِي مَجَّ رَسُوْلُ

الحديث رقم ٥٠: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الوضوء، باب: اسْتِعْمالِ فضلِ وَضُوءِ النَّاسِ، ١/ ٨١، الرقم: ١٨٦، وفی كتاب: العلم، باب: متى يَصِحُّ سمَاعُ الصَّغِيْرِ، ١/ ٤١، الرقم: ٧٧، وفی كتاب: الدعوات، باب: الدُّعَاءِ لِلصّبيَانِ بالبركةِ ومسح رُؤُوسِهِمْ، ٥٣/ ٢٣٣٨، الرقم: ٥٩٩٣، وابن حبان فی الصحيح، ١١/ ٢٢١، الرقم: ٤٨٧٢، وعبد الرزاق فی المصنف، ٥/ ٣٣٦، الرقم: ٩٧٢٠، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/ ٣٢٩، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٢٠/ ١٢، الرقم: ١٣، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٩/ ٢٢٠، وفی شعب الإيمان، ٥/ ٣٣٣، الرقم: ٦٨٢٩، والعسقلانی فی فتح الباری، ١١/ ١٥١، الرقم: ٥٩٩٣۔

اللهِ ﷺ فِي وَجْهِهِ وَهُوَ غُـلَامٌ مِنْ بِئْرِهِمْ. وَقَالَ عُرْوَةُ، عَنِ الْمِسْوَرِ وَغَيْرِهِ، يُصَدِّقُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ: وَإِذَا تَوَضَّأَ النَّبِيُّ ﷺ كَادُوْا يَقْتَتِلُوْنَ عَلَى وَضُوْئِهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

''حضرت محمود بن ربیع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے یہ وہی بزرگ ہیں کہ جن کے چہرے پر جب یہ بچے تھے اُن کے کنویں کے پانی سے حضور نبی اکرم ﷺ نے کلی فرمائی تھی اور عروہ نے حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی جن میں سے ہر ایک اپنے ساتھی کی تصدیق کرتا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب وضو فرماتے تو قریب تھا کہ لوگ وضو کے پانی پر آپس میں لڑ مرتے۔''

٥٩٩ / ٥١۔ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانَ رضي الله عنهما قَالَا: إِنَّ عُرْوَةَ جَعَلَ يَرْمُقُ أَصْحَابَ النَّبِيِّ ﷺ بِعَيْنَيْهِ قَالَ: فَوَاللهِ مَا تَنَخَّمَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ نُخَامَةً إِلَّا وَقَعَتْ فِي كَفِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ فَدَلَكَ بِهَا وَجْهَهُ وَجِلْدَهُ، وَإِذَا أَمَرَهُمُ ابْتَدَرُوْا أَمْرَهُ، وَإِذَا تَوَضَّأَ كَادُوْا يَقْتَتِلُوْنَ عَلَى وَضُوْئِهِ وَإِذَا تَكَلَّمَ خَفَضُوْا أَصْوَاتَهُمْ عِنْدَهُ وَمَا يُحِدُّوْنَ إِلَيْهِ النَّظَرَ تَعْظِيْمًا لَهُ. فَرَجَعَ عُرْوَةُ إِلَى أَصْحَابِهِ فَقَالَ: أَيْ قَوْمِ وَاللهِ لَقَدْ وَفَدْتُ عَلَى الْمُلُوْكِ، وَفَدْتُ عَلَى قَيْصَرَ وَكِسْرَى وَالنَّجَاشِيِّ وَاللهِ إِنْ رَأَيْتُ مَلِكًا قَطُّ يُعَظِّمُهُ أَصْحَابُهُ مَا يُعَظِّمُ أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ ﷺ مُحَمَّدًا. وَاللهِ، إِنْ تَنَخَّمَ نُخَامَةً إِلَّا وَقَعَتْ كَفِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ فَدَلَكَ بِهَا وَجْهَهُ وَجِلْدَهُ، وَ إِذَا أَمَرَهُمُ ابْتَدَرُوْا أَمْرَهُ وَ إِذَا تَوَضَّأَ كَادُوْا يَقْتَتِلُوْنَ عَلَى وَضُوْئِهِ، وَإِذَا

الحديث رقم ٥١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الشروط، باب: الشروط في الجهاد والمصالحة مع أهل الحرب وكتابة، ٢ / ٩٧٤، الرقم: ٢٥٨١، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤ / ٣٢٩، وابن حبان في الصحيح، ١١ / ٢١٦، الرقم: ٤٨٧٢، والطبراني في المعجم الكبير، ٢٠ / ٩، الرقم: ١٣، والبيهقي في السنن الكبرى، ٩ / ٢٢٠۔

تَكَلَّمَ خَفَضُوْا أَصْوَاتَهُمْ عِنْدَهُ وَمَا يُحِدُّوْنَ إِلَيْهِ النَّظَرَ تَعْظِيْمًا لَهُ .....الحديث.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت مسور بن مخرمہ اور مروان رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، عروہ بن مسعود (جب بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں کفار کا وکیل بن کر آیا تو) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم (کے معمولاتِ تعظیم مصطفیٰ ﷺ) کو دیکھتا رہا کہ جب بھی آپ ﷺ اپنا لعاب دہن پھینکتے تو کوئی نہ کوئی صحابی اسے اپنے ہاتھ پر لے لیتا تھا جسے وہ اپنے چہرے اور بدن پر مل لیتا تھا۔ جب آپ ﷺ کسی بات کا حکم دیتے ہیں تو اس کی فوراً تعمیل کی جاتی تھی۔ جب آپ ﷺ وضو فرماتے ہیں تو لوگ آپ ﷺ کے استعمال شدہ پانی کو حاصل کرنے کے لئے ایک دوسرے پر ٹوٹ پڑتے تھے۔ (اور ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کرتے تھے ہر ایک کی کوشش ہوتی تھی کہ یہ پانی میں حاصل کروں) جب آپ ﷺ گفتگو فرماتے ہیں تو صحابہ کرام اپنی آوازوں کو آپ ﷺ کے سامنے پست رکھتے تھے اور انتہائی تعظیم کے باعث آپ ﷺ کی طرف نظر جما کر بھی نہیں دیکھتے تھے۔ اس کے بعد عروہ اپنے ساتھیوں کی طرف لوٹ گیا اور ان سے کہنے لگا: اے قوم! اللہ ربّ العزت کی قسم! میں (بڑے بڑے عظیم الشان) بادشاہوں کے درباروں میں وفد لے کر گیا ہوں، میں قیصر و کسری اور نجاشی جیسے بادشاہوں کے درباروں میں حاضر ہوا ہوں۔ لیکن خدا کی قسم! میں نے کوئی ایسا بادشاہ نہیں دیکھا کہ اس کے درباری اس کی اس طرح تعظیم کرتے ہوں جیسے محمد ﷺ کے صحابہ کرام محمد ﷺ کی تعظیم کرتے ہیں۔ خدا کی قسم! جب وہ تھوکتے ہیں تو ان کا لعاب دہن کسی نہ کسی شخص کی ہتھیلی پر ہی گرتا ہے، جسے وہ اپنے چہرے اور بدن پر مل لیتا ہے۔ جب وہ کوئی حکم دیتے ہیں تو فوراً ان کی حکم کی تعمیل ہوتی ہے، جب وہ وضو فرماتے ہیں تو یوں محسوس ہونے لگتا ہے کہ لوگ وضو کا استعمال شدہ پانی حاصل کرنے کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ لڑنے مرنے پر آمادہ ہو جائیں گے وہ ان کی بارگاہ میں اپنی آوازوں کو پست رکھتے ہیں، اور غایت تعظیم کے باعث وہ ان کی طرف آنکھ بھر کر دیکھ نہیں سکتے۔‘‘

٦٠٠/٥٢۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: لَمَّا رَمَى رَسُوْلُ اللهِ ﷺ

الحديث رقم ٥٢: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الحج، باب: بيان أن السنة يوم النحر أن يرمی ثم ينحر ثم يحلق، ٢/٩٤٨، الرقم: ١٣٠٥، والترمذي في السنن، ←

الْجَمْرَةَ وَنَحَرَ نُسُكَهُ وَحَلَقَ، نَاوَلَ الْحَالِقَ شِقَّهُ الْأَيْمَنَ فَحَلَقَهُ، ثُمَّ دَعَا أَبَا طَلْحَةَ الْأَنْصَارِيَّ فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ، ثُمَّ نَاوَلَهُ الشِّقَّ الْأَيْسَرَ، فَقَالَ: احْلِقْ فَحَلَقَهُ، فَأَعْطَاهُ أَبَا طَلْحَةَ، فَقَالَ: اقْسِمْهُ بَيْنَ النَّاسِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ : هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ نے مقام جمرہ پر کنکریاں ماریں اور اپنی قربانی کا فریضہ ادا فرما لیا تو آپ ﷺ نے سر انور کا دایاں حصہ حجام کے سامنے کر دیا، اس نے بال مبارک مونڈے پھر آپ ﷺ نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو بلایا اور ان کو وہ بال عطا فرمائے، اِس کے بعد حجام کے سامنے (سر انور کی) بائیں جانب کی اور فرمایا: یہ بھی مونڈو، اس نے ادھر کے بال مبارک بھی مونڈ دیئے، آپ ﷺ نے وہ بال بھی حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو عطا فرمائے اور فرمایا: یہ بال لوگوں میں تقسیم کر دو۔‘‘

٦٠١/٥٣۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ، وَالْحَلَّاقُ يَحْلِقُهُ وَأَطَافَ بِهِ أَصْحَابُهُ، فَمَا يُرِيْدُوْنَ أَنْ تَقَعَ شَعْرَةٌ إِلَّا فِي يَدِ رَجُلٍ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

----- كتاب: الحج عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء بأي جانب الرأس يبدأ في الحلق، ٣/٢٥٥، الرقم: ٩١٢، وأبوداود فی السنن، كتاب: المناسك، باب: الحلق والتقصير، ٢/٢٠٣،الرقم: ١٩٨١، والنسائی فی السنن الكبرى، ٢/٤٤٩، الرقم: ٤١١٤، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/١١١، الرقم: ١٢١١٣، وابن حبان فی الصحيح، ٩/١٩١، الرقم: ١٧٤٣، وابن خزيمة فی الصحيح، ٤/٢٩٩، الرقم: ٢٩٢٨، والحاكم فی المستدرك، ١/٦٤٧، الرقم: ١٧٤٣، وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ۔

الحديث رقم ٥٣: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: قرب النبی ﷺ من الناس وتبركهم به، ٤/١٨١٢، الرقم: ٢٣٢٥، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/١٣٣،١٣٧، الرقم: ١٢٤٢٣، وعبد بن حميد فی المسند، ١/٣٨٠، الرقم: ١٢٧٣۔

’’حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے دیکھا: حجام آپ ﷺ کے سر مبارک کی حجامت بنا رہا تھا اور آپ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کے گرد گھوم رہے تھے اور ان (میں سے ہر ایک) کی یہ کوشش تھی کہ حضور نبی اکرم ﷺ کا کوئی ایک بال مبارک بھی زمین پر گرنے نہ پائے بلکہ ان میں سے کسی نہ کسی کے ہاتھ میں آ جائے۔‘‘

٦٠٢/ ٥٤۔ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ: قُلْتُ لِعُبَيْدَةَ: عِنْدَنَا مِنْ شَعَرِ النَّبِيِّ ﷺ، أَصَبْنَاهُ مِنْ قِبَلِ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ، أَوْ مِنْ قِبَلِ أَهْلِ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ، فَقَالَ: لَأَنْ تَكُوْنَ عِنْدِي شَعَرَةٌ مِنْهُ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت ابن سیرین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبیدہ سے کہا: ہمارے پاس حضور نبی اکرم ﷺ کے کچھ موئے مبارک ہیں جنہیں ہم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یا حضرت انس کے گھر والوں سے حاصل کیا ہے۔ حضرت عبیدہ نے فرمایا: اگر ان میں سے ایک موئے مبارک بھی میرے پاس ہوتا تو وہ مجھے دنیا (اور جو کچھ اس دنیا میں ہے ان سب) سے کہیں زیادہ محبوب ہوتا۔‘‘

٦٠٣/ ٥٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی اللہ عنہ مَوْلَى أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رضي الله عنهما في رواية طويلة قَالَ: أَخْبَرَتْنِي أَسْمَاءُ بِنْتُ أَبِي بَكْرٍ رضي الله عنهما عَنْ جُبَّةِ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَتْ: هَذِهِ جُبَّةُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَأَخْرَجَتْ إِلَيَّ جُبَّةَ طَيَالِسَةٍ كِسْرَوَانِيَّةٍ لَهَا لِبْنَةُ دِيْبَاجٍ فَرْجَيْهَا مَكْفُوْفَيْنِ بِالدِّيْبَاجِ فَقَالَتْ: هَذِهِ

الحديث رقم ٥٤: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الوضوء، باب: الماء الذي يغسل به شعرا الإنسان وكان عطاء لا يرى، ١/ ٧٥، الرقم: ١٦٨، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٧/ ٦٧، الرقم: ١٣١٨٨۔

الحديث رقم ٥٥: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: اللباس والزينة، باب: تحريم استعمال إناء الذهب والفضة على الرجال، ٣/ ١٦٤١، الرقم: ٢٠٦٩، وأبو داود فی السنن، كتاب: اللباس، باب: الرخصة فی العلم وخيط الحرير، ٤/ ٤٩، الرقم: ٤٠٥٤، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٢/ ٤٢٣، الرقم: ٤٠١٠، وفی شعب الإيمان ٥/ ١٤١، الرقم: ٦١٠٨، وأبو عوانة فی المسند، ١/ ٢٣٠، الرقم: ٥١١، وابن راهويه فی المسند، ١/ ١٣٣، الرقم: ٣٠۔

كَانَتْ عِنْدَ عَائِشَةَ حَتَّى قُبِضَتْ، فَلَمَّا قُبِضَتْ قَبَضْتُهَا وَكَانَ النَّبِيُّ ﷺ يَلْبَسُهَا، فَنَحْنُ نَغْسِلُهَا لِلْمَرْضَى يُسْتَشْفَى بِهَا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَبُوْدَاوُدَ.

''حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما کے غلام حضرت عبداللہ ایک طویل روایت میں بیان کرتے ہیں کہ مجھے حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے حضور نبی اکرم ﷺ کے جبّہ مبارک کے متعلق بتایا اور فرمایا: یہ حضور نبی اکرم ﷺ کا جبّہ مبارک ہے اور پھر انہوں نے ایک جبّہ نکال کر دکھایا جو موٹا دھاری دار کسروانی (کسریٰ کے بادشاہ کی طرف منسوب ہے) جبّہ تھا جس کا گریبان دیباج کا تھا اور اس کے دامنوں پر دیباج کے سنجاف تھے حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے فرمایا: یہ مبارک جبّہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس ان کی وفات تک محفوظ رہا، جب ان کی وفات ہوئی تو یہ میں نے لے لیا۔ یہی وہ مبارک جبّہ ہے جسے حضور نبی اکرم ﷺ پہنتے تھے۔ سو ہم اسے دھو کر اس کا پانی بیماروں کو پلاتے ہیں اور اس کے ذریعے شفا طلب کی جاتی ہے۔''

٦٠٤/٥٦۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يَدْخُلُ بَيْتَ أُمِّ سُلَيْمٍ رضي الله عنها فَيَنَامُ عَلَى فِرَاشِهَا. وَلَيْسَتْ فِيهِ. قَالَ: فَجَاءَ ذَاتَ يَوْمٍ فَنَامَ عَلَى فِرَاشِهَا. فَأُتِيَتْ فَقِيْلَ لَهَا: هَذَا النَّبِيُّ ﷺ نَامَ فِي بَيْتِكِ، عَلَى فِرَاشِكِ. قَالَ: فَجَاءَتْ وَقَدْ عَرِقَ، وَاسْتَنْقَعَ عَرَقُهُ عَلَى قِطْعَةِ أَدِيمٍ، عَلَى الْفِرَاشِ. فَفَتَحَتْ عَتِيْدَتَهَا فَجَعَلَتْ تُنَشِّفُ ذَلِكَ الْعَرَقَ فَتَعْصِرُهُ فِي قَوَارِيرِهَا. فَفَزِعَ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ: مَا تَصْنَعِيْنَ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ؟ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! نَرْجُو بَرَكَتَهُ لِصِبْيَانِنَا قَالَ: أَصَبْتِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ حضرت اُم سُلیم رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لے جاتے اور ان کے بچھونے پر سو جاتے جبکہ وہ گھر میں نہیں ہوتی تھیں۔ ایک دن آپ ﷺ تشریف لائے اور اُن کے بچھونے پر سو گئے، وہ آئیں تو ان

الحديث رقم ٥٦: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: طيب عرق النبي ﷺ والتبرك به، ٤/١٨١٥، الرقم: ٢٣٣١، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٣/٢٢١، الرقم: ١٣٣٤/١٣٣٩۔

سے کہا گیا: حضور نبی اکرم ﷺ تمہارے گھر میں تمہارے بچھونے پر آرام فرما ہیں۔ یہ سن کر وہ (فوراً) گھر آئیں دیکھا تو آپ ﷺ کو پسینہ مبارک آیا ہوا ہے اور آپ ﷺ کا پسینہ مبارک چمڑے کے بستر پر جمع ہو گیا ہے۔ حضرت اُمّ سُلیم نے اپنی بوتل کھولی اور پسینہ مبارک پونچھ پونچھ کر بوتل میں جمع کرنے لگیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ اچانک اٹھ بیٹھے اور فرمایا: اے اُمّ سُلیم! کیا کر رہی ہو؟ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم اس (پسینہ مبارک) سے اپنے بچوں کے لئے برکت حاصل کریں گے (اور اسے بطور خوشبو استعمال کریں گے)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو نے ٹھیک کیا ہے۔‘‘

فَصْلٌ فِي التَّوَسُّلِ بِالنَّبِيِّ ﷺ وَالصَّالِحِيْنَ

﴿حضور نبی اکرم ﷺ اور صالحین سے توسّل کا بیان﴾

٦٠٥/٥٧۔ عَنْ أَنَسٍ رضی الله عنه أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رضی الله عنه كَانَ إِذَا قُحِطُوْا اسْتَسْقَى بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رضي الله عنهما فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ إِنَّا كُنَّا نَتَوَسَّلُ إِلَيْکَ بِنَبِيِّنَا فَتَسْقِيْنَا، وَإِنَّا نَتَوَسَّلُ إِلَيْکَ بِعَمِّ نَبِيِّنَا فَاسْقِنَا، قَالَ: فَيُسْقَوْنَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ خُزَيْمَةَ وَابْنُ حِبَّانَ.

”حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب قحط پڑ جاتا تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے وسیلہ سے بارش کی دعا کرتے اور عرض کرتے: اے اللہ! ہم تیری بارگاہ میں اپنے نبی مکرّم ﷺ کا وسیلہ پکڑا کرتے تھے تو تو ہم پر بارش برسا دیتا تھا اور اب ہم تیری بارگاہ میں اپنے نبی مکرم ﷺ کے معزز چچا جان کو وسیلہ بناتے ہیں کہ تو ہم پر بارش برسا۔ فرمایا: تو ان پر بارش برسا دی جاتی۔“

٦٠٦/٥٨۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ دِيْنَارٍ رضی الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ رضي الله عنهما يَتَمَثَّلُ بِشِعْرِ أَبِي طَالِبٍ:

الحديث رقم ٥٧: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الاستسقاء، باب: سُؤَالِ النَّاسِ الإمام الاستسقاء إذا قَحَطُوا، ١/٣٤٢، الرقم: ٩٦٤، وفی كتاب: فضائل الصحابة، باب: ذكر العَبَّاسِ بنِ عَبْدِ المُطَّلِبِ رضی الله عنهما، ٣/١٣٦٠، الرقم: ٣٥٠٧، وابن خزيمة فی الصحيح، ٢/٣٣٧، الرقم: ١٤٢١، وابن حبان فی الصحيح، ٧/١١٠، الرقم: ٢٨٦١، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٣/٤٩، الرقم: ٢٤٣٧، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٣/٣٥٢، الرقم: ٦٢٢٠، والشيبانی فی الآحاد والمثانی، ١/٢٧٠، الرقم: ٣٥١، واللالكائي فی كرامات الأولياء، ١/١٣٥، الرقم: ٨٧ وابن عبد البر فی الاستيعاب، ٢/٨١٤، وابن جرير الطبری فی تاريخ الأمم والملوك، ٤/٤٣٣۔

الحديث رقم ٥٨: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الاستسقاء، باب: سُؤَالِ النَّاسِ الإِمَامَ الإستسقاءَ إذا قَحَطُوا، ١/٣٤٢، الرقم: ٩٦٣، وابن ماجه فی السنن، كتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء فی الدعاء فی الاستسقاء، ⟵

وَأَبْيَضَ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ
ثِمَالُ الْيَتَامَى عِصْمَةٌ لِلْأَرَامِلِ

وَقَالَ عُمَرُ بْنُ حَمْزَةَ: حَدَّثَنَا سَالِمٌ، عَنْ أَبِيهِ: رُبَّمَا ذَكَرْتُ قَوْلَ الشَّاعِرِ، وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَى وَجْهِ النَّبِيِّ ﷺ يَسْتَسْقِي، فَمَا يَنْزِلُ حَتَّى يَجِيشَ كُلُّ مِيزَابٍ.

وَأَبْيَضَ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ
ثِمَالُ الْيَتَامَى عِصْمَةٌ لِلْأَرَامِلِ

وَهُوَ قَوْلُ أَبِي طَالِبٍ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ مَاجه وَأَحْمَدُ.

''حضرت عبداللہ بن دینار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو حضرت ابوطالب کا یہ شعر پڑھتے ہوئے سنا:

''وہ گورے (مکھڑے والے ﷺ) جن کے چہرے کے توسل سے بارش مانگی جاتی ہے، یتیموں کے والی، بیواؤں کے سہارا ہیں۔''

حضرت عمر بن حمزہ کہتے ہیں کہ حضرت سالم (بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ کبھی میں شاعر کی اس بات کو یاد کرتا اور کبھی حضور نبی اکرم ﷺ کے چہرہ اقدس کو تکتا کہ اس (رخ زیبا) کے توسل سے بارش مانگی جاتی تو آپ ﷺ (منبر سے) اترنے بھی نہ پاتے کہ سارے پرنالے بہنے لگتے۔ مذکورہ بالا شعر حضرت ابوطالب کا ہے۔''

..... ١/٤٠٥، الرقم: ١٢٧٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٩٣، الرقم: ٢٦٠٥٦٧٣، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٣/٣٥٢، الرقم: ٦٢١٨-٦٢١٩، والخطيب البغدادی فی تاريخ بغداد، ١٤/٣٨٦، الرقم: ٧٧٠٠، والعسقلانی فی تغليق التعليق، ٢/٣٨٩، الرقم: ١٠٠٩، وابن كثير فی البداية والنهاية، ٤/٢، ٤٧١، والمزی فی تحفة الأشراف، ٥/٣٥٩، الرقم: ٦٧٧٥.

٦٠٧ / ٥٩۔ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ رضي الله عنه أَنَّ رَجُلًا ضَرِيرَ الْبَصَرِ أَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: ادْعُ اللهَ لِي أَنْ يُعَافِيَنِي. فَقَالَ: إِنْ شِئْتَ أَخَّرْتُ لَکَ وَهُوَ خَيْرٌ. وَإِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ. فَقَالَ: ادْعُهُ. فَأَمَرَهُ أَنْ يَتَوَضَّأَ فَيُحْسِنَ وُضُوءَهُ وَيُصَلِّيَ رَکْعَتَيْنِ. وَيَدْعُوَ بِهَذَا الدُّعَاءِ: ﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُکَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْکَ بِمُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ. يَا مُحَمَّدُ، إِنِّي قَدْ تَوَجَّهْتُ بِکَ إِلَى رَبِّي فِي حَاجَتِي هَذِهِ لِتُقْضَى. اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِيَّ﴾.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَاللَّفْظُ لَهُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، وَقَالَ أَبُوْ إِسْحَاقَ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيحٌ، وَقَالَ الْحَاکِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَقَالَ الْهَيْثَمِيُّ: حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَقَالَ الْأَلْبَانِيُّ: صَحِيْحٌ.

’’حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک نابینا شخص حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے لئے خیر و عافیت (یعنی بینائی کے لوٹ آنے) کی دعا فرمائیے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تو چاہے تو تیرے لئے دعا کو

الحديث رقم ٥٩: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب: في دعاء الضعيف، ٥ / ٥٦٩، الرقم: ٣٥٧٨، والنسائی فی السنن الکبری، ٦ / ١٦٨، الرقم: ١٠٤٩٤، ١٠٤٩٥، وابن ماجه فی السنن، کتاب: إقامة الصلاة والسنة فيها، باب: ماجاء فی صلاة الحاجة، ١ / ٤٤١، الرقم: ١٣٨٥، وابن خزيمة فی الصحيح، ٢ / ٢٢٥، الرقم: ١٢١٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤ / ١٣٨، الرقم: ١٧٢٤٠-١٧٢٤٢، والحاکم فی المستدرک، ١ / ٤٥٨، ٧٠٠، ٧٠٧، الرقم: ١١٨٠، ١٩٠٩، ١٩٢٩، والطبرانی فی المعجم الصغير، ١ / ٣٠٦، الرقم: ٥٠٨، وفی المعجم الکبير، ٩ / ٣٠، الرقم: ٨٣١١، والبخاری فی التاريخ الکبير، ٦ / ٢٠٩، الرقم: ٢١٩٢، وعبد بن حميد فی المسند، ١ / ١٤٧، الرقم: ٣٧٩، والنسائی فی عمل اليوم والليلة، ١ / ٤١٧، الرقم: ٦٥٨-٦٦٠، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ١ / ٢٧٢، الرقم: ١٠١٨، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٢ / ٢٧٩۔

مؤخر کر دوں جو تیرے لئے بہتر ہے اور اگر تو چاہے تو تیرے لئے (ابھی) دعا کر دوں۔ اس نے عرض کیا: (آقا) دعا فرما دیجئے۔ آپ ﷺ نے اسے اچھی طرح وضو کرنے اور دو رکعت نماز پڑھنے کا حکم دیا اور فرمایا: یہ دعا کرنا: ﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُکَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْکَ بِمُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ. يَا مُحَمَّدُ، إِنِّي قَدْ تَوَجَّهْتُ بِکَ إِلَى رَبِّي فِي حَاجَتِي هَذِهِ لِتُقْضَى. اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِيَّ﴾ ''اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف توجہ کرتا ہوں نبی رحمت محمد مصطفیٰ ﷺ کے وسیلہ سے، اے محمد ﷺ میں آپ کے وسیلہ سے اپنے رب کی بارگاہ میں اپنی حاجت پیش کرتا ہوں تاکہ پوری ہو۔ اے اللہ! میرے حق میں سرکار دوعالم ﷺ کی شفاعت قبول فرما۔''

٦٠٨/ ٦٠۔ عَنْ أَبِي الْجَوْزَاءِ أَوْسِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنه قَالَ: قَحَطَ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ قَحْطًا شَدِيْدًا فَشَکَوْا إِلَى عَائِشَةَ رضي الله عنها فَقَالَتْ: انْظُرُوْا قَبْرَ النَّبِيِّ ﷺ فَاجْعَلُوا مِنْهُ کُوًى إِلَى السَّمَاءِ حَتَّى لَا يَکُوْنَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّمَاءِ سَقْفٌ، قَالَ فَفَعَلُوْا فَمُطِرْنَا مَطَرًا حَتَّى نَبَتَ الْعُشْبُ وَسَمِنَتِ الإِبِلُ حَتَّى تَفَتَّقَتْ مِنَ الشَّحْمِ فَسُمِّيَ عَامَ الْفَتْقِ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ.

''حضرت ابو جوزاء اوس بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ مدینہ منورہ کے لوگ سخت قحط میں مبتلا ہو گئے تو انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے (اپنی ناگفتہ بہ حالت کی) شکایت کی۔ اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر انور (یعنی روضہ اقدس) کے پاس جاؤ اور وہاں سے ایک کھڑکی آسمان کی طرف اس طرح کھولو کہ قبرِ انور اور آسمان کے درمیان کوئی پردہ حائل نہ رہے۔ راوی کہتے ہیں کہ لوگوں نے ایسا ہی کیا تو بہت زیادہ بارش ہوئی یہاں تک کہ خوب سبزہ اگ آیا اور اونٹ اتنے موٹے ہو گئے کہ

الحديث رقم ٦٠: أخرجه الدارمی فی السنن، باب: (١٥): ما أکرم الله تعالی نبيّه ﷺ بعد موته، ١/ ٥٦، الرقم: ٩٢، والخطيب التبريزی فی مشکاة المصابيح، ٤/ ٤٠٠، الرقم: ٥٩٥٠، وابن الجوزی فی الوفاء بأحوال المصطفی ﷺ، ٢/ ٨٠١، وتقی الدين السبکی فی شفاء السقام، ١/ ١٢٨، والقسطلانی فی المواهب اللدنية، ٤/ ٢٧٦، وفی شرحه الزرقانی، ١١/ ١٥٠۔

(محسوس ہوتا تھا) جیسے وہ چربی سے پھٹ پڑیں گے لہٰذا اس سال کا نام ہی ''عَامُ الْفَتْق'' (پیٹ) پھٹنے کا سال رکھ دیا گیا۔''

٦١٠٩/ ٦١۔ عَنْ مَالِکِ الدَّارِ رضي الله عنه قَالَ: أَصَابَ النَّاسَ قَحْطٌ فِي زَمَنِ عُمَرَ رضي الله عنه، فَجَاءَ رَجُلٌ إِلَی قَبْرِ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! اسْتَسْقِ لِأُمَّتِکَ فَإِنَّهُمْ قَدْ هَلَکُوْا، فَأَتَي الرَّجُلَ فِي الْمَنَامِ فَقِيْلَ لَهُ: ائْتِ عُمَرَ فَأَقْرِئْهُ السَّلَامَ، وَأَخْبِرْهُ أَنَّکُمْ مَسْقِيُّوْنَ وَقُلْ لَهُ: عَلَيْکَ الْکَيْسُ! عَلَيْکَ الْکَيْسُ! فَأَتَی عُمَرَ فَأَخْبَرَهُ فَبَکَی عُمَرُ ثُمَّ قَالَ: يَا رَبِّ لَا آلُوْ إِلَّا مَا عَجَزْتُ عَنْهُ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ بِإِسْنَادٍ صَحِيْحٍ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّلَائِلِ.

''حضرت مالک دار رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں لوگ قحط میں مبتلا ہو گئے پھر ایک صحابی حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر اطہر پر حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ (اللہ تعالیٰ سے) اپنی امت کے لئے سیرابی مانگیں کیونکہ وہ (قحط سالی کے باعث) ہلاک ہو گئی ہے پھر خواب میں حضور نبی اکرم ﷺ اس صحابی کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: عمر کے پاس جا کر اسے میرا سلام کہو اور اسے بتاؤ کہ تم سیراب کئے جاؤ گے اور عمر سے (یہ بھی) کہہ دو (دین کے دشمن (سامراجی) تمہاری جان لینے کے درپے ہیں) عقلمندی اختیار کرو، عقلمندی اختیار کرو پھر وہ صحابی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور انہیں خبر دی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور فرمایا: اے اللہ! میں کوتاہی نہیں کرتا مگر یہ کہ عاجز ہو جاؤں۔''

٦١١٠/ ٦٢۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّهُ قَالَ: اسْتَقَی عُمَرُ بْنُ

الحديث رقم ٦١: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٦/ ٣٥٦، الرقم: ٣٢٠٠٢، والبيهقي في دلائل النبوة، ٧/ ٤٧، وابن عبد البر في الاستيعاب، ٣/ ١١٤٩، والسبکي في شفاء السقام، ١/ ١٣٠، والهندي في کنز العمال، ٨/ ٤٣١، الرقم: ٢٣٥٣٥، وابن تيمية: في اقتضاء الصراط المستقيم، ١/ ٣٧٣، وَ ابنُ کَثِيْرٌ في البداية والنهاية، ٥/ ١٦٧، وَ قَال: إِسْنَادُهُ صَحِيحَ، والعَسْقلانِيُّ في الإصابة، ٣/ ٤٨٤ وقَال: رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شيبةَ بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ۔

الحديث رقم ٦٢: أخرجه الحاکم في المستدرک، ٣/ ٣٧٧، الرقم: ٥٤٣٨، وابن عبد ⟵

الْخَطَّابِ رضي الله عنه عَامَ الرِّمَادَةِ بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رضي الله عنهما فَقَالَ: اللَّهُمَّ، هَذَا عَمُّ نَبِيِّکَ الْعَبَّاسُ نَتَوَجَّهُ إِلَيْکَ بِهِ فَاسْقِنَا فَمَا بَرِحُوْا حَتَّى سَقَاهُمُ اللهُ. قَالَ: فَخَطَبَ عُمَرُ النَّاسَ فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ كَانَ يَرَى لِلْعَبَّاسِ مَا يَرَى الْوَلَدُ لِوَالِدِهِ يُعَظِّمُهُ وَيُفَخِّمُهُ وَيَبِرُّ قَسَمَهُ فَاقْتَدُوْا أَيُّهَا النَّاسُ، بِرَسُوْلِ اللهِ فِي عَمِّهِ الْعَبَّاسِ وَاتَّخَذُوْهُ وَسِيْلَةً إِلَى اللهِ عزوجل فِيْمَا نَزَلَ بِكُمْ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عام الرمادہ (قحط و ہلاکت کے سال) میں حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما کو وسیلہ بنایا اور اللہ تعالیٰ سے بارش کی دعا مانگی اور عرض کیا: اے اللہ! یہ تیرے نبی مکرم ﷺ کے معزز چچا حضرت عباس ہیں ہم ان کے وسیلہ سے تیری نظر کرم کے طلبگار ہیں ہمیں پانی سے سیراب کر دے وہ دعا کر ہی رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں پانی سے سیراب کر دیا۔ راوی نے بیان کیا کہ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے خطاب فرمایا: اے لوگو! حضور نبی اکرم ﷺ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو ویسا ہی سمجھتے تھے جیسے بیٹا باپ کو سمجھتا ہے (یعنی حضور نبی اکرم ﷺ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو بمنزل والد سمجھتے تھے) آپ ﷺ ان کی تعظیم وتوقیر کرتے اور ان کی قسموں کو پورا کرتے تھے۔ اے لوگو! تم بھی حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں حضور نبی اکرم ﷺ کی اقتداء کرو اور انہیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وسیلہ بناؤ تاکہ وہ تم پر (بارش) برسائے۔''

٦١١/٦٣۔ عَنْ مُصْعَبِ ابْنِ سَعْدٍ رضي الله عنه قَالَ: رَأَى سَعْدٌ رضي الله عنه أَنَّ لَهُ

------ البر فی الاستیعاب، ٣/٩٨، والسیوطی فی الجامع الصغیر، ١/٣٠٥، الرقم: ٥٥٩، والذهبی فی سیر أعلام النبلاء، ٢/٩٢، والعسقلانی فی فتح الباری، ٢/٤٩٧، والقسطلانی فی المواهب اللدنیة، ٤/٢٧٧، والسبکی فی شفاء السقام، ١/١٢٨، والمبارکفوری فی تحفة الأحوذی، ٩/٣٤٨، والمناوی فی فیض القدیر، ٥/٢١٥۔

الحدیث رقم ٦٣: أخرجه البخاری فی الصحیح، کتاب: الجهاد، باب: مَنِ اسْتَعَانَ بالضُّعَفَاءِ وَ الصَّالِحِين في الْحَرْبِ، ٣/١٠٦١، الرقم: ٢٧٣٩، والترمذی فی ←

فَضْلًا عَلَى مَنْ دُوْنَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: هَلْ تُنْصَرُوْنَ وَتُرْزَقُوْنَ إِلَّا بِضُعَفَائِكُمْ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وفي رواية: عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رضي الله عنه قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: ابْغُوْنِي فِي ضُعَفَائِكُمْ، فَإِنَّمَا تُرْزَقُوْنَ وَتُنْصَرُوْنَ بِضُعَفَائِكُمْ.

رَوَاهُ التِّرمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ (ایک مرتبہ) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے دل میں خیال آیا کہ انہیں ان لوگوں پر فضیلت ہے جو مالی لحاظ سے کمزور ہیں۔ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یاد رکھو تمہارے کمزور اور ضعیف لوگوں کے وسیلہ سے ہی تمہیں نصرت عطا کی جاتی ہے اور ان کے وسیلہ سے ہی تمہیں رزق دیا جاتا ہے۔''

''اور ایک روایت میں حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے اپنے کمزور لوگوں میں تلاش کرو بے شک تمہیں اپنے کمزور لوگوں کی وجہ سے ہی رزق دیا جاتا ہے اور ان ہی کی وجہ سے تمہاری مدد کی جاتی ہے۔''

السنن، كتاب: الجهاد عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى الاستفتاح بصعاليك المسلمين، ٤/٢٠٦، الرقم: ١٧٠٢، وأبو داود فى السنن، كتاب: الجهاد، باب: فى الانتصار برزل الخيل والضعفة، ٣/٣٢، الرقم: ٢٥٩٤، والنسائى فى السنن، كتاب: الجهاد، باب: الاستنصار بالضعيف، ٦/٤٥، الرقم: ٣١٧٩، وفى السنن الكبرى، ٣/٣٠، الرقم: ٤٣٨٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/١٩٨، الرقم: ٢١٧٧٩، وابن حبان فى الصحيح، ١١/٨٥، الرقم: ٤٧٦٧، والحاكم فى المستدرك، ٢/١١٦، ١٥٧، الرقم: ٢٥٠٩، ٢٦٤١، وَ قَالَ الحاكمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٣/٣٤٥، الرقم: ٦١٨١: ٦/٣٣١، الرقم: ١٢٦٨٤، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/٧١، الرقم: ٤٨٤٢-٤٨٤٣.

٦١٢/ ٦٤۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَمَّا أَذْنَبَ آدَمُ عليه السلام الذَّنْبَ الَّذِي أَذْنَبَهُ رَفَعَ رَأْسَهُ إِلَى الْعَرْشِ فَقَالَ: أَسَأَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ ﷺ إِلَّا غَفَرْتَ لِي فَأَوْحَى اللهُ إِلَيْهِ: وَمَا مُحَمَّدٌ؟ وَمَنْ مُحَمَّدٌ؟ فَقَالَ: تَبَارَکَ اسْمُکَ، لَمَّا خَلَقْتَنِي رَفَعْتُ رَأْسِي إِلَى عَرْشِکَ فَرَأَيْتُ فِيْهِ مَکْتُوْبًا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللهِ، فَعَلِمْتُ أَنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ أَعْظَمَ عِنْدَکَ قَدْرًا مِمَّنْ جَعَلْتَ اسْمَهُ مَعَ اسْمِکَ، فَأَوْحَى اللهُ عزوجل إِلَيْهِ: يَا آدَمُ، إِنَّهُ آخِرُ النَّبِيِّيْنَ مِنْ ذُرِّيَّتِکَ، وَإِنَّ أُمَّتَهُ آخِرُ الْأُمَمِ مِنْ ذُرِّيَّتِکَ، وَلَوْلَاهُ يَا آدَمُ مَا خَلَقْتُکَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب حضرت آدم علیہ السلام سے لغزش سرزد ہوئی تو انہوں نے اپنا سر آسمان کی طرف اٹھایا اور عرض گزار ہوئے: (یا اللہ!) اگر تو نے مجھے معاف نہ کیا تو میں (تیرے محبوب) محمد مصطفیٰ ﷺ کے وسیلہ سے تجھ سے سوال کرتا ہوں (کہ تو مجھے معاف فرما دے) تو اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی۔ محمد مصطفیٰ کون ہیں؟ پس حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کیا: (اے مولا!) تیرا نام پاک ہے جب تو نے مجھے پیدا کیا تو میں نے اپنا سر تیرے عرش کی طرف اٹھایا وہاں میں نے ’’لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ‘‘ لکھا ہوا دیکھا لہٰذا میں جان گیا کہ یہ ضرور کوئی بڑی ہستی ہے جس کا نام تو نے اپنے نام کے ساتھ ملایا ہے پس اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی: ’’اے آدم! وہ (محمد ﷺ) تیری نسل میں سے آخری نبی ہیں اور ان کی امت بھی تیری نسل کی آخری امت ہو گی اور اگر وہ نہ ہوتے تو میں تجھے بھی پیدا نہ کرتا۔‘‘

٦١٣/ ٦٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

الحديث رقم ٦٤: أخرجه الطبراني في المعجم الصغير، ٢/ ١٨٢، الرقم: ٩٩٢، وفي المعجم الأوسط، ٦/ ٣١٣، الرقم: ٦٥٠٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٨/ ٢٥٣، والسيوطي في جامع الأحاديث، ١١/ ٩٤۔

الحديث رقم ٦٥: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ١٠/ ٢١٧، الرقم: ١٠٥١٨، ١٧/ ١١٧، الرقم: ٢٩٠، وأبويعلى في المسند، ٩/ ١٧٧، الرقم: ٥٢٦٩، والديلمي في مسند الفردوس، ١/ ٣٣٠، الرقم: ١٣١١، والهيثمي في مجمع ـــ

إِذَا انْفَلَتَتْ دَابَّةُ أَحَدِكُمْ بِأَرْضٍ فَلَاةٍ فَلْيُنَادِ يَا عِبَادَ اللهِ! احْبِسُوْا عَلَيَّ، يَا عِبَادَ اللهِ! احْبِسُوْا عَلَيَّ، فَإِنَّ لِلهِ فِي الْأَرْضِ حَاضِرًا سَيَحْبِسُهُ عَلَيْكُمْ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَأَبُوْيَعْلَى.

وفي رواية: عَنْ عَتَبَةَ بْنِ غَزْوَانَ رضي الله عنه عَنْ نَبِيِّ اللهِ ﷺ قَالَ: إِذَا أَضَلَّ أَحَدُكُمْ شَيْئًا أَوْ أَرَادَ أَحَدُكُمْ عَوْنًا وَهُوَ بِأَرْضٍ لَيْسَ بِهَا أَنِيْسٌ فَلْيَقُلْ: يَا عِبَادَ اللهِ أَغِيْثُوْنِي يَا عِبَادَ اللهِ أَغِيْثُوْنِي فَإِنَّ لِلهِ عِبَادًا لَا نَرَاهُمْ وَقَدْ جُرِّبَ ذَلِکَ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کی سواری جنگل بیاباں میں چھوٹ جائے تو اس (شخص) کو (یہ) پکارنا چاہیے: اے اللہ کے بندو! میری سواری پکڑا دو، اے اللہ کے بندو! میری سواری پکڑا دو کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے بہت سے (ایسے) بندے اس زمین میں ہوتے ہیں، وہ تمہیں (تمہاری سواری) پکڑا دیں گے۔‘‘

’’اور ایک روایت میں حضرت عتبہ بن عزوان رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کی کوئی شے گم ہو جائے اور وہ کوئی مدد چاہے اور وہ ایسی جگہ ہو کہ جہاں اس کا کوئی مددگار بھی نہ ہو تو اسے چاہیے کہ کہے: اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو، اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو، یقیناً اللہ تعالیٰ کے ایسے بھی بندے ہیں جنہیں ہم دیکھ تو نہیں سکتے (لیکن وہ لوگوں کی مدد کرنے پر مامور ہیں) اور یہ تجربہ شدہ بات ہے۔‘‘

..... الزوائد، ١٠/١٣٢۔

فَصْلٌ فِي شَرَفِ النُّبُوَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ ﷺ

﴿ نبوتِ محمدی ﷺ کے شرف کا بیان ﴾

٦١٤/٦٦۔ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لِي خَمْسَةُ أَسْمَاءٍ: أَنَا مُحَمَّدٌ وَأَحْمَدُ، وَأَنَا الْمَاحِي الَّذِي يَمْحُو اللهُ بِيَ الْكُفْرَ وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي وَأَنَا الْعَاقِبُ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے پانچ نام ہیں میں محمد اور احمد ہوں اور میں ماحی (مٹانے والا) ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے ذریعے سے کفر کو محو کر دے گا اور میں حاشر ہوں۔ سب لوگ میری پیروی میں ہی (روزِ حشر) جمع کئے جائیں گے اور میں عاقب (یعنی سب سے آخر میں آنے والا) ہوں۔''

الحديث رقم ٦٦: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: ما جاء في أسماء رسول الله ﷺ، ٣/١٢٩٩، الرقم: ٣٣٣٩، وفي كتاب: التفسير، باب: تفسير سورة الصف، ٤/١٨٥٨، الرقم: ٤٦١٤، ومسلم في الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: في أسمائه ﷺ، ٤/٨٢٨، الرقم: ٢٣٥٤، والترمذي في السنن، كتاب: الأدب عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في أسماء النبي ﷺ، ٥/١٣٥، الرقم: ٢٨٤٠، وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ. والنسائي في السنن الكبرى، ٦/٤٨٩، الرقم: ١١٥٩٠، ومالك في الموطأ، كتاب: أسماء النبي ﷺ، باب: أسماء النبي ﷺ، ٢/١٠٠٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٨٠، ٨٤، والدارمي في السنن، ٢/٤٠٩، الرقم: ٢٧٧٥، وابن حبان في الصحيح، ١٤/٢١٩، الرقم: ٦٣١٣، والطبراني في المعجم الأوسط، ٤/٤٤، الرقم: ٣٥٧٠، وفي المعجم الكبير، ٢/١٢٠، الرقم: ١٥٢٠-١٥٢٩، وأبويعلى في المسند، ١٣/٣٨٨، الرقم: ٧٣٩٥، والبيهقي في شعب الإيمان، ٢/١٤٠، الرقم: ١٣٩٧.

٦١٥ / ٦٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ مَثَلِي وَمَثَلَ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِي، كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى بَيْتًا فَأَحْسَنَهُ وَأَجْمَلَهُ إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِنْ زَاوِيَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوْفُوْنَ بِهِ وَيَعْجَبُوْنَ لَهُ وَيَقُوْلُوْنَ: هَلَّا وُضِعَتْ هَذِهِ اللَّبِنَةُ قَالَ: فَأَنَا اللَّبِنَةُ وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری مثال اور گزشتہ انبیائے کرام کی مثال ایسی ہے، جیسے کسی نے ایک بہت خوبصورت مکان بنایا اور اسے خوب آراستہ کیا، لیکن ایک گوشہ میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی۔ لوگ آ کر اس مکان کو دیکھنے لگے اور اس پر تعجب کا اظہار کرتے ہوئے کہنے لگے: یہاں اینٹ کیوں نہیں رکھی گئی؟ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سو میں وہی اینٹ ہوں اور میں خاتم النبیین ہوں (یعنی میرے بعد بابِ نبوت ہمیشہ کے لئے بند ہوگیا ہے)۔‘‘

٦١٦ / ٦٨۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ رضي الله عنه قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يُسَمِّي لَنَا نَفْسَهُ أَسْمَاءً. فَقَالَ: أَنَا مُحَمَّدٌ، وَأَحْمَدُ، وَالْمُقَفِّي وَالْحَاشِرُ وَنَبِيُّ التَّوْبَةِ وَنَبِيُّ الرَّحْمَةِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ہمارے

الحديث رقم ٦٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: المناقب، باب: خَاتَمِ النَّبِيِّينَ ﷺ، ٣/ ١٣٠٠، الرقم: ٣٣٤١-٣٣٤٢، ومسلم في الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: ذكر كونه ﷺ خاتم النبيين، ٤/ ١٧٩١، الرقم: ٢٢٨٦، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/ ٤٣٦، الرقم: ١١٤٢٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/ ٣٩٨، الرقم: ٩١٥٦، وابن حبان في الصحيح، ١٤/ ٣١٥، الرقم: ٦٤٠٥۔

الحديث رقم ٦٨: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: في أسمائه ﷺ، ٤/ ١٨٢٨، الرقم: ٢٣٥٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/ ٣٩٥، ٤٠٤، ٤٠٧، والحاكم في المستدرك، ٢/ ٦٥٩، الرقم: ٤١٨٥-٤١٨٦، وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ، وابن أبي شيبة في المصنف، ٦/ ٣١١، الرقم: ٣١٦٩٢-٣١٦٩٣، والطبراني في المعجم الأوسط، ٤/ ٣٢٧، الرقم: ٤٣٣٨، ٤٤١٧، وابن جعد في المسند، ١/ ٤٧٩، الرقم: ٣٣٢٢۔

لئے اپنے کئی اسماء گرامی بیان کئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں محمد ہوں اور میں احمد ہوں اور مقفی (بعد میں آنے والا) اور حاشر (جس کی پیروی میں روزِ حشر سب جمع کئے جائیں گے) ہوں اور نبی التوبہ، نبی الرحمہ ہوں۔''

٦١٧ / ٦٩۔ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ رضي الله عنه يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ اللهَ اصْطَفَى كِنَانَةَ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيْلَ، وَاصْطَفَى قُرَيْشًا مِنْ كِنَانَةَ، وَاصْطَفَى مِنْ قُرَيْشٍ بَنِي هَاشِمٍ، وَاصْطَفَانِي مِنْ بَنِي هَاشِمٍ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اولادِ اسماعیل علیہ السلام سے بنی کنانہ کو اور اولادِ کنانہ میں سے قریش کو اور قریش میں سے بنی ہاشم کو اور بنی ہاشم میں سے مجھے شرف انتخاب بخشا اور پسندیدہ قرار دیا۔''

٦١٨ / ٧٠۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ رضي الله عنه قَالَ: بَيْنَا النَّبِيُّ ﷺ يَقْسِمُ، جَاءَ عَبْدُاللهِ بْنُ ذِي الْخُوَيْصِرَةِ التَّمِيْمِيُّ فَقَالَ: اعْدِلْ يَا رَسُوْلَ اللهِ، قَالَ:

الحديث رقم ٦٩: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: فضل نسب النبى ﷺ، ٤ / ١٧٨٢، الرقم: ٢٢٧٦، والترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ: باب: ما جاء فى فضل النبي ﷺ، ٥ / ٥٨٣، الرقم: ٣٦٠٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤ / ١٠٧، وابن حبان فى الصحيح، ١٤ / ١٣٥، الرقم: ٦٢٤٢، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٦ / ٣١٧، الرقم: ٣١٧٣١، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٦ / ٣٦٥، الرقم: ١٢٨٥٢، ٣٥٤٢، وفى شعب الإيمان، ٢ / ١٣٩، الرقم: ١٣٩١، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٢ / ٦٦، الرقم: ١٦١، وأبويعلى فى المسند، ١٣ / ٤٦٩، الرقم: ٧٤٨٥، واللالكائي فى اعتقاد أهل السنة، ٤ / ٧٥١، الرقم: ١٤٠٠۔

الحديث رقم ٧٠: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: استابة المرتدين والمعاندين، باب: مَن ترك قتال الخوارجِ لِلتَّألُّفِ، وَ لِئَلَّا يَنْفِرَ النَّاسُ عَنه، ٦ / ٢٥٤٠، الرقم: ٦٥٣٤، ٦٥٣٢، وفى كتاب: المناقب، باب: علاماتِ النُّبُوّةِ في الإسلامِ، ٣ / ١٣٢١، الرقم: ٣٤١٤، وفى كتاب: فضائل القرآن، باب: البكاء عند ←

وَيْحَکَ، وَمَنْ يَعْدِلُ إِذَا لَمْ أَعْدِلْ. قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: ائْذَنْ لِي فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ، (أَوْ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رضي الله عنه: يَا رَسُوْلَ اللهِ! دَعْنِي أَقْتُلْ هَذَا الْمُنَافِقَ الْخَبِيثَ.)، قَالَ: دَعْهُ، فَإِنَّ لَهُ أَصْحَابًا، يَحْقِرُ أَحَدُکُمْ صَلَاتَهُ مَعَ صَلَاتِهِ وَصِيَامَهُ مَعَ صِيَامِهِ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ کَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، يُنْظَرُ فِي قُذَذِهِ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ فِي نَصْلِهِ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ ثُمَّ يُنْظَرُ فِي رِصَافِهِ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ فِي نَضِيِّهِ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ، قَدْ سَبَقَ الْفَرْثَ وَالدَّمَ.....الحديث. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ مال غنیمت تقسیم فرما رہے تھے کہ عبداللہ بن ذی الخویصرہ تمیمی آیا اور کہنے لگا: یا رسول اللہ! عدل سے تقسیم کیجئے (اس کے اس طعن پر) حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کم بخت! اگر میں عدل نہیں کرتا تو اور کون عدل کرے گا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اجازت عطا فرمایئے میں اس

الحديث رقم ١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الاعتصام بالكتاب والسنة، باب: قول النبي ﷺ: بعثت بجوامع الكلم، ٦/٢٦٥٤، الرقم: ٦٨٤٥، وفي كتاب: الجهاد، باب: قول النبي ﷺ: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مسيرة شهر، ٣/١٠٨٧، الرقم: ٢٨١٥، وفي كتاب: التعبير، باب: المفاتيح في اليد، ٦/٢٥٧٣، الرقم: ٦٦١١، ومسلم في الصحيح، كتاب: المساجد ومواضع الصلاة، ١/٣٧١، الرقم: ٥٢٣، والنسائی فی السنن، كتاب: الجهاد، باب: وجوب الجهاد، ٦/٤٠٣، الرقم: ٣٠٨٧-٣٠٨٩، وفی السنن الكبرى، ٣/٣، الرقم: ٤٢٩٥، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٢٦٤، ٤٥٥، الرقم: ٧٥٧٥، ٩٨٦٧، وابن حبان فی الصحيح، ١٤/٢٧٧، الرقم: ٦٣٦٣۔

الحديث رقم ٢: أخرجه الترمذي فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فی فضل النبي ﷺ، ٥/٥٨٧، الرقم: ٣٦١٦، والدارمی فی السنن، باب: (٨)، ما أُعْطِيَ النَّبِيَّ ﷺ مِن الفضلِ، ١/٣٩، الرقم: ٤٧۔

خَلْقِهِ خَلِيلًا، إِتَّخَذَ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا، وَقَالَ آخَرُ: مَاذَا بِأَعْجَبَ مِنْ كَلَامِ مُوسَى: كَلَّمَهُ تَكْلِيمًا، وَقَالَ آخَرُ: فَعِيسَى كَلِمَةُ اللهِ وَرُوحُهُ، وَقَالَ آخَرُ: آدَمُ اصْطَفَاهُ اللهُ، فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ فَسَلَّمَ وَقَالَ: قَدْ سَمِعْتُ كَلَامَكُمْ وَعَجَبَكُمْ أَنَّ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلُ اللهِ وَهُوَ كَذَلِكَ وَمُوسَى نَجِيُّ اللهِ وَهُوَ كَذَلِكَ، وَعِيسَى رُوحُ اللهِ وَكَلِمَتُهُ وَهُوَ كَذَلِكَ، وَآدَمُ اصْطَفَاهُ اللهُ وَهُوَ كَذَلِكَ، أَلَا وَأَنَا حَبِيبُ اللهِ وَلَا فَخْرَ، وَأَنَا حَامِلُ لِوَاءِ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَأَنَا أَوَّلُ شَافِعٍ وَأَوَّلُ مُشَفَّعٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ يُحَرِّكُ حِلَقَ الْجَنَّةِ فَيَفْتَحُ اللهُ لِي فَيُدْخِلُنِيهَا وَمَعِيَ فُقَرَاءُ الْمُؤْمِنِينَ وَلَا فَخْرَ، وَأَنَا أَكْرَمُ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ وَلَا فَخْرَ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ چند صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حضور نبی اکرم ﷺ کے انتظار میں بیٹھے ہوئے تھے۔ اتنے میں حضور نبی اکرم ﷺ تشریف لے آئے جب ان کے قریب پہنچے تو انہیں کچھ گفتگو کرتے ہوئے سنا۔ اُن میں سے بعض نے کہا: کیا خوب! اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خلیل بنایا۔ دوسرے نے کہا: یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہونے سے زیادہ بڑی بات تو نہیں۔ ایک نے کہا: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کلمۃ اللہ اور روح اللہ ہیں۔ کسی نے کہا: اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو چن لیا۔ حضور نبی اکرم ﷺ اُن کے پاس تشریف لائے سلام کیا اور فرمایا: میں نے تمہاری گفتگو اور تمہارا اظہارِ تعجب سنا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام خلیل اللہ ہیں۔ بیشک وہ ایسے ہی ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نجی اللہ ہیں۔ بیشک وہ اسی طرح ہیں، حضرت عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں۔ واقعی وہ اسی طرح ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے چن لیا۔ وہ بھی یقیناً ایسے ہی (شرف والے) ہیں۔ سن لو! میں اللہ تعالیٰ کا حبیب ہوں اور مجھے اس پر کوئی فخر نہیں۔ میں قیامت کے دن حمد کا جھنڈا اٹھانے والا ہوں اور مجھے اس پر کوئی فخر نہیں۔ قیامت کے دن سب سے پہلا شفاعت کرنے والا بھی میں ہی ہوں اور سب سے پہلے میری ہی شفاعت قبول

کی جائے گی اور مجھے اس پر کوئی فخر نہیں۔ سب سے پہلے جنت کا کنڈا کھٹکھٹانے والا بھی میں ہی ہوں۔ اللہ تعالیٰ میرے لئے اسے کھولے گا اور مجھے اس میں داخل فرمائے گا۔ میرے ساتھ فقیر و غریب مومن ہوں گے اور مجھے اس بات پر کوئی فخر نہیں۔ میں اولین و آخرین میں سب سے زیادہ عزت والا ہوں لیکن مجھے اس بات پر کوئی فخر نہیں۔''

٦٥١/٣۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَا أَوَّلُهُمْ خُرُوْجًا وَأَنَا قَائِدُهُمْ إِذَا وَفَدُوْا، وَأَنَا خَطِيْبُهُمْ إِذَا أَنْصَتُوْا، وَأَنَا مُشَفِّعُهُمْ إِذَا حُبِسُوْا، وَأَنَا مُبَشِّرُهُمْ إِذَا أَيِسُوْا. اَلْكَرَامَةُ، وَالْمَفَاتِيْحُ يَوْمَئِذٍ بِيَدِيَّ وَأَنَا أَكْرَمُ وَلَدِ آدَمَ عَلَى رَبِّي، يَطُوْفُ عَلَيَّ أَلْفُ خَادِمٍ كَأَنَّهُمْ بَيْضٌ مَكْنُوْنٌ، أَوْ لُؤْلُؤٌ مَنْثُوْرٌ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سب سے پہلے میں (اپنی قبر انور) سے نکلوں گا اور جب لوگ وفد بن کر جائیں گے تو میں ہی ان کا قائد ہوں گا اور جب وہ خاموش ہوں گے تو میں ہی ان کا خطیب ہوں گا۔ میں ہی ان کی شفاعت کرنے والا ہوں جب وہ روک دیئے جائیں گے، اور میں ہی انہیں خوشخبری دینے والا ہوں جب وہ مایوس ہو جائیں گے۔ بزرگی اور جنت کی چابیاں اس روز میرے ہاتھ میں ہوں گی۔ میں اپنے رب کے ہاں اولادِ آدم میں سب سے زیادہ مکرّم ہوں میرے اردگرد اس روز ہزار خادم پھریں گے گویا کہ وہ پوشیدہ حسن ہیں یا بکھرے ہوئے موتی ہیں۔''

٦٥٢/٤۔ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِذَا كَانَ يَوْمَ

الحديث رقم ٣: أخرجه الترمذي فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فی فضل النبي ﷺ، ٥/٥٨٥، الرقم: ٣٦١٠، والدارمی فی السنن، (٨) باب: ما أعطى النبي ﷺ من الفضل، ١/٣٩، الرقم: ٤٨، والديلمی فی مسند الفردوس، ١/٤٧، الرقم: ١١٧، والخلال فی السنة، ١/٢٠٨، الرقم: ٢٣٥، والقزوينی فی التدوين فی أخبار قزوين، ١/٢٣٥، وابن الجوزی فی صفة الصفوة، ١/١٨٢، والمناوی فی فيض القدير، ٣/٤٠۔

الحديث رقم ٤: أخرجه الترمذي فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فی فضل النبي ﷺ، ٥/٥٨٦، الرقم: ٣٦١٣، وابن ملجه فی السنن، كتاب: ←

الْقِيَامَةِ كُنْتُ إِمَامَ النَّبِيِّيْنَ، وَخَطِيْبَهُمْ، وَصَاحِبَ شَفَاعَتِهِمْ غَيْرَ فَخْرٍ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجه وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ.

’’حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن میں انبیاء کرام علیہم السلام کا امام وخطیب اور شفیع ہوں گا اور اس پر (مجھے) فخر نہیں۔‘‘

٦٥٣/٥۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: نَحْنُ الْآخِرُوْنَ، وَنَحْنُ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَإِنِّي قَائِلٌ قَوْلًا غَيْرَ فَخْرٍ: إِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللهِ، وَمُوْسَى صَفِيُّ اللهِ، وَأَنَا حَبِيْبُ اللهِ، وَمَعِي لِوَاءُ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَإِنَّ اللهَ عزوجل وَعَدَنِي فِي أُمَّتِي، وَأَجَارَهُمْ مِنْ ثَلَاثٍ: لَا يَعُمُّهُمْ بِسَنَةٍ، وَلَا يَسْتَأْصِلُهُمْ عَدُوٌّ، وَلَا يَجْمَعُهُمْ عَلَى ضَلَالَةٍ.

رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ.

’’حضرت عمرو بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہم آخر میں آنے والے اور قیامت کے دن سب سے سبقت لے جانے والے ہیں۔ میں بغیر کسی فخر کے یہ بات کہتا ہوں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام خلیل اللہ ہیں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام صفی اللہ ہیں اور میں حبیب اللہ ہوں۔ قیامت کے دن حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے میری امت کے متعلق وعدہ کر رکھا ہے اور تین باتوں سے اسے (امت کو) بچایا ہے۔ ایسا قحط ان پر نہیں آئے گا جو پوری امت کا احاطہ کر لے اور کوئی دشمن اسے جڑ سے نہیں اکھاڑ

------ الزهد، باب: ذكر الشفاعة، ٢/١٤٤٣، الرقم: ٤٣١٤، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٥/١٣٧، ١٣٨، الرقم: ٢١٢٨٣، ٢١٢٩، والحاكم فى المستدرك، ١/١٤٣، الرقم: ٢٤٠، ٦٩٦٩، وعبد بن حميد فى المسند، ١/٩٠، الرقم: ١٧١، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٣/٣٨٥، الرقم: ١١٧٩، والمزي فى تهذيب الكمال، ٣/١١٨۔

الحديث رقم ٥: أخرجه الدارمى فى السنن باب: (٨) ما أعطِيَ النَّبِيُّ ﷺ من الفضل، ١/٤٢، الرقم: ٥٤، والمباركفورى فى تحفة الأحوذى، ٦/٣٢٣۔

سکے گا اور (اللہ تعالیٰ) انہیں کبھی گمراہی پر جمع نہیں فرمائے گا۔‘‘

٦٥٤ / ٦۔ عَنْ جَابِرٍ رضی الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ صلی الله عليه وآله وسلم قَالَ: أَنَا قَائِدُ الْمُرْسَلِيْنَ وَلَا فَخْرَ، وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ وَلَا فَخْرَ، وَأَنَا أَوَّلُ شَافِعٍ وَمُشَفَّعٍ وَلَا فَخْرَ.

رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت جابر رضی الله عنه سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: میں (تمام) رسولوں کا قائد ہوں اور یہ (کہ مجھے اس پر) فخر نہیں اور میں خاتم النبیین ہوں اور (مجھے اس پر) کوئی فخر نہیں ہے۔ میں پہلا شفاعت کرنے والا ہوں اور میں ہی وہ پہلا (شخص) ہوں جس کی شفاعت قبول ہوگی ہے اور (مجھے اس پر) کوئی فخر نہیں ہے۔‘‘

٦٥٥ / ٧۔ عَنْ أَبِي مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ رضی الله عنه قَالَ: خَرَجَ أَبُوْطَالِبٍ إِلَى الشَّامِ، وَخَرَجَ مَعَهُ النَّبِيُّ صلی الله عليه وآله وسلم فِي أَشْيَاخٍ مِنْ قُرَيْشٍ، فَلَمَّا أَشْرَفُوْا عَلَى الرَّاهِبِ هَبَطُوْا، فَحَلُّوْا رِحَالَهُمْ، فَخَرَجَ إِلَيْهِمُ الرَّاهِبُ، وَكَانُوْا قَبْلَ ذٰلِکَ يَمُرُّوْنَ بِهِ فَلَا يَخْرُجُ إِلَيْهِمْ وَلَا يَلْتَفِتُ، قَالَ: فَهُمْ يَحُلُّوْنَ رِحَالَهُمْ، فَجَعَلَ يَتَخَلَّلُهُمُ الرَّاهِبُ، حَتَّى جَاءَ فَأَخَذَ بِيَدِ رَسُوْلِ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم، فَقَالَ: هٰذَا سَيِّدُ الْعَالَمِيْنَ، هٰذَا رَسُوْلُ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، يَبْعَثُهُ اللهُ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ، فَقَالَ لَهُ أَشْيَاخٌ مِنْ قُرَيْشٍ: مَا عِلْمُکَ؟ فَقَالَ: إِنَّکُمْ حِيْنَ

الحديث رقم ٦: أخرجه الدارمي فی السنن، باب: (٨) ما أعطي النبي صلی الله عليه وآله وسلم من الفضل، ١ / ٤٠، الرقم: ٤٩، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ١ / ٦١، الرقم: ١٧٠، والبيهقی فی کتاب الاعتقاد، ١ / ١٩٢، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٨ / ٢٥٤، والذهبی فی سير اعلام النبلاء، ١٠ / ٢٢٣، والمناوی فی فيض القدير، ٣ / ٤٣۔

الحديث رقم ٧: أخرجه الترمذي فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم، باب: ما جاء فی نبوة النبي صلی الله عليه وآله وسلم، ٥ / ٥٩٠، الرقم: ٣٦٢٠، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦ / ٣١٧، الرقم: ٣١٧٣٣، ٣٦٥٤١، وابن حبان فی الثقات، ١ / ٤٢، والأصبهانی فی دلائل النبوة، ١ / ٤٥، الرقم: ١٩، والطبری فی تاريخ الأمم والملوك، ١ / ٥١٩۔

أَشْرَفْتُمْ مِنَ الْعَقَبَةِ لَمْ يَبْقَ شَجَرٌ وَلَا حَجَرٌ إِلَّا خَرَّ سَاجِدًا، وَلَا يَسْجُدَانِ إِلَّا لِنَبِيٍّ، وَإِنِّي أَعْرِفُهُ بِخَاتَمِ النُّبُوَّةِ أَسْفَلَ مِنْ غُضْرُوْفِ كَتِفِهِ مِثْلَ التُّفَاحَةِ، ثُمَّ رَجَعَ فَصَنَعَ لَهُمْ طَعَامًا، فَلَمَّا أَتَاهُمْ بِهِ، وَكَانَ هُوَ فِي رِعْيَةِ الْإِبِلِ، قَالَ: أَرْسِلُوْا إِلَيْهِ، فَأَقْبَلَ وَعَلَيْهِ غَمَامَةٌ تُظِلُّهُ. فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْقَوْمِ وَجَدَهُمْ قَدْ سَبَقُوْهُ إِلَى فَيْءِ الشَّجَرَةِ، فَلَمَّا جَلَسَ مَالَ فَيْءُ الشَّجَرَةِ عَلَيْهِ، فَقَالَ: انْظُرُوْا إِلَى فَيْءِ الشَّجَرَةِ مَالَ عَلَيْهِ..... قَالَ: أَنْشُدُكُمْ بِاللهِ أَيُّكُمْ وَلِيُّهُ؟ قَالُوْا: أَبُوْطَالِبٍ. فَلَمْ يَزَلْ يُنَاشِدُهُ حَتَّى رَدَّهُ أَبُوْطَالِبٍ، وَبَعَثَ مَعَهُ أَبُوْبَكْرٍ بِلَالًا، وَزَوَّدَهُ الرَّاهِبُ مِنَ الْكَعْكِ وَالزَّيْتِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

’’حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت ابو طالب روسائے قریش کے ہمراہ شام کے سفر پر روانہ ہوئے تو حضور نبی اکرم ﷺ بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ جب راہب کے پاس پہنچے وہ سواریوں سے اترے اور انہوں نے اپنے کجاوے کھول دیئے۔ راہب ان کی طرف آ نکلا حالانکہ (روسائے قریش) اس سے قبل بھی اس کے پاس سے گزرا کرتے تھے لیکن وہ ان کے پاس نہیں آتا تھا اور نہ ہی ان کی طرف کوئی توجہ کرتا تھا۔ حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگ ابھی کجاوے کھول ہی رہے تھے کہ وہ راہب ان کے درمیان چلنے لگا یہاں تک کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے قریب پہنچا اور آپ ﷺ کا دستِ اقدس پکڑ کر کہا: یہ تمام جہانوں کے سردار اور رب العالمین کے رسول ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر مبعوث فرمائے گا۔ روسائے قریش نے اس سے پوچھا آپ یہ سب کیسے جانتے ہیں؟ اس نے کہا: جب تم لوگ گھاٹی سے نمودار ہوئے تو کوئی پتھر اور درخت ایسا نہیں تھا جو سجدہ میں نہ گر پڑا ہو۔ اور وہ صرف نبی ہی کو سجدہ کرتے ہیں نیز میں انہیں مہرِ نبوت سے بھی پہچانتا ہوں جو ان کے کاندھے کی ہڈی کے نیچے سیب کی مثل ہے۔ پھر وہ واپس چلا گیا اور اس نے ان لوگوں کے لئے کھانا تیار کیا۔ جب وہ کھانا لے آیا تو آپ ﷺ اونٹوں کی چراگاہ میں تھے۔ راہب نے کہا انہیں بلا لو۔ آپ ﷺ تشریف لائے تو آپ کے سرِ انور پر بادل سایہ

فگن تھا اور جب آپ لوگوں کے قریب پہنچے تو دیکھا کہ تمام لوگ (پہلے سے ہی) درخت کے سایہ میں پہنچ چکے ہیں لیکن جیسے ہی آپ ﷺ تشریف فرما ہوئے تو سایہ آپ ﷺ کی طرف جھک گیا۔ راہب نے کہا: درخت کے سائے کو دیکھو وہ آپ ﷺ پر جھک گیا ہے۔ پھر راہب نے کہا: میں تمہیں خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ ان کا سرپرست کون ہے؟ انہوں نے کہا ابوطالب! چنانچہ وہ حضرت ابوطالب کو مسلسل واسطہ دیتا رہا (کہ انہیں واپس بھیج دیں) یہاں تک کہ حضرت ابوطالب نے آپ ﷺ کو واپس (مکہ مکرمہ) بھجوا دیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ کے ہمراہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور راہب نے آپ ﷺ کے ساتھ زادِ راہ کے طور پر کیک اور زیتون پیش کیا۔‘‘

٦٥٦ / ٨۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ بِمَكَّةَ، فَخَرَجْنَا فِي بَعْضِ نَوَاحِيهَا، فَمَا اسْتَقْبَلَهُ جَبَلٌ وَلَا شَجَرٌ إِلَّا وَهُوَ يَقُوْلُ: اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا رَسُوْلَ اللهِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

’’حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں مکہ مکرمہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ تھا۔ ہم مکہ مکرمہ کی ایک طرف چلے تو جو پہاڑ اور درخت بھی آپ ﷺ کے سامنے آتا (وہ آپ ﷺ سے) عرض کرتا: ﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا رَسُوْلَ اللهِ﴾۔‘‘

٦٥٧ / ٩۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ أُتِيَ بِالْبُرَاقِ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهِ

الحديث رقم ٨: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: (٦)، ٥ / ٥٩٣، الرقم: ٣٦٢٦، والدارمى فى السنن، (٤) باب: ما أكرم الله به نبيه من إيمان الشجر به والبهائم والجن، ١ / ٣١، الرقم: ٢١، والحلكم فى المستدرك، ٢ / ٦٧٧، الرقم: ٤٢٣٨، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٢ / ١٣٤، الرقم: ٥٠٢، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٢ / ١٥٠، الرقم: ١٨٨٠، والمزي فى تهذيب الكمال، ١٤ / ١٧٥، الرقم: ٣١٠٣، والجرجانى فى تاريخ جرجان، ١ / ٣٢٩، الرقم: ٦٠٠۔

الحديث رقم ٩: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة بنى اسرائيل، ٥ / ٣٠١، الرقم: ٣١٣١، وأحمد بن حنبل ⟵

مُلْجَمًا مُسْرَجًا، فَاسْتَصْعَبَ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ جِبْرِيْلُ: أَبِمُحَمَّدٍ تَفْعَلُ هَذَا؟ قَالَ: فَمَا رَكِبَكَ أَحَدٌ أَكْرَمُ عَلَى اللهِ مِنْهُ. قَالَ: فَارْفَضَّ عَرَقًا.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْيَعْلَى وَابْنُ حِبَّانَ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

’’حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں شب معراج براق لایا گیا جس پر زین کسی ہوئی تھی اور لگام ڈالی ہوئی تھی۔ (حضور نبی اکرم ﷺ کی سواری بننے کی خوشی میں) اس براق کے رقص کی وجہ سے آپ ﷺ کا اس پر سوار ہونا مشکل ہوگیا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے اسے کہا: کیا تو حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ اس طرح کر رہا ہے؟ حالانکہ آج تک تجھ پر کوئی ایسا شخص سوار نہیں ہوا جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں آپ ﷺ جیسا معزز ومحترم ہو۔ یہ سن کر وہ براق شرم سے پسینہ پسینہ ہوگیا۔‘‘

٦٥٨/ ١٠۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ يَومَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ، وَبِيَدِي لِوَاءُ الْحَمْدِ وَلَا فَخْرَ، وَمَا مِنْ نَبِيٍّ يَوْمَئِذٍ آدَمَ فَمَنْ سِوَاهُ إِلَّا تَحْتَ لِوَائِي، وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ وَلَا فَخْرَ، قَالَ: فَيَفْزَعُ النَّاسُ ثَلَاثَ فَزَعَاتٍ فَيَأْتُوْنَ آدَمَ

------ فی المسند، ٣/ ١٦٤، الرقم: ١٢٦٩٤، وابن حبان فی الصحيح، ١/ ٢٣٤، وأبو يعلى فی المسند، ٥/ ٤٥٩، الرقم: ٣١٨٤، وعبد بن حميد فی المسند، ١/ ٣٥٧، الرقم: ١١٨٥، والمقدسی فی الأحاديث المختارة، ٧/ ٢٣، الرقم: ٢٤٠٤، والخطيب البغدادی فی تاريخ بغداد، ٣/ ٤٣٥، الرقم: ١٥٧٤، والعسقلانی فی فتح الباري، ٧/ ٢٠٦۔

الحديث رقم ١٠: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة بني إسرائيل، ٥/ ٣٠٨، الرقم: ٣١٤٨، وابن ماجه في السنن، كتاب: الزهد، باب: ذكر الشفاعة، ٢/ ١٤٤٠، الرقم: ٤٣٠٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/ ٢، الرقم: ١١٠٠٠، واللالكائي في اعتقاد أهل السنة، ٤/ ٧٨٨، الرقم: ١٤٥٥، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/ ٢٣٨، الرقم: ٥٥٠٩۔

.....فذكر الحديث إلى أن قَالَ: فَيَأْتُونَنِي فَأَنْطَلِقُ مَعَهُمْ، قَالَ ابْنُ جُدْعَانَ: قَالَ أَنَسٌ رضي الله عنه: فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: فَآخُذُ بِحَلْقَةِ بَابِ الْجَنَّةِ فَأُقَعْقِعُهَا فَيُقَالُ: مَنْ هَذَا؟ فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ فَيَفْتَحُوْنَ لِي وَيُرَحِّبُوْنَ بِي فَيَقُوْلُوْنَ: مَرْحَبًا فَأَخِرُّ سَاجِدًا فَيُلْهِمُنِيَ اللهُ مِنَ الثَّنَاءِ وَالْحَمْدِ فَيُقَالُ لِي: ارْفَعْ رَأْسَکَ وَسَلْ تُعْطَ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ وَقُلْ يُسْمَعْ لِقَوْلِکَ وَهُوَ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ الَّذِي قَالَ اللهُ: ﴿عَسَى أَنْ يَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَحْمُوْدًا﴾ [الإسراء، ١٧: ٧٩]. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

وروى ابن ماجه عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ وَلَا فَخْرَ، وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ الْأَرْضُ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ، وَأَنَا أَوَّلُ شَافِعٍ، وَأَوَّلُ مُشَفَّعٍ وَلَا فَخْرَ، وَلِوَاءُ الْحَمْدِ بِيَدِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ.

’’حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں روزِ قیامت (تمام) اولادِ آدم کا قائد ہوں گا اور مجھے (اس پر) فخر نہیں، حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہو گا اور کوئی فخر نہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام اور دیگر تمام انبیاء کرام اس دن میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور مجھے اس پر کوئی فخر نہیں۔ اور میں پہلا شخص ہوں گا جس سے زمین شق ہو گی اور کوئی فخر نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: لوگ تین بار خوفزدہ ہوں گے پھر وہ حضرت آدم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر شفاعت کی درخواست کریں گے۔ پھر مکمل حدیث بیان کی یہاں تک کہ فرمایا: پھر لوگ میرے پاس آئیں گے (اور) میں ان کے ساتھ (ان کی شفاعت کے لئے) چلوں گا۔ ابن جدعان (راوی) کہتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: گویا کہ میں اب بھی حضور نبی اکرم ﷺ کو دیکھ رہا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں جنت کے دروازے کی زنجیر کھٹکھٹاؤں گا، پوچھا جائے گا: کون؟ جواب دیا جائے گا: حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ۔ چنانچہ وہ میرے لیے دروازہ کھولیں گے اور مرحبا کہیں گے۔ میں (بارگاہِ الٰہی

میں) سجدہ ریز ہو جاؤں گا تو اللہ تعالیٰ مجھ پر اپنی حمد و ثناء کا کچھ حصہ الہام فرمائے گا۔ مجھے کہا جائے گا: سر اٹھایئے، مانگیں عطا کیا جائے گا۔ شفاعت کیجئے، قبول کی جائے گی، اور کہئے آپ کی بات سنی جائے گی۔ (آپ ﷺ نے فرمایا:) یہی وہ مقام محمود ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''یقیناً آپ کا رب آپ کو مقام محمود پر فائز فرمائے گا۔''

اور امام ابن ماجہ نے بھی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا انہوں نے بیان فرمایا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: میں اولادِ آدم کا سردار ہوں گا اور اس پر بھی فخر نہیں، قیامت کے روز سب سے پہلے میری زمین شق ہو گی اس پر بھی فخر نہیں، سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول ہو گی۔ اس پر بھی فخر نہیں اور حمدِ باری تعالیٰ کا جھنڈا قیامت کے دن میرے ہی ہاتھ میں ہو گا اور اس پر بھی فخر نہیں۔''

٦٥٩ / ١١۔ عَنْ نَبِيْهِ بْنِ وَهَبٍ رضي الله عنه أَنَّ كَعْبًا دَخَلَ عَلَى عَائِشَةَ رضي الله عنها، فَذَكَرُوْا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ فَقَالَ كَعْبٌ: مَا مِنْ يَوْمٍ يَطْلُعُ إِلَّا نَزَلَ سَبْعُوْنَ أَلْفًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ حَتَّى يَحُفُّوْا بِقَبْرِ النَّبِيِّ ﷺ يَضْرِبُوْنَ بِأَجْنِحَتِهِمْ، وَيُصَلُّوْنَ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، حَتَّى إِذَا أَمْسَوْا عَرَجُوْا وَهَبَطَ مِثْلُهُمْ فَصَنَعُوْا مِثْلَ ذٰلِكَ، حَتَّى إِذَا انْشَقَّتْ عَنْهُ الْأَرْضُ خَرَجَ فِي سَبْعِيْنَ أَلْفًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ يَزِفُّوْنَهُ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت نبیہ بن وہب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کا ذکر کیا۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے کہا: جب بھی دن نکلتا ہے ستر ہزار فرشتے اترتے ہیں اور وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبرِ اقدس کو گھیر لیتے ہیں اور قبر اقدس پر اپنے پَر مارتے ہیں (یعنی اپنے پروں سے جھاڑو

الحديث رقم ١١: أخرجه الدارمي في السنن، (٥) باب: ما أكرم الله تعالى نبيه بعد موته، ١ / ٥٧، الرقم: ٩٤، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣ / ٤٩٢، الرقم: ٤١٧٠، وابن حيان في العظمة، ٣ / ١٠١٨، الرقم: ٥٣٧، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٥ / ٣٩٠، وابن كثير في تفسير القرآن العظيم، في قول الله تعالى: هو الذي يصلي عليكم وملائكته ـ الخ ٣ / ٥١٨۔

دیتے ہیں۔) اور حضور نبی اکرم ﷺ پر درود (و سلام) بھیجتے ہیں اور شام ہوتے ہی واپس آسمانوں پر چلے جاتے ہیں اور اتنے ہی مزید اُترتے ہیں اور وہ بھی دن والے فرشتوں کی طرح کا عمل دہراتے ہیں۔ حتی کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ کی قبرِ مبارک (روزِ قیامت) شق ہو گی تو آپ ﷺ ستر ہزار فرشتوں کے جھرمٹ میں (میدانِ حشر میں) تشریف لائیں گے۔‘‘

٦٦٠ / ١٢۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّ اللهَ فَضَّلَنِي عَلَى الْأَنْبِيَاءِ أَوْ قَالَ: أُمَّتِي عَلَى الْأُمَمِ وَأَحَلَّ لِيَ الْغَنَائِمَ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْ عِيْسَى: حَدِيْثُ أَبِي أُمَامَةَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے تمام انبیاء سے زیادہ فضیلت عطا فرمائی یا فرمایا: میری امت کو دیگر تمام امتوں پر فضیلت عطا کی اور میرے لئے مالِ غنیمت کو حلال فرما دیا۔‘‘

٦٦١ / ١٣۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه قَالَ: مَرَّ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَلَى قَوْمٍ قَدْ صَادُوْا ظَبْيَةً فَشَدُّوْهَا إِلَى عَمُوْدِ الْفُسْطَاطِ. فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنِّي وَضَعْتُ وَلِي خَشْفَانِ. فَاسْتَأْذِنْ لِي أَنْ أُرْضِعَهُمَا ثُمَّ أَعُوْدُ إِلَيْهِمْ. فَقَالَ: أَيْنَ صَاحِبُ هَذِهِ؟ فَقَالَ الْقَوْمُ: نَحْنُ، يَا رَسُوْلَ اللهِ. فَقَالَ: رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: خُلُّوْا عَنْهَا حَتَّى تَأْتِيَ خَشْفَيْهَا تُرْضِعُهُمَا وَتَأْتِيَ إِلَيْكُمْ.

الحديث رقم ١٢: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: السير عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في الغنيمة، ٤/١٢٣، الرقم: ١٥٥٣، والطبراني نحوه في المعجم الكبير، ٨/٢٥٧، الرقم: ٨٠٠١، والروياني في المسند، ٢/٣٠٨، الرقم: ١٢٦٠، والبيهقي في السنن الكبرى، ١/٢٢٢، الرقم: ٩٩٩، و في السنن الصغرى، ١/١٨٠، الرقم: ٢٤٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠/١٦۔

الحديث رقم ١٣: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٦/٣٥٨، الرقم: ٥٥٤٧، وأبو نعيم في دلائل النبوة، ٣٧٦، الرقم: ٢٧٤، و ابن كثير في شمائل الرسول، ٣٤٧۔

قَالُوْا: وَمَنْ لَنَا بِذٰلِکَ، يَارَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: أَنَا. فَأَطْلَقُوْهَا فَذَهَبَتْ فَأَرْضَعَتْ ثُمَّ رَجَعَتْ إِلَيْهِمْ فَأَوْثَقُوْهَا. فَمَرَّ بِهِمُ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ: أَيْنَ أَصْحَابُ هٰذِهِ؟ قَالُوْا: هُوَ ذَا نَحْنُ، يَارَسُوْلَ اللهِ. قَالَ: تَبِيْعُوْنِهَا؟ قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ، هِيَ لَکَ. فَخَلُّوْا عَنْهَا فَأَطْلَقُوْهَا فَذَهَبَتْ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَأَبُوْنُعَيْمٍ.

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ حضور نبی اکرم ﷺ ایک گروہ کے پاس سے گزرے۔ انہوں نے ایک ہرنی کو شکار کر کے ایک بانس کے ساتھ باندھ رکھا تھا۔ اس ہرنی نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے دو چھوٹے بچے ہیں جنہیں میں نے حال ہی میں جنا ہے۔ پس آپ ﷺ مجھے ان سے اجازت دلوا دیں کہ میں اپنے بچوں کو دودھ پلا کر واپس آجاؤں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا مالک کہاں ہے؟ اس گروہ نے کہا: یارسول اللہ، ہم اس کے مالک ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو یہاں تک کہ یہ اپنے بچوں کو دودھ پلا کر تمہارے پاس واپس آجائے۔ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس کی واپسی کی ہمیں کون ضمانت دے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں۔ انہوں نے ہرنی کو چھوڑ دیا پس وہ گئی اور اپنے بچوں کو دودھ پلا کر واپس لوٹ آئی۔ انہوں نے اسے پھر باندھ دیا۔ جب حضور نبی اکرم ﷺ دوبارہ ان لوگوں کے پاس سے گزرے اور ان سے پوچھا: اس کا مالک کہاں ہے؟ اس گروہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ ہم ہی ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس ہرنی کو مجھے فروخت کرو گے؟ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ آپ ہی کی ہے۔ پس انہوں نے اسے کھول کر آزاد کر دیا اور وہ چلی گئی۔‘‘

٦٦٢/١٤۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: أَوْحَى اللهُ إِلَى عِيْسَى عليه السلام، يَا عِيْسَى! آمِنْ بِمُحَمَّدٍ وَأْمُرْ مَنْ أَدْرَکَهُ مِنْ أُمَّتِکَ أَنْ

الحديث رقم ١٤: أخرجه الحاكم في المستدرك، ٢/٦٧١، الرقم: ٤٢٢٧، و ابن الخلال، في السنة، ١/٢٦١، الرقم: ٣١٦، والذهبي في ميزان الاعتدال، ٥/٢٩٩، الرقم: ٦٣٣٦، والعسقلاني في لسان الميزان، ٤/٣٥٤، الرقم: ١٠٤٠، و ابن حيان في طبقات المحدثين بأصبهان، ٣/٢٨٧.

يُؤْمِنُوْا بِهِ فَلَوْلَا مُحَمَّدٌ مَا خَلَقْتُ آدَمَ وَلَوْلَا مُحَمَّدٌ مَا خَلَقْتُ الْجَنَّةَ وَلَا النَّارَ. وَلَقَدْ خَلَقْتُ الْعَرْشَ عَلَى الْمَاءِ فَاضْطَرَبَ فَكَتَبْتُ عَلَيْهِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللهِ فَسَكَنَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ وَ وَافَقَهُ الذَّهَبِيُّ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر وحی نازل فرمائی: اے عیسیٰ! حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لے آؤ اور اپنی امت کو بھی حکم دو کہ جو بھی ان کا زمانہ پائے تو (ضرور) ان پر ایمان لائے (جان لو!) اگر محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نہ ہوتے تو میں حضرت آدم علیہ السلام کو بھی پیدا نہ کرتا۔ اور اگر محمد مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نہ ہوتے تو میں نہ جنت پیدا کرتا اور نہ دوزخ، جب میں نے پانی پر عرش بنایا تو اس میں لرزش پیدا ہوگئی، لہٰذا میں نے اس پر ’’لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللهِ‘‘ لکھ دیا تو وہ ٹھہر گیا۔‘‘

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ أَهْلِ الْبَيْتِ وَقَرَابَةِ الرَّسُوْلِ سلام اللہ علیہم

﴿حضور ﷺ کے اہلِ بیت اور قرابت داروں کے مناقب کا بیان﴾

٦٦٣/١٥۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَوْمًا فِيْنَا خَطِيْباً. بِمَاءٍ يُدْعَى خُمًّا. بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ. فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، وَ وَعَظَ وَذَكَّرَ ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ . أَلَا أَيُّهَاالنَّاسُ، فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ يُوْشِكُ أَنْ يَأْتِيَ رَسُوْلُ رَبِّي فَأُجِيْبُ، وَأَنَا تَارِكٌ فِيْكُمْ ثَقَلَيْنِ: أَوَّلُهُمَا كِتَابُ اللهِ فِيْهِ الْهُدَى وَالنُّوْرُ فَخُذُوْا بِكِتَابِ اللهِ. وَاسْتَمْسِكُوْا بِهِ. فَحَثَّ عَلَى كِتَابِ اللهِ وَرَغَّبَ فِيْهِ. ثُمَّ قَالَ: وَأَهْلُ بَيْتِي. أُذَكِّرُكُمُ اللهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي أُذَكِّرُكُمُ اللهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي، أُذَكِّرُكُمُ اللهَ فِي أَهْلِ بَيْتِي. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

”حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دن حضور نبی اکرم ﷺ ہمیں خطبہ دینے کے لئے مکہ اور مدینہ منورہ کے درمیان اس تالاب پر کھڑے ہوئے جسے خُم کہتے ہیں۔ آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء اور وعظ و نصیحت کے بعد فرمایا: اے لوگو! میں تو بس ایک آدمی ہوں عنقریب میرے رب کا پیغام لانے والا فرشتہ (یعنی فرشتہ اجل) میرے پاس آئے گا اور میں اسے لبیک کہوں گا۔ میں تم میں دو عظیم چیزیں چھوڑے جارہا ہوں، ان میں سے پہلی اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جس میں ہدایت اور نور ہے۔ اللہ تعالیٰ کی کتاب پر عمل کرو اور اسے مضبوطی سے تھام لو، پھر آپ ﷺ نے کتاب اللہ (کی تعلیمات پر عمل کرنے کی) ترغیب دی اور اس کی طرف راغب کیا پھر فرمایا: اور (دوسرے) میرے اہلِ بیت ہیں میں تمہیں اپنے اہل

الحديث رقم ١٥: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل على بن أبي طالب رضی اللہ عنہ، ٣/١٨٧٣، الرقم: ٢٤٠٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/٣٦٦، الرقم: ١٩٢٦٥، وابن حبان فى الصحيح، ١/١٤٥، الرقم: ١٢٣، وابن خزيمة فى الصحيح، ٤/٦٢، الرقم: ٢٣٥٧، واللالكائي فى اعتقاد أهل السنة، ١/٧٩، الرقم: ٨٨، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٢/١٤٨، الرقم: ٢٦٧٩، وابن كثير فى تفسير القرآن العظيم، ٣/٤٨٧۔

بیت کے متعلق اللہ کی یاد دلاتا ہوں، میں تمہیں اپنے اہلِ بیت کے متعلق اللہ کی یاد دلاتا ہوں۔ میں تمہیں اپنے اہلِ بیت کے متعلق اللہ کی یاد دلاتا ہوں۔''

٦٦٤/١٦۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم : إِنِّي تَارِكٌ فِيْكُم مَا إِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدِي أَحَدُهُمَا أَعْظَمُ مِنَ الآخَرِ: كِتَابُ اللهِ حَبْلٌ مَمْدُوْدٌ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ وَعِتْرَتِي: أَهْلُ بَيْتِي وَلَنْ يَتَفَرَّقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ فَانْظُرُوْا كَيْفَ تَخْلُفُوْنِي فِيْهِمَا. رَوَاهُ التِّرمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تم میں ایسی دو چیزیں چھوڑے جارہا ہوں کہ اگر تم نے انہیں مضبوطی سے تھامے رکھا تو میرے بعد ہر گز گمراہ نہ ہوگے۔ ان میں سے ایک دوسری سے بڑی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی کتاب آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی رسی ہے اور میری عترت یعنی اہلِ بیت اور یہ دونوں ہرگز جدا نہ ہوں گی یہاں تک کہ دونوں میرے پاس (اکٹھے) حوض کوثر پر آئیں گی پس دیکھو کہ تم میرے بعد ان سے کیا سلوک کرتے ہو؟''

٦٦٥/١٧۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ

الحديث رقم ١٦: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: فی مناقب أهل بيت النبی صلى الله عليه وآله وسلم، ٥/٦٦٣، الرقم: ٣٧٨٨/٣٧٨٦، والنسائی فی السنن الکبری، ٥/٤٥، الرقم: ٨١٤٨، ٨٤٦٤، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/١٤، ٢٦، ٥٩، الرقم: ١١١١٩، ١١٢٢٧، ١١٥٧٨، والحاکم فی المستدرک، ٣/١١٨، الرقم: ٤٥٧٦، وأبويعلی فی المسند، ٢/٣٠٣، الرقم: ١٠٢٦٧، ١١٤٠، والطبرانی عن أبي سعيد رضي الله عنه فی المعجم الأوسط، ٣/٣٧٤، الرقم: ٣٤٣٩، وفی المعجم الصغير، ١/٢٢٦، الرقم: ٣٢٣، وفی المعجم الکبير، ٣/٦٥، الرقم: ٢٦٧٨، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦/١٣٣، الرقم: ٣٠٠٨١، وابن أبی عاصم فی السنة، ٢/٦٤٤، الرقم: ١٥٥٣۔

الحديث رقم ١٧: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: فی مناقب أهل بيت النبی صلى الله عليه وآله وسلم، ٥/٦٦٢، الرقم: ٣٧٨٦، والطبرانی فی ←

اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: يَا أَيُّهَاالنَّاسُ إِنِّي قَدْ تَرَكْتُ فِيْكُمْ مَا إِنْ أَخَذْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوْا: كِتَابَ اللهِ، وَعِتْرَتِي أَهْلَ بَيْتِي. رَوَاهُ التِرْمِذِيُّ وَحَسَّنَهُ.

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے سنا حضور نبی اکرم ﷺ فرما رہے تھے: اے لوگو! میں تمہارے درمیان ایسی چیزیں چھوڑ رہا ہوں کہ اگر تم انہیں پکڑے رکھو گے تو ہرگز گمراہ نہ ہو گے۔ (ان میں سے ایک) اللہ تعالیٰ کی کتاب اور (دوسری) میرے اہلِ بیت (ہیں)۔''

٦٦٦/١٨۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ خَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ غَدَاةً وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ، مِنْ شَعَرٍ أَسْوَدَ. فَجَاءَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رضي الله عنهما فَأَدْخَلَهُ، ثُمَّ جَاءَ الْحُسَيْنُ رضي الله عنه فَدَخَلَ مَعَهُ، ثُمَّ جَاءَتْ فَاطِمَةُ رضي الله عنها فَأَدْخَلَهَا، ثُمَّ جَاءَ عَلِيٌّ رضي الله عنه فَأَدْخَلَهُ، ثُمَّ قَالَ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾ [الأحزاب، ٣٣:٣٣]. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ صبح کے وقت ایک اونی منقش چادر اوڑھے ہوئے باہر تشریف لائے تو آپ کے پاس حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما آئے تو آپ ﷺ نے اُنہیں اُس چادر میں داخل کر لیا، پھر حضرت حسین رضی اللہ عنہ آئے اور وہ بھی ان کے ہمراہ چادر میں داخل ہو گئے، پھر سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا آئیں اور آپ ﷺ نے انھیں بھی اس چادر میں داخل کر لیا، پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ آئے تو آپ ﷺ نے اُنہیں بھی چادر میں لے لیا۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت مبارکہ پڑھی: ''اہلِ بیت! تم سے ہر قسم کے گناہ

------ المعجم الأوسط، ٥/٨٩، الرقم: ٤٧٥٧، وفى المعجم الكبير، ٣/٦٦، الرقم: ٢٦٨٠، وابن كثير فى تفسير القرآن العظيم، ٤/١١٤۔

الحديث رقم ١٨: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: فضائل أهل بيت النّبى ﷺ، ٤/١٨٨٣، ٢٤٢٤، والحاكم فى المستدرك، ٣/١٥٩، الرقم: ٤٧٠٧۔ ٤٧٠٩، وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٢/١٤٩، الرقم: ٢٦٨٠، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/٣٧٠، الرقم: ٣٢١٠٢۔

کا مَیل (اور شک ونقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے۔‘‘

٦٦٧/١٩۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ رَبِيْبِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾ [الأحزاب، ٣٣:٣٣] فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ فَدَعَا فَاطِمَةَ، وَحَسَنًا، وَحُسَيْنًا، فَجَلَّلَهُمْ بِكِسَاءٍ، وَعَلِيٌّ خَلْفَ ظَهْرِهِ فَجَلَّلَهُ بِكِسَاءٍ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ، هَؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي، فَأَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا، قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: وَأَنَا مَعَهُمْ يَا نَبِيَّ اللهِ، قَالَ: أَنْتِ عَلَى مَكَانِكِ وَأَنْتِ عَلَى خَيْرٍ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَفِي الْبَابِ: عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ وَأَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ وَأَبِي الْحَمْرَاءِ وَمَعْقَلِ بْنِ يَسَارٍ وَعَائِشَةَ.

’’حضور نبی اکرم ﷺ کے پروردہ حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب اُم المؤمنین اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر حضور نبی اکرم ﷺ پر یہ آیت ’’اہلِ بیت! تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک ونقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے۔‘‘ نازل ہوئی تو آپ ﷺ نے سیدہ فاطمہ اور حسنین کریمین سلام اللہ علیہم کو بلایا اور انہیں ایک کملی میں ڈھانپ لیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے پیچھے تھے، آپ ﷺ نے انہیں بھی کملی میں ڈھانپ لیا، پھر فرمایا: اے اللہ! یہ میرے اہل بیت ہیں، پس ان سے ہر قسم کی آلودگی دور فرما اور انہیں خوب پاک و صاف کر دے۔ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! میں (بھی) ان کے ساتھ ہوں، فرمایا: تم اپنی جگہ رہو اور تم تو بہتر مقام پر فائز ہو۔‘‘

الحديث رقم ١٩: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة الأحزاب، ٥/٣٥١، الرقم: ٣٢٠٥، وفی كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضل فاطمة بنت محمد ﷺ، ٥/٦٩٩، الرقم: ٣٨٧١، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٤/١٣٤، الرقم: ٣٧٩٩۔

٦٦٨/ ٢٠۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رضي الله عنه قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: ﴿فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَآءَنَا وَ أَبْنَآءَكُمْ﴾ [آل عمران، ٣: ٦١] دَعَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا فَقَالَ: اللّٰهُمَّ هَؤُلَاءِ أَهْلِي.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب آیتِ مباہلہ نازل ہوئی: ''آپ فرما دیں کہ آ جاؤ ہم (مل کر) اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو اور اپنی عورتوں کو اور تمہاری عورتوں کو اور اپنے آپ کو بھی اور تمہیں بھی (ایک جگہ پر) بلا لیتے ہیں۔'' تو حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حسین علیہم السلام کو بلایا، پھر فرمایا: یا اللہ! یہ میرے اہلِ بیت ہیں۔''

٦٦٩/ ٢١۔ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رضي الله عنه قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنَّ قُرَيْشًا إِذَا لَقِيَ بَعْضُهُمْ بَعضًا لَقُوْهُمْ بِبَشْرٍ حَسَنٍ، وَإِذَا لَقُوْنَا لَقُوْنَا بِوُجُوْهٍ لَا نَعْرِفُهَا. قَالَ: فَغَضِبَ النَّبِيُّ ﷺ غَضَبًا شَدِيْدًا، وَقَالَ:

الحديث رقم ٢٠: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل علي بن أبى طالب رضي الله عنه، ٤/ ١٨٧١، الرقم: ٢٤٠٤، والترمذى فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ ، باب: ومن سورة آل عمران، ٥/ ٢٢٥، الرقم: ٢٩٩٩، وفى كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ ، باب: (٢١)، ٥/ ٦٣٨، الرقم: ٣٧٢٤، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/ ١٨٥، الرقم: ١٦٠٨، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥/ ١٠٧، الرقم: ٨٣٩٩، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٧/ ٦٣، الرقم: ١٣١٦٩-١٣١٧٠، والحاكم فى المستدرك، ٣/ ١٦٣، الرقم: ٤٧١٩۔

الحديث رقم ٢١: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ١/ ٢٠٧، الرقم: ١٧٧٢، ١٧٧٧، ١٧٦٥٦، ١٧٦٥٧، ١٧٦٥٨، والحلكم فى المستدرك، ٣/ ٣٧٦، الرقم: ٥٤٣٣، ٢٩٦٠، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥/ ٥١ الرقم: ٨١٧٦، والبزار فى المسند، ٦/ ١٣١، الرقم: ٢١٧٥، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٢/ ١٨٨، الرقم: ١٥٠١، والديلمى فى مسند الفردوس، ٤/ ٣٦١، الرقم: ٧٠٣٧۔

وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يَدْخُلُ قَلْبَ رَجُلٍ الإِيْمَانُ حَتَّى يُحِبَّكُمْ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ وَلِقَرَابَتِي. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَالْحَاكِمُ وَالْبَزَّارُ.

وفي رواية: قَالَ: وَاللّٰهِ لَا يَدْخُلُ قَلْبَ امْرِىءٍ إِيْمَانٌ حَتَّى يُحِبَّكُمْ لِلّٰهِ، وَلِقَرَابَتِي.

''حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں نے بارگاہِ رسالت ﷺ میں عرض کیا: یا رسول اللہ! قریش جب آپس میں ملتے ہیں تو حسین مسکراتے چہروں سے ملتے ہیں اور جب ہم سے ملتے ہیں تو (جذبات سے عاری) ایسے چہروں کے ساتھ ملتے ہیں جنہیں ہم نہیں جانتے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور نبی اکرم ﷺ یہ سن کر شدید جلال میں آ گئے اور فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! کسی بھی شخص کے دل میں اس وقت تک ایمان داخل نہیں ہو سکتا جب تک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ اور میری قرابت کی خاطر تم سے محبت نہ کرے۔''

ایک روایت میں ہے کہ فرمایا: ''خدا کی قسم! کسی شخص کے دل میں اس وقت تک ایمان داخل نہ ہوگا جب تک اللہ تعالیٰ، اس کے رسول اکرم ﷺ اور میری قرابت کی وجہ سے تم سے محبت نہ کرے۔''

٦٧٠ / ٢٢۔ عَنِ الْعَبَاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رضي الله عنهما قَالَ: كُنَّا نَلْقَى النَّفَرَ مِنْ قُرَيْشٍ، وَهُمْ يَتَحَدَّثُوْنَ فَيَقْطَعُوْنَ حَدِيْثَهُمْ فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ، فَقَالَ: مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَتَحَدَّثُوْنَ فَإِذَا رَأَوُا الرَّجُلَ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي قَطَعُوْا حَدِيْثَهُمْ وَاللّٰهِ، لَا يَدْخُلُ قَلْبَ رَجُلٍ الإِيْمَانُ حَتَّى يُحِبَّهُمْ لِلّٰهِ وَلِقَرَابَتِهِمْ مِنِّي. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالْحَاكِمُ.

الحديث رقم ٢٢: أخرجه ابن ماجه فی السنن، المقدمة، باب: فضل العباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ، ١ / ٥٠، الرقم: ١٤٠، والحاكم فی المستدرك، ٤ / ٨٥، الرقم: ٦٩٦٠، والمقدسی فی الأحاديث المختارة، ٨ / ٣٨٢، الرقم: ٤٧٢، والديلمی فی مسند الفردوس، ٤ / ١١٣، الرقم: ٦٣٥٠۔

’’حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ ہم جب قریش کی جماعت سے ملتے اور وہ باہم گفتگو کررہے ہوتے تو گفتگو روک دیتے ہم نے حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں اس امر کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کو کیا ہو گیا ہے جب میرے اہل بیت سے کسی کو دیکھتے ہیں تو گفتگو روک دیتے ہیں؟ اللہ رب العزت کی قسم! کسی شخص کے دل میں اس قت تک ایمان داخل نہیں ہوگا جب تک ان (یعنی میرے اہلِ بیت) سے اللہ تعالیٰ کے لیے اور میری قرابت کی وجہ سے محبت نہ کرے۔‘‘

٦٧١ / ٢٣۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَثَلُ أَهْلِ بَيْتِي مَثَلُ سَفِينَةِ نُوْحٍ، مَنْ رَكِبَ فِيْهَا نَجَا، وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا غَرِقَ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَزَّارُ وَالْحَاكِمُ.

وفي رواية: عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ رضي الله عنهما قَالَ: مَنْ رَكِبَهَا سَلِمَ، وَمَنْ تَرَكَهَا غَرِقَ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے اہلِ بیت کی مثال حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کی طرح ہے جو اس میں سوار ہوگیا وہ نجات پا گیا اور جو اس سے پیچھے رہ گیا وہ غرق ہوگیا۔‘‘

اور ایک روایت میں حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا: جو اس میں سوار ہوا وہ سلامتی پا گیا اور جس نے اسے چھوڑ دیا وہ غرق ہوگیا۔

٦٧٢ / ٢٤۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ

الحديث رقم ٢٣: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ١٢ / ٣٤، الرقم: ٢٣٨٨، ٢٦٣٨، ٢٦٣٨، ٢٦٣٦، وفی المعجم الأوسط، ٤ / ١٠، الرقم: ٣٤٧٨: ٥ / ٣٥٥، الرقم: ٥٥٣٦: ٦ / ٨٥، الرقم: ٥٨٧٠، وفی المعجم الصغير، ١ / ٢٤٠، الرقم: ٣٩١: ٢ / ٨٤، الرقم: ٨٢٥، والحاكم فی المستدرك، ٣ / ١٦٣، الرقم: ٤٧٢٠، والبزار فی المسند، ٩ / ٣٤٣، الرقم: ٣٩٠٠،والديلمی فی مسند الفردوس، ١ / ٢٣٨، الرقم: ٩١٦.

الحديث رقم ٢٤: أخرجه الحاكم فی المستدرك، ٣ / ١٥٣، الرقم: ٤٦٨٤، ←

يَقُوْلُ: كُلُّ سَبَبٍ وَنَسَبٍ يَنْقَطِعُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا مَا كَانَ مِنْ سَبَبِي وَنَسَبِي. رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَالطَّبَرَانِيُّ إِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے: قیامت کے دن میرے حسب و نسب کے سواء ہر سلسلہ نسب منقطع ہو جائے گا۔''

٦٧٣/ ٢٥۔ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لِكُلِّ بَنِي أُمٍّ عُصْبَةٌ يَنْتِمُوْنَ إِلَيْهِمْ إِلَّا ابْنَي فَاطِمَةَ فَأَنَا وَلِيُّهُمَا وَعُصْبَتُهُمَا.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَأَبُوْيَعْلَى.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر ماں کے بیٹوں کا آبائی خاندان ہوتا ہے جس کی طرف وہ منسوب ہوتے ہیں سوائے فاطمہ کے بیٹوں کے، پس میں ہی ان کا ولی ہوں اور میں ہی ان کا نسب ہوں۔''

٦٧٤/ ٢٦۔ عَنْ عُمَرَ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَقُوْلُ: كُلُّ بَنِي أُنْثَى فَإِنَّ عُصْبَتَهُمْ لِأَبِيْهِمْ مَا خَلَا بَنِي فَاطِمَةَ، فَإِنِّي أَنَا عُصْبَتُهُمْ وَأَنَا

----- والطبرانی فی المعجم الکبیر، ٣/ ٤٤، الرقم: ٢٦٣٣، ٢٦٣٤-٢٦٣٥، وفی المعجم الأوسط، ٥/ ٣٧٦، الرقم: ٥٦٠٦، وعبد الرزاق فی المصنف، ٦/ ١٦٣، الرقم: ١٠٣٥٤، والبیهقی فی السنن الکبری، ٧/ ٦٣، الرقم: ١٣١٧١، والمقدسی فی الأحادیث المختارة، ١/ ١٩٧، الرقم: ١٠١، وَقَالَ: إِسْنَادُهُ حَسَنٌ، والدیلمی فی مسند الفردوس، ٣/ ٢٥٥، الرقم: ٤٧٥٥، والهیثمی فی مجمع الزوائد، ٩/ ١٧٣، وقال: إِسنادُهُ حَسَنٌ۔

الحدیث رقم ٢٥: أخرجه الحاکم فی المستدرک، ٣/ ١٧٩، الرقم: ٤٧٧٠، وأبو یعلی فی المسند ٢/ ١٠٩، الرقم: ٦٧٤١، والطبرانی فی المعجم الکبیر، ٣/ ٤٤، الرقم: ٢٦٣١-٢٦٣٢۔

الحدیث رقم ٢٦: أخرجه الدیلمی فی مسند الفردوس، ٣/ ٢٣٤، الرقم: ٤٧٨٧، والهیثمی فی مجمع الزوائد، ٤/ ٢٢٤۔

أَبُوْهُمْ. رَوَاهُ الدَّيْلَمِيُّ.

’’حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے یہ سنا آپ ﷺ فرماتے: ہر عورت کی اولاد کا نسب اپنے باپ کی طرف ہوتا ہے سوائے اولاد فاطمہ کے کیونکہ میں ہی ان کا نسب اور میں ہی ان کا باپ ہوں۔‘‘

٦٧٥ / ٢٧۔ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ : إِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ جَعَلَ ذُرِّيَّةَ كُلِّ نَبِيٍّ فِي صُلْبِهِ، وَإِنَّ اللهَ جَعَلَ ذُرِّيَّتِي فِي صُلْبِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضی اللہ عنہ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یقیناً اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کی اولاد اس کی صلب میں رکھی اور بیشک اللہ تعالیٰ نے میری اولاد علی بن ابی طالب کی صلب میں رکھی ہے۔‘‘

٦٧٦ / ٢٨۔ عَنْ أَبِي مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ صَلَّى صَلَاةً لَمْ يُصَلِّ فِيْهَا عَلَيَّ وَعَلَى أَهْلِ بَيْتِي، لَمْ تُقْبَلْ مِنْهُ. وَقَالَ أَبُوْ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ: لَوْ صَلَّيْتُ صَلَاةً لَا أُصَلِّي فِيْهَا عَلَى مُحَمَّدٍ، مَا رَأَيْتُ أَنَّ صَلَاتِي تَتِمُّ. رَوَاهُ الدَّارُقُطْنِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

’’حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے نماز پڑھی اور مجھ پر اور میرے اہل بیت پر درود نہ پڑھا اس کی نماز قبول نہ ہو گی۔ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر میں نماز پڑھوں اور اس میں حضور نبی اکرم ﷺ

الحديث رقم ٢٧: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٣ / ٤٣، الرقم: ٢٦٣٠، والديلمي في مسند الفردوس، ١ / ١٧٢، الرقم: ٦٤٣، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩ / ١٧٢، والمناوي في فض القدير، ٢ / ٢٢٣۔

الحديث رقم ٢٨: أخرجه الدار قطني في السنن، ١ / ٣٥٥، الرقم: ٦-٧، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢ / ٥٣٠، الرقم: ٣٩٦٩، وابن الجوزي في التحقيق في أحاديث الخلاف، ١ / ٤٠٢، الرقم: ٥٤٤، والشوكاني في نيل الأوطار، ٢ / ٣٢٢۔

پر درود پاک نہ پڑھوں تو میں نہیں سمجھتا کہ میری نماز کامل ہوگی۔‘‘

٦٧٧ / ٢٩۔ عَنْ حُذَيْفَةَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ: رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: إِنَّ هَذَا مَلَکٌ لَمْ يَنْزِلِ الْأَرْضَ قَطُّ قَبْلَ هَذِهِ اللَّيْلَةِ اسْتَأْذَنَ رَبَّهُ أَنْ يُسَلِّمَ عَلَيَّ وَ يُبَشِّرَنِي بِأَنَّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةُ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَنَّ الْحَسَنَ وَ الْحُسَيْنَ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

’’حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک فرشتہ جو اس رات سے پہلے کبھی زمین پر نہ اترا تھا اس نے اپنے پروردگار سے اجازت مانگی کہ مجھے سلام کرے اور مجھے یہ خوشخبری دے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اہلِ جنت کی تمام عورتوں کی سردار ہیں اور حسن و حسین رضی اللہ عنہما جنت کے تمام جوانوں کے سردار ہیں۔‘‘

٦٧٨ / ٣٠۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی الله عنه أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صلی الله عليه وآله وسلم، وَقَدْ بَسَطَ شَمْلَةً، فَجَلَسَ عَلَيْهَا هُوَ وَفَاطِمَةُ وَعَلِيٌّ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، ثُمَّ أَخَذَ النَّبِيُّ صلی الله عليه وآله وسلم بِمَجَامِعِهِ فَقَعَدَ عَلَيْهِمْ ثُمَّ قَالَ: اللَّهُمَّ ارْضَ عَنْهُمْ كَمَا أَنَا عَنْهُمْ رَاضٍ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

الحديث رقم ٢٩: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم، باب: مناقب الحسن والحسين عليهما السلام، ٥ / ٦٦٠، الرقم: ٣٧٨١، والنسائی فی السنن الكبرى، ٨٠، ٩٥، الرقم: ٨٢٩٨، ٨٣٦٥، وفي فضائل الصحابة، ١ / ٥٨، ٧٦، الرقم: ١٩٣، ٢٦٠، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥ / ٣٩١، الرقم: ٢٣٣٦٩، وفی فضائل الصحابة، ٢ / ٧٨٨، الرقم: ١٤٠٦، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦ / ٣٨٨، الرقم: ٣٢٢٧١، والحاكم فی المستدرك ، ٣ / ١٦٤، الرقم: ٤٧٢١۔ ٤٧٢٢، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٢٢ / ٤٠٢، الرقم: ١٠٠٥، وأبونعيم فی حلية اولياء، ٤ / ١٩٠، والبهيقی فی الاعتقاد : ٣٢٨۔

الحديث رقم ٣٠: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ٥ / ٣٤٨، الرقم: ٥٥١٤، والهيثی فی مجمع الزوائد، ٩ / ١٦٩۔

’’حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوئے۔ درآں حالیکہ آپ ﷺ نے چادر بچھائی ہوئی تھی۔ پس اس پر حضور نبی اکرم ﷺ (بنفسِ نفیس) حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین علیہم السلام بیٹھ گئے پھر آپ ﷺ نے اس چادر کے کنارے پکڑے اور ان پر ڈال کر اس میں گرہ لگا دی۔ پھر فرمایا: اے اللہ! تو بھی ان سے راضی ہوجا، جس طرح میں ان سے راضی ہوں۔‘‘

٦٧٩ / ٣١۔ عَنْ عُمَرَ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ، وَاللهِ! مَارَأَيْتُ أَحَدًا أَحَبَّ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ مِنْكِ، وَاللهِ! مَا كَانَ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ بَعْدَ أَبِيْكِ ﷺ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْكِ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

’’حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں گئے اور کہا: اے فاطمہ! خدا کی قسم! میں نے آپ کے سوا کسی شخص کو حضور نبی اکرم ﷺ کے نزدیک محبوب تر نہیں دیکھا اور خدا کی قسم! لوگوں میں سے مجھے بھی آپ کے والدِ محترم کے بعد کوئی آپ سے زیادہ محبوب نہیں۔‘‘

٦٨٠ / ٣٢۔ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: الْحَسَنُ أَشْبَهُ بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ مَا بَيْنَ الصَّدْرِ إِلَى الرَّأْسِ، وَالْحُسَيْنُ أَشْبَهُ بِالنَّبِيِّ ﷺ مَا كَانَ أَسْفَلَ مِنْ ذَلِكَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

الحديث رقم ٣١: أخرجه الحلكم فى المستدرك، ٣ / ١٦٨، الرقم: ٤٧٣٦، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٧ / ٤٣٢، الرقم: ٣٧٠٤٥، وأحمد بن حنبل فى فضائل الصحابة، ١ / ٣٦٤، والشيبانى فى الآحاد والمثانى، ٥ / ٣٦٠، الرقم: ٢٩٥٢، والخطيب البغدادى فى تاريخ بغداد، ٤ / ٤٠١۔

الحديث رقم ٣٢: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب الحسن والحسين، ٥ / ٦٦٠، الرقم: ٣٧٧٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١ / ٩٩، الرقم: ٧٧٤، ٨٥٤، وابن حبان فى الصحيح، ١٥ / ٤٣٠، الرقم: ٦٩٧٤، والطيالسي فى المسند، ١ / ٩١، الرقم: ١٣٠، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٢ / ٣٩٤، الرقم: ٧٨٠۔

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسن علیہ السلام سینہ سے سر تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کامل شبیہ ہیں اور حضرت حسین علیہ السلام سینہ سے نیچے تک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کامل شبیہ ہیں۔‘‘

٦٨١/٣٣۔ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الطُّفَيْلِ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي سَرِيْحَةَ..... أَوْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، (شَكَّ شُعْبَةُ)..... عَنِ

الحديث رقم ٣٣: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: فی مناقب علي بن أبی طالب رضی اللہ عنہ، ٥/٦٣٣، الرقم:٣٧١٣، والطبرانی فی المعجم الکبير، ٥/١٩٥، ٢٠٤، الرقم:٥٠٧١، ٥٠٩٦۔

رُوِيَ هَذَا الْحَدِيْثُ عَنْ حُبْشَى بْنِ جَنَادَةَ فِي الْكُتُبِ الْآتِيَةِ:

الحاکم فی المستدرک، ٣/١٣٤، الرقم:٤٦٥٢، والطبرانی فی المعجم الکبير، ١٢/٧٨، الرقم:١٢٥٩٣، والخطيب البغدادی فی تاريخ بغداد، ١٢/٣٤٣، وابن عساکر فی تاريخ دمشق الکبير، ٤٥/٧٧، ١٤٤، وابن کثير فی البداية والنهاية، ٥/٤٥١، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٩/١٠٨۔

رُوِيَ هَذَا الْحَدِيْثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا فِي الْكُتُبِ الآتِيَةِ:

ابن أبی عاصم فی السنة: ٦٠٢، الرقم: ١٣٥٥، وابن ابی شيبه فی المصنف، ٦/٣٦٦، الرقم: ٣٢٠٧٢۔

وَ قَدْ رُوِيَ هَذَ الْحَدِيْثُ عَنْ أَيُّوْبِ الْأَنْصَارِيِّ فِي الْكُتُبِ الآتِيَةِ:

إبن أبی عاصم فی السنة:٦٠٢، الرقم: ١٣٥٤، والطبرانی فی المعجم الکبير، ٤/١٧٣، الرقم: ٤٠٥٢، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ١/٢٢٩، الرقم: ٣٤٨۔

وَرُوِيَ هَذَا لْحَدِيْثُ عَنْ بُرَيْدَةَ فِي الْكُتُبِ الْآتِيَةِ:

عبد الرزاق فی المصنف، ١١/٢٢٥، الرقم:٢٠٣٨٨، والطبرانی فی المعجم الصغير، ١: ٧١، وابن عساکرفی تاريخ دمشق الکبير، ٤٥/١٤٣۔

وَرُوِيَ هَذَالْحَدِيْثُ عَنْ بُرَيْدَةَ فِي الْكُتُبِ الْآتِيَةِ:

إبن أبی عاصم فی السنة:٦٠١، الرقم: ١٣٥٣، وابن عساکر فی تاريخ دمشق الکبير، ٤٥/١٤٦، وابن کثيرفی البداية والنهاية، ٥/٤٥٧، وحسام الدين هندی فی کنز العمال، ١١/٦٠٢، رقم:٣٢٩٠٤۔

وَرُوِيَ هَذَالْحَدِيْثُ عَنْ مَالِكِ بْنِ حُوَيْرَثٍ فِي الْكُتُبِ الْآتِيَةِ:

الطبرانی فی المعجم الکبير، ١٩/٢٥٢، الرقم:٦٤٦، وابن عسکر، تاريخ دمشق الکبير، ٤٥: ١٧٧، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٩/١٠٦۔

النَّبِيِّ ﷺ، قَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.
وَقَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

وقد روى شعبة هذا الحديث عن ميمون أبي عبد الله عن زيد بن أرقم عن النبي ﷺ.

’’شعبہ، سلمہ بن کہیل سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے ابوطفیل سے سنا کہ ابوسریحہ ..... یا زید بن ارقم رضی اللہ عنہما..... (شعبہ کو راوی کے متعلق شک ہے) سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس کا میں مولا ہوں، اُس کا علی مولا ہے۔‘‘

شعبہ نے اس حدیث کو میمون ابوعبد اللہ سے، اُنہوں نے زید بن ارقم سے اور اُنہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کیا ہے۔

٦٨٢/ ٣٤۔ عَنْ جُمَيْعِ بْنِ عُمَيْرٍ التَّمِيْمِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ عَمَّتِي عَلَى عَائِشَةَ رضي الله عنها فَسُئِلَتْ أَيُّ النَّاسِ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ؟ قَالَتْ: فَاطِمَةُ، فَقِيْلَ: مِنَ الرِّجَالِ؟ قَالَتْ: زَوْجُهَا، إِنْ كَانَ مَا عَلِمْتُ صَوَّامًا قَوَّامًا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.
وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

’’جمیع بن عمر تمیمی بیان کرتے ہیں کہ میں اپنی پھوپھی کے ہمراہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا کہ لوگوں میں سے حضور نبی اکرم ﷺ کے ہاں کون زیادہ محبوب تھا؟ اُمُّ المومنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا: فاطمہ (سلام اللہ علیہا)۔ عرض کیا گیا: مردوں میں سے (کون زیادہ محبوب تھا؟) فرمایا: ان کے شوہر اور جہاں تک میں جانتی ہوں وہ بہت زیادہ روزے رکھنے والے اور راتوں کو عبادت کے لئے بہت قیام کرنے والے تھے۔‘‘

الحديث رقم ٣٤: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: فضل فاطمة بنتِ محمد ﷺ، ٥/ ٧٠١، الرقم: ٣٨٧٤، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٢٢/ ٤٠٣۔ ٤٠٤، الرقم: ١٠٠٨۔ ١٠٠٩، والحاكم فی المستدرك، ٣/ ١٧١، الرقم: ٤٧٤٤، وأبويعلى فی المعجم، ١/ ١٢٨، الرقم: ٢٣٥۔

٦٨٣/٣٥۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم قَالَ: لِعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رضی الله عنهم: أَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ، وَسِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

’’حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہم سے فرمایا: تم جس سے لڑو گے میں اُس کے ساتھ حالت جنگ میں ہوں اور جس سے تم صلح کرنے والے ہو میں بھی اُس سے صلح کرنے والا ہوں۔‘‘

٦٨٤/٣٦۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: لاَ يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ نَفْسِهِ وَأَهْلِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ وَعِتْرَتِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ عِتْرَتِهِ. وَذَاتِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ ذَاتِهِ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ.

’’حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ میں اس کے نزدیک اس کی جان سے بھی محبوب تر نہ ہو جاؤں اور میرے اہلِ بیت اسے اس کے اہل خانہ سے محبوب تر نہ ہو جائیں اور میری اولاد اسے اپنی اولاد سے بڑھ کر محبوب نہ ہو جائے اور میری ذات اسے اپنی ذات سے محبوب تر نہ ہو جائے۔‘‘

الحديث رقم ٣٥: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: المناقب عن رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم، باب: فضل فاطمة بنت محمد صلی الله عليه وآله وسلم، ٥/٦٩٩، الرقم: ٣٨٧٠، وابن ماجه فی السنن، المقدمة، باب: فضل الحسن والحسين ابنَيْ عَلِيّ بْنِ أبي طالِبٍ رضی الله عنهم، ١/٥٢، الرقم: ١٤٥، والحاكم فی المستدرك، ٣/١٦١، الرقم: ٤٧١٤، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٥/١٨٢، الرقم: ٥٠١٥، وفی المعجم الكبير، ٣/٤٠، الرقم: ٢٦٢٠، والصيداوی فی معجم الشيوخ، ١/١٣٣، الرقم: ٨٥۔

الحديث رقم ٣٦: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ٧/٧٥، الرقم: ٦٤١٦، وفی المعجم الأوسط، ٦/٥٩، الرقم: ٥٧٩٠، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٢/١٨٩، الرقم: ١٥٠٥، والديلمی فی مسند الفردوس، ٥/١٥٤، الرقم: ٧٧٩٥، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ١/٨٨۔

فَصْلٌ فِي مَنَاقِبِ الْخُلَفَاءِ وَصَحَابَةِ الرَّسُوْلِ ﷺ

﴿خلفائے راشدین اور صحابہ کرام ﷺ کے مناقب کا بیان﴾

الحديث رقم ٨٢: أخرجه أبو داود فی السنن، کتاب: البیوع، باب: فی الرهن، ٣: ٢٨٨، الرقم: ٣٥٢٧، والنسائی فی السنن الکبری، سورة یونس، ٦/ ٣٦٢، الرقم: ١١٢٣٦، والبیهقی فی شعب الایمان، ٦/ ٤٨٦، الرقم: ٨٩٩٨۔

قَوْمٌ تَحَابُّوْا بِرُوْحِ اللهِ عَلَى غَيْرِ أَرْحَامٍ بَيْنَهُمْ، وَلَا أَمْوَالٍ يَتَعَاطُوْنَهَا، فَوَاللهِ إِنَّ وُجُوْهَهُمْ لَنُوْرٌ وَإِنَّهُمْ لَعَلَى نُوْرٍ، لَا يَخَافُوْنَ إِذَا خَافَ النَّاسُ، وَلَا يَحْزَنُوْنَ إِذَا حَزِنَ النَّاسُ، وَقَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: ﴿أَلَا إِنَّ أَوْلِيَآءَ اللهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ○﴾. [يونس، ١٠: ٦٢].

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ.

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کے کچھ ایسے برگزیدہ بندے ہیں جو نہ انبیاء کرام ہیں نہ شہداء، قیامت کے دن انبیاء کرام علیہم السلام اور شہداء انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ مقام دیکھ کر اُن پر رشک کریں گے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ ہمیں ان کے بارے میں بتائیں کہ وہ کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ ایسے لوگ ہیں جن کی ایک دوسرے سے محبت صرف اللہ تعالیٰ کی خاطر ہوتی ہے نہ کہ رشتہ داری اور مالی لین دین کی وجہ سے۔ اللہ تعالیٰ کی قسم! ان کے چہرے نور ہوں گے اور وہ نور (کے منبروں) پر ہوں گے، انہیں کوئی خوف نہیں ہوگا جب لوگ خوفزدہ ہوں گے، انہیں کوئی غم نہیں ہوگا جب لوگ غم زدہ ہوں گے پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''خبردار! بیشک اولیاء اللہ پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ رنجیدہ و غمگین ہوں گے۔''

٧٣١ / ٨٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللهِ عِبَادًا لَيْسُوْا بِأَنْبِيَاءَ، يَغْبِطُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ وَالشُّهَدَاءُ. قِيْلَ: مَنْ هُمْ لَعَلَّنَا نُحِبُّهُمْ؟ قَالَ: هُمْ قَوْمٌ تَحَابُّوْا بِرُوْحِ اللهِ مِنْ غَيْرِ أَرْحَامٍ وَلَا إِنْتِسَابٍ، وُجُوْهُهُمْ نُوْرٌ عَلَى مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ، لَا يَخَافُوْنَ إِذَا خَافَ النَّاسُ، وَلَا يَحْزَنُوْنَ إِذَا حَزِنَ النَّاسُ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ○﴾ [يونس، ١٠: ٦٢].

الحديث رقم ٨٣: أخرجه ابن حبان فی الصحيح، ٢ / ٣٣٢، الرقم: ٥٧٣، وأبويعلی فی المسند، ١٠ / ٤٩٥، الرقم: ٦١١٠، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٦ / ٤٨٥، الرقم: ٨٩٩٧، ٨٩٩٩، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٤ / ١٢، الرقم: ٤٥٨٠۔

رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَأَبُوْيَعْلَى وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو انبیاء نہیں لیکن انبیاء کرام اور شہداء بھی ان پر رشک کریں گے۔ عرض کیا گیا: (یا رسول اللہ!) وہ کون لوگ ہیں (ہمیں ان کی صفات بتائیں)؟ تاکہ ہم بھی ان سے محبت کریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ ایسے بندے ہیں جو آپس میں بغیر کسی قرابت داری اور واسطہ کے محض اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت کرتے ہیں، ان کے چہرے پرنور ہوں گے اور وہ نور کے منبروں پر جلوہ افروز ہوں گے، انہیں کوئی خوف نہیں ہوگا جب لوگ خوفزدہ ہوں گے اور انہیں کوئی غم نہیں ہوگا جب لوگ غمزدہ ہوں گے پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''خبردار! بے شک اولیاء اللہ پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ رنجیدہ وغمگین ہوں گے۔''

٧٣٢ / ٨٤۔ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ رضي الله عنها قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَقُوْلُ: أَلاَ أُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ؟ قَالُوْا: بَلَى، يَارَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: خِيَارُكُمُ الَّذِيْنَ إِذَا رُؤُوْا، ذُكِرَ اللهُ عزوجل.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ وَالْبُخَارِيُّ فِي الأَدَبِ.

''حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: کیا میں تمہیں تم میں سے سب سے بہتر لوگوں کے بارے میں خبر نہ دوں؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیوں نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے بہتر لوگ وہ ہیں کہ جب انہیں دیکھا جائے تو اللہ تعالیٰ یاد آ جائے۔''

٧٣٣ / ٨٥۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَنْ

الحديث رقم ٨٤: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: من لا يؤبه له، ٢/١٣٧٩، الرقم: ٤١١٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦/٤٥٩، الرقم: ٢٧٦٤٠، والبخارى فى الأدب المفرد، ١/١١٩، الرقم: ٣٢٣، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٢٤/١٦٧، الرقم: ٤٢٣.

الحديث رقم ٨٥: أخرجه النسائى فى السنن الكبرى، سورة يونس، ٦/٣٦٢، الرقم: ١١٢٣٥، وابن المبارك فى كتاب الزهد، ١/٧٢، الرقم: ٢١٧، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ١٠/١٠٨، الرقم: ١٠٥، والحكيم الترمذى فى نوادر الأصول، ٢/٣٩، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١٠/٧٨.

أَوْلِيَاءِ اللهِ؟ فَقَالَ: الَّذِيْنَ إِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللهُ عَزَّوَجَلَّ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ.
وَقَالَ الْهَيْثَمِيُّ: رَوَاهُ الْبَزَّارُ وَوَثَّقَهُ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے اولیاء اللہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ لوگ (اولیاء اللہ ہیں) جنہیں دیکھنے سے اللہ یاد آ جائے۔‘‘

٧٣٤ / ٨٦۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ مِنَ النَّاسِ مَفَاتِيْحُ لِذِكْرِ اللهِ إِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللهُ.
رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ أَبِي الدُّنْيَا.

’’حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یقیناً بعض لوگ اللہ تعالیٰ کے ذکر کی کنجیاں ہوتے ہیں انہیں دیکھ کر اللہ تعالیٰ یاد آ جاتا ہے۔‘‘

٧٣٥ / ٨٧۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَا يُحِقُّ الْعَبْدُ حَقِيْقَةَ الإِيْمَانِ حَتَّى يَغْضَبَ لِلهِ وَيَرْضَى لِلهِ، فَإِذَا فَعَلَ ذَلِكَ، اسْتَحَقَّ حَقِيْقَةَ الإِيْمَانِ، وَإِنَّ أَحِبَّائِي وَأَوْلِيَائِي الَّذِيْنَ يُذْكَرُوْنَ بِذِكْرِي وَأُذْكَرُ بِذِكْرِهِمْ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بندہ

الحديث رقم ٨٦: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ١٠/٢٠٥، الرقم: ١٠٤٧٦، والبيهقی فی شعب الإيمان، ١/٤٥٥، الرقم: ٤٩٩، وابن أبی الدنيا فی كتاب الأولياء، ١/١٧، الرقم: ٢٦، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ١٠/٧٨، وَصَحَّحَهُ.
الحديث رقم ٨٧: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ١/٢٠٣، الرقم: ٦٥١، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/٤٣٠، الرقم: ١٥٦٣٤، وابن رجب فی جامع العلوم والحكم، ١/٣٦٥، وابن أبي الدنيا فی كتاب الأولياء، ١/١٥، الرقم: ١٩، والديلمی فی مسند الفردوس، ٥/١٥٢، الرقم: ٧٧٨٩، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٤/١٤، الرقم: ٤٥٨٩، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ١/٥٨۔

اس وقت تک ایمان کی حقیقت کو نہیں پا سکتا جب تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کے لئے ہی (کسی سے) ناراض اور اللہ تعالیٰ کے لئے ہی (کسی سے) راضی نہ ہو (یعنی اس کی رضا کا مرکز و محور فقط ذاتِ الٰہی ہو جائے) اور جب اس نے یہ کام کر لیا تو اس نے ایمان کی حقیقت کو پا لیا، اور بے شک میرے احباب اور اولیاء وہ لوگ ہیں کہ میرے ذکر سے ان کی یاد آ جاتی ہے اور ان کے ذکر سے میری یاد آ جاتی ہے (یعنی میرا ذکر ان کا ذکر ہے اور ان کا ذکر میرا ذکر ہے)۔‘‘

٧٣٦/٨٨۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی الله عنه عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضی الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ: إِنَّ يَسِيْرَ الرِّيَاءِ شِرْكٌ، وَ إِنَّ مَنْ عَادَى لِلهِ وَلِيًّا، فَقَدْ بَارَزَ اللهَ بِالْمُحَارَبَةِ. إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْأَبْرَارَ الْأَتْقِيَاءَ الْأَخْفِيَاءَ، الَّذِيْنَ إِذَا غَابُوْا لَمْ يُفْتَقَدُوْا، وَإِنْ حَضَرُوْا لَمْ يُدْعَوْا وَلَمْ يُعْرَفُوْا. قُلُوْبُهُمْ مَصَابِيْحُ الْهُدَى يَخْرُجُوْنَ مِنْ كُلِّ غَبْرَاءَ مُظْلِمَةٍ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت عمر بن خطاب رضی الله عنه حضرت معاذ بن جبل رضی الله عنه سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: بے شک معمولی دکھاوا بھی شرک ہے اور جس نے اولیاء اللہ سے دشمنی کی تو اس نے اللہ تعالیٰ سے اعلان جنگ کیا، بے شک اللہ تعالیٰ ان نیک متقی لوگوں کو محبوب رکھتا ہے جو چھپے رہتے ہیں، اگر وہ غائب ہو جائیں تو انہیں تلاش نہیں کیا جاتا اور اگر وہ موجود ہوں تو انہیں (کسی بھی مجلس میں یا کام کے لئے) بلایا نہیں جاتا اور نہ ہی انہیں پہچانا جاتا ہے، ان کے دل ہدایت کے چراغ ہیں ایسے لوگ ہر طرح کی آزمائش اور تاریک فتنے سے (بخیر و عافیت) نکل جاتے ہیں۔‘‘

الحديث رقم ٨٨: أخرجه ابن ماجه فی السنن، كتاب: الفتن، باب: من ترجى له السلامة من الفتن، ٢/١٣٢٠، الرقم: ٣٩٨٩، والحاكم فی المستدرك، ١/٤٤، الرقم: ٤، ٤/٣٦٤، الرقم: ٧٩٣٣، والطبرانی فی المعجم الصغير، ٢/١٢٢، الرقم: ٨٩٢، والديلمی فی مسند الفردوس، ٥/٥٤٨، الرقم: ٩٠٤٩، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ١/٣٤، الرقم: ٤٩.

٧٣٧/ ٨٩۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَيُّ جُلَسَائِنَا خَيْرٌ؟ قَالَ: مَنْ ذَكَرَكُمُ اللهَ رُؤْيَتُهُ وَزَادَ فِي عِلْمِكُمْ مَنْطِقُهُ وَذَكَرَكُمْ بِالْآخِرَةِ عَمَلُهُ. رَوَاهُ أَبُوْيَعْلَى وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَنَحْوَهُ أَبُوْنُعَيْمٍ.

’’حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! ہمارے بہترین ہم نشین کون لوگ ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایسا ہم نشین جس کا دیکھنا تمہیں اللہ تعالیٰ کی یاد دلائے اور جس کی گفتگو تمہارے علم میں اضافہ کرے اور جس کا عمل تمہیں آخرت کی یاد دلائے۔‘‘

الحديث رقم ٨٩: أخرجه أبو يعلى فى المسند، ٤/٣٢٦، الرقم: ٢٤٣٧، وعبد بن حميد فى المسند، ١/٢١٣، الرقم: ٦٣١، وأبونعيم فى حلية الأولياء، ٧/٤٦، وابن المبارك فى الزهد، ١/١٢١، الرقم: ٣٥٥، وابن أبى الدنيا فى الأولياء، ١/١٧، الرقم: ٢٥، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١/٦٣، الرقم: ١٦٣، والهندى فى كنز العمال، ٩/٢٨، ٣٧، الرقم: ٢٤٧٦٤، ٢٤٨٢٠، والحسينى فى البيان والتعريف، ٢/٣٩، الرقم: ٩٩٤، والزرقانى في شرحه، ٤/٥٥٣، والمناوى فى فيض القدير، ٣/٤٦٧۔

فَصْلٌ فِي مَا أَعَدَّهُ اللهُ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ لِعِبَادِهِ الصَّالِحِيْنَ

﴿صالحین کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے تیار کردہ تسکینِ چشم و جاں کا بیان﴾

٧٣٨/ ٩٠۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: قَالَ اللهُ عزوجل: أَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِيْنَ: مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ فَاقْرَؤُوْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾ [السجدة، ٣٢:١٧].

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل کا

الحديث رقم ٩٠: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: بدء الخلق، باب: ماجاء فی صفة الجنة وأنها مخلوقة، ٣/١١٨٥، الرقم: ٣٠٧٢، وفی كتاب: التفسير/ السجدة، باب: قوله: فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ:[١٧]، ٤/١٧٩٤، الرقم: ٤٥٠١۔ ٤٥٠٢، وفی كتاب: التوحيد، باب: قوله تعالى: يُرِيْدُوْنَ أَنْ يُبَدِّلُوْا كَلَامَ اللّٰهِ: [الفتح: ١٥]، ٦/٢٧٢٣، الرقم: ٧٠٥٩، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الجنة وصفة نعيمها، باب: (٥١)، ٤/١٢٧٤۔٢١٧٥، الرقم: ٢٨٢٤، والترمذی فی السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم، باب: ومن سورة السجدة، ٥/٣٤٦، الرقم: ٣١٩٧، وفی باب: ومن سورة الواقعة، ٥/٤٠٠، الرقم: ٣٢٩٢، وقال أبو عيسى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة الجنة، ٢/١٤٤٧، الرقم: ٤٣٢٨، والنسائی فی السنن الكبرى، ٦/٣١٧، الرقم: ١١٠٨٥، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٤٣٨، الرقم: ١٠٤٢٨، ٩٦٤٧، ٢٢٨٧٧، وابن حبان فی الصحيح، ٢/٩١، الرقم: ٣٦٩، والحاكم فی المستدرك، ٢/٤٤٨، الرقم: ٣٥٤٩۔ ٣٥٥٠، وقال الحاكم: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ۔

فرمان ہے: میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے ایسی نعمتیں تیار کی ہیں جنہیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہے، نہ کسی کان نے سنا ہے اور نہ کسی فرد بشر کے دل میں ان کا خیال آیا ہے۔ چاہتے ہو تو پڑھو: ''سو کسی کو معلوم نہیں جو آنکھوں کی ٹھنڈک ان کے لئے پوشیدہ رکھی گئی ہے، یہ ان (اعمالِ صالحہ) کا بدلہ ہوگا جو وہ کرتے رہے تھے۔''

٧٣٩ / ٩١۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه: قَالَ: رَسُوْلُ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ اللهَ عزوجل يَقُوْلُ لِأَهْلِ الْجَنَّةِ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: لَبَّيْکَ رَبَّنَا وَسَعْدَيْکَ، وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْکَ، فَيَقُوْلُ: هَلْ رَضِيْتُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: وَمَا لَنَا لَا نَرْضَى يَا رَبِّ وَقَدْ أَعْطَيْتَنَا مَا لَمْ تُعْطِ أَحَدًا مِنْ خَلْقِکَ، فَيَقُوْلُ: أَلَا أُعْطِيْکُمْ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِکَ، فَيَقُوْلُوْنَ: يَا رَبِّ، وَأَيُّ شَيْءٍ أَفْضَلُ مِنْ ذٰلِکَ؟ فَيَقُوْلُ: أُحِلُّ عَلَيْکُمْ رِضْوَانِي؟ فَلَا أَسْخَطُ عَلَيْکُمْ بَعْدَهُ أَبَدًا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل جنتیوں سے فرمائیں گے: اے جنتیو! وہ کہیں گے: ''اے ہمارے پروردگار ہم تیرے حکم کے سامنے بار بار سرِ تسلیم خم کر کے دوہری سعادت چاہتے ہیں اور ہر قسم کی بھلائی تیرے اختیار میں ہے۔'' تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تم خوش ہو؟ وہ کہیں گے اے رب! ہم خوش کیوں نہ ہوں تو نے ہمیں وہ کچھ عطا کیا ہے جو مخلوق میں سے کسی کو نہیں دیا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا

الحديث رقم ٩١: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: صفة الجنة والنار، ٥/٢٣٩٨، الرقم: ٦١٨٣، وفی كتاب: التوحيد، باب: كلام الرب مع أهل الجنة، ٦/٢٧٣٢، الرقم: ٧٠٨٠، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الجنة وصفة نعيمها، باب: إحلال الرضوان على أهل الجنة، ٤/٢١٧٦، الرقم: ٢٨٢٩، والترمذي فی السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول الله ﷺ، باب: (١٨)، والنسائی فی السنن الكبرى، ٤/٤١٦، الرقم: ٧٧٤٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/٨٨، الرقم: ١١٨٥٣، وابن حبان فی الصحيح، ١٦/٤٧٠، الرقم: ٧٤٤٠، وابن المبارك فی الزهد، ١/١٢٩، الرقم: ٤٣٠، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٤/٣١٣، الرقم: ٥٧٥٠.

میں تمہیں اس سے بہتر نہ عطا کروں؟ وہ کہیں گے اس سے بہتر کیا ہوسکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے اپنی رضا وخوشنودی تمہیں دے دی۔ اب کے بعد میں تم پر کبھی ناراض نہیں ہوگا۔‘‘

٧٤٠/ ٩٢۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَسُوْقًا يَأْتُوْنَهَا كُلَّ جُمُعَةٍ فَتَهُبُّ رِيْحُ الشِّمَالِ فَتَحْثُوْ فِي وُجُوْهِهِمْ وَثِيَابِهِمْ. فَيَزْدَادُوْنَ حُسْنًا وَجَمَالًا، فَيَرْجِعُوْنَ إِلَى أَهْلِيْهِمْ وَقَدِ ازْدَادُوْا حُسْنًا وَجَمَالاً. فَيَقُوْلُ لَهُمْ أَهْلُوْهُمْ: وَاللهِ، لَقَدِ ازْدَدْتُمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَجَمَالًا. فَيَقُوْلُوْنَ: وَأَنْتُمْ، وَاللهِ لَقَدْ ازْدَدْتُمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَجَمَالًا.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالدَّارِمِيُّ.

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایک ایسا بازار ہے جس میں لوگ ہر جمعہ کے روز آئیں گے، شمالی جانب سے ہوا چلے گی اور ان کے کپڑوں اور چہروں پر لگے گی جس سے ان کا حسن و جمال بڑھ جائے گا۔ جب وہ اپنے گھر والوں کے پاس واپس جائیں گے تو ان کا حسن و جمال بڑھا ہوا دیکھ کر وہ کہیں گے: اللہ کی قسم! ہم سے دور جا کر تمہارا حسن و جمال بڑھ گیا ہے اور یہ ان سے کہیں گے کہ اللہ کی قسم! ہمارے بعد تمہارا بھی حسن و جمال بڑھ گیا ہے۔‘‘

٧٤١/ ٩٣۔ عَنْ صُهَيْبٍ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ

الحديث رقم ٩٢: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: صفة الجنة ونعيمها، باب: فى سوق الجنة وما ينالون فيها من النعيم والجمال، ٤/ ٢١٧٨، الرقم: ٢٨٣٣، والدارمى فى السنن، ٢/ ٤٣٦، الرقم: ٢٨٤١، وابن المبارك فى الزهد، ١/ ٥٢٤، الرقم: ١٤٩١، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/ ٣٠١، الرقم: ٥٧٢٧۔

الحديث رقم ٩٣: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: إثبات رؤية المؤمنين فى الآخرة ربهم، ١/ ١٦٣، الرقم: ١٨١، والترمذي فى السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ومن سورة يونس، ٥/ ٢٨٦، الرقم: ٣١٠٥، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/ ٣٣٢، وعبد الله بن أحمد فى السنة، ١/ ٢٤٥، الرقم: ٤٤٩، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/ ٣٠٩، الرقم: ٥٧٤٤۔

الْجَنَّةَ، قَالَ: يَقُوْلُ اللهُ ﷻ: تُرِيْدُوْنَ شَيْئًا أَزِيْدُكُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: أَلَمْ تُبَيِّضْ وُجُوْهَنَا؟ أَلَمْ تُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَتُنَجِّنَا مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: فَيُكْشِفُ الْحِجَابَ فَمَا أُعْطُوْا شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ إِلَى رَبِّهِمْ ﷻ ثُمَّ تَلاَ هَذِهِ الآيَةَ: ﴿لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى وَ زِيَادَةٌ﴾ [يونس، ١٠:٢٦].

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

’’حضرت صہیب ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب جنتی جنت میں داخل ہوجائیں گے، اللہ ﷻ فرمائے گا: تم کچھ اور چاہتے ہو تو میں تمہیں دوں؟ وہ عرض کریں گے: (اے ہمارے رب! کیا تو نے ہمارے چہرے منور نہیں کر دیئے کیا تو نے ہمیں جنت میں داخل نہیں کر دیا اور ہمیں دوزخ سے نجات نہیں دی۔ فرمایا: اس کے بعد اللہ تعالیٰ پردہ اٹھادے گا، انہیں اپنے پروردگار کے دیدار سے بہتر کوئی چیز نہیں ملی ہو گی پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ’’ایسے لوگوں کے لئے جو نیک کام کرتے ہیں نیک جزا ہے (بلکہ) اس پر اضافہ بھی ہے۔‘‘

٧٤٢/ ٩٤۔ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ أَنَّهُ لَقِيَ أَبَا هُرَيْرَةَ ﷺ فَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ ﷺ: أَسْأَلُ اللهَ أَنْ يَجْمَعَ بَيْنِي وَبَيْنَکَ فِي سُوْقِ الْجَنَّةِ، فَقَالَ سَعِيْدٌ: أَوَ فِيْهَا سُوْقٌ؟ قَالَ: نَعَمْ أَخْبَرَنِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ إِذَا دَخَلُوْهَا نَزَلُوْا فِيْهَا بِفَضْلِ أَعْمَالِهِمْ، فَيُؤْذَنُ لَهُمْ فِي مِقْدَارِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ مِنْ أَيَّامِ الدُّنْيَا فَيَزُوْرُوْنَ رَبَّهُمْ، وَ يُبْرِزُ لَهُمْ عَرْشَهُ.

قَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَهَلْ نَرَى رَبَّنَا؟ قَالَ: نَعَمْ،

الحديث رقم ٩٤: أخرجه الترمذی، کتاب: صفة الجنة، عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فی سوق الجنة، ٤/٦٨٥، الرقم: ٢٥٤٩، وابن ماجه فی السنن، کتاب: الزهد، باب: صفة الجنة، ٢/١٤٥٠، الرقم: ٤٣٣٦، وابن حبان فی الصحيح، ١٦/٤٦٤۔ ٤٦٧، الرقم: ٧٤٣٧، وابن أبی عاصم فی السنة، ١/٢٥٨، الرقم: ٥٨٥۔ ٥٨٦، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٤/٣٠١، الرقم: ٥٧٢٨۔

هَلْ تَتَمَارَوْنَ فِي رُؤْيَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ قُلْنَا: لَا، قَالَ: كَذٰلِکَ لَا تَتَمَارَوْنَ فِي رُؤْيَةِ رَبِّکُمْ ﷻ وَلَا يَبْقَى فِي ذٰلِکَ الْمَجْلِسِ رَجُلٌ إِلَّا حَاضَرَهُ اللهُ مُحَاضَرَةً.....

ثُمَّ نَنْصَرِفُ إِلَى مَنَازِلِنَا، فَيَتَلَقَّانَا أَزْوَاجُنَا فَيَقُلْنَ: مَرْحَبًا وَأَهْلًا لَقَدْ جِئْتَ وَإِنَّ بِکَ مِنَ الْجَمَالِ وَالطِّيْبِ أَفْضَلُ مِمَّا فَارَقْتَنَا عَلَيْهِ، فَيَقُوْلُ: إِنَّا جَالَسْنَا الْيَوْمَ رَبَّنَا الْجَبَّارَ (ﷻ)، وَيَحِقُّ لَنَا أَن نَنْقَلِبَ بِمِثْلِ مَا انْقَلَبْنَا.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کی ملاقات حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو انہوں نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھے اور آپ کو جنت کے بازار میں اکٹھا کردے۔ سعید کہنے لگے: کیا جنت میں کوئی بازار بھی ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتایا ہے کہ جب جنتی جنت میں داخل ہوجائیں گے تو وہ اپنے عملوں کی برتری کے لحاظ سے مراتب حاصل کریں گے۔ دنیا کے جمعہ کے روز کے برابر انہیں اجازت دی جائے گی کہ وہ اللہ تعالیٰ کا دیدار کریں گے۔ اور وہ ان کے لیے اپنا عرش ظاہر کرے گا.....''

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا ہم اپنے پروردگار کا دیدار کریں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں، کیا تم سورج اور چودھویں کے چاند کو دیکھنے میں کوئی شک کرتے ہو؟ ہم نے عرض کیا: نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسی طرح تم اپنے پروردگار کے دیدار میں کوئی شک نہیں کروگے۔ اس محفل میں کوئی ایسا شخص نہیں ہوگا جس سے اللہ تعالیٰ براہِ راست گفتگو نہ فرمائے۔.....''

''انہوں نے کہا کہ پھر ہم واپس اپنے گھروں میں آجائیں گے۔ ہماری بیویاں ہمارا استقبال کریں گی اور کہیں گی خوش آمدید، خوش آمدید، تم واپس آئے ہو، تو تمہارا حسن و جمال ہم سے جدا ہوتے وقت سے بڑھ گیا ہے۔ وہ کہے گا: آج ہماری مجلس ہمارے رب جبار سے ہوئی ہے۔ ہم اسی (خوبصورت) شکل وصورت میں تبدیل ہونے کے حق دار تھے۔''

٧٤٣ / ٩٥۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ أَحَاطَ حَائِطَ الْجَنَّةِ لَبِنَةً مِنْ ذَهَبٍ وَلَبِنَةً مِنْ فِضَّةٍ ثُمَّ شَقَّقَ فِيْهَا الْأَنْهَارَ وَغَرَسَ الْأَشْجَارَ فَلَمَّا نَظَرَتِ الْمَلَائِكَةُ إِلَى حُسْنِهَا قَالَتْ: طُوْبَى لَكِ مَنَازِلَ الْمُلُوْكِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَزَّارُ وَأَحْمَدُ مُخْتَصَرًا.

’’حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ عَزَّوَجَلَّ نے جنت کی بیرونی دیوار اس طرح بنائی ہے کہ اس کی ایک اینٹ سونے کی ہے اور ایک چاندی کی پھر اس میں نہریں چلائیں اور درخت لگائے۔ جب فرشتوں نے اس کی خوب صورتی کو دیکھا تو انہوں نے کہا: اے (روحانیت اور ولایت کے) بادشاہوں کی جائے قرار! تجھے مبارک ہو۔‘‘

٧٤٤ / ٩٦۔ عَنْ حُذَيْفَةَ ﷺ في رواية طويلة قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: فَيَكُوْنُ أَوَّلُ مَا يَسْمَعُوْنَ مِنْهُ أَنْ يَقُوْلَ أَيْنَ عِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَطَاعُوْنِي بِالْغَيْبِ وَلَمْ يَرَوْنِي وَصَدَّقُوْا رُسُلِي وَاتَّبَعُوْا امْرِي فَسَلُوْنِي فَهَذَا يَوْمُ الْمَزِيْدِ قَالَ: فَيَجْتَمِعُوْنَ عَلَى كَلِمَةٍ وَاحِدَةٍ رَبِّ! رَضِيْنَا عَنْكَ فَارْضَ

الحديث رقم ٩٥: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٣٦٢، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٣/٧٤، الرقم: ٢٥٣٢، والحميدى مختصرا فى المسند، ٢/٤٨٦، الرقم: ١١٥٠، والبزار فى المسند (كشف الأستار)، ٤/١٨٩، والهيثمى فى مجمع الزوائد ١٠/٣٩٧، وقال: رواه البزار مرفوعا وموقوفا، والطبراني في الأوسط ورجال الموقوف رجال الصحيح، والديلمى فى مسند الفردوس، ١/١٧٨، الرقم: ٦٦٤: ٢/١١٥، الرقم: ٢٦٠٥، وابن المبارك فى الزهد، ١/٥١٢، الرقم: ١٤٥٧، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/٢٨٢، الرقم: ٥٦٥٠۔ وقال: أخرجه البيهقى۔

الحديث رقم ٩٦: أخرجه البزار فى المسند، ٧/٢٨٨، الرقم: ٢٨٨١، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٤/٣١١، الرقم: ٥٧٤٨، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١٠/٤٢٢۔

عَنَّا قَالَ: فَيَرْجِعُ اللهُ تَعَالَى فِي قَوْلِهِمْ أَنْ يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ إِنِّي لَوْ لَمْ أَرْضَ عَنْكُمْ لَمَا أَسْكَنْتُكُمْ جَنَّتِي فَسَلُونِي فَهَذَا يَوْمُ الْمَزِيْدِ قَالَ: فَيَجْتَمِعُوْنَ عَلَى كَلِمَةٍ وَاحِدَةٍ رَبِّ وَجْهَکَ أَرِنَا نَنْظُرُ إِلَيْهِ قَالَ: فَكَشَفَ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى تِلْکَ الْحُجُبَ وَيَتَجَلَّى لَهُمْ شَيْءٌ لَوْ لَا أَنَّهُ قَضَى عَلَيْهِمْ أَنْ لَا يَحْتَرِقُوْا لَاحْتَرَقُوْا مِمَّا غَشِيَهُمْ مِنْ نُوْرِهِ فَيَغْشَاهُمْ مِنْ نُوْرِهِ.

قَالَ: فَيَرْجِعُونَ إِلَى مَنَازِلِهِمْ وَقَدْ خَفُوْا عَلَى أَزْوَاجِهِمْ وَخَفِيْنَ عَلَيْهِمْ مِمَّا غَشِيَهُمْ مِنْ نُوْرِهِ تبارك وتعالى فَإِذَا صَارُوْا إِلَى مَنَازِلِهِمْ تَرَادَّ النُّوْرُ وَأَمْكَنَ وَتَرَادَّ وَأَمْكَنَ حَتَّى يَرْجِعُوْا إِلَى صُوَرِهِمُ الَّتِي كَانُوْا عَلَيْهَا قَالَ: فَيَقُوْلُ لَهُمْ أَزْوَاجُهُمْ: لَقَدْ خَرَجْتُمْ مِنْ عِنْدِنَا عَلَى صُوْرَةٍ وَ رَجَعْتُمْ عَلَى غَيْرِهَا قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: ذَلِکَ بِأَنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى تَجَلَّى لَنَا فَنَظَرْنَا مِنْهُ إِلَى مَا خَفِيْنَا بِهِ عَلَيْكُمْ قَالَ: فَلَهُمْ فِي كُلِّ سَبْعَةِ أَيَّامٍ الضِّعْفُ عَلَى مَا كَانُوْا قَالَ: وَذَلِکَ قَوْلُهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ○﴾ [السجدة، ٣٢:١٧]. رَوَاهُ الْبَزَّارُ.

’’حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے ایک طویل روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو سب سے پہلی بات سنیں گے، وہ یہ ہوگی کہ اللہ تعالیٰ فرمائے گا میرے وہ بندے کہاں ہیں جنہوں نے مجھے دیکھے بغیر میری اطاعت کی اور میرے رسولوں کی تصدیق کی اور میرا حکم مانا؟ تم مجھ سے مانگو یہ یوم المزید (یعنی میرے لطف و کرم کی بے بہا بارشوں کا دن) ہے وہ تمام لوگ ایک بات پر اتفاق کریں گے کہ اے رب! ہم تجھ سے خوش ہیں، تو ہم سے خوش ہو جا۔ اللہ تعالیٰ ان سے دوبارہ فرمائے گا: اے جنتیو! اگر میں تم سے راضی نہ ہوتا تو میں تمہیں جنت میں نہ ٹھہراتا۔ تم مجھ سے مانگو یہ یوم المزید ہے۔ وہ بیک آواز کہیں گے اے رب! ہمیں اپنا چہرہ انور دکھا، ہم تیرا دیدار کرلیں۔ اللہ تعالیٰ وہ پردے اٹھادے گا اور ان کے سامنے ایک چیز جلوہ افروز ہوگی اگر اللہ تعالیٰ نے ان کے متعلق یہ فیصلہ نہ کیا ہوتا کہ وہ

جلیں گے نہیں تو وہ اس کے نور کی وجہ سے جل بھی جائیں، اس کے بعد اس کا نور ان پر سایہ فگن ہو جائے گا.....۔

وہ اپنے ٹھکانوں کی طرف آجائیں گے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے حاصل ہونے والے نور سے ان کی بیویاں ان کے متعلق لاعلم ہوں گی اور وہ ان کے متعلق لاعلم ہوں گے، جب وہ گھر پہنچیں گے تو نور بڑھتا جائے گا اور پختہ ہوتا جائے گا۔ یہاں تک کہ وہ اپنی ان شکلوں کی طرف لوٹ آئیں گے جن میں وہ پہلے تھے۔ ان کی بیویاں ان سے کہیں گی تم جس شکل و صورت میں ہمارے ہاں سے گئے تھے اس کے علاوہ شکل و صورت میں واپس ہوئے۔ وہ کہیں گے اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ ہمارے سامنے جلوہ افروز ہوا اور ہم نے اس کا دیدار کیا تو ہماری شکلیں تم سے مخفی رہ گئیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ہر سات روز میں انہیں اس سے دوگنا (دیدار) نصیب ہو گا اور یہی بات اللہ عزوجل کے اس فرمان میں ہے: ''سو کسی کو معلوم نہیں جو آنکھوں کی ٹھنڈک ان کے لئے پوشیدہ رکھی گئی ہے، یہ ان (اعمالِ صالحہ) کا بدلہ ہوگا جو وہ کرتے رہے تھے۔''

اَلْبَابُ الثَّانِي عَشَرَ:

شَرَفُ هَذِهِ الْأُمَّةِ

﴿اُمتِ محمدیہ کا عزّ و شرف﴾

١. فَصْلٌ فِي شَرَفِ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

﴿اُمتِ محمدیہ کے شرف کا بیان﴾

٢. فَصْلٌ فِي فَضْلِ آخِرِ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

﴿آخری زمانہ میں اُمتِ محمدیہ کی فضیلت کا بیان﴾

٣. فَصْلٌ فِي أَنَّ هَذِهِ الْأُمَّةَ لَا تَجْتَمِعُ عَلَى الضَّلَالَةِ

﴿اس اُمت کے کبھی بھی گمراہی پر جمع نہ ہونے کا بیان﴾

٤. فَصْلٌ فِي أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ لَا يَخْشَى عَلَى أُمَّتِهِ أَنْ تُشْرِكَ بَعْدَهُ

﴿حضور ﷺ کو اپنے بعد اُمت کے شرک میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ تھا﴾

٥. فَصْلٌ فِي بَعْثِ الْأَئِمَّةِ الْمُجَدِّدِيْنَ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ

﴿اس اُمت میں ائمہ مجددین کے بھیجے جانے کا بیان﴾

فَصْلٌ فِي شَرَفِ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

﴿اُمتِ محمدیہ کے شرف کا بیان﴾

٨٠١ / ١۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الْأُمَمُ، فَأَجِدُ النَّبِيَّ يَمُرُّ مَعَهُ الْأُمَّةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ النَّفَرُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الْعَشَرَةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الْخَمْسَةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ وَحْدَهُ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ كَثِيْرٌ، قُلْتُ: يَا جِبْرِيْلُ، هَؤُلَاءِ أُمَّتِي؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنِ انْظُرْ إِلَى الْأُفُقِ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ كَثِيْرٌ، قَالَ: هَؤُلَاءِ أُمَّتُکَ، وَهَؤُلَاءِ سَبْعُوْنَ أَلْفًا قُدَّامَهُمْ لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ وَلَا عَذَابَ، قُلْتُ: وَلِمَ؟ قَالَ: كَانُوْ لَا يَكْتَوُوْنَ، وَلَا يَسْتَرْقُوْنَ، وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ. فَقَامَ إِلَيْهِ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ فَقَالَ: ادْعُ اللهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ. ثُمَّ

الحديث الرقم ١: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: يدخل الجنّة سبعون ألفا بغير حسابٍ، ٥ / ٢٣٩٦، الرقم: ٦١٧٥، وفی كتاب: الطب، باب: مَنِ اكْتَوَى أو كَوَى غيرَهُ، وفضل من لم يَكْتَوِ، ٥ / ٢١٥٧، الرقم: ٥٣٧٨، وفی كتاب: الطب، باب: من لَمْ يَرْقِ، ٥ / ٢١٧٠، الرقم: ٥٤٢٠، وفی كتاب: الأنبياء، باب: وفاة موسى ونكرِهِ بعدُ، ٣ / ١٢٥١، الرقم: ٣٢٢٩، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: الدليل على دخول طوائف من المسلمين الجنة بغير حساب ولا عذاب، ١ / ١٧٩۔ ١٩٩، الرقم: ٢١٦۔ ٢٢٠، والترمذی فی السنن، كتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: (١٦)، ٤ / ٦٣١، الرقم: ٢٤٤٦، والنسائی فی السنن الكبرى، ٤ / ٣٧٨، الرقم: ٧٦٠٤، وابن حبان فی الصحيح، ١٣ / ٤٤٧۔ ٤٤٨، الرقم: ٦٠٨٤، ٦٤٣٠، والدارمی فی السنن، ٢ / ٤٢٢، الرقم: ٢٨٠٧، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١ / ٢٧١، الرقم: ٢٤٤٨، وأبو يعلى فی المسند، ٩ / ٢٣٣، الرقم: ٥٣٤٠، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١٨ / ٢٤١، الرقم: ٦٠٥۔

قَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ آخَرُ قَالَ: زادُعُ اللهَ أَنْ يَّجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ: سَبَقَکَ بِهَا عُكَّاشَةُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھ پر (تمام) امتیں پیش کی گئیں پس ایک نبی گزرنے لگا اور اس کے ساتھ اس کی امت تھی ایک نبی ایسا بھی گزرا کہ اس کے ساتھ چند افراد تھے، ایک نبی کے ساتھ دس آدمی، ایک نبی کے ساتھ پانچ آدمی، ایک نبی صرف تنہا، میں نے نظر دوڑائی تو ایک بڑی جماعت نظر آئی میں نے پوچھا: اے جبرئیل! کیا یہ میری امت ہے؟ عرض کیا: نہیں، بلکہ (یا رسول اللہ!) آپ افق کی جانب توجہ فرمائیں، میں نے دیکھا تو وہ بہت ہی بڑی جماعت تھی۔ عرض کیا: یہ آپ کی امت ہے اور یہ جو ستر ہزار ان کے آگے ہیں ان کے لئے نہ حساب ہے نہ عذاب، میں نے پوچھا: کس وجہ سے؟ انہوں نے کہا: یہ لوگ داغ نہیں لگواتے تھے، غیر شرعی جھاڑ پھونک نہیں کرتے تھے، شگون نہیں لیتے تھے اور اپنے رب پر (کامل) بھروسہ رکھتے تھے۔ حضرت عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر عرض کیا: (یا رسول اللہ!) اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے بھی ان لوگوں میں شامل فرما لے۔ آپ ﷺ نے دعا فرمائی: اے اللہ، اسے ان لوگوں میں شامل فرما۔ پھر دوسرا آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا: (یا رسول اللہ!) اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ مجھے بھی ان میں شامل فرما لے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: عکاشہ تم سے سبقت لے گیا۔‘‘

٢/٨٠٢۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي قُبَّةٍ، فَقَالَ:

الحديث الرقم ٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الرقاق، باب: كيف الحشر، ٥/٢٣٩٢، الرقم: ٦١٦٣، وفی كتاب: الأيمان والنذور، باب: كيف كانت يمين النبي ﷺ، ٦/٢٤٤٨، الرقم: ٦٢٦٦، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: كون هذه الأمة نصف أهل الجنة، ١/٢٠٠، الرقم: ٢٢١، والترمذی فی السنن، كتاب: صفة الجنة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فی صف أهل الجنة، ٤/٦٨٤، الرقم: ٢٥٤٧، وَ قَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْح، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد ﷺ، ٢/١٤٣٢، الرقم: ٤٢٨٣، والنسائی فی السنن الكبرى، ٦/٤٠٩، الرقم: ١١٣٣٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/٣٨٦، الرقم: ٣٦٦١، والبزار فی المسند، ٥/٢٣٧، الرقم: ١٨٥٠۔

أَتَرْضَوْنَ أَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ. قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، إِنِّي لَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا نِصْفَ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَذٰلِکَ أَنَّ الْجَنَّةَ لَا يَدْخُلُهَا إِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ، وَمَا أَنْتُمْ فِي أَهْلِ الشِّرْکِ إِلَّا کَالشَّعْرَةِ الْبَيْضَاءِ فِي جِلْدِ الثَّوْرِ الْأَسْوَدِ، أَوْ کَالشَّعْرَةِ السَّوْدَاءِ فِي جِلْدِ الثَّوْرِ الْأَحْمَرِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ ہم ایک قبہ (یعنی مکان) میں تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس بات پر راضی ہو کہ اہلِ جنت کا تہائی حصہ تم (میں سے) ہو؟ ہم نے عرض کیا: ہاں۔ فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد مصطفیٰ کی جان ہے! مجھے امید ہے کہ تم (تعداد میں) اہل جنت میں سے نصف ہو گے اور وہ یوں کہ جنت میں مسلمان کے سوا کوئی داخل نہیں ہو گا اور مشرکوں کے مقابلے میں تم یوں ہو جیسے کالے بیل کی جلد پر ایک سفید بال یا سرخ بیل کی جلد پر ایک کالا بال۔''

٨٠٣/٣۔ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ رضي الله عنهما عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِائَةُ صَفٍّ، ثَمَانُوْنَ مِنْهَا مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ، وَأَرْبَعُوْنَ مِنْ سَائِرِ الْأُمَمِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَقَالَ الْحَاکِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

الحديث الرقم ٣: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: صفة الجنة عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ما جاء فی کم صَفّ أهل الجنّة، ٤/٦٨٣، الرقم: ٢٥٤٦، وابن ماجه فی السنن، کتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ٢/١٤٣٤، الرقم: ٤٢٨٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/٣٤٧، الرقم: ٢٢٩٩٠، ٢٣٠٥٢، ٢٣١١١، والدارمی فی السنن، ٢/٤٣٤، الرقم: ٢٨٣٥، وابن حبان فی الصحيح، ١٦/٤٩٨، الرقم: ٧٤٥٩، والبزار فی المسند، ٥/٣٦٨، الرقم: ١٩٩٩، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦/٣١٥، الرقم: ٣١٧١٣، والحاکم فی المستدرک، ١/١٥٥، الرقم: ٢٧٣، والطبرانی فی المعجم الصغير، ١/٦٧، الرقم: ٨٢، فی المعجم الأوسط، ٢/٧٧، الرقم: ١٣١٠، وفی المعجم الکبير، ١٠/١٨٤، الرقم: ١٠٣٩٨، وأبويعلی فی المعجم، ١/١٨٣، الرقم: ٢١١۔

’’حضرت سلیمان بن بریدہ رضی اللہ عنہما نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جنتیوں کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی جن میں سے اسی (۸۰) صفیں میری اُمت کی ہوں گی اور باقی تمام امتوں کی صرف چالیس (۴۰) صفیں ہوں گی۔‘‘

٨٠٤/٤۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی الله عنه عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَالَ: الْجَنَّةُ حُرِّمَتْ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ حَتَّى أَدْخُلَهَا، وَحُرِّمَتْ عَلَى الْأُمَمِ حَتَّى تَدْخُلَهَا أُمَّتِي. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جنت تمام انبیاء کرام علیہم السلام پر اس وقت تک حرام کر دی گئی ہے جب تک میں اس میں داخل نہ ہو جاؤں اور تمام اُمتوں پر اس وقت تک حرام ہے جب تک کہ میری امت اس میں داخل نہ ہو جائے۔‘‘

٨٠٥/٥۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ تَجَاوَزَ عَنْ أُمَّتِي الْخَطَأَ وَالنِّسْيَانَ، وَمَا اسْتُكْرِهُوْا عَلَيْهِ.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَابْنُ حِبَّانَ وَالْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ فِي الثَّلَاثَةِ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

الحديث الرقم ٤: أخرجه الطبرانی فی المعجم الأوسط، ١/٢٨٩، الرقم: ٩٤٢، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ١٠/٦٩، والهندی فی کنزل العمال، ١١/٤١٦، الرقم: ٣١٩٥٣۔

الحديث الرقم ٥: أخرجه ابن ماجه فی السنن، کتاب: الطلاق، باب: طلاق المکره والناسي، ١/٦٥٩، الرقم: ٢٠٤٣، وابن حبان عن بن عباس رضی الله عنهما فی الصحيح، ١٦/٢٠٢، الرقم: ٧٢١٩، والحاکم فی المستدرک، ٢/٢١٦، الرقم: ٢٨٠١، والدارقطنی فی السنن، ٤/١٧٠، الرقم: ٣٣، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٤/١٧٢، الرقم: ٢٠٤، وعبد الرزاق نحوه فی المصنف، ٦/٤١٠، الرقم: ١١٤١٧، والطحاوی فی شرح معانی الآثار، ٣/٩٥، والبيهقی فی السنن الکبری، ٧/٣٥٦، الرقم: ١٤٨٧١، والطبرانی فی المعجم الصغير، ٢/٥٢، الرقم: ٧٦٦ وفی المعجم الأوسط، ٨/١٦١، الرقم: ٨٢٧٣، وفی المعجم الکبير، ٢/٩٧، الرقم: ١٤٣٠، وفی مسند الشاميين، ٢/١٥٢، الرقم: ١٠٩٠۔

’’حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت سے خطا، نسیان اور جبر و اکراہ معاف فرما دیا ہے۔‘‘

٨٠٦/٦۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ اللهَ عزوجل تَجَاوَزَ لِأُمَّتِي عَمَّا حَدَّثَتْ بِهِ أَنْفُسُهَا مَا لَمْ تَعْمَلْ أَوْ تَكَلَّمْ بِهِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت سے ان کی دل کی باتوں (یعنی وساوس و خیالات) کو معاف فرما دیا ہے جب تک وہ اس پر عمل نہ کرے یا زبان سے نہ کہے۔‘‘

٨٠٧/٧۔ عَنْ مِحْجَنِ بْنِ الْأَدْرَعِ السُّلَمِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ اللهَ رَضِيَ لِهٰذِهِ الْأُمَّةِ الْيُسْرَ وَكَرِهَ لَهَا الْعُسْرَ قَالَهَا ثَلَاثًا.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ بِرِجَالِ الصَّحِيْحِ.

’’حضرت محجن بن ادرع سلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اس امت (محمدیہ) کے لئے آسانی کو پسند فرمایا ہے اور (اس کے لئے) تنگی کو ناپسند فرمایا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ جملہ تین مرتبہ بیان فرمایا۔‘‘

الحديث الرقم ٦: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: تجاوز الله عن حديث النفس والخواطر بالقلب إذا لم تستقر، ١/١١٦، الرقم: ١٢٧، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الطلاق، باب: من طلّق فی نفسه ولم يتكلم به، ١/٦٥٨، الرقم: ٢٠٤٠، والنسائی فی السنن الكبرى، ٣/٣٦٠، الرقم: ٥٦٢٨، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٢٥٥، الرقم: ٧٤٦٤، وابن خزيمة فی الصحيح، ٢/٥٢، الرقم: ٨٩٨، وابن حبان فی الصحيح، ١٠/١٧٩، الرقم: ٤٣٣٥، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٤/٨٥، وأبويعلى فی المسند، ١١/٢٧٦، الرقم: ٦٣٨٩، والبيهقی فی شعب الإيمان ١/٢٩٩، الرقم: ٣٣٢۔

الحديث الرقم ٧: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ٢٠/٢٩٨، الرقم: ٧٠٧، والهيثمی فی مجمع الذوائد، ٤/١٥، والحارث فی المسند (زوائد الهيثمی)، ١/٣٤٣، الرقم: ٢٣٧۔

٨٠٨/٨۔ عَنْ حُذَيْفَةَ رضي الله عنه قَالَ: يَوْمًا سَجَدَ النَّبِيُّ ﷺ فَلَمْ يَرْفَعْ رَأْسَهُ حَتَّى ظَنَنَّا أَنْ نَفْسَهُ قُبِضَتْ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: رَبِّي اسْتَشَارَنِي..... وَفِيْهِ: وَأَحَلَّ لَنَا كَثِيْرًا مِمَّا شَدَّدَ عَلَى مَنْ قَبْلَنَا وَلَمْ يَجْعَلْ عَلَيْنَا فِي الدُّنْيَا مِنْ حَرَجٍ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک روز حضور نبی اکرم ﷺ نے اتنا طویل سجدہ فرمایا کہ ہم نے گمان کیا شاید آپ ﷺ کا وصال اقدس ہوگیا ہے پھر جب آپ ﷺ سجدہ سے فارغ ہوئے تو فرمایا: میرے رب نے مجھ سے میری امت کے بارے میں مشورہ طلب کیا..... اس میں بیان فرمایا: اور ہمارے لئے وہ بہت سی چیزیں حلال کر دیں جو ہم سے قبل (امتوں پر) ممنوع تھیں اور ہم پر اس دنیا میں کوئی تنگی (روا) نہیں رکھی۔''

٨٠٩/٩۔ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ يُؤْذَنُ لَهُ بِالسُّجُوْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ يُؤْذَنُ لَهُ أَنْ يَرْفَعَ رَأْسَهُ، فَأَنْظُرَ إِلَى بَيْنَ يَدَيَّ، فَأَعْرِفَ أُمَّتِي مِنْ بَيْنِ الْأُمَمِ، وَمِنْ خَلْفِي مِثْلَ ذَلِکَ، وَعَنْ يَمِيْنِي مِثْلَ ذَلِکَ. فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! كَيْفَ تَعْرِفُ أُمَّتَکَ مِنْ بَيْنِ الْأُمَمِ فِيْمَا بَيْنَ نُوْحٍ إِلَى أُمَّتِکَ؟ قَالَ: هُمْ غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ مِنْ أَثَرِ الْوُضُوْءِ، لَيْسَ أَحَدٌ كَذَلِکَ غَيْرُهُمْ، وَأَعْرِفُهُمْ أَنَّهُمْ يُؤْتَوْنَ كُتُبَهُمْ بِأَيْمَانِهِمْ، وَأَعْرِفُهُمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ ذُرِّيَّتُهُمْ.

الحديث الرقم ٨: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/٣٩٣، الرقم: ٢٣٣٨٤، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ٥/٣٩٣۔

الحديث الرقم ٩: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ٥/١٩٩، الرقم: ٢١٧٨٥، والحاكم فى المستدرك، ٢/٥٢٠، الرقم: ٣٧٨٤، وابن حبان نحوه فى الصحيح، ٣/٣٢٤، الرقم: ١٠٤٩، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٣/١٧، الرقم: ٢٧٤٥، والطيالسى فى المسند، ١/٤٨، الرقم: ٣٦١، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١/٩١، الرقم: ٢٨٦، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١/٢٢٥: ٢/٢٥٠: ١٠/٣٤٤ وقال: رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ۔

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

’’حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں ہی سب سے پہلا شخص ہوں گا جسے قیامت کے دن (بارگاہِ الٰہی میں) سجدہ کرنے کی اجازت دی جائے گی اور میں ہی ہوں گا جسے سب سے پہلے سر اٹھانے کی اجازت ہو گی۔ سو میں اپنے سامنے دیکھوں گا اور اپنی امت کو دوسری امتوں کے درمیان بھی پہچان لوں گا۔ اسی طرح اپنے پیچھے اور اپنی داہنی طرف بھی انہیں دیکھ کر پہچان لوں گا۔ ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ اپنی امت کو دوسری امتوں کے درمیان کیسے پہچانیں گے جبکہ ان میں حضرت نوح علیہ السلام کی امت سے لے کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امت تک کے لوگ ہوں گے؟..... آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان کے اعضاء وضو کے اثر سے چمک رہے ہوں گے اور ان کے سوا کسی اور (امت) کے ساتھ ایسا نہیں ہو گا اور میں انہیں پہچان لوں گا کہ ان کا نامہ اعمال ان کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا اور انہیں پہچان لوں گا کہ ان کے آگے ان کی اولاد دوڑتی ہو گی۔‘‘

٨١٠ / ١٠۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ وَأَبِي الدَّرْدَاءِ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: إِنِّي لَأَعْرِفُ أُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ بَيْنِ الْأُمَمِ. قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، وَكَيْفَ تَعْرِفُ أُمَّتَكَ؟ قَالَ: أَعْرِفُهُمْ يُؤْتَوْنَ كُتُبَهُمْ بِأَيْمَانِهِمْ. وَأَعْرِفُهُمْ بِسِيْمَاهُمْ فِي وُجُوْهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُوْدِ، وَأَعْرِفُهُمْ بِنُوْرِهِمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ. رَوَاهُ أَحْمَدُ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

’’حضرت ابوذر اور حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہما سے مروی ایک روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں قیامت کے روز ضرور اپنی امت کو دوسری امتوں کے درمیان پہچان لوں گا۔ صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ اپنی امت کو کیسے پہچانیں گے؟ فرمایا: میں انہیں پہچان لوں گا کہ ان کا نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا اور ان کی پیشانیوں پر سجدوں کا اثر ہوگا اور میں انہیں ان کے نور سے پہچان لوں گا جو ان کے آگے آگے دوڑ رہا ہو گا۔‘‘

الحديث الرقم ١٠: أخرجه أحمد بن حنبل فی المسند، ٥ / ١٩٩، الرقم: ٢١٧٨٨۔

٨١١ / ١١۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ رضي الله عنه يَقُوْلُ: تَخْرُجُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُلَّةٌ غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ يَسُدُّ الْأُفُقَ نُوْرُهُمْ مِثْلُ الشَّمْسِ فَيُنَادِي مُنَادٍ: النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ فَيَتَحَسَّسُ لَهَا كُلُّ نَبِيٍّ أُمِّيٍّ، فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ وَأُمَّتُهُ، فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ لَيْسَ عَلَيْهِمْ حِسَابٌ وَلَا عَذَابٌ، ثُمَّ تَخْرُجُ ثُلَّةٌ أُخْرَى غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ نُوْرُهُم مِثْلُ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ يَسُدُّ الْأُفُقَ نُوْرُهُمْ، فَيُنَادِي مُنَادٍ: النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ فَيَتَحَسَّسُ لَهَا كُلُّ نَبِيٍّ أُمِّيٍّ، فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ وَأُمَّتُهُ، فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَلَا عَذَابٍ، ثُمَّ تَخْرُجُ ثُلَّةٌ أُخْرَى غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ نُوْرُهُمْ مِثْلُ أَعْظَمِ كَوْكَبٍ فِي السَّمَاءِ يَسُدُّ الْأُفُقَ نُوْرُهُمْ، فَيُنَادِي مُنَادٍ: النَّبِيُّ الْأُمِيُّ، فَيَتَحَسَّسُ لَهَا كُلُّ نَبِيٍّ أُمِّيٍّ فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ وَأُمَّتُهُ فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَلَا عَذَابٍ، ثُمَّ يَجِيءُ رَبُّکَ عزوجل ثُمَّ يُوْضَعُ الْمِيْزَانُ وَالْحِسَابُ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ قیامت کے روز روشن پیشانیوں اور چمکتے ہاتھ پاؤں والے لوگوں کی ایک جماعت نمودار ہوگی جو افق پر چھا جائے گی ان کا نور سورج کی طرح ہوگا سو ایک ندا دینے والا ندا دے گا ’’نبی اُمّی‘‘ پس اس نداء پر ہر امی نبی متوجہ ہوگا لیکن کہا جائے گا (کہ اس سے مراد) محمد ﷺ اور ان کی امت ہے سو وہ جنت میں داخل ہوں گے ان پر کوئی حساب اور عذاب نہیں ہو گا پھر اس طرح کی ایک اور جماعت نمودار ہوگی جن کی پیشانیاں اور ہاتھ پاؤں چمک رہے ہوں گے۔ ان کا نور چودھویں کے چاند کی طرح کا ہوگا اور ان کا نور افق پر چھا جائے گا سو پھر ندا دینے والا ندا دے گا اور کہے گا ’’نبی اُمّی‘‘ پس اس ندا پر ہر امّی نبی متوجہ ہوجائے گا لیکن کہا جائے گا: اس ندا سے مراد حضور نبی اکرم ﷺ اور ان کی امت ہے پس وہ بغیر حساب و عذاب کے جنت میں داخل ہو جائیں

الحديث الرقم ١١: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٨ / ١٧٣، الرقم: ٧٧٢٣، وفي مسند الشاميين، ٢ / ٢٠١، الرقم: ١١٨٥، والهيثمي في مجمع الزوائد، ١٠ / ٤٠٩۔

گے پھر اسی طرح کی ایک اور جماعت نمودار ہوگی ان کی (بھی) پیشانیاں اور ہاتھ پاؤں چمکتے ہوں گے۔ ان کا نور آسمان میں بڑے ستارے کی طرح ہوگا ان کا نور افق پر چھا جائے گا پس ندا دینے والا آواز دے گا: ''نبی اُمّی''، پس اس پر ہر امی نبی متوجہ ہوجائے گا، کہا جائے گا: (اس سے مراد بھی) محمد اور ان کی امت ہے۔ پس وہ بغیر حساب وعذاب کے جنت میں داخل ہو جائیں گے پھر آپ ﷺ کا رب (اپنی شان کے لائق) تشریف لائے گا پھر میزان وحساب قائم کیا جائے گا۔''

۸۱۲/۱۲۔ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ﴾ [آل عمران، ۳: ۱۱۰]، قَالَ: إِنَّكُمْ تُتِمُّوْنَ سَبْعِيْنَ أُمَّةً، أَنْتُمْ خَيْرُهَا وَأَكْرَمُهَا عَلَى اللهِ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت بہز بن حکیم بواسطہ اپنے والد اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمان الٰہی: ''تم بہترین امت ہو جو سب لوگوں (کی رہنمائی) کے لئے ظاہر کی گئی ہے۔'' کے بارے میں فرمایا: تم ستر (۷۰) اُمتوں کو مکمل کرنے والے ہو اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان سب سے بہتر اور معزز ہو۔''

الحديث الرقم ۱۲: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورةِ آلِ عمران، ۵/۲۲۶، الرقم: ۳۰۰۱، وابن ماجه فی السنن، کتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد ﷺ، ۲/۱۴۳۳، الرقم: ۴۲۸۷، ۴۲۸۸، وأحمد بن حنبل فی المسند، ۳/۶۱، الرقم: ۱۱۶۰۴: ۴/۴۴۷: ۵/۳، والحاكم فی المستدرك، ۴/۹۴، الرقم: ۶۹۸۷، والبيهقی فی السنن الكبرى، ۹/۵، والطبرانی فی معجم الكبير، ۱۹/۴۱۹، الرقم: ۱۰۱۲، ۱۰۲۳، وعبد بن حميد فی المسند، ۱/۱۵۶، الرقم: ۴۱۱، والرويانی فی المسند، ۲/۱۱۵، الرقم: ۹۲۴، وابن المبارك فی الزهد، ۱/۱۱۴، الرقم: ۳۸۲۔

٨١٣/ ١٣۔ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، نُكَمِّلُ، يَوْمَ الْقِيَامَةِ، سَبْعِيْنَ أُمَّةً. نَحْنُ آخِرُهَا وَخَيْرُهَا.

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

’’حضرت بہز بن حکیم بواسطہ اپنے والد اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہم قیامت کے دن ستر (۷۰) اُمتوں کی تکمیل کریں گے اور ہم سب سے آخری اور سب سے بہتر ہوں گے۔‘‘

٨١٤/ ١٤۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أُعْطِيْتُ مَا لَمْ يُعْطَ أَحَدٌ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ. فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللهِ! مَا هُوَ؟ قَالَ: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَأُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ الْأَرْضِ وَسُمِّيْتُ أَحْمَدَ وَجُعِلَ التُّرَابُ لِي طَهُوْرًا وَجُعِلَتْ أُمَّتِي خَيْرَ الْأُمَمِ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَحْمَدُ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

’’حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے وہ کچھ عطا کیا گیا جو (سابقہ) انبیاء کرام علیہم السلام میں سے کسی کو نہیں عطا کیا گیا۔ ہم نے عرض کیا: (یا رسول اللہ!) وہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میری رعب و دبدبہ سے مدد کی گئی اور مجھے زمین (کے تمام خزانوں) کی کنجیاں عطا کی گئیں اور میرا نام احمد رکھا گیا اور مٹی کو بھی میرے لئے پاکیزہ قرار دیا گیا اور میری امت کو بہترین امت بنایا گیا۔‘‘

الحديث الرقم ١٣: أخرجه ابن ملجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: صفة أمة محمد ﷺ، ٢/ ١٤٣٣، الرقم: ٤٢٨٧۔

الحديث الرقم ١٤: أخرجه ابن أبى شيبة فى المصنف، ٦/ ٣٠٤، الرقم: ٣١٦٤٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/ ٩٨، الرقم: ٧٦٣، ١٣٦١، والبيهقى فى السنن الكبرى، ١/ ٢١٣، الرقم: ٩٦٥، واللالكائي فى اعتقاد أهل السنة، ٤/ ٧٨٣، الرقم: ١٤٤٣، ١٤٤٧، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٢/ ٣٤٨، الرقم: ٧٢٨۔ ٧٢٩، والهيثمى فى مجمع الزوائد، ١/ ٢٦٠، ٨/ ٢٦٩۔

٨١٥/١٥۔ عَنْ ثَوْبَانَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم: إِنَّ اللهَ زَوَى لِيَ الْأَرْضَ. فَرَأَيْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا. وَإِنَّ أُمَّتِي سَيَبْلُغُ مُلْكُهَا مَا زُوِيَ لِي مِنْهَا وَأُعْطِيْتُ الْكَنْزَيْنِ الْأَحْمَرَ وَالْأَبْيَضَ. وَإِنِّي سَأَلْتُ رَبِّي لِأُمَّتِي أَنْ لَا يُهْلِكَهَا بِسَنَةٍ عَامَّةٍ، وَأَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ، فَيَسْتَبِيْحَ بَيْضَتَهُمْ وَإِنَّ رَبِّي قَالَ: يَا مُحَمَّدُ! إِنِّي إِذَا قَضَيْتُ فَإِنَّهُ لَا يُرَدُّ وَإِنِّي أَعْطَيْتُکَ لِأُمَّتِکَ أَنْ لَا أُهْلِکَهُمْ بِسَنَةٍ عَامَّةٍ وَأَنْ لَا أُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ يَسْتَبِيْحُ بَيْضَتَهُمْ وَلَو اجْتَمَعَ عَلَيْهِمْ مَنْ بِأَقْطَارِهَا أَوْ قَالَ: مَنْ بَيْنَ أَقْطَارِهَا حَتَّى يَکُوْنَ بَعْضُهُمْ يُهْلِکُ بَعْضًا وَيَسْبِي بَعْضُهُمْ بَعْضًا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ. وَقَالَ الْحَاکِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ثوبان رضی الله عنه سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی الله عليه وآله وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے زمین کو میرے لئے لپیٹ دیا اور میں نے اس کے مشارق و مغارب کو دیکھا۔عنقریب میری حکومت وہاں تک پہنچے گی جہاں تک میرے لئے زمین لپیٹی گئی۔ مجھے (قیصر وکسریٰ کے) دو

الحديث الرقم ١٥: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الفتن وأشراط الساعة، باب: هلاك هذه الأمة بعضهم ببعض، ٤/٢٢١٥، الرقم: ٢٨٨٩، والترمذی فی السنن،كتاب: الفتن عن رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم، باب: ما جاء فی سوال النبي صلی الله عليه وآله وسلم ثلاثا فی أمته، ٤/٤٧٢، الرقم: ٢١٧٦، وأبو داود فی السنن، كتاب: الفتن والملاحم، باب: ذكر الفتن ودلائلها، ٤/٩٧، الرقم: ٤٢٥٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/٢٧٨، الرقم: ٢٢٤٤٨، ٢٢٥٠٥، والبزار فی المسند، ٨/٤١٣، الرقم: ٣٤٨٧، والحكم فی المستدرك، ٤/٤٩٦، الرقم: ٨٣٩٠، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٦/٣١١، الرقم: ٣١٦٩٤، وابن حبان فی الصحيح، ١٥/١٠٩، الرقم: ٦٧١٤، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٩/١٨١، والديلمی فی مسند الفردوس، ٢/٢٩٦، الرقم: ٣٣٤٧۔

خزانے سرخ اور سفید دیئے گئے۔ میں نے اپنے رب سے اپنی امت کے بارے میں سوال کیا کہ انہیں قحط سالی سے ہلاک نہ کیا جائے اور نہ ان پر ان کے غیر سے دشمن مسلط کرے جو انہیں مکمل طور پر نیست و نابود کر دے اور بے شک میرے رب نے مجھے فرمایا: اے محمد مصطفیٰ! میں جب ایک فیصلہ کر لیتا ہوں تو اس کو واپس نہیں لوٹایا جاسکتا اور بیشک میں نے آپ کو آپ کی امت کے لئے یہ چیز عطا فرما دی ہے کہ میں انہیں قحط سالی سے نہیں ماروں گا اور نہ ہی ان کے علاوہ کسی اور کو ان پر دشمن مسلط کروں گا جو انہیں مکمل طور پر نیست و نابود کر دے اگرچہ (وہ دشمن ان کے خلاف ہر طرف سے اکٹھے) ہو جائیں یہاں تک کہ ان میں سے خود بعض بعض کو ہلاک نہ کریں اور بعض بعض کو قیدی نہ بنائیں۔''

٨١٦/١٦۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ اللهَ أَدْرَکَ بِيَ الْأَجَلَ الْمَرْحُومَ وَاخْتَصَرَ لِي اخْتِصَارًا، فَنَحْنُ الْآخِرُوْنَ وَنَحْنُ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَإِنِّي قَائِلٌ قَوْلًا غَيْرَ فَخْرٍ، إِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللهِ وَمُوْسَی صَفِيُّ اللهِ وَأَنَا حَبِيْبُ اللهِ وَمَعِي لِوَاءُ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. وَإِنَّ اللهَ وَعَدَنِي فِي أُمَّتِي وَأَجَارَهُمْ مِنْ ثَلَاثٍ: لَا يَعُمُّهُمْ بِسَنَةٍ وَلَا يَسْتَأْصِلُهُمْ عَدُوٌّ، وَلَا يَجْمَعُهُمْ عَلَی ضَلَالَةٍ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ.

''حضرت عمرو بن قیس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت کو مرحوم قرار دیا اور اس کی عمر مختصر رکھی۔ سو ہم ہی آخری ہیں اور ہم ہی قیامت کے دن اول ہوں گے۔ اور میں بغیر کسی فخر کے یہ بات کہہ رہا ہوں کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ ہیں اور حضرت موسیٰ صفی اللہ ہیں اور میں ہی حبیب اللہ ہوں اور روزِ قیامت میرے پاس ہی حمد کا جھنڈا ہوگا اور اللہ تعالیٰ نے میری امت کے بارے میں مجھ سے تین وعدے فرمائے اور تین چیزوں سے انہیں نجات عطا کی۔ ان پر عام قحط سالی مسلط نہیں کرے گا اور کوئی دشمن انہیں ختم نہیں کر سکے گا اور انہیں گمراہی پر کبھی جمع نہیں کرے گا۔''

الحديث الرقم ١٦: أخرجه الدارمی فی السنن، باب: (٨)، مَا أُعطِيَ النَّبِيُّ ﷺ مِنَ الفَضْلِ، ١/ ٤٢، الرقم: ٥٤، والمبارکفوری فی تحفة الأحوذی، ٦/ ٣٢٣.

٨١٧ / ١٧۔ عَنْ أَبِي مَالِکٍ الْأَشْعَرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ اللهَ أَجَارَکُمْ مِنْ ثَلَاثِ خِلَالٍ: أَنْ لَا يَدْعُوَ عَلَيْکُمْ نَبِيُّکُمْ فَتَهْلِکُوْا جَمِيْعًا، وَأَنْ لَا يَظْهَرَ أَهْلُ الْبَاطِلِ عَلَى أَهْلِ الْحَقِّ، وَأَنْ لَا تَجْتَمِعُوْا عَلَى ضَلَالَةٍ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے تمہیں تین آفتوں سے بچا لیا: ایک یہ کہ تمہارا نبی تمہارے لئے ایسی بد دعا نہ کرے گا کہ تم سارے ہلاک ہو جاؤ دوسرا یہ کہ (مجموعی طور پر) اہلِ باطل اہلِ حق پر غالب نہ ہوں۔ تیسرا یہ کہ تم (مجموعی طور پر کبھی) گمراہی پر جمع نہیں ہو گے۔‘‘

٨١٨ / ١٨۔ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إِنَّ هَذِهِ الْأُمَّةَ مَرْحُوْمَةٌ. عَذَابُهَا بِأَيْدِيْهَا. فَإِذَا کَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، دُفِعَ إِلَى کُلِّ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِکِيْنَ. فَيُقَالُ: هَذَا فِدَاؤُکَ مِنَ النَّارِ. رَوَاهُ أَبُوْحَنِيْفَةَ وَابْنُ مَاجَه وَاللَّفْظُ لَهُ.

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (امت مسلمہ) وہ (خوش نصیب) امت ہے جس پر (اللہ تعالیٰ کی خصوصی) رحمت نازل کی گئی ہے۔ اس کا عذاب اس کے ہاتھ میں ہے جب قیامت کا دن ہو گا تو ہر ایک مسلمان کو ایک کافر دے کر کہا جائے گا یہ تمہارا دوزخ کا فدیہ ہے۔‘‘

الحديث الرقم ١٧: أخرجه أبو داود فی السنن، کتاب: الفتن، باب: ذکر الفتن ودلائلها، ٤ / ٩٨، الرقم: ٤٢٥٣، والطبرانی فی المعجم الکبير، ٣ / ٢٩٢، الرقم: ٣٤٤٠، وفی مسند الشاميين، ٢ / ٤٤٢، الرقم: ١٦٦٣۔

الحديث الرقم ١٨: أخرجه ابن ماجه فی السنن، کتاب: الزهد، باب: فی صفة أمة محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ٢ / ١٤٣٤، الرقم: ٤٢٩٢، وأبوحنيفة عن أبی موسی رضی اللہ عنہ فی المسند، ١ / ١٥٥، وعبد بن حميد فی المسند، ١ / ١٩٠، الرقم: ٥٣٧، والمروزی فی الفتن، ٢ / ٦١٨، الرقم: ١٧٢٢۔

فَصْلٌ فِي فَضْلِ آخِرِ الْأُمَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

﴿آخری زمانہ میں اُمتِ محمدیہ کی فضیلت کا بیان﴾

٨١٩ / ١٩۔ عَنْ مُعَاوِيَةَ رضي الله عنه، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: لَا يَزَالُ مِنْ أُمَّتِي أُمَّةٌ قَائِمَةٌ بِأَمْرِ اللهِ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ وَلَا مَنْ خَالَفَهُمْ حَتَّى يَأْتِيَهُمْ أَمْرُ اللهِ وَهُمْ عَلَى ذَلِکَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

’’حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ بدعتی کا روزہ، نماز، حج، عمرہ، جہاد اور کوئی فرض و نفل (عبادت) قبول نہیں فرماتا، وہ اسلام سے یوں خارج ہو جاتا ہے جیسے آٹے سے بال خارج ہو جاتا ہے۔

اور امام ابن ماجہ اور امام ابن ابی عاصم نے ’’کتاب السنہ‘‘ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت بیان کی۔ ان کے الفاظ یہ ہیں: حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے کسی بدعتی کے عمل کو قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے جب تک کہ وہ بدعت چھوڑ نہ دے۔

اور ایک روایت میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ کسی بدعتی کی توبہ قبول نہیں فرماتا جب تک کہ وہ اس (ارتکابِ بدعت) سے باز نہیں آ جاتا۔‘‘

فَصْلٌ فِي الْبِدْعَةِ الْحَسَنَةِ وَإِثْبَاتِ أَصْلِهَا مِنَ السُّنَّةِ

﴿بدعتِ حسنہ اور سنت سے اس کی اصل کے ثبوت کا بیان﴾

٨٦٥ / ١٦۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يُكْثِرُ أَنْ يَقُوْلَ قَبْلَ أَنْ يَمُوْتَ: سُبْحَانَکَ وَبِحَمْدِکَ، أَسْتَغْفِرُکَ وَأَتُوْبُ إِلَيْکَ. قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَا هَذِهِ الْكَلِمَاتُ الَّتِي أَرَاکَ أَحْدَثْتَهَا تَقُوْلُهَا؟ قَالَ: جُعِلَتْ لِي عَلَامَةٌ فِي أُمَّتِي إِذَا رَأَيْتُهَا قُلْتُهَا ﴿إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْحُ﴾ [النصر، ١١٠: ١] إلى آخِرِ السُّوْرَةِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت عائشہ رضي الله عنها سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ وصال سے پہلے بکثرت یہ کلمات فرماتے تھے: ﴿سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِکَ أَسْتَغْفِرُکَ وَأَتُوْبُ إِلَيْکَ﴾ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اب آپ نے یہ نئے کلمات کیوں پڑھنے شروع کر دیئے۔ جنھیں میں آپ کو پڑھتے ہوئے دیکھتی ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری اُمت کی ایک علامت مقرر کر رکھی ہے جب میں امت میں اس علامت کو دیکھتا ہوں تو سورہ ﴿إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْحُ﴾ پڑھتا ہوں (اس سورت میں جو حکم ہے اس پر عمل کرتا ہوں)۔''

٨٦٦ / ١٧۔ عَنْ رَافِعِ بْنِ خُدِيْجٍ رضي الله عنه قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا اجْتَمَعَ إِلَيْهِ أَصْحَابُهُ فَأَرَادَ أَنْ يَّنْهَضَ قَالَ: ﴿سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَ

الحديث رقم ١٦: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: ما يقال فى الركوع والسجود، ١/ ٣٥١، الرقم: ٤٨٤، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٦/ ٤٢، الرقم: ٢٩٣٣٢، وأبو نعيم فى المسند المستخرج، ٢/ ٩٨، الرقم: ١٠٧٦، والطبرى فى جامع البيان، ٣٠/ ٣٣٤.

الحديث رقم ١٧: أخرجه النسائى فى السنن الكبرى، ٦/ ١١٣، الرقم: ١٠٢٠، وفى عمل اليوم والليلة، ١/ ٣٢٠، الرقم: ٤٢٧، والحاكم فى المستدرك، ١/ ٧٢١، الرقم: ١٩٧٢، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٢/ ٢٦٤، الرقم: ٢٣٣٩.

بِحَمْدِکَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُکَ وَأَتُوْبُ إِلَيْکَ عَمِلْتُ سُوْءًا وَظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ﴾. فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، هَذِهِ کَلِمَاتٌ أَحْدَثْتَهُنَّ قَالَ: أَجَلْ جَاءَنِي جِبْرَئِيْلُ فَقَالَ لِي: يَا مُحَمَّدُ هُنَّ کَفَّارَةُ الْمَجَالِسِ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالْحَاکِمُ وَصَحَّحَهُ.

وَقَالَ الْمُنْذِرِيُّ: رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ فِي الثَّلَاثَةِ بِاخْتِصَارٍ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

''حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جب حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گرد جمع ہوتے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (مجلس ختم ہونے کے بعد) اٹھنے لگتے تو فرماتے: ''اے اللہ! تیرے لئے ہی پاکی ہے اور تیرے لئے ہی تمام تعریفیں ہیں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری طرف ہی رجوع کرتا ہوں، خواہ میں نے کوئی برا عمل کیا ہے یا اپنے اوپر ظلم کیا ہے۔ پس تو مجھے بخش دے یقیناً تیرے سوا کوئی بھی گناہ معاف نہیں کر سکتا۔'' تو ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ نے یہ نئے کلمات پڑھے ہیں۔ فرمایا: ہاں! ابھی میرے پاس جبرائیل آئے تھے اور مجھ سے کہا: اے محمد مصطفیٰ! یہ الفاظ مجالس کا کفارہ ہیں۔''

٨٦٧/١٨۔ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ الْمَسْجِدَ، فَإِذَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ رضي الله عنهما جَالِسٌ إِلَى حُجْرَةِ عَائِشَةَ رضي الله عنها، وَإِذَا نَاسٌ يُصَلُّوْنَ فِي الْمَسْجِدِ صَلَاةَ الضُّحَى. قَالَ: فَسَأَلْنَاهُ عَنْ

الحديث رقم ١٨: أخرجه البخاری فی الصحيح، کتاب: العمرة، باب: کم اعتمر النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ٢/٦٣٠، الرقم: ١٦٨٥، ومسلم فی الصحيح، کتاب: الحج، باب: بيان عدد عمر النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وزمانهن، ٢/٩١٧، الرقم: ١٢٥٥، وابن خزيمة فی الصحيح، ٤/٣٥٨، الرقم: ٣٠٧٠، وابن حبان فی الصحيح، ٩/٢٦٩، الرقم: ٣٩٤٥، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/١٢٨، الرقم: ٦١٢٦، وابن أبي شيبة فی المصنف، ٢/١٧٢، الرقم: ٦١٦، وابن راهويه فی المسند، ٣/٦١٤، الرقم: ١١٨٧، والعسقلانی فی فتح الباری، ٣/٥٢، الرقم: ١١٢١، والمبارکفوری فی تحفة الأحوذی، ٤/٥، وفی شرح النووی علی صحيح مسلم، ٨/٢٣٧، والزيلعی فی نصب الراية، ٣/٩٤۔

صَلَاتِهِمْ، فَقَالَ: بِدْعَةٌ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں اور حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہما مسجد میں داخل ہوئے تو وہاں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما حجرہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور لوگ مسجد میں چاشت کی نماز پڑھ رہے تھے۔ ہم نے اُن لوگوں کی نماز کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا: بدعت (حسنہ) ہے۔‘‘

٨٦٨/١٩۔ عَنِ الْأَعْرَجِ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَأَلْتُ مُحَمَّدًا عَنِ صَلَاةِ الضُّحَى وَهُوَ مُسْنِدٌ ظَهْرَهُ إِلَى حُجْرَةِ النَّبِيِّ ﷺ، فَقَالَ: بِدْعَةٌ وَنِعْمَتِ الْبِدْعَةُ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ بِإِسْنَادٍ صَحِيْحٍ.

’’حضرت اعرج رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے نماز چاشت کے متعلق سوال کیا جب وہ حضور نبی اکرم ﷺ کے حجرہ مبارک کی پشت سے ٹیک لگائے بیٹھے تھے۔ تو انہوں نے فرمایا: بدعت ہے اور بہت اچھی بدعت ہے۔‘‘

٨٦٩/٢٠۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِيِّ أَنَّهُ قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ لَيْلَةً فِي رَمَضَانَ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَإِذَا النَّاسُ أَوْزَاعٌ مُتَفَرِّقُوْنَ يُصَلِّي الرَّجُلُ لِنَفْسِهِ، وَيُصَلِّي الرَّجُلُ فَيُصَلِّي بِصَلَاتِهِ الرَّهْطُ، فَقَالَ عُمَرُ: إِنِّي أَرَى لَوْ جَمَعْتُ هَؤُلَاءِ عَلَى قَارِئٍ وَاحِدٍ لَكَانَ أَمْثَلَ، ثُمَّ عَزَمَ فَجَمَعَهُمْ عَلَى أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهُ لَيْلَةً أُخْرَى

الحديث رقم ١٩: أخرجه ابن أبی شيبة فی المصنف، ٢/١٧٢، الرقم: ٧٧٧٥، والعسقلانی فی فتح الباری، ٣/٥٢، الرقم: ١١٢١۔

الحديث رقم ٢٠: أخرجه البخاری فی صحيح، كتاب: صلاة التراويح، باب: فضل من قام رمضان، ٢/٧٠٧، الرقم: ١٩٠٦، ومالك فی الموطا، كتاب: الصلاة فی رمضان، باب: ماجاء فی قيام رمضان، ١/١١٤، الرقم: ٦٥٠، وابن خزيمة فی الصحيح، ٢/١٥٥، الرقم: ١٥٥، وعبد الرزاق فی المصنف، ٤/٢٥٨، الرقم: ٧٧٢٣، والبيهقی فی السنن الكبرى، ١٢، ٤٩٣، الرقم: ٤٣٧٨، وفی شعب الإيمان، ٣/١٧٧، الرقم: ٣٢٦٩۔

وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ بِصَلَاةِ قَارِءِهِمْ، قَالَ عُمَرُ: نِعْمَ الْبِدْعَةُ هَذِهِ، وَالَّتِي يَنَامُوْنَ عَنْهَا أَفْضَلُ مِنَ الَّتِي يَقُوْمُوْنَ، يُرِيْدُ آخِرَ اللَّيْلِ، وَكَانَ النَّاسُ يَقُوْمُوْنَ أَوَّلَهُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمَالِكٌ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن عبدالقاری روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ رمضان کی ایک رات مسجد کی طرف نکلا تو لوگ متفرق تھے کوئی تنہا نماز پڑھ رہا تھا اور کوئی گروہ کے ساتھ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے خیال میں انہیں ایک قاری کے پیچھے جمع کردیا جائے تو اچھا ہوگا پس حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے پیچھے سب کو جمع کردیا گیا پھر میں ایک دوسری رات کو ان کے ساتھ نکلا اور لوگ اپنے قاری کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ کتنی اچھی بدعت ہے، اور جس نماز (تہجد) سے یہ سوئے رہتے ہیں اس سے بہتر ہے جس کا قیام کرتے ہیں (یعنی تراویح سے)۔ مراد ہے آخر رات جبکہ لوگ رات کے پہلے پہر قیام کرتے تھے (یعنی تہجد کی نماز تراویح سے افضل ہے)۔''

٨٧٠ / ٢١۔ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَنْ سَنَّ فِي الإِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهُ أَجْرُهَا، وَأَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا بَعْدَهُ. مِنْ غَيْرِ أَنْ يُنْقَصَ مِنْ أُجُوْرِهِمْ شَيْءٌ. وَمَنْ سَنَّ فِي الإِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً، كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهِ. مِنْ غَيْرِ أَنْ يُنْقَصَ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

الحديث رقم ٢١: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الزكاة، باب: الحث على الصدقة ولو بشق تمرة أو كلمة طيبة وأنها حجاب من النار، ٢ / ٧٠٤، الرقم: ١٠١٧، وفی كتاب: العلم، باب: من سن سنة حسنة أو سيئة ومن دعا إلى هدى أوضلالة، ٤ / ٢٠٥٩، الرقم: ١٠١٧، والنسائی فی السنن، كتاب: الزكاة، باب: التحريض على الصدقة، ٥ / ٧٥، الرقم: ٢٥٥٤، وابن ماجه فی السنن، المقدمة، باب: من سن سنة حسنة أو سيئة، ١ / ٧٤-٧٥، الرقم: ٢٠٣، ٢٠٦، ٢٠٧، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤ / ٣٥٨، والدارمی فی السنن، ١ / ١٤٠، الرقم: ٥١٢، والبزار فی المسند، ٧ / ٣٦٦، الرقم: ٢٩٦٣۔

’’حضرت جَرِیر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص اسلام میں کسی نیک کام کی بنیاد ڈالے تو اس کے لئے اس کے اپنے اعمال کا بھی ثواب ہے اور جو لوگ اس کے بعد اس پر عمل کریں گے ان کا ثواب بھی ہے۔ بغیر اس کے کہ ان کے ثواب میں کوئی کمی کی جائے اور جس نے اسلام میں کسی بری بات کی ابتدا کی تو اس پر اس کے اپنے عمل کا بھی گناہ ہے اور جو لوگ اس کے بعد اس پر عمل کریں گے اس پر ان کا گناہ بھی ہے۔ بغیر اس کے کہ ان کے گناہ میں کچھ کمی ہو۔‘‘

٨٧١ / ٢٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ دَعَا إِلَى هُدًى، كَانَ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ مِثْلَ أُجُوْرِ مَنْ يَتَّبِعُهُ، لَا يَنْقُصُ ذَلِكَ مِنْ أُجُوْرِهِمْ شَيْئًا. وَمَنْ دَعَا إِلَى ضَلَالَةٍ، كَانَ عَلَيْهِ مِنَ الإِثْمِ مِثْلُ آثَامِ مَنْ يَتَّبِعُهُ، لَا يَنْقُصُ ذَلِكَ مِنْ آثَامِهِمْ شَيْئًا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے ہدایت کی طرف بلایا اس کے لئے اس راستے پر چلنے والوں کی مثل ثواب ہے اور ان کے ثواب میں سے کچھ بھی کم نہ ہوگا اور جس نے گناہ کی دعوت دی اس کے لئے بھی اتنا گناہ ہے جتنا اس بدعملی کا مرتکب ہونے والوں پر ہے اور ان کے گناہوں میں بھی کوئی کمی نہیں ہوگی۔‘‘

الحديث رقم ٢٢: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: العلم، باب: من سن سنة حسنة أو سيئة، ومن دعا إلى هدى أو ضلالة، ٤ / ٢٠٦٠، الرقم: ٢٦٧٤، والترمذي فى السنن، كتاب: العلم عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فيمن دعا إلى هدى فاتبع أو إلى ضلالة، ٥ / ٤٣، الرقم: ٢٦٧٤، وأبوداود فى السنن كتاب: السنة، باب: لزوم السنة، ٤ / ٢٠١، الرقم: ٤٦٠٩، وابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: من سن سنة حسنة أو سيئة، ١ / ٧٥، الرقم: ٢٠٥-٢٠٦، وابن حبان فى الصحيح، باب: ذكر الحكم فيمن دعا إلى هدى أو ضلالة فاتبع عليه، ١ / ٣١٨، الرقم: ١١٢، والدرمى فى السنن، ١ / ١٤١، الرقم: ٥١٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢ / ٣٩٧، الرقم: ٩١٤٩، وأبو عوانة فى المسند، ٣ / ٤٩٤، الرقم: ٥٨٢٣، وأبويعلى فى المسند، ١١ / ٣٧٣، الرقم: ٦٤٨٩، واللالكائي فى اعتقاد أهل السنة، ١ / ٥٢، الرقم: ٦، وابن أبي عاصم فى السنة، ١ / ٥٢، الرقم: ١١٣۔

٨٧٢ / ٢٣ ۔ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: مَنْ سَنَّ سُنَّةَ خَيْرٍ فَاتُّبِعَ عَلَيْهَا، فَلَهُ أَجْرُهُ، وَمِثْلُ أُجُوْرِ مَنِ اتَّبَعَهُ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ مِنْ أُجُوْرِهِمْ شَيْئًا، وَمَنْ سَنَّ سُنَّةَ شَرٍّ فَاتُّبِعَ عَلَيْهَا، كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهُ، وَمِثْلُ أَوْزَارِ مَنِ اتَّبَعَهُ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْئًا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْ عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے کوئی اچھا طریقہ جاری کیا پھر اس پر عمل کیا گیا تو اس کے لئے اپنا ثواب بھی ہے اور اسے عمل کرنے والوں کے برابر ثواب بھی ملے گا جبکہ ان کے ثواب میں کوئی کمی (بھی) نہ ہو گی اور جس نے کوئی برا طریقہ جاری کیا۔ پھر وہ طریقہ اپنایا گیا تو اس کے لئے اپنا گناہ بھی ہے اور ان لوگوں کے گناہ کے برابر بھی جو اس پر عمل پیرا ہوئے۔ بغیر اس کے کہ ان کے گناہوں میں کچھ کمی ہو۔‘‘

٨٧٣ / ٢٤ ۔ عَنْ بِـلَالِ بْنِ الْحَارِثِ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: أَنَّهُ مَنْ أَحْيَا سُنَّةً مِنْ سُنَّتِي قَدْ أُمِيْتَتْ بَعْدِي، فَإِنَّ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ مِثْلَ مَنْ عَمِلَ بِهَا، مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أُجُوْرِهِمْ شَيْئًا، وَمَنِ ابْتَدَعَ بِدْعَةَ

الحديث رقم ٢٣: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: العلم عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ما جاء فيمن دعا إلى هدى فاتبع أو إلى ضلالة، ٥ / ٤٣، الرقم: ٢٦٧٥، والعسقلانى فى فتح البارى، ١٣ / ٣٠٢، والمباركفورى فى تحفة الأحوذى، ٧ / ٣٦٥، وابن حزم فى المحلى، ٨ / ١١٦، وفى الإحكام فى أصول الأحكام، ١ / ١١۔

الحديث رقم ٢٤: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: العلم عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ما جاء فى الأخذ بالسنة واجتناب البدع، ٥ / ٤٥، الرقم: ٢٦٧٧، وابن ماجه فى السنن، المقدمة، باب: مَن أحيا سنّة قد أميتت، ١ / ٧٦، الرقم: ٢٠٩۔٢١٠، والبزار فى المسند، ٨ / ٣١٤، الرقم: ٣٣٨٥، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١٧ / ١٦، الرقم: ١٠، والبيهقى فى الاعتقاد، ١ / ٢٣١، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ١ / ٤٩، الرقم: ٩٧۔

ضَلَالَةٍ لَا تُرْضِي اللهَ وَرَسُوْلَهُ، كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ آثَامِ مَنْ عَمِلَ بِهَا، لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مَنْ أَوْزَارِ النَّاسِ شَيْئًا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

’’حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے میرے بعد کوئی ایسی سنت زندہ کی جو مردہ ہو چکی تھی تو اس کے لئے بھی اتنا ہی اجر ہوگا جتنا اس پر دیگر عمل کرنے والوں کے لئے۔ باوجود اس کے ان کے اجر و ثواب میں کوئی کمی نہیں آئے گی اور جس نے گمراہی کی بدعت نکالی جسے اللہ عزوجل اور اس کا رسول ﷺ پسند نہیں کرتے تو اس پر اتنا ہی گناہ ہے جتنا اس برائی کا دیگر ارتکاب کرنے والوں پر ہے اور اس سے ان کے گناہوں کے بوجھ میں بالکل کمی نہیں آئے گی۔‘‘

٨٧٤/ ٢٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: فَمَا رَآهُ الْمُؤْمِنُ حَسَنًا فَهُوَ عِنْدَ اللهِ حَسَنٌ وَمَا رَآهُ الْمُؤْمِنُوْنَ قَبِيْحًا فَهُوَ عِنْدَ اللهِ قَبِيْحٌ.

رَوَاهُ الْبَزَّارُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا: جس (عمل) کو کوئی (ایک) مومن اچھا جانے وہ (عمل) اللہ تعالیٰ کے ہاں بھی اچھا ہے اور جس عمل کو (جماعت) مومنین برا جانیں وہ خدا کے نزدیک بھی برا ہے۔‘‘

الحديث رقم٢٥: أخرجه البزار فى المسند، ٥/٢١٢، الرقم: ١٨١٦، والطبرانى فى المعجم الكبير، ٩/١١٢، الرقم: ٨٥٨٣، وأحمد بن حنبل فى المسند، ١/٣٧٩، الرقم: ٣٦٠٠، والحاكم فى المستدرك، ٣/٨٣، الرقم: ٤٤٦٥، وأبونعيم فى حلية الأولياء، ١/٣٧٥، والبيهقى فى المدخل إلى السنن الكبرى، ١/١١٤، وفى الاعتقاد، ١/٣٢٢، والطيالسى فى المسند، ١/٣٣، الرقم: ٢٤٦، وابن رجب فى جامع العلوم والحكم، ١/٢٥٤۔

اَلْبَابُ الرَّابِعُ عَشَرَ:

اَلْبِرُّ وَالصِّلَةُ وَالْحُقُوْقُ

﴿نیکی، صلہ رحمی اور حقوق﴾

١. فَصْلٌ فِي حُسْنِ الْخُلُقِ

﴿حسنِ اَخلاق کا بیان﴾

٢. فَصْلٌ فِي ثَوَابِ مَنْ قَضَى حَوَائِجَ النَّاسِ

﴿مشکلات میں لوگوں کے کام آنے پر اجر کا بیان﴾

٣. فَصْلٌ فِي بِرِّ الْوَالِدَيْنِ وَصِلَةِ الْأَرْحَامِ

﴿والدین کے ساتھ نیک سلوک اور صلہ رحمی کا بیان﴾

٤. فَصْلٌ فِي حُقُوْقِ الْأَكَابِرِ وَالْأَصَاغِرِ

﴿بڑوں اور چھوٹوں کے حقوق کا بیان﴾

٥. فَصْلٌ فِي حُقُوْقِ الْأُسْرَةِ وَالْأَوْلَادِ

﴿خاندان اور اولاد کے حقوق کا بیان﴾

٦. فَصْلٌ فِي جَامِعِ الْحُقُوْقِ

﴿جامع حقوق کا بیان﴾

فَصْلٌ فِي حُسْنِ الْخُلُقِ

﴿حسنِ اَخلاق کا بیان﴾

٨٧٥ / ١ ۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ مِنْ أَكْمَلِ الْمُؤْمِنِيْنَ إِيْمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَأَلْطَفُهُمْ بِأَهْلِهِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَقَال الْحَاكِمُ: صَحِيْحٌ.

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مومنوں میں سے کامل ترین مومن وہ ہے جو بہترین اخلاق کا مالک ہے۔ اور اپنے اہل وعیال کے ساتھ انتہائی نرم ہے۔''

٨٧٦ / ٢ ۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ إِيْمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مومنوں میں

الحديث رقم ١: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: الإيمان عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فی استکمال الإيمان وزيادته ونقصانه، ٥/٩، الرقم: ٢٦١٢، والحاکم فی المستدرک، ١/١١٩، الرقم: ١٧٣، وقال الحاکم: رواة هذا الحديث عن آخرهم ثقات علی شرط الشيخين، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٦/٤٧، الرقم: ٢٤٥٠، ٢٤٢١، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٥/٢١٠، الرقم: ٢٥٣١٩، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٦/٤١٥، الرقم: ٨٧١٩۔

الحديث رقم ٢: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: الرضاع عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فی حق المرأة علی زوجها، ٣/٤٦٦، الرقم: ١١٦٢، وابن حبان فی الصحيح، ٢/٢٢٧، الرقم: ٤٧٩، والحاکم فی المستدرک، ١/٤٣، الرقم: ٢، وَقَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، والدارمی فی السنن، ٢/٤١٥، الرقم: ٢٧٩٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٤٧٢، الرقم: ١٠١١٠، وأبو يعلی فی المسند، ٧/٢٣٧، الرقم: ٤٢٤٠۔

سے کامل ترین ایمان اس کا ہے جو ان میں سے بہترین اخلاق کا مالک ہے اور تم میں سے بہترین اشخاص وہ ہیں جو اپنی بیویوں کے ساتھ حسن سلوک کرنے والے ہیں۔‘‘

٨٧٧ / ٣۔ عَنْ جَابِرٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ وَأَقْرَبِكُمْ مِنِّي مَجْلِسًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَحَاسِنَكُمْ أَخْلَاقًا.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ وَأَحْمَدُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

’’حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم میں سب سے زیادہ محبوب اور قیامت کے دن میرے نزدیک ترین بیٹھنے والے وہ لوگ ہیں جو تم میں سے اخلاق میں اچھے ہیں۔‘‘

٨٧٨ / ٤۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ الصَّائِمِ الْقَائِمِ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ حِبَّانَ وَأَحْمَدُ.

الحديث رقم ٣: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: ملجاء فی معالی الأخلاق، ٤/ ٣٧٠، الرقم: ٢٠١٨، وابن حبان فی الصحيح، ٢/ ٢٣٥، الرقم: ٤٨٥، وأحمد بن حنبل عن عبد الله بن عمرو رضی الله عنهما فی المسند، ٢/ ١٨٥، ٢١٧، الرقم: ٦٧٣٥، ٧٠٣٥، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٦/ ٢٣٤، الرقم: ٧٩٩۔

الحديث رقم ٤: أخرجه أبو داود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: فی حسن الخلق، ٤/ ٢٥٢، الرقم: ٤٧٩٨، وابن حبان فی الصحيح، ٢/ ٢٢٨، الرقم: ٤٨٠، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٦/ ٩٠، الرقم: ٢٤٦٣٩، والحاكم فی المستدرك، ١/ ١٢٨، الرقم: ١٩٩، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٦/ ٢٣٦، الرقم: ٧٩٩٧، والهيثمی فی موارد الظمآن، ١/ ٤٧٥، الرقم: ١٩٢٧، وأبو المحاسن فی معتصر المختصر، ٢/ ٢٠٩، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٣/ ٢٧١، الرقم: ٤٠٠٤-٤٠٠٦، وابن رجب فی جامع العلوم والحكم، ١/ ١٨٢، وابن عبد البر فی التمهيد، ٢٤/ ٨٥، والديلمی فی مسند الفردوس، ١/ ١٩٤، الرقم: ٧٣١۔

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: یقیناً مومن حسنِ اخلاق کے ذریعے دن کو روزہ رکھنے والے اور راتوں کو قیام کرنے والے کا درجہ حاصل کر لیتا ہے۔‘‘

٨٧٩ / ٥۔ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رضی الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَا مِنْ شَيْءٍ أَثْقَلُ فِي الْمِيْزَانِ مِنْ حُسْنِ الْخُلُقِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَاللَّفْظُ لَهُ.

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حسنِ اخلاق سے بڑھ کر میزان میں بھاری چیز کوئی نہیں ہوگی۔‘‘

٨٨٠ / ٦۔ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: حُرِّمَ عَلَى النَّارِ كُلُّ هَيِّنٍ سَهْلٍ قَرِيْبٍ مِنَ النَّاسِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ.

’’حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے

الحديث رقم ٥: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فى حسن الخلق، ٤ / ٣٦٢، الرقم: ٢٠٠٢، وأبوداود فى السنن، كتاب: الأدب، باب: فى حسن الخلق، ٤ / ٢٥٣، الرقم: ٤٧٩٩، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٦ / ٤٤٨، ٤٥١، الرقم: ٢٧٥٧٢، ٢٧٥٩٣، وابن حبان فى الصحيح، ٢ / ٢٣٠، الرقم: ٤٨١، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٦ / ٢٣٨، ٢٣٩، الرقم: ٨٠٠٣ ـ ٨٠٠٤، وابن أبي عاصم فى السنة، ٢ / ٣٦٣، الرقم: ٧٨٣، والطبرانى فى مسند الشاميين، ٢ / ١٠٣، الرقم: ٩٩٣، وعبد بن حميد فى المسند، ١ / ٩٩، الرقم: ٢٠٤، وابن أبي شيبة فى المصنف، ٥ / ٢١١، الرقم: ٢٥٢٣، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٣ / ٢٧٠، الرقم: ٤٠٠٣.

الحديث رقم ٦: أخرجه أحمد بن حنبل فى المسند، ١ / ٤١٥، الرقم: ٣٩٣٨، وابن حبان فى الصحيح، ٢ / ٢١٥، الرقم: ٤٦٩، والطبرانى فى المعجم الكبير، ١٠ / ٢٣١، الرقم: ١٠٥٦٢، وأبو يعلى فى المسند، ٨ / ٤٦٧، الرقم: ٥٠٥٣، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٧ / ٣٥٣، الرقم: ٢٦٩٧.

شک وہ شخص آگ پر حرام کر دیا گیا ہے جو نرم خو، خوش اخلاق اور (نیک مجالس میں) لوگوں کے قریب ہے۔‘‘

٨٨١ / ٧۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: تَبَسُّمُکَ فِي وَجْهِ أَخِيْکَ لَکَ صَدَقَةٌ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مُطَوَّلًا وَحَسَّنَهُ، وَابْنُ حِبَّانَ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَزَّارُ.

’’حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا اپنے مسلمان بھائی کے لئے مسکرانا بھی صدقہ ہے۔‘‘

٨٨٢ / ٨۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْأَمْرِ کُلِّهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

الحديث رقم ٧: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: مَا جَاء فی صَنَائِعِ الْمَعْرُوْفِ، ٤/٣٣٩، الرقم: ١٩٥٦، وابن حبان في الصحيح، ٢/٢٢١، الرقم: ٤٧٤، والطبراني في المعجم الأوسط، ٨/١٨٣، الرقم: ٨٣٤٢، والبزار في المسند، ٩/٤٥٢، الرقم: ٤٠٧٠، والديلمي في مسند الفردوس، ٢/٧٠، الرقم: ٢٣٩٦، وابن عبد البر في التمهيد، ٢٢/١٢، والمروزي في تعظيم قدر الصلاة، ٢/٨١٧، الرقم: ٨١٣، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٣/٢٨٢، الرقم: ٤٠٧٤.

الحديث رقم ٨: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الأدب، باب: الرِّفْقِ فِي الْأَمْرِ کُلِّهِ، ٥/٢٢٤٢، الرقم: ٥٦٧٨، وفي كتاب: الاستئذان، باب: كيف الرَّدُّ على أهل الذِّمّةِ بالسّلامِ، ٥/٢٣٠٨، الرقم: ٥٩٠١، وفي كتاب: الدعوات، باب: الدُّعَاءِ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ، ٥/٢٣٤٩، الرقم: ٦٠٣٢، ومسلم في الصحيح، كتاب: السلام، باب: النهي عن ابتداء أهل الكتاب بالسلام وكيف يرد عليهم، ٤/١٧٠٦، الرقم: ٢١٦٥، والترمذي في السنن، كتاب: الاستئذان عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في التسليم على أهل الذمة، ٥/٦٠، الرقم: ٢٧٠١، والنسائي في السنن الكبرى، ٦/١٠٢، الرقم: ١٠٢١٣، وعبد الرزاق في المصنف، ٦/١١، الرقم: ٩٨٣٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/٣٧، الرقم: ٢٤١٣٦، والبخاري في الأدب المفرد، ١/١٦٤، الرقم: ٤٦٢، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٣/٢٧٨، الرقم: ٤٠٤٧.

یقیناً اللہ تعالیٰ ہر ایک معاملہ میں نرمی برتنے کو پسند کرتا ہے۔‘‘

٨٨٣/٩۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَا عَائِشَةُ! إِنَّ اللهَ رَفِيْقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْأَمْرِ كُلِّهِ.

وفي رواية: إِنَّ اللهَ رَفِيْقٌ وَ يُحِبُّ الرِّفْقَ وَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! بیشک اللہ تعالیٰ نرمی سے سلوک کرنے والا ہے اور ہر ایک معاملہ میں نرمی کو پسند کرتا ہے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا: اللہ تعالیٰ نرمی کرنے والا ہے اور نرمی کو پسند کرتا ہے اور نرمی پر اتنا عطا فرماتا ہے کہ اتنا سختی پر بھی عطا نہیں کرتا۔‘‘

٨٨٤/١٠۔ عَنْ جَرِيْرٍ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَه.

’’حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو نرمی سے محروم ہوا وہ خیر سے محروم ہو گیا۔‘‘

الحديث رقم ٩: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: استتابة المرتدين والمعاندين وقتالهم، باب: إِذَا عرَّضَ الذِّمِّيُّ وَ غَيْرُهُ بِسَبِّ النَّبِيِّ ﷺ وَ لَمْ يُصَرِّحْ نحو قوله: السّام عليكم، ٦/٢٥٣٩، الرقم: ٦٥٢٨، ومسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: فضل الرفق، ٤/٢٠٠٣، الرقم: ٢٥٩٣، وأبوداود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: فی الرفق، ٤/٢٥٤، الرقم: ٤٨٠٧، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الأدب، باب: الرفق، ٢/١٢١٦، الرقم: ٣٦٨٨، ومالك فی الموطأ، ٢/٩٧٩، الرقم: ١٧٦٧، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/١١٢، الرقم: ٩٠٢۔

الحديث رقم ١٠: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: فضل الرفق، ٤/٢٠٠٣، الرقم: ٢٥٩٢، وأبو داود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: فی الرفق، ٤/٢٥٥، الرقم: ٤٨٠٩، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الأدب، باب: الرفق، ٢/١٢١٦، الرقم: ٣٦٨٧، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/٣٦٢، وابن حبان فی الصحيح، ٢/٣٠٨، الرقم: ٥٩٨۔

فَصْلٌ فِي ثَوَابِ مَنْ قَضَى حَوَائِجَ النَّاسِ

﴿مشکلات میں لوگوں کے کام آنے پر اجر کا بیان﴾

٨٨٥ / ١١۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: اَلْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يُسْلِمُهُ مَنْ كَانَ فِي حَاجَةِ أَخِيْهِ كَانَ اللهُ فِي حَاجَتِهِ وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللهُ عَنْهُ بِهَا كُرْبَةً مِنْ كُرُبَاتِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے نہ وہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اسے بے یارومدد گار چھوڑتا ہے جو شخص اپنے کسی (مسلمان) بھائی کی حاجت روائی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی حاجت روائی فرماتا ہے اور جو شخص کسی مسلمان کی دنیاوی مشکل حل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی قیامت کی مشکلات میں سے کوئی مشکل حل فرمائے گا اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی ستر پوشی کرے گا۔‘‘

٨٨٦ / ١٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ نَفَّسَ عَنْ

الحديث رقم ١١: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: المظالم، باب: لا يظلم المسلم المسلم ولا سلمه، ٢ / ٨٦٢، الرقم: ٢٣١٠، ومسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: تحريم الظلم، ٤ / ١٩٩٦، الرقم: ٢٥٨٠، والترمذی فی السنن، كتاب: الحدود عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فی الستر علی المسلم، ٤ / ٣٤، الرقم: ١٤٢٦، وأبوداود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: المؤاخاة، ٤ / ٢٧٣، الرقم: ٤٨٩٣، والنسائی فی السنن الكبری، ٤ / ٣٠٨، الرقم: ٧٢٨٦، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢ / ٩١، الرقم: ٥٦٤٦، وابن حبان فی الصحيح، ٢ / ٢٩١، الرقم: ٥٣٣، والبيهقی فی السنن الكبری، ٦ / ٩٤، الرقم: ١١٢٩٢۔

الحديث رقم ١٢: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الذكر والدعاء والاستغفار، باب: فضل الاجتماع علی تلاوة القرآن، ٤ / ٢٠٧٤، الرقم: ٢٦٩٩، والترمذی فی السنن، كتاب: الحدود عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في الستر علی المسلم، ٤ / ٣٤، الرقم: ١٤٢٥، ١٩٣٠، ٢٩٤٥، وأبو داود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: ←

مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَاللهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيْهِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی مسلمان کی کوئی دنیاوی تکلیف دور کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی قیامت کے دن کی مشکلات میں سے کوئی مشکل حل کرے گا جو شخص دنیا میں کسی تنگ دست کے لئے آسانی پیدا کرے گا اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کے لئے آسانی پیدا فرمائے گا اور جو شخص دنیا میں کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔ اللہ تعالیٰ (اس وقت تک) اپنے بندے کی مدد کرتا رہتا ہے۔ جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں لگا رہتا ہے۔''

٨٨٧ / ١٣۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رضی اللہ عنہ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: لَا يَزَالُ اللهُ فِي حَاجَةِ الْعَبْدِ مَا دَامَ فِي حَاجَةِ أَخِيْهِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

''حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس وقت تک اپنے بندے کے کام میں (مدد کرتا) رہتا ہے جب تک بندہ اپنے (مسلمان) بھائی کے کام میں (مدد کرتا) رہتا ہے۔''

..... في المعونة للمسلم، ٤/٢٨٧، الرقم: ٤٩٤٦، والنسائی فی السنن الکبری، ٤/٣٠٨، الرقم: ٧٢٨٤-٧٢٨٦، وابن ماجه فی السنن، المقدمة، باب: فضل العلماء والحث علی طلب العلم، ١/٨٢، الرقم: ٢٢٥، والحاكم فی المستدرك، ٤/٤٢٥، الرقم: ٨١٥٩، وَ قَالَ الْحَاكِمُ: صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

الحديث رقم ١٣: أخرجه الطبرانی فی المعجم الكبير، ٥/١١٨، الرقم: ٤٨٠١-٤٨٠٢، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٣/٢٦٤، الرقم: ٣٩٧٤، وقال المنذری: رواته ثقات، والديلمی فی مسند الفردوس، ٥/٩١، الرقم: ٧٥٦٠، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٨/١٩٣۔

٨٨٨ / ١٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ لِلهِ خَلْقًا خَلَقَهُمْ لِحَوَائِجِ النَّاسِ يَفْزَعُ النَّاسُ إِلَيْهِمْ فِي حَوَائِجِهِمْ أُوْلَئِکَ الْآمِنُوْنَ مِنْ عَذَابِ اللهِ. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی ایک ایسی مخلوق ہے جنہیں اس نے لوگوں کی حاجت روائی کے لئے پیدا فرمایا ہے لوگ اپنی حاجات (کے سلسلہ) میں دوڑے دوڑے ان کے پاس آتے ہیں یہ (وہ لوگ ہیں جو) اللہ تعالیٰ کے عذاب سے محفوظ رہیں گے۔''

٨٨٩ / ١٥۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَأَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنهما قَالَا: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ مَشَى فِي حَاجَةِ أَخِيْهِ الْمُسْلِمِ حَتَّى يُتِمَّهَا لَهُ أَظَلَّهُ اللهُ عزوجل بِخَمْسَةِ آلَافٍ. وفي رواية: بِخَمْسَةٍ وَسَبْعِيْنَ أَلْفَ مَلَکٍ يَدْعُوْنَ وَيُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ إِنْ کَانَ صَبَاحًا حَتَّى يُمْسِي وَإِنْ کَانَ مَسَاءً حَتَّى يُصْبِحَ وَلَا يَرْفَعُ قَدَمًا إِلَّا کُتِبَتْ لَهُ بِهَا حَسَنَةٌ وَلَا يَضَعُ قَدَمًا إِلَّا حَطَّ اللهُ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً.

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبد اللہ بن عمر اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما دونوں روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص اپنے (کسی مسلمان) بھائی کے کام کے سلسلہ میں چل پڑا یہاں

الحديث رقم ١٤: أخرجه الطبرانی فی المعجم الکبير، ٢/٣٥٨، الرقم: ١٣٣٣٤، والقضاعی فی مسند الشهاب، ٢/١١٧، الرقم: ١٠٠٧-١٠٠٨، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٣/٢٦٢، الرقم: ٣٩٦٦، وقال: ورواه أبو الشيخ ابن حبان فی کتاب الثواب وابن أبي الدنيا في کتاب اصطناع المعروف، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٨/١٩٢۔

الحديث رقم ١٥: أخرجه البيهقی فی شعب الإيمان، ٦/١١٩، الرقم: ٧٦٦٩، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٤/٣٤٧، الرقم: ٤٣٩٦، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٤/١٦٥، الرقم: ٥٢٧٤، ٣/٢٦٣، الرقم: ٣٩٧٣ ورواه ابن حبان فی کتاب الثواب، والهيثمی فی مجمع لزوائد، ٢/٢٩٩۔

تک کہ اسے پورا کردے اللہ عَزَّوَجَلَّ اس پر پانچ ہزار، اور ایک روایت میں ہے کہ پچھتر ہزار فرشتوں کا سایہ فرما دیتا ہے وہ اس کے لئے اگر دن ہو تو رات ہونے تک اور رات ہو تو دن ہونے تک دعائیں کرتے رہتے ہیں اور اس پر رحمت بھیجتے رہتے ہیں اور اس کے اٹھنے والے ہر قدم کے بدلے اس کے لئے نیکی لکھ دی جاتی ہے اور اس کے (اپنے مسلمان بھائی کی مشکل کو حل کرنے کے لئے) اٹھانے والے ہر قدم کے بدلے اللہ تعالیٰ اس کا ایک گناہ مٹا دیتا ہے۔"

فَصْلٌ فِي بِرِّ الْوَالِدَيْنِ وَصِلَةِ الْأَرْحَامِ

﴿والدین کے ساتھ نیک سلوک اور صلہ رحمی کا بیان﴾

٨٩٠ / ١٦۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ رضی الله عنه قَالَ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ أَيُّ الْعَمَلِ أَحَبُّ إِلَى اللهِ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ عَلَى وَقْتِهَا قَالَ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: بِرُّ الْوَالِدَيْنِ قَالَ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: اَلْجِهَادُ فِي سَبِيْلِ اللهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا: اللہ تعالیٰ کو کون سا عمل سب سے زیادہ پسند ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وقت پر نماز پڑھنا۔ میں نے عرض کیا: پھر کون سا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: والدین سے حسن سلوک کرنا۔ میں نے عرض کیا: پھر کون سا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنا۔''

٨٩١ / ١٧۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ مَنْ أَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ صَحَابَتِي؟ قَالَ: أُمُّكَ، قَالَ:

الحديث رقم ١٦: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الأدب، باب: البر والصلة، ٥/٢٢٧، الرقم: ٥٦٢٥، وفی كتاب: مواقيت الصلاة، باب: فضل الصلاة لو قتها، ١/١٩٧، الرقم: ٥٠٤، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان كون الإيمان بالله تعالى أفضل الأعمال، ١/٨٩، الرقم: ٨٥، والنسائی فی السنن، كتاب: المواقيت، باب: فضل الصلاة لمواقيتها، ١/٢٩٢، الرقم: ٦١٠، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/٤٠٩، الرقم: ٣٨٩٠، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٢/٢١٥، الرقم: ٢٩٨٤، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١٠/١٩، الرقم: ٩٨٠٥۔

الحديث رقم ١٧: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الأدب، باب: من أحق الناس بحسن الصحبة، ٥/٢٢٢٧، الرقم: ٥٦٢٦، ومسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: بر الوالدين وأنهما أحق به، ٤/١٩٧٤، الرقم: ٢٥٤٨، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الأدب، باب: بر الوالدين، ٢/١٢٠٧، الرقم: ٦٠٩٤، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥/٥، وابن حبان فی الصحيح، ٢/١٧٥، الرقم: ٤٣٣، وأبو يعلى فی المسند، ١٠/٤٨٢، الرقم: ٦٠٩٤۔

ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ أُمُّکَ قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ أُمُّکَ قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ أَبُوْکَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک آدمی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یا رسول اللہ! لوگوں میں سے میرے حسن سلوک کا سب سے زیادہ حقدار کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہاری والدہ۔ انہوں نے عرض کیا: پھر کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہاری والدہ۔ انہوں نے عرض کیا: پھر کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھر تمہاری والدہ ہے۔ انہوں نے عرض کیا: پھر کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھر تمہارا والد ہے۔''

٨٩٢/١٨۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: رَغِمَ أَنْفُ، ثُمَّ رَغِمَ أَنْفُ، ثُمَّ رَغِمَ أَنْفُ. قِيْلَ مَنْ يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: مَنْ أَدْرَکَ أَبَوَيْهِ عِنْدَ الْکِبَرِ، أَحَدَهُمَا أَوْ کِلَيْهِمَا، فَلَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کی ناک خاک آلود ہو، پھر اس کی ناک خاک آلود ہو، پھر اس کی ناک خاک آلود ہو۔ پوچھا گیا: یا رسول اللہ! وہ کون شخص ہے؟ فرمایا: جس نے اپنے ماں باپ میں سے کسی ایک کو یا دونوں کو بڑھاپے کی حالت میں پایا اور پھر (ان کی خدمت کر کے) جنت میں داخل نہیں ہوا۔''

٨٩٣/١٩۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنهما قَالَ: أَقْبَلَ رَجُلٌ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَقَالَ: أُبَايِعُکَ عَلَى الْهِجْرَةِ وَالْجِهَادِ أَبْتَغِي الْأَجْرَ مِنَ

الحديث رقم ١٨: أخرجه مسلم فی الصحيح، کتاب: البر والصلة والآداب، باب: رغم أنف من أدرك أبويه أو أحدهما عند الکبر فلم يدخل الجنة، ٤/١٩٧٨، الرقم: ٢٥٥١، والديلمی فی مسند الفردوس، ٢/٢٧٦، الرقم: ٣٢٨٠، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٦/١٩٥، الرقم: ٧٨٨٤.

الحديث رقم ١٩/٢٠: أخرجه البخاری فی الصحيح، کتاب: الأدب، باب: لا يجاهد إلا بإذن الأبوين، ٥/٢٢٢٧، الرقم: ٥٦٢٧، ومسلم فی الصحيح، کتاب: البر والصلة والآداب، باب: بر الوالدين وأنهما أحق به، ٤/١٩٧٥، الرقم: ٢٥٤٩، ←

اللهِ، قَالَ: فَهَلْ مِنْ وَالِدَيْکَ أَحَدٌ حَيٌّ؟ قَالَ: نَعَمْ، بَلْ کِلَاهُمَا حَيٌّ قَالَ: فَتَبْتَغِي الْأَجْرَ مِنَ اللهِ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَارْجِعْ إِلَى وَالِدَيْکَ فَأَحْسِنْ صُحْبَتَهُمَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

٨٩٤/ ٢٠۔ وفي رواية لهما: جَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَأْذَنَهُ فِي الْجِهَادِ فَقَالَ: أَحَيٌّ وَالِدَاکَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَفِيهِمَا فَجَاهِدْ.

''حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا: (یا رسول اللہ!) میں اجر و ثواب کے لئے آپ سے جہاد اور ہجرت کی بیعت کرنا چاہتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہارے والدین میں سے کوئی زندہ ہے؟ اس نے عرض کیا: ہاں بلکہ دونوں زندہ ہیں آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تو (واقعی) اللہ تعالیٰ سے اجر وثواب چاہتا ہے؟ اس نے عرض کیا: جی ہاں، آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے والدین کے پاس جا اور ان سے اچھا سلوک کر۔''

''اور بخاری و مسلم کی روایت میں ہے کہ ایک شخص نے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر جہاد پر جانے کی اجازت چاہی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے ماں باپ زندہ ہیں؟ اس نے عرض کیا: جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو اُن کی خدمت میں ہی جہاد کر۔''

٨٩٥/ ٢١۔ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رضی الله عنه أَنَّ رَجُـلًا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! مَا حَقُّ الْوَالِدَيْنِ عَلَى وَلَدِهِمَا؟ قَالَ: هُمَا جَنَّتُکَ وَنَارُکَ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

..... وأبوداود فی السنن، کتاب: الجهاد، باب: فی الرجل یغزو وأبواه کارهان، ٣/ ١٧، الرقم: ٢٥٢٨-٢٥٢٩، والنسائی فی السنن، کتاب: البیعة، باب: البیعة علی الهجرة، ٧/ ١٤٣، الرقم: ٤١٦٣۔

الحدیث رقم ٢١: أخرجه ابن ملجه فی السنن، کتاب: الأدب، باب: بر الوالدین، ٢/ ١٢٠٨، الرقم: ٣٦٦٢، والمنذری فی الترغیب والترهیب، ٣/ ٢١٦، الرقم: ٣٧٤٩۔

’’حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی آیا اور اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! والدین کا اپنی اولاد پر کتنا حق ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ دونوں تیری جنت (بھی) ہیں اور دوزخ (بھی)۔ (یعنی ان کی خدمت کرکے جنت حاصل کرلو یا نافرمانی کرکے دوزخ کے مستحق ہو جاؤ)۔‘‘

٨٩٦ / ٢٢۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم : الرَّحِمُ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ تَقُوْلُ: مَنْ وَصَلَنِي وَصَلَهُ اللهُ، وَمَنْ قَطَعَنِي قَطَعَهُ اللهُ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

’’حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رحم عرش سے معلق (وابستہ) ہے اور یہ کہہ رہا ہے کہ جس نے مجھے ملایا اللہ تعالیٰ اسے ملائے، اور جس نے مجھے کاٹا اللہ تعالیٰ اسے کاٹے۔‘‘

٨٩٧ / ٢٣۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ: أَبَرُّ الْبِرِّ أَنْ يَصِلَ الرَّجُلُ وُدَّ أَبِيهِ.

وفي رواية: إِنَّ مِنْ أَبَرِّ الْبِرِّ صِلَةَ الرَّجُلِ أَهْلَ وُدِّ أَبِيهِ بَعدَ أَنْ يُوَلِّيَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

الحديث رقم ٢٢: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: صلة الرحم وتحريم وقطيعتها، ٤/١٩٨١، الرقم: ٢٥٥٥، وابن أبى شيبة فى المصنف، ٥/٢١٧، الرقم: ٢٥٣٨٨، وأبو يعلى فى المسند، ٧/٤٢٣، الرقم: ٤٤٤٦، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٦/٢١٥، الرقم: ٧٩٣٥، والديلمى فى مسند الفردوس، ٢/٢٨٦، الرقم: ٣٣٢٢.

الحديث رقم ٢٣: أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: فضل صلة أصدقاء الأب والأم ونحوهما، ٤/١٩٧٩، الرقم: ٢٥٥٢، والطبرانى فى المعجم الأوسط، ٨/٧٢، الرقم: ٧٩٩٧، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٤/١٨٠، الرقم: ٧٥٥٧.

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سب سے بڑی نیکی یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے والد کے دوستوں سے نیکی کرے۔‘‘

’’اور ایک روایت میں ہے کہ بڑی نیکی یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے باپ کے وفات پا جانے کے بعد اس کے دوستوں سے نیکی کرے۔‘‘

٨٩٨/٢٤۔ عَنْ جَاهِمَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ أَسْتَشِيْرُهُ فِي الْجِهَادِ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: أَلَكَ وَالِدَانِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: إِلْزَمْهُمَا فَإِنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ أَرْجُلِهِمَا. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت جاہمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں جہاد کا مشورہ لینے کے لئے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تمہارے ماں باپ زندہ ہیں؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں (زندہ ہیں)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: انہی کے ساتھ رہو کہ جنت ان کے پاؤں تلے ہے۔‘‘

الحديث رقم ٢٤: أخرجه النسائی فی السنن، كتاب: الجهاد، باب: الرخصة فی التخلف لمن له والدة، ٦/١١، الرقم: ٣١٠٤، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٢/٢٨٩، الرقم: ٢٢٠٢، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٣/٢١٦، الرقم: ٣٧٥٠، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٨/١٣٨۔ وَقَالَ: وَرِجَالُهُ الثِّقَاتُ.

فَصْلٌ فِي حُقُوْقِ الْأَكَابِرِ وَالْأَصَاغِرِ

﴿بڑوں اور چھوٹوں کے حقوق کا بیان﴾

٨٩٩/٢٥۔ عَنْ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا كَانَ أَشْبَهَ سَمْتًا وَدَلًّا وَهَدْيًا (وفي رواية:) حَدِيْثًا وَكَلَامًا بِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ مِنَ فَاطِمَةَ رضي الله عنها، كَانَتْ إِذَا دَخَلَتْ عَلَيْهِ قَامَ إِلَيْهَا فَأَخَذَ بِيَدِهَا فَقَبَّلَهَا وَأَجْلَسَهَا فِي مَجْلِسِهِ، وَكَانَ إِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا قَامَتْ إِلَيْهِ فَأَخَذَتْ بِيَدِهِ فَقَبَّلَتْهُ وَأَجْلَسَتْهُ فِي مَجْلِسِهَا.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ وَالنَّسَائِيُّ.

''اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہے کہ میں نے چال ڈھال، شکل و شباہت اور بات چیت میں سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے بڑھ کر کسی کو حضور نبی اکرم ﷺ سے مشابہ نہیں دیکھا اور جب سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوتیں تو آپ ﷺ ان کے استقبال لئے کھڑے ہو جاتے، ان کا ہاتھ پکڑ کر اسے بوسہ دیتے اور انہیں اپنی جگہ پر بٹھاتے اور جب حضور نبی اکرم ﷺ ان کے پاس تشریف لے جاتے تو وہ آپ ﷺ کے لئے کھڑی ہو جاتیں، آپ ﷺ کے دستِ اقدس کو پکڑ کر بوسہ دیتیں اور اپنی جگہ بٹھاتیں۔''

٩٠٠/٢٦۔ عَنِ الشَّعْبِيِّ رضي الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ تَلَقَّى جَعْفَرَ بْنَ أَبِي

الحديث رقم ٢٥: أخرجه أبوداود فى السنن، كتاب: الأدب، باب: ماجاء فى القيام، ٤/٣٥٥، الرقم: ٥٢١٧، والبخارى فى الأدب المفرد، ١/٣٣٧، الرقم: ٩٧١، والنسائى فى السنن الكبرى، ٥/٩٦، الرقم: ٨٣٦٩۔

الحديث رقم ٢٦: أخرجه أبوداود فى السنن، كتاب: الأدب، باب: فى قبلة ما بين العينين، ٤/٣٥٦، الرقم: ٥٢٢٠، وابن أبى شيبة في المصنف، ٦/٥٤١، الرقم: ٣٣٦٨٢، ٧/٣٥١، الرقم: ٣٦٦٤٣، والمقرى فى تقبيل اليد، ١/٨١، الرقم: ٢١۔

طَالِبٍ رضي الله عنه فَالْتَزَمَهُ وَقَبَّلَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت شعبی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے (ہجرت کے بعد) ملے تو ان سے معانقہ فرمایا اور آپ ﷺ نے ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔''

٩٠١ / ٢٧۔ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَزِيْنَ، قَالَ: مَرَرْنَا بِالرَّبَذَةِ، فَقِيْلَ لَنَا: هَاهُنَا سَلَمَةُ بْنُ الْأَكْوَعِ. فَأَتَيْتُهُ فَسَلَّمْنَا عَلَيْهِ. فَأَخْرَجَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: بَايَعْتُ بِهَاتَيْنِ نَبِيَّ اللهِ ﷺ، فَأَخْرَجَ كَفًّا لَهُ ضَخْمَةً كَأَنَّهَا كَفُّ بَعِيْرٍ، فَقُمْنَا إِلَيْهَا فَقَبَّلْنَاهَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ.

''حضرت عبدالرحمٰن بن رزین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک بار ہم ربذہ (جگہ کا نام) گئے تو ہمیں بتایا گیا کہ یہاں (صحابی رسول) حضرت سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ رہتے ہیں۔ ہم ان کی خدمت میں (زیارت کے لئے) گئے اور انہیں سلام کیا۔ انہوں نے اپنے دونوں ہاتھ کپڑوں سے باہر کئے اور فرمایا: میں نے ان ہاتھوں سے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی ہے۔ ان کا ہاتھ بڑا اور ضخیم تھا جیسے اونٹ کے ہاتھ ہوں، ہم لوگ ان کے احترام میں کھڑے ہوگئے اور ہم نے ان کے ہاتھوں کا بوسہ لیا۔''

٩٠٢ / ٢٨۔ عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ قَالَ ثَابِتٌ لِأَنَسٍ رضي الله عنه: أَمَسَسْتَ النَّبِيَّ ﷺ بِيَدِكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقَبَّلَهَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ.

''حضرت ابن جدعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ثابت نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: کیا آپ نے اپنے ان ہاتھوں سے رسول اللہ ﷺ کو مَس کیا تھا؟ انہوں نے فرمایا: ہاں، تو اس پر انہوں نے ان (یعنی حضرت انس رضی اللہ عنہ) کے ہاتھوں کو چوم لیا۔''

الحديث رقم ٢٧: أخرجه البخاری فی الأدب المفرد، ١ / ٣٣٨، الرقم: ٩٧٣۔
الحديث رقم ٢٨: أخرجه البخاری فی الأدب المفرد، ١ / ٣٣٨، الرقم: ٩٧٤، والمقری فی تقبيل اليد، ١ / ٧٩، الرقم: ١٩۔

٩٠٣/ ٢٩۔ عَنْ صُهَيْبٍ رضي الله عنه مَوْلَى الْعَبَّاسِ رضي الله عنه قَالَ: رَأَيْتُ عَلِيًّا رضي الله عنه يُقَبِّلُ يَدَ الْعَبَّاسِ وَرِجْلَيْهِ وَيَقُوْلُ: يَا عَمِّ ارْضَ عَنِّي.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالذَّهَبِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت صہیب رضی اللہ عنہ جو کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے غلام تھے، روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ہاتھ اور پاؤں چومتے دیکھا اور ساتھ ساتھ کہتے جاتے تھے: اے چچا! مجھ سے راضی ہو جائیں۔''

٩٠٤/ ٣٠۔ عَنْ إِيَاسِ بْنِ دَغْفَلٍ رضي الله عنه قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا نَضْرَةَ قَبَّلَ خَدَّ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عليهما السلام. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت ایاس بن دغفل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابونضرہ کو دیکھا کہ انہوں نے حضرت حسن بن علی علیہما السلام کے رُخسار مبارک پر بوسہ دیا۔''

٩٠٥/ ٣١۔ عَنْ عُمَرَ رضي الله عنه أَنَّهُ كُلَّمَا قَدِمَ الشَّامَ اسْتَقْبَلَهُ أَبُوْعُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ رضي الله عنه، فَقَبَّلَ يَدَهُ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ جب بھی شام آتے تو حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ ان کا استقبال کرتے اور ان کی دست بوسی کرتے۔''

٩٠٦/ ٣٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَبَّلَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم الْحَسَنَ بْنَ

الحديث رقم ٢٩: أخرجه البخاری فی الأدب المفرد، ١/ ٣٣٩، الرقم: ٩٧٦، والذهبی فی سير أعلام النبلاء، ٢/ ٩٤، والمزی فی تهذيب الكمال، ١٣/ ٢٤٠، الرقم: ٢٩٠٥، والمقری فی تقبيل اليد، ١/ ٧٦، الرقم: ١٥۔

الحديث رقم ٣٠: أخرجه أبوداود فی السنن، كتاب: الأدب: باب: فی قبلة الخدّ، ٤/ ٣٥٦، الرقم: ٥٢٢١، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٥/ ٢٤٧، الرقم: ٢٥٧٣٣۔

الحديث رقم ٣١: أخرجه البيهقی فی شعب الإيمان، ٦/ ٤٧٦، الرقم: ٨٩٦٥، وفی السنن الكبری، ٧/ ١٠١، الرقم: ١٣٣٦١۔

الحديث رقم ٣٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الأدب، باب: رَحمة الولد وتقبيله ومعانقته، ٥/ ٢٢٣٥، الرقم: ٥٦٥١، ومسلم فی الصحيح، كتاب: ←

عَلِيٍّ رضي الله عنهما وَعِنْدَهُ الأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ التَّمِيْمِيُّ جَالِسًا، فَقَالَ الْأَقْرَعُ: إِنَّ لِي عَشَرَةً مِنَ الْوَلَدِ مَا قَبَّلْتُ مِنْهُمْ أَحَدًا فَنَظَرَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ لاَ يَرْحَمُ لاَ يُرْحَمُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو چوما تو آپ ﷺ کے پاس اس وقت اقرع بن حابس تمیمی بھی بیٹھا تھا وہ بولا: میرے دس بیٹے ہیں میں نے تو کبھی ان میں سے کسی کو نہیں چوما۔ اس پر حضور نبی اکرم ﷺ نے اس کی طرف دیکھ کر فرمایا: جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔‘‘

٩٠٧ / ٣٣۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ الْأَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ أَبْصَرَ النَّبِيَّ ﷺ وَهُوَ يُقَبِّلُ حُسَيْنًا، فَقَالَ: إِنَّ لِي عَشَرَةً مِنَ الْوَلَدِ مَا فَعَلْتُ هَذَا بِوَاحِدٍ مِنْهُمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَاللَّفْظُ لَهُ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ کو حضرت حسین علیہ السلام کو بوسہ دیتے ہوئے دیکھا، تو عرض کیا: میرے دس بیٹے ہیں لیکن میں نے آج تک ان میں سے کسی کے ساتھ بھی ایسا (پیار بھرا برتاؤ) نہیں کیا۔ رسول

------ الفضائل، باب: رحمة والعيال وتواضع هو فضل لك، ٤ / ١٨٠٨، الرقم: ٢٣١٥، وابن حبان فى الصحيح، ٢ / ٢٠٢، الرقم: ٤٥٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢ / ٢٤١، الرقم: ٧٢٨٧، والبخارى فى الأدب المفرد، ١ / ٤٦، الرقم: ٩١، ٩٩، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٧ / ١٠٠، الرقم: ١٣٣٥٤، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٣ / ١٤٢، الرقم: ٣٤١٩۔

الحديث رقم ٣٣: أخرجه البخارى فى الصحيح، كتاب: الأدب باب: رحمة الولد وتقبيله ومعانقته، ٥ / ٢٢٣٥، الرقم: ٥٦٥١، وأبوداود فى السنن، كتاب: الأدب، باب: فى قبلة الرجل ولده، ٤ / ٣٥٥، الرقم: ٥٢١٨، وابن حبان فى الصحيح، ٢ / ٢٠٢، الرقم: ٤٥٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢ / ٢٤١، الرقم: ٧٢٨٧، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٧ / ١٠٠، الرقم: ١٣٣٥٤، والبخارى فى الأدب المفرد، ١ / ٤٦، الرقم: ٩١۔

اللہ ﷺ نے فرمایا: جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔‘‘

٩٠٨/ ٣٤۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ ﷺ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ بَنُوْ قُرَيْظَةَ عَلَى حُكْمِ سَعْدٍ، هُوَ ابْنُ مُعَاذٍ، بَعَثَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ، وَكَانَ قَرِيْبًا مِنْهُ، فَجَاءَ عَلَى حِمَارٍ، فَلَمَّا دَنَا قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: قُوْمُوْا إِلَى سَيِّدِكُمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے مروی ہے کہ جب حضرت سعد بن معاذ ﷺ کے حکم پر بنوقریظہ (قلعہ سے) نیچے اتر آئے تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں بلانے کے لئے ایک آدمی بھیجا اور وہ قریب ہی تھے۔ سو وہ گدھے پر سوار ہو کر آئے، نزدیک پہنچے تو رسول اللہ ﷺ نے لوگوں سے فرمایا: اپنے سردار کے لئے (تعظیماً) کھڑے ہو جاؤ۔‘‘

الحديث رقم ٣٤: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الجهاد، باب: إذا نزل العدو على حكم رجل، ٣/ ١١٠٧، الرقم: ٢٨٧٨، وفی كتاب: المغازی، باب: مرجع النبي ﷺ من الأحزاب ومخرجه إلى بنی قريظة ومحاصرته إياهم، ٤/ ١٥١١، الرقم: ٣٨٩٥، وفی كتاب: الاستئذان، باب: قول النبي ﷺ: قوموا إلى سيدكم، ٥/ ٢٣١، الرقم: ٥٩٠٧، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الجهاد والسير، باب: جواز قتال من نقض العهد وجواز إزال أهل الحصن على حكم حاكم عدل أهل للحكم، ٣/ ١٣٨٨، الرقم: ١٧٦٨، وأبو داود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: ما جاء فی القيام، ٤/ ٣٥٥، الرقم: ٥٢١٥، والنسائی فی السنن الكبرى، ٥/ ٦٢، الرقم: ٨٢٢٢، وابن حبان فی الصحيح، ١٥/ ٤٩٨۔ ٥٠٠، الرقم: ٧٠٢٨، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣/ ٢٢، الرقم: ١١١٨١، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٦/ ٥٧، الرقم: ١١٠٩٦، والطبرانی فی المعجم الكبير، ٦/ ٦، الرقم: ٥٣٢٣۔

فَصْلٌ فِي حُقُوقِ الْأُسْرَةِ وَالْأَوْلَادِ

﴿خاندان اور اولاد کے حقوق کا بیان﴾

٩٠٩ / ٣٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ مِنْ أَكْبَرِ الْكَبَائِرِ أَنْ يَلْعَنَ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ. قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! وَكَيْفَ يَلْعَنُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ؟ قَالَ: يَسُبُّ الرَّجُلُ أَبَا الرَّجُلِ، فَيَسُبُّ أَبَاهُ، وَيَسُبُّ أُمَّهُ فَيَسُبُّ أُمَّهُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کبیرہ گناہوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ آدمی اپنے والدین پر لعنت کرے۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! کوئی آدمی اپنے والدین پر کس طرح لعنت کرتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی دوسرے آدمی کے والد کو گالی دیتا ہے تو وہ (جواباً) اس کے والد کو گالی دیتا ہے اور جب کوئی کسی کی ماں کو گالی دیتا ہے تو وہ (جواباً) اس کی ماں کو گالی دیتا ہے (یہ خود اپنے ماں باپ کو گالی دینا ہے)۔''

٩١٠ / ٣٦۔ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ لَهُ: إِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِي بِهَا وَجْهَ اللهِ إِلَّا أُجِرْتَ عَلَيْهَا، حَتَّى مَا تَجْعَلُ

الحديث رقم ٣٥: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الأدب، باب: لا يَسُبُّ الرَّجل والديه، ٥/٢٢٢٨، الرقم: ٥٦٢٨، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان الكبائر وأكبرها، ١/٩٢، الرقم: ٩٠، والترمذی فی السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: فی عقوق الوالدين، ٤/٣١٢، الرقم: ١٩٠٢، وقال أبو عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/١٦٤، الرقم: ٦٥٢٩، ٦٨٤٠، والبزار فی المسند، ٦/٤٤٥، الرقم: ٢٤٨٣.

الحديث رقم ٣٦: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: ما جاء أن الأعمال بالنية والحِسبة، ولكل امرئ ما نوى، ١/٣٠، الرقم: ٥٦، وفی كتاب: الجنائز، باب: رِثَاء النبی ﷺ سعد بن خولة، ١/٤٣٥، الرقم: ١٢٣٣، وفی ←

فِي فَمِ امْرَأَتِکَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم جو کچھ خرچ کرتے ہو کہ جس سے تمہارا مقصود رضائے الٰہی ہو تو تمہیں اس پر اجر دیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ تم اپنی بیوی کے منہ میں جو لقمہ ڈالتے ہو (اس پر بھی تمہیں اجر دیا جاتا ہے)۔‘‘

۹۱۱/۳۷۔ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جدِّهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، عَوْرَاتُنَا مَا نَأْتِي مِنْهَا وَمَا نَذَرُ؟ قَالَ: احْفَظْ عَوْرَتَکَ إِلَّا مِنْ زَوْجَتِکَ، أَوْ مَا مَلَکَتْ يَمِيْنُکَ، فَقَالَ: الرَّجُلُ يَكُوْنُ مَعَ الرَّجُلِ؟ قَالَ: إِنْ اسْتَطَعْتَ أَلَا يَرَاهَا أَحَدٌ فَافْعَلْ، قُلْتُ: وَالرَّجُلُ يَكُوْنُ خَالِيًا، قَالَ فَاللهُ أَحَقُّ أَنْ يُسْتَحْيَا مِنْهُ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجه وَذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِي التَّرْجَمَةِ مُخْتَصَرًا.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيحُ

الحديث رقم ٢٦: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: خوف المؤمن من أن يحبط عمله وهولا يشهر، ١/٢٧، الرقم: ٤٨، وفی كتاب: الأدب: باب: ما ينهى من السباب واللعن، ٥/٢٢٤٧، الرقم: ٥٦٩٧، وفی كتاب: الفتن، باب: قول النبي ﷺ: لا ترجعوا بعدي كفارا يضرب بعضكم رقاب بعض، ٦/٢٥٩٢، الرقم: ٦٦٦٥، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الإيمان، باب: بيان قول النبي ﷺ: سباب المسلم فسوق وقتاله كفر، ١/٨١، الرقم: ٦٤، والترمذی فی السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء في الشتم، ٤/٣٥٣، الرقم: ١٩٨٣، والنسائی فی السنن، كتاب: تحريم الدم، باب: قتال المسلم، ٧/١٢١، الرقم: ٤١٠٥، وابن ماجه فی السنن، المقدمة، باب: فی الإيمان، ١/٢٧، الرقم: ٦٩۔

٩٦١ / ٢٧۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضي الله عنه أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَنْ دَعَا رَجُـلًا بِالْكُفْرِ، أَوْ قَالَ: عَدُوَّ اللهِ، وَلَيْسَ كَذٰلِکَ إِلَّا حَارَ عَلَيْهِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: جس نے کسی شخص کو کافر یا دشمنِ خدا کہہ کر پکارا حالانکہ وہ ایسا نہیں ہے تو یہ کفر اس (کہنے والے) کی طرف لوٹ آئے گا۔''

٩٦٢ / ٢٨۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ صَمَتَ نَجَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے (بری بات سے) خاموشی اختیار کی وہ نجات پا گیا۔''

٩٦٣ / ٢٩۔ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رضي الله عنه قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! مَا النَّجَاةُ؟ قَالَ: أَمْسِکْ عَلَيْکَ لِسَانَکَ، وَلْيَسَعْکَ بَيْتُکَ، وَابْکِ

الحديث رقم ٢٧: أخرجه مسلم فی الصحيح، کتاب: الإيمان، باب: حال إيمان من رغب عن أبيه وهو يعلم، ١ / ٧٩، الرقم: ٦١، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥ / ١٦٦، الرقم: ٢١٥٠٣، والبخاری فی الأدب المفرد، ١ / ١٥٥، الرقم: ٤٣٣، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٣ / ٥١، الرقم: ٣٠٤٠۔

الحديث رقم ٢٨: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: (٥٠)، ٤ / ٦٦٠، الرقم: ٢٥٠١، والدارمی فی السنن، ٢ / ٣٨٧، الرقم: ٢٧١٢، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢ / ١٥٩، الرقم: ٦٤٨١، ٦٦٥٤، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٢ / ٢٦٤، الرقم: ١٩٣٣، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٤ / ٢٥٤، الرقم: ٤٩٨٣۔

الحديث رقم ٢٩: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فی حفظ اللسان، ٤ / ٦٠٥، الرقم: ٢٤٠٦، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥ / ٢٥٩، الرقم: ٢٢٢٨٩، والطبرانی فی المعجم الکبير، ١٧ / ٢٧٠، الرقم: ٧٤١۔

عَلَى خَطِيْئَتِکَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

’’حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! نجات کیا ہے؟ (یعنی کیسے ملتی ہے؟) آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی زبان کو (بری باتوں سے) روکے رکھو اور چاہیے کہ تمہارا گھر تم پر کشادہ ہو (یعنی اپنے گھر کو اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ہونے اور غیر اللہ سے خلوت اختیار کرنے کے لئے لازم پکڑو) اور اپنے گناہوں پر (نادم ہوکر) رویا کرو۔‘‘

٩٦٤/ ٣٠۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: أَ تَدْرُوْنَ مَا الْغِيْبَةُ؟ قَالُوْا: اللهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: ذِکْرُکَ أَخَاکَ بِمَا يَکْرَهُ. قِيْلَ: أَفَرَأَيْتَ إِنْ کَانَ فِي أَخِي مَا أَقُوْلُ؟ قَالَ: إِنْ کَانَ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَدِ اغْتَبْتَهُ. وَإِنْ لَمْ يَکُنْ فِيْهِ، فَقَدْ بَهَتَّهُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم جانتے ہو کہ غیبت کیا ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: (غیبت یہ ہے کہ) تم اپنے (مسلمان) بھائی کا اس طرح ذکر کرو کہ جسے وہ ناپسند کرتا ہے۔ عرض کیا گیا: (یا رسول اللہ!) اگر وہ بات میرے اس بھائی میں پائی جاتی ہو جو میں کہہ رہا ہوں (تو کیا پھر بھی غیبت ہے؟) آپ ﷺ نے فرمایا: اگر وہ بات اس میں ہے جو تم کہہ رہے ہو تو یہی تو غیبت ہے اور اگر (وہ بات) اس میں نہیں تب تو تم نے اس پر بہتان لگایا۔‘‘

الحديث رقم ٣٠: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: تحريم الغيبة، ٤/ ٢٠٠١، الرقم: ٢٥٨٩، والترمذی فی السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فی الغيبة، ٤/ ٣٢٩، الرقم: ١٩٣٤، وأبوداود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: فی الغيبة، ٤/ ٢٦٩، الرقم: ٤٨٧٤، النسائی فی السنن الكبرى، ٦/ ٤٦٧، الرقم: ١١٥١٨، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/ ٢٣٠، الرقم: ٧١٤٦، ٨٩٧٣، والدارمی فی السنن، ٢/ ٣٨٧، الرقم: ٢٧١٤۔

٩٦٥/٣١۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَنْ أَكْثَرِ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ الْجَنَّةَ؟ فَقَالَ: تَقْوَى اللهِ، وَحُسْنُ الْخُلُقِ، وَسُئِلَ عَنْ أَكْثَرِ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ النَّارَ؟ فَقَالَ: الْفَمُ وَالْفَرْجُ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت ابوہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں حضور نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا گیا: (یا رسول اللہ!) کون سے اعمال ہیں جو لوگوں کو بکثرت جنت میں لے جائیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا خوف (یعنی تقویٰ) اور اچھے اخلاق۔ (پھر) ان چیزوں کے بارے میں پوچھا گیا جو زیادہ لوگوں کو جہنم میں لے جانے کا باعث ہیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: منہ (یعنی زبان) اور شرمگاہ (یعنی ان دونوں کا غلط استعمال کرنا)۔''

الحديث رقم ٣١: أخرجه الترمذى فى السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى حُسْنِ الْخُلق، ٤/٣٦٣، الرقم: ٢٠٠٤، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الزهد، باب: ذكر الذنوب، ٢/١٤١٨، الرقم: ٤٢٤٦، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٢/٢٩١، الرقم: ٧٨٩٤، وابن حبان فى الصحيح، ٢/٢٢٤، الرقم: ٤٧٦، والحاكم فى المستدرك، ٤/٣٦٠، الرقم: ٧٩١٩، والبخارى فى الأدب المفرد، ١/١١٠، الرقم: ٢٩٤۔

فَصْلٌ فِي آدَابِ الشُّرْبِ وَالطَّعَامِ

﴿ کھانے پینے کے آداب کا بیان ﴾

٩٦٦ / ٣٢۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ رضي الله عنهما يَقُوْلُ: كُنْتُ غُلَامًا فِي حَجْرِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَكَانَتْ يَدِي تَطِيْشُ فِي الصَّحْفَةِ، فَقَالَ لِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَا غُلَامُ! سَمِّ اللهَ وَكُلْ بِيَمِيْنِکَ وَكُلْ مِمَّا يَلِيْکَ فَمَا زَالَتْ تِلْکَ طِعْمَتِي بَعْدُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں لڑکپن میں رسول اللہ ﷺ کے زیرِکفالت تھا (آپ ﷺ کے ساتھ کھانا کھاتے وقت) میرا ہاتھ پیالے میں ہر طرف چلتا رہتا تھا۔ (ایک مرتبہ جب میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ دسترخوان پر بیٹھا تھا) تو آپ ﷺ نے فرمایا: برخودار! بسم اللہ پڑھو، دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور اپنے سامنے سے کھایا کرو۔ اس کے بعد میں اسی طریقہ سے کھاتا ہوں۔''

٩٦٧ / ٣٣۔ عَنْ حُذَيْفَةَ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: لَا

الحديث رقم ٣٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الأطعمة، باب: التسمية على الطعام والأكل باليمين، ٥ / ٢٠٥٦، الرقم: ٥٠٦١۔ ٥٠٦٣، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الأشربة، باب: آداب الطعام والشراب وأحكامهما، ٣ / ١٥٩٩، الرقم: ٢٠٢٢، وابن ماجه فی السنن كتاب: الأطعمة، باب: الأكل باليمين، ٢ / ١٠٨٧، الرقم: ٣٢٦٧، والنسائی فی السنن الكبرى، ٤ / ١٧٥، الرقم: ٦٧٥٩، وفی عمل اليوم والليلة، ١ / ٢٥٩، الرقم: ٢٧٤، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤ / ٢٦، والبيهقی فی السنن الكبرى، ٧ / ٢٧٧، الرقم: ٤٣٨٩۔

الحديث رقم ٣٣: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الأطعمة، باب: الأكل في إناء مُفَضَّضٍ، ٥ / ٢٠٦٩، الرقم: ٥١١٠، ٥٣٠٩۔٥٣١٠، وفی كتاب: اللباس، باب: لبس الحرير وافتراشه للرجال، وقدر ما يجوز، ٥ / ٢١٩٤، الرقم: ٥٤٩٣، ٥٤٩٩، ومسلم فی الصحيح، كتاب: اللباس والزينة، باب: تحريم استعمال إناء الذهب والفضة، ٣ / ١٦٣٨، الرقم: ٢٠٦٧، ٢٠٦٩، وابن حبان فی الصحيح، ١٢ / ١٥٥، الرقم: ٥٣٣٩، والنسائی فی السنن، الكبرى، ٤ / ١٤٩، الرقم: ٦٦٣١، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥ / ٣٩٠، الرقم: ٢٣٣٦٢۔

تَلْبَسُوا الْحَرِيْرَ وَلَا الدِّيْبَاجَ، وَلَا تَشْرَبُوْا فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَلَا تَأْكُلُوْا فِي صِحَافِهَا، فَإِنَّهَا لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَلَنَا فِي الآخِرَةِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ریشم اور دیباج کے کپڑے نہ پہنو، سونے چاندی کے برتنوں میں نہ پیو اور نہ ہی سونے چاندی کی پلیٹوں میں کھاؤ کیونکہ یہ ان (کفار) کے لئے دنیا میں ہیں اور ہمارے لئے آخرت میں ہیں۔''

٩٦٨ / ٣٤۔ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَنْ أَكَلَ طَعَامًا فَقَالَ: ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَنِي هَذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ﴾ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کھانا کھا کر یہ کلمات کہے: ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَنِي هَذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ﴾ ''تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور کسی حرکت وقوت کے بغیر مجھے عطا فرمایا'' اس شخص کے گزشتہ گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔''

٩٦٩ / ٣٥۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لَا

الحديث رقم ٣٤: أخرجه الترمذی فی السنن، كتاب: الدعوت عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ما يقول إذا فَرَغَ من الطعام، ٥ / ٥٠٨، الرقم: ٣٤٥٨، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣ / ٤٣٩، والحاكم فی المستدرك، ٤ / ٢١٣، الرقم: ٧٤٠٩، والطبرانی فی مسند الشاميين، ١ / ١٥٠، الرقم: ٢٤١، وفی المعجم الكبير، ٢٠ / ١٨١، الرقم: ٣٨٩، وأبويعلى فی المسند، ٣ / ٦٢، الرقم: ١٤٨٨۔

الحديث رقم ٣٥: أخرجه الترمذي فی السنن، كتاب: الأشربة عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ملجاء فی التنفس في الإناء، ٤ / ٣٠٢، الرقم: ١٨٨٥، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١١ / ١٦٦، الرقم: ١١٣٧٨، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٥ / ١١٦، الرقم: ٦٠١٥۔

تَشْرَبُوْا وَاحِدًا كَشُرْبِ الْبَعِيْرِ، وَلَكِنِ اشْرَبُوْا مَثْنَى وَثُـلَاثَ، وَسَمُّوْا إِذَا أَنْتُمْ شَرِبْتُمْ، وَاحْمَدُوْا إِذَا أَنْتُمْ رَفَعْتُمْ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اونٹ کی طرح ایک ہی سانس میں (پانی) مت پیو، بلکہ دو یا تین مرتبہ (سانس لے کر) پیو اور پانی پینے سے قبل ﴿بِسْمِ اللهِ﴾ پڑھو اور فراغت پر ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ﴾ کہا کرو۔''

٩٧٠/ ٣٦۔ عَنْ مِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: مَا مَـلَأَ آدَمِيٌّ وِعَاءً شَرًّا مِنْ بَطْنٍ بِحَسْبِ ابْنِ آدَمَ أُكُـلَاتٌ يُقِمْنَ صُلْبَهُ، فَإِنْ كَانَ لَا مَحَالَةَ، فَثُلُثٌ لِطَعَامِهِ، وَثُلُثٌ لِشَرَابِهِ، وَثُلُثٌ لِنَفْسِهِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: انسان نے پیٹ سے زیادہ بُرا برتن نہیں بھرا۔ انسان کے لئے چند لقمے کھانا کافی ہے جو اس کی پیٹھ کو سیدھا رکھ سکے، اگر زیادہ کھانا ضروری ہو تو (پیٹ کے تین حصے کرے) ایک تہائی کھانے کے لئے، ایک پانی کے لیے اور ایک تہائی سانس لینے کے لیے رکھے۔''

٩٧١/ ٣٧۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: لَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ

الحديث رقم ٣٦: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: الزهد عن رسول الله ﷺ، باب: ماجاء فى كراهية كثرة الأكل، ٤/ ٥٩٠، الرقم: ٢٣٨٠، وابن ماجه فى السنن، كتاب: الأطعمة، باب: الاقتصاد فى الأكل وكراهة الشبع، ٢/ ١١١١، الرقم: ٣٣٤٩، والنسائى فى السنن الكبرى، ٤/ ١٧٧، الرقم: ٦٧٦٨، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤/ ١٣٢، والحكم فى المستدرك، ٤/ ٣٦٧، الرقم: ٧١٣٩، ٧١٤٥، وقال الحاكم: هذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ. وابن حبان فى الصحيح، ٢/ ٤٤٩، الرقم: ٦٧٤۔

الحديث رقم ٣٧/ ٣٨: أخرجه ابن ماجه فى السنن، كتاب: الأطعمة، باب: النفخ فى ـــ

يَنْفُخُ فِي طَعَامٍ وَلَا شَرَابٍ وَلَا يَتَنَفَّسُ فِي الْإِنَاءِ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ.

’’حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نہ تو کھانے اور پانی میں پھونک مارتے تھے اور نہ برتن میں سانس لیتے تھے۔‘‘

٩٧٢ / ٣٨۔ وَفي رواية عنه: نَهَى رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَنِ النَّفْخِ فِي الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

وفي رواية: عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عها النَّفْخُ فِي الطَّعَامِ يَذْهَبُ بِالْبَرَكَةِ.

’’حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہی مروی روایت میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کھانے اور پینے کی اشیاء میں پھونک مارنے سے منع فرمایا کرتے تھے۔

اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ کھانے میں پھونک مارنا اس کی برکت کو ختم کر دیتا ہے۔‘‘

٩٧٣ / ٣٩۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: قَالَ: رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: كُلُوْا جَمِيْعًا وَلَا تَفَرَّقُوْا، فَإِنَّ الْبَرَكَةَ مَعَ الْجَمَاعَةِ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه.

’’حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مل کر کھایا کرو الگ الگ نہ کھاؤ کیونکہ برکت مل کر (اور اکٹھے) کھانے سے حاصل ہوتی ہے۔‘‘

الطعام، ٢ / ١٠٩٤، الرقم: ٣٢٨٨، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١ / ٣٠٩، الرقم: ٢٨١٨، ٣٣٦٦، وابن أبي شيبة فی المصنف، ٥ / ١٠٧، الرقم: ٢٤١٨٠۔

الحديث رقم ٣٩: أخرجه ابن ماجه فی السنن، كتاب: الأطعمة، باب: الاجتماع على الطعام، ٢ / ١٠٩٣، الرقم: ٣٣٨٧، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٣ / ٩٧، الرقم: ٣٢٢٨۔

فَصْلٌ فِي مُعَامَلَةِ الْمُؤْمِنِ بِالْمُؤْمِنِ

﴿ مومن کے مومن کے ساتھ معاملات کا بیان ﴾

٩٧٤ / ٤٠۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مومن ایک سوراخ سے دو بار نہیں ڈسا جاتا (یعنی ایک ہی معاملہ میں اسے دوبارہ دھوکہ نہیں دیا جا سکتا)۔''

٩٧٥ / ٤١۔ عَنْ عَمَّارٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ كَانَ لَهُ وَجْهَانِ فِي الدُّنْيَا كَانَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِسَانَانِ مِنْ نَارٍ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ حِبَّانَ وَالدَّارِمِيُّ.

''حضرت عمار (بن یاسر) رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو دنیا میں دو منہ رکھے (یعنی جس میں دوغلا پن ہو) تو قیامت کے روز اس کے منہ میں دو آگ

الحديث رقم ٤٠: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الأدب، باب: لا يلدغ المؤمن مِن جحر واحد مرتين، ٥/٢٢٧١، الرقم: ٥٧٥٢، ومسلم فی الصحيح، كتاب: الزهد والرقائق، باب: لا يلدغ المؤمن من جحر مرتين، ٤/٢٢٩٥، الرقم: ٢٩٩٨، وأبو داود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: فی الحذر من الناس، ٤/٢٦٦، الرقم: ٤٨٦٢، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الفتن، باب: العزلة، ٢/١٣١٨، الرقم: ٣٩٨٢-٣٩٨٣، وابن حبان فی الصحيح، ٢/٤٣٧، الرقم: ٦٦٣، والدارمی فی السنن، ٢/٤١١، الرقم: ٢٧٨١، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/١١٥، الرقم: ٥٩٦٤۔

الحديث رقم ٤١: أخرجه أبو داود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: فی ذی وجهين، ٤/٢٦٨، الرقم: ٤٨٧٣، وابن حبان فی الصحيح، ١٣/٦٨، الرقم: ٥٧٥٦، والدارمی فی السنن، ٢/٤٠٥، الرقم: ٢٧٦٤، وابن أبی شيبة فی المصنف، ٥/٢٢٣، الرقم: ٢٥٤٦٣، والبيهقی فی السنن الكبرى، ١٠/٢٤٦، وأبويعلى فی المسند، ٣/٢٠٤، الرقم: ١٦٣٧۔

کی زبانیں ہوں گی۔‘‘

٩٧٦/ ٤٢۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ: إِنَّ شَرَّ النَّاسِ ذُو الْوَجْهَيْنِ، الَّذِي يَأْتِي هَؤُلَاءِ بِوَجْهٍ وَهَؤُلَاءِ بِوَجْهٍ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دو منہ رکھنے والا شخص انتہائی برے لوگوں میں سے ہے جو ایک کے منہ پر کچھ کہتا ہے اور دوسرے کے منہ پر کچھ۔‘‘

٩٧٧/ ٤٣۔ عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ الْمُجَاشِعِيِّ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی الله عليه وآله وسلم قَالَ: إِنَّ اللهَ أَوْحَى إِلَيَّ أَنْ تَوَاضَعُوْا حَتَّى لَا يَفْخَرَ أَحَدٌ عَلَى أَحَدٍ، وَلَا يَبْغِ أَحَدٌ عَلَى أَحَدٍ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَابْنُ مَاجَه.

الحديث رقم ٤٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الأحكام، باب: ما يكره من ثناء السلطان، وإذا خرج قال غير ذلك، ٦/ ٢٦٢٦، الرقم: ٦٧٥٧، وفی كتاب: المناقب، باب: قول الله تعالى: يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَأُنْثَى وَ جَعَلْنَكُمْ شُعُوْبًا وَ قَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا۔۔ الخ، ٣/ ١٢٨٨، الرقم: ٣٣٠٤، ومسلم فی الصحيح، كتاب: البر والصلة والآداب، باب: ذم ذی الوجهين وتحريم فعله، ٤/ ٢٠١١، الرقم: ٢٥٢٦، والترمذی فی السنن، كتاب: البر والصلة عن رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم، باب: ما جاء فی ذی الوجهين، ٤/ ٣٧٤، الرقم: ٢٠٢٥، وأبوداود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: فی ذي الوجهين، ٤/ ٢٦٨، الرقم: ٤٨٧٢، ومالك فی الموطأ، ٢/ ٩٩١، الرقم: ١٧٩٧۔

الحديث رقم ٤٣: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: الجنة وصفة نعيمها وأهلها، باب: الصفات التي يعرف بها في الدنيا أهل الجنة وأهل النار، ٤/ ٢١٩٨، الرقم: ٢٨٦٥، وابن ماجه فی السنن، كتاب: الزهد، باب: البراء ة من الكبر والتواضع، ٢/ ١٣٩٩، الرقم: ٤١٧٩، والبزار فی المسند، ٨/ ٤٢٤، الرقم: ٣٤٩٥، والبيهقی فی السنن الكبرى، ١٠/ ٢٣٤، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١٧/ ٣٦٤ الرقم: ١٠٠٠۔

’’حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی کی ہے کہ تواضع (وانکساری) اختیار کرو اور کوئی شخص (اپنے آپ کو بہتر سمجھتے ہوئے) کسی دوسرے پر فخر نہ کرے اور نہ کوئی کسی پر ظلم کرے۔‘‘

٩٧٨ / ٤٤۔ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: حُبُّکَ الشَّيءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالطَّبَرَانِيُّ.

’’حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہاری کسی شے سے محبت تمہیں اندھا اور بہرا کر دیتی ہے (یعنی اپنے محبوب کے خلاف انسان کچھ دیکھنا، سننا گوارا نہیں کرتا)۔‘‘

٩٧٩ / ٤٥۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ نَظَرَ فِي کِتَابِ أَخِيْهِ بِغَيْرِ إِذْنِهِ فَإِنَّمَا يَنْظُرُ فِي النَّارِ.

وفي رواية عنه: مَنْ يَتَحَقَّقُ فِي کِتَابِ أَخِيْهِ بِغَيْرِ أَمْرِهِ فَکَأَنَّمَا يَتَحَقَّقُ فِي النَّارِ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْحَاکِمُ.

وَقَالَ الْحَاکِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی کا خط اس کی اجازت کے بغیر (کھول کر) دیکھا تو بیشک اس نے

الحديث رقم ٤٤: أخرجه أبو داود فی السنن، کتاب: الأدب، باب: فی الهوی، ٤ / ٣٣٤، الرقم: ٥١٣٠، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٤ / ٣٣٤، الرقم: ٤٣٥٩، وفی مسند الشاميين، ٢ / ٣٤٠، الرقم: ١٤٥٤، والبيهقی فی شعب الإيمان، ١ / ٣٦٨، الرقم: ٤١١، والديلمی فی مسند الفردوس، ٢ / ١٤٣، الرقم: ٢٧٢٨۔

الحديث رقم ٤٥: أخرجه أبوداود فی السنن، کتاب: الوتر، باب: الدعاء، ٢ / ٧٨، الرقم: ١٤٨٥، والحلکم فی المستدرک، ٤ / ٣٠٠۔ ٣٠١، الرقم: ٧٧٠٦۔ ٧٧٠٧، والطبرانی فی مسند الشاميين، ٢ / ٣٢٨، الرقم: ١٤٣٢، وفی المعجم الکبير، ١٠ / ٣٢٠، الرقم: ١٠٧٨١، والقضاعی فی مسند الشهاب، ١ / ٢٨٤، الرقم: ٤٦٤، وعبد بن حميد فی المسند، ١ / ٢٢٥، الرقم: ٦٧٥۔

(دوزخ کی) آگ میں دیکھا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہی مروی ایک اور روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو اپنے (مسلمان) بھائی کے خط میں اس کی اجازت کے بغیر غور وفکر کرتا ہے (یعنی اسے پڑھتا ہے یا اس کی جستجو کرتا ہے تو) وہ تو بس (دوزخ کی) آگ میں جھانک رہا ہے۔‘‘

فَصْلٌ فِي آدَابِ اللِّبَاسِ

﴿آدابِ لباس کا بیان﴾

٩٨٠ / ٤٦۔ عَنْ حُذَيْفَةَ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: لَا تَلْبَسُوا الْحَرِيْرَ وَلَا الدِّيْبَاجَ، وَلَا تَشْرَبُوْا فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَلَا تَأْكُلُوْا فِي صِحَافِهَا، فَإِنَّهَا لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَلَنَا فِي الآخِرَةِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ریشم اور دیباج کے کپڑے نہ پہنو، سونے چاندی کے برتنوں میں نہ پیو اور نہ ہی سونے چاندی کی پلیٹوں میں کھاؤ کیونکہ یہ ان (کفار) کے لئے دنیا میں ہیں اور ہمارے لئے آخرت میں ہیں۔''

٩٨١ / ٤٧۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنه يَقُوْلُ: إِنَّ نَبِيَّ اللهِ أَخَذَ حَرِيْرًا

الحديث رقم ٤٦: أخرجه البخاری في الصحيح، كتاب: الأطعمة، باب: الأكل في إناء مُفَضَّضٍ، ٥/٢٠٦٩، الرقم: ٥١١٠، ٥٣٠٩-٥٣١٠، وفی كتاب: اللباس، باب: لبس الحرير وافتراشه للرجال، وقدر ما يجوز، ٥/٢١٩٤، الرقم: ٥٤٩٣، ٥٤٩٩، ومسلم فی الصحيح، كتاب: اللباس والزينة، باب: تحريم استعمال إناء الذهب والفضة، ٣/١٦٣٨، الرقم: ٢٠٦٧، ٢٠٦٩، وابن حبان فی الصحيح، ١٢/١٥٥، الرقم: ٥٣٣٩، والنسائی فی السنن، الكبرى، ٤/١٤٩، الرقم: ٦٦٣١، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٥، ٣٩٠، الرقم: ٢٣٣٦٢۔

الحديث رقم ٤٧/٤٨: أخرجه الترمذي فی السنن، كتاب: اللباس عن رسول الله ﷺ، باب: ملجاء فی الحرير والذهب، ٤/٢١٧، الرقم: ١٧٢٠، وأبوداود فی السنن، كتاب: الحمام، باب: فی الحرير للنساء، ٤، ٥٠، الرقم: ٤٠٥٧، والنسائی فی السنن، كتاب: الزينة، باب: تحريم الذهب على الرجال، ٨/١٦٠، الرقم: ٥١٤٤، وابن ماجه فی السنن، كتاب: اللباس ، باب: لبس الحرير والذهب للنساء، ٢/١١٨٩، الرقم: ٣٥٩٥، ٣٥٩٧، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١/٩٦، الرقم: ٧٥٠: ٤/٣٩٤، وأبو يعلى فی المسند، ١/٢٣٥، الرقم: ٢٧٢، ٣٢٥، والطبرانی فی المعجم الكبير، ١١/١٥، الرقم: ١٠٨٨٩، ٢٣٤، والبيهقی فی شعب الإيمان ٥/١٣٣، الرقم: ٦٠٨٢۔

فَجَعَلَهُ فِي يَمِيْنِهِ، وَأَخَذَ ذَهَبًا فَجَعَلَهُ فِي شِمَالِهِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ هَذَيْنِ حَرَامٌ عَلَى ذُكُوْرِ أُمَّتِي. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ بِإِسْنَادٍ جَيِّدٍ.

٩٨٢/ ٤٨۔ وفي رواية: عَنْ أَبِي مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ ﷺ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: حُرِّمَ لِبَاسُ الْحَرِيْرِ وَالذَّهَبِ عَلَى ذُكُوْرِ أُمَّتِي وَأُحِلَّ لِإِنَاثِهِمْ. رَوَاهُ التِّرمِذِيُّ.

وَقَالَ: أَبُوْعِيْسَى: حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت علی ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے دائیں دستِ مبارک میں ریشمی کپڑا پکڑا اور بائیں دستِ مبارک میں سونا تھاما پھر فرمایا: یہ دونوں چیزیں میری امت کے مردوں پر حرام ہیں۔

اور ایک روایت میں حضرت ابوموسیٰ اشعری ﷺ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ریشم کا لباس اور سونا میری امت کے مردوں پر حرام کر دیا گیا ہے اور ان کی عورتوں پر حلال ہے۔''

٩٨٣/ ٤٩۔ رَوَى أَبُوْحَنِيْفَةَ ﷺ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رِبَاحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: كَانَ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَلَنْسُوَةٌ شَامِيَّةٌ بَيْضَاءُ.

رَوَاهُ أَبُوْحَنِيْفَةَ.

''امام اعظم ابوحنیفہ ﷺ بواسطہ حضرت عطاء بن ابی رباح حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک سفید شامی ٹوپی مبارک تھی۔''

٩٨٤/ ٥٠۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَلْبَسُ

الحديث رقم ٤٩: أخرجه الخوارزمی فی جامع المسانيد للإمام أبي حنيفة، ١/ ١٩٨۔
الحديث رقم ٥٠: أخرجه البيهقی فی شعب الإيمان، ٥/ ١٧٥، الرقم: ٦٢٥٩، والهيثمی فی مجمع الزوائد، ٥/ ١٢١، وقال: رواه الطبراني ورواته ثقات، والسيوطی فی الجامع الصغير، ١/ ٣٦٦، الرقم: ٦٩٧۔

قَلَنْسُوَةً بَيْضَاءَ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَالطَّبَرَانِيُّ كَمَا قَالَ الْهَيْثَمِيُّ.

’’حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ سفید ٹوپی مبارک پہنا کرتے تھے۔‘‘

٩٨٥ / ٥١۔ عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: كَانَ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ قَلَنْسُوَةٌ بَيْضَاءُ لَاطِئَةٌ يَلْبَسُهَا. رَوَاهُ ابْنُ عَسَاكِرَ.

’’حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس سفید ٹوپی تھی جسے آپ ﷺ پہنا کرتے تھے جو آپ ﷺ کے سرِ اقدس پر جمی رہتی تھی۔‘‘

٩٨٦ / ٥٢۔ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ ضَرَارٍ، قَالَ: رَأَيْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رضی الله عنه أَتَى الْخَلَاءَ ثُمَّ خَرَجَ وَعَلَيْهِ قَلَنْسُوَةٌ بَيْضَاءُ مَزْرُوْرَةٌ فَمَسَحَ عَلَى الْقَلَنْسُوَةِ ..... قَالَ الثَّوْرِيُّ: وَالْقَلَنْسُوَةُ بِمَنْزِلَةِ الْعِمَامَةِ.

رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ.

’’سعید بن عبداللہ بن ضرار سے روایت ہے کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ بیت الخلاء میں داخل ہوئے پھر نکلے اور ان کے سر پر بٹن لگی ہوئی سفید ٹوپی تھی تو انہوں نے اپنی ٹوپی پر مسح کیا۔ امام سفیان ثوری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ٹوپی بمنزلہ عمامہ ہے۔‘‘

٩٨٧ / ٥٣۔ عَنْ أَشْعَثَ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ أَبَا مُوْسَى رضی الله عنه خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ وَعَلَيْهِ قَلَنْسُوَةٌ فَمَسَحَ عَلَيْهَا. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

’’حضرت اشعث اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ (الاشعری) رضی اللہ عنہ بیت الخلاء سے باہر تشریف لائے اور انہوں نے ٹوپی پہنی ہوئی تھی، پھر انہوں نے اس ٹوپی پر مسح کیا۔‘‘

الحديث رقم ٥١: أخرجه ابن عساكر فی تاريخ دمشق الكبير، ٤ / ١٩٣، والهندی فی كنز العمال، ٧ / ١٢١، الرقم: ١٨٢٨٥۔

الحديث رقم ٥٢: أخرجه عبد الرزاق فی المصنف، باب: المسح على القلنسوة، ١ / ١٩٠، الرقم: ٧٤٥۔

الحديث رقم ٥٣: أخرجه ابن أبی شيبة فی المصنف، ٥ / ١٧٠، الرقم: ٢٤٨٥٩۔

٩٨٨/٥٤۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيْدٍ رضي الله عنه قَالَ: رَأَيْتُ عَلَى عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ رضي الله عنهما قَلَنْسُوَةً بَيْضَاءَ مِصْرِيَّةً. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت عبداللہ بن سعید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے امام علی بن حسین رضی اللہ عنہما (یعنی امام زین العابدین) کو سفید مصری ٹوپی پہنے ہوئے دیکھا۔''

٩٨٩/٥٥۔ عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلَى ابْنِ الزُّبَيْرِ رضي الله عنهما قَلَنْسُوَةً لَهَا رِبٌّ كَانَ يَسْتَظِلُّ بِهَا إِذَا طَافَ بِالْبَيْتِ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت ہشام بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کو ایک چھجے دار ٹوپی پہنے ہوئے دیکھا، بسا اوقات وہ بیت اللہ کا طواف کرتے وقت (آنکھوں کے سامنے) اس کا سایہ کر لیتے تھے۔''

٩٩٠/٥٦۔ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ: كَانَ عَلَى مُوْسَى عليه السلام يَوْمَ كَلَّمَهُ رَبُّهُ، كِسَاءُ صُوفٍ وَجُبَّةُ صُوْفٍ، وَكُمَّةُ صُوفٍ، وَسَرَاوِيْلُ صُوْفٍ، وَكَانَتْ نَعْلَاهُ مِنْ جِلْدِ حِمَارٍ مَيِّتٍ. وَالْكُمَّةُ: الْقَلَنْسُوَةُ الصَّغِيْرَةُ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس دن حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب سے کلام کیا اس دن انہوں نے ایک اُون کی چادر، اُون کا جُبہ، اُون کی ٹوپی اور اُون کی شلوار پہنی ہوئی تھی اور ایک مردہ دراز گوش (یعنی گدھے) کی کھال سے بنے جوتے پہنے ہوئے تھے۔''

الحديث رقم ٥٤: أخرجه ابن أبي شيبة فى المصنف، ٥/١٦٩، الرقم: ٢٤٨٥٥۔

الحديث رقم ٥٥: أخرجه ابن أبي شيبة فى المصنف، ٥/١٦٩، الرقم: ٢٤٨٥٦۔

الحديث رقم ٥٦: أخرجه الترمذي فى السنن، كتاب: اللباس عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، باب: ما جاء فى لبس الصوف، ٤/٢٢٤، الرقم: ١٧٣٤، والمنذرى فى الترغيب والترهيب، ٣/٧٨، الرقم: ٣١٥٤، وقال: رواه الحاكم وقال الحكم: صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ البُخَارِيِّ۔

٩٩١/ ٥٧۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: الشُّهَدَاءُ أَرْبَعَةٌ: رَجُلٌ مُؤْمِنٌ جَيِّدُ الإِيْمَانِ لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَقَ اللهَ حَتَّى قُتِلَ، فَذَالِکَ الَّذِي يَرْفَعُ النَّاسُ إِلَيْهِ أَعْيُنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ هَکَذَا وَرَفَعَ رَأْسَهُ حَتَّى وَقَعَتْ قَلَنْسُوَتُهُ، قَالَ: فَمَا أَدْرِي أَ قَلَنْسُوَةَ عُمَرَ أَرَادَ أَمْ قَلَنْسُوَةَ النَّبِيِّ ﷺ .....الحديث.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَلَفْظُهُ: وَرَفَعَ رَأْسَهُ حَتَّى سَقَطَتْ قَلَنْسُوَةُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ أَوْ قَلَنْسُوَةُ عُمَرَ رضی اللہ عنہ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: شہداء کی چار اقسام ہیں: وہ مومن شخص جس کا ایمان مضبوط ہو، وہ دشمن سے مقابلہ کرے اور اللہ تعالیٰ کی تصدیق کرے یہاں تک کہ شہید ہو جائے۔ یہی وہ شخص ہے کہ قیامت کے دن لوگ اس کی طرف آنکھ اٹھا اٹھا کر دیکھیں گے، آپ نے سر مبارک اوپر اٹھایا، یہاں تک کہ آپ کی ٹوپی گر گئی۔ راوی کہتے ہیں کہ مجھے معلوم نہیں اس سے حضور نبی اکرم ﷺ کی ٹوپی مراد ہے یا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی۔''

''امام احمد بن حنبل کی روایت کے الفاظ ہیں کہ آپ ﷺ نے سر انور اتنا اوپر اٹھایا حتی کہ آپ ﷺ کی ٹوپی گر گئی یا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی۔''

الحديث رقم ٥٧: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الجهاد عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في فضل الشهداء عند الله، ٤/١٧٧، الرقم: ١٦٤٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٢٣، الرقم: ١٥٠، وأبو يعلى في المسند، ١/٢١٦، الرقم:٢٥٢، والطيالسي في المسند، ١/١٠، ٢٠، الرقم: ٤٥، ١٣٣، والبزار في المسند، ١/٣٦٦، الرقم: ٢٤٦، وعبد بن حميد في المسند، ١/٣٩، الرقم: ٢٧، وابن المبارك في الجهاد، ١/١٠٥، الرقم: ١٢٦، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٢١٢، الرقم: ٢١٣٨۔

٩٩٢/٥٨۔ عَنْ هِـلَالِ بْنِ يَسَافٍ رضي الله عنه قَالَ: قَدِمْتُ الرِّقَّةَ، فَقَالَ لِي بَعْضُ أَصْحَابِي: هَلْ لَكَ فِي رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم؟ قَالَ: قُلْتُ: غَنِيمَةً. فَدَفَعْنَا إِلَى وَابِصَةَ، قُلْتُ لِصَاحِبِي: نَبْدَأُ فَنَنْظُرُ إِلَى دَلِّهِ، فَإِذَا عَلَيْهِ قَلَنْسُوَةٌ لَاطِيَةٌ ذَاتُ أُذُنَيْنِ وَبُرْنُسُ خَزٍّ أَغْبَرُ وَإِذَا هُوَ مُعْتَمِدٌ عَلَى عَصًا فِي صَلَاتِهِ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ.

وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت ہلال بن یساف رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں (شام کے ایک شہر) رِقہ گیا، میرے کسی ساتھی نے کہا: تمہارا کیا خیال ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کسی صحابی سے ملاقات کریں؟ میں نے کہا: یہ تو بڑی غنیمت ہے۔ پھر ہم حضرت وابصہ رضی اللہ عنہ کے پاس گئے۔ میں نے اپنے ساتھی سے کہا: دیکھو پہلے ہم ان کے طورطریق دیکھتے ہیں۔ پھر ہم کیا دیکھتے ہیں کہ ان کے سر سے ایک دو کانوں والی ٹوپی چمٹی ہوئی ہے اور ایک اُونی غبار آلود لمبی ٹوپی (اس کے اوپر) پہنی ہوئی ہے اور وہ اپنے عصا کے سہارے نماز پڑھ رہے ہیں۔‘‘

٩٩٣/٥٩۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَلْبَسُ الْقَـلَانِسَ تَحْتَ الْعَمَائِمِ وَبِغَيْرِ الْعَمَائِمِ وَيَلْبَسُ الْعَمَائِمَ بِغَيْرِ الْقَـلَانِسِ وَكَانَ يَلْبَسُ الْقَـلَانِسَ الْيَمَانِيَّةَ وَيَلْبَسُ ذَوَاتَ الآذَانِ فِي الحَرْبِ وَكَانَ رُبَّمَا نَزَعَ قَلَنْسُوَتَهُ فَجَعَلَهَا سُتْرَةً بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي..... الحديث.

رَوَاهُ السُّيُوْطِيُّ وَالْهِنْدِيُّ.

الحديث رقم ٥٨: أخرجه أبوداود فی السنن، کتاب: الصلاة، باب: الرجل يعتمد فی الصلاة علی عصًا، ١/٢٤٩، الرقم: ٩٤٨، والحاکم فی المستدرک، ١/٣٩٧، الرقم: ٩٧٥، والبيهقی فی السنن الکبری، ٢/٢٨٨، الرقم: ٣٣٨٦.

الحديث رقم ٥٩: أخرجه السيوطی فی الجامع الصغير، ١/٣٦٧، والهندی فی کنز العمال، ٧/١٢١، الرقم: ١٨٢٨٦، والعظيم آبادی فی عون المعبود، ١١/٨٨، والمبارکفوری فی تحفة الأحوذی، ٥/٣٩٣، والمناوی فی فيض القدير، ٥/٢٤٧، وعبدالحق محدث الدهلوی فی شرح سفر السعادة، ١/٤٣٦.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ عمامہ کے نیچے ٹوپی پہنتے تھے اور عمامہ کے بغیر بھی ٹوپی پہنتے تھے اور عمامہ بغیر ٹوپی کے بھی پہنتے تھے اور آپ یمنی ٹوپی پہنتے تھے اور جنگ میں کانوں والی ٹوپی پہنتے تھے اور بعض اوقات اپنی ٹوپی اتار کر اس کو سُترہ بنا کر نماز ادا کرتے تھے۔‘‘

٩٩٤/ ٦٠۔ عَنْ نَافِعٍ رضی الله عنه قَالَ: رَآنِي ابْنُ عُمَرَ رضي الله عنهما وَأَنَا أُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ فَقَالَ: أَلَمْ أَكْسُكَ قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: فَلَوْ بَعَثْتُكَ كُنْتَ تَذْهَبُ هَكَذَا قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَاللهُ أَحَقُّ أَنْ تَزَيَّنَ لَهُ.

رَوَاهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

’’حضرت نافع رضی اللہ عنہ (حضرت عبد اللہ بن عمر کے آزاد کردہ غلام) بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے مجھے ایک کپڑے میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو انہوں نے فرمایا: کیا میں نے تمہیں اور کپڑے نہیں پہنائے؟ میں نے عرض کیا: کیوں نہیں۔ انہوں نے فرمایا: اگر میں تمہیں کسی (خاص) جگہ بھیجوں تو کیا تم اسی حالت میں چلے جاؤ گے؟ میں نے عرض کیا: نہیں، تو فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ اس کا زیادہ حقدار ہے کہ اس کے لیے مزین (و تیار) ہوا جائے۔‘‘

٩٩٥/ ٦١۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضی الله عنه قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ

الحديث رقم ٦٠: أخرجه ابن خزيمة فى الصحيح، ١/ ٣٧٦، الرقم: ٧٦٦، والبيهقى فى السنن الكبرى، ٢/ ٢٣٦، الرقم: ٣٠٨٩، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ١/ ٣٠٩، الرقم: ٢٠٠، والطحاوى نحوه فى شرح معانى الآثار، ١/ ٣٧٧، وابن عبد البر فى التمهيد، ٦/ ٣٧١۔

الحديث رقم ٦١: أخرجه أبو داود فى السنن، كتاب: اللباس، باب: (١)، ٤/ ٤١، الرقم: ٤٠٢٠، والترمذى فى السنن، كتاب: اللباس عن رسول الله ﷺ، باب: ما يقول إذا لبس ثوبا جديدا، ٤/ ٢٣٩، الرقم: ١٧٦٧، والبيهقى فى شعب الإيمان، ٥/ ١٨٠، الرقم: ٦٢٨٤، والعسقلانى فى فتح البارى، ١٠/ ٢٦٧، والسيوطى فى الجامع الصغير، ١/ ٧٨، الرقم: ٩٣، والعظيم آبادى فى عون المعبود، ١١/ ٤٣، والمناوى فى فيض القدير، ٥/ ٩٨، والمباركفورى فى تحفة الأحوذى، ٥/ ٣٧٥۔

إِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاهُ بِاسْمِهِ، إِمَّا قَمِيْصًا أَوْ عِمَامَةً، ثُمَّ يَقُوْلُ: ﴿اللّٰهُمَّ! لَکَ الْحَمْدُ، أَنْتَ کَسَوْتَنِيْهِ، أَسْأَلُکَ مِنْ خَيْرِهِ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهُ، وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ﴾. رَوَهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ.

’’حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوئی نیا کپڑا پہنتے تو ﴿بسم اللہ﴾ پڑھتے خواہ قمیص ہو یا عمامہ، پھر عرض کرتے: ﴿اللّٰهُمَّ! لَکَ الْحَمْدُ، أَنْتَ کَسَوْتَنِيْهِ، أَسْأَلُکَ مِنْ خَيْرِهِ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهُ، وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ﴾ ’’اے اللہ! تیرا شکر ہے کہ تو نے مجھے یہ کپڑا پہنایا، میں تجھ سے اس کی خیر اور جس لئے یہ بنایا گیا ہے اس کی خیر کا سوال کرتا ہوں اور اس کے شر اور جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔‘‘

٩٩٦ / ٦٢۔ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ رضی اللہ عنہ أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لَبِسَ جُبَّةً رُوْمِيَّةً ضَيِّقَةَ الْکُمَّيْنِ. رَوَاهُ أَبُوْ حَنِيْفَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تنگ آستینوں والا رومی جُبّہ زیب تن فرمایا۔‘‘

٩٩٧ / ٦٣۔ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ سَمِعَ الْبَرَاءَ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: کَانَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

الحديث رقم ٦٢: أخرجه أبو نعيم فی مسند أبی حنيفة، ١/٧٦-٧٧، والترمذی فی السنن، کتاب: اللباس عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ما جاء لُبْسِ الجبَّة والخُفَّيْن، ٤/٢٣٩، الرقم: ١٧٦٨، والنسائی فی السنن، کتاب: الطهارة، باب: المسح علی الخفين فی السفر، ١/٨٣، الرقم: ١٢٥، وفی السنن الکبری، ١/٨٧، الرقم: ١١٠، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/٢٥٥، والمبارکفوری فی تحفة الأحوذی، ٥/٣٩١۔

الحديث رقم ٦٣: أخرجه البخاری فی الصحيح، کتاب: اللباس، باب: الثوب الأحمر، ٥/٢١٩٨، الرقم: ٥٥١٠، ومسلم فی الصحيح، کتاب: الفضائل، باب: فی صفة النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم أنه کان أحسن الناس وجها، ٤/١٨١٨، الرقم: ٢٣٣٧، وأبو داود فی السنن، کتاب: اللباس، باب: فی الرخصة ذلك، ٤/٥٤، الرقم: ٤٠٧٢، ←

مَرْبُوْعًا، وَقَدْ رَأَيْتُهُ فِي حُلَّةٍ حَمْرَاءَ، مَا رَأَيْتُ شَيْئًا أَحْسَنَ مِنْهُ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهَذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ.

''حضرت براء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کا قد مبارک متوسط تھا، میں نے آپ ﷺ کو سرخ رنگ کے حلّہ یعنی دو چادروں میں لپٹا ہوا دیکھا، میں نے آپ ﷺ سے زیادہ کسی شے کو حسین نہیں دیکھا۔''

٩٩٨ / ٦٤۔ عَنْ هِلَالِ بْنِ عَامِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ، بِمِنًى يَخْطُبُ عَلَى بَغْلَةٍ وَعَلَيْهِ بُرْدٌ أَحْمَرُ وَعَلِيٌّ رضی اللہ عنہ أَمَامَهُ يُعَبِّرُ عَنْهُ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ.

''حضرت عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو منیٰ کے مقام پر ایک خچر پر خطبہ دیتے ہوئے دیکھا اور آپ ﷺ کے اوپر ایک سرخ چادر تھی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ کے آگے کھڑے ہوئے آپ ﷺ کے الفاظ (لوگوں تک) پہنچا رہے تھے۔''

٩٩٩ / ٦٥۔ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جُرَيْجٍ أَنَّهُ قَالَ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما:

..... والنسائی فی السنن، کتاب: الزینة، باب: اتخاذ الجمة، ٨/١٨٣، الرقم: ٥٢٣٢، ٥٢٣٣، وفی السنن الکبری، ٥/٤١٢، الرقم: ٩٣٢٨، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/٢٨١، وأبو یعلی فی المسند، ٣/٢٦٢، الرقم: ١٧١٤۔

الحدیث رقم ٦٤: أخرجه أبو داود فی السنن، کتاب: اللباس، باب: فی الرخصة ذلك، ٤/٥٤، الرقم: ٤٠٧٣، والبیهقی فی السنن الکبری، ٣/٢٤٧، الرقم: ٥٧٧٧۔

الحدیث رقم ٦٥: أخرجه البخاری فی الصحیح، کتاب: الوضوء، باب: غَسل الرِّجْلَين في النَّعلين ولا يمسح على النعلين، ١/٧٣، الرقم: ١٦٤، وفی کتاب: اللباس، باب: النعال السبتية وغيرها، ٥/٢١٩٩، الرقم: ٥٥١٣، ومسلم فی الصحیح، کتاب: الحج، باب: الإهلال من حيث تنبعث الراحلة، ٢/٨٤٤، الرقم: ١١٨٧، وأبو داود فی السنن، کتاب: المناسك، باب: فی وقت الإحرام، ٢/١٥٠، الرقم: ١٧٧٢، ومالك فی الموطأ، ١/٣٣٣، الرقم: ٧٣٣، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٦٦، الرقم: ٥٣٣٨، وابن حبان فی الصحیح، ٩/٧٨، الرقم: ٣٧٦٣۔

يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ ..... رَأَيْتُکَ تَصْبُغُ بِالصُّفْرَةِ. قَالَ: وَأَمَّا الصُّفْرَةُ، فَإِنِّي رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَصْبُغُ بِهَا، فَأَنَا أُحِبُّ أَنْ أَصْبُغَ بِهَا.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبید بن جُریج بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا: اے ابوعبد الرحمٰن! میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ کپڑوں کو زرد رنگ سے رنگتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: زرد رنگ سے رنگنے کی وجہ یہ ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو زرد رنگ سے رنگتے دیکھا ہے۔ سو میں بھی انہیں زرد رنگ میں رنگنا پسند کرتا ہوں۔''

١٠٠٠/٦٦۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ رضی الله عنه أَنَّ عُمَرَ رضی الله عنه كَانَ عَلَيْهِ يَوْمٌ أُصِيْبَ ثَوْبٌ أَصْفَرُ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

١٠٠١/٦٧۔ وفي رواية: عَنْ أَبِي ظِبْيَانَ قَالَ: رَأَيْتُ عَلَى عَلِيٍّ رضی الله عنه قَمِيْصًا وَإِزَارًا أَصْفَرَ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت عمرو بن میمون رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جس دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ شہید ہوئے انہوں نے زرد رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے تھے۔

ایک روایت میں ابوظبیان بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو زرد رنگ کی قمیص اور ازار (تہبند) پہنے ہوئے دیکھا۔''

١٠٠٢/٦٨۔ عَنْ أَبِي رِمْثَةَ رضی الله عنه قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ وَعَلَيْهِ

الحديث رقم ٦٦/٦٧: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٥/١٦٠، الرقم: ٢٤٧٥١-٢٤٧٥٢.

الحديث رقم ٦٨: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: الآداب عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء في الثوب الأخضر، ٥/١١٩، الرقم: ٢٨١٢، وأبو داود في السنن، كتاب: الترجل، باب: في الخضاب، ٤/٨٦، الرقم: ٤٢٠٦، والنسائي في السنن، كتاب: صلاة العيدين، باب: الزينة للخطبة للعيدين، ٣/١٨٥، الرقم: ١٥٧٢، والحاكم في المستدرك، ٢/٦٦٤، الرقم: ٤٢٠٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٢٢٨، الرقم: ٧١١٧.

بُرْدَانِ أَخْضَرَانِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

''حضرت ابو رمثہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو دو سبز چادریں زیب تن فرمائے ہوئے دیکھا۔''

١٠٠٣ / ٦٩۔ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: أَدْرَكْتُ الْمُهَاجِرِيْنَ الْأَوَّلِيْنَ يَعْتَمُّوْنَ بِعَمَائِمِ كَرَابِيْسَ سُوْدٌ وَبِيْضٌ وَحُمْرٌ وَخُضْرٌ وَصُفْرٌ يَضَعُ أَحَدُهُمَا الْعِمَامَةَ عَلَى رَأْسِهِ وَيَضَعُ الْقَلَنْسُوَةَ فَوْقَهَا ثُمَّ الْعِمَامَةَ هَكَذَا يَعْنِي عَلَى كُوْرِهِ. رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت سلیمان بن ابی عبد اللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے مہاجرین اولین کو دیکھا ہے کہ وہ سیاہ، سفید، سرخ، سبز یا زرد رنگ کے کھردرے کپڑوں کے عمامے باندھتے تھے، ان میں سے کوئی عمامہ اپنے سر پر رکھتا اور اس کے اوپر ٹوپی رکھتا پھر ٹوپی کے گرد اس طرح عمامہ کو لپیٹ دیتے تھے۔''

١٠٠٤ / ٧٠۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَيْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: اسْتَسْقَى رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَعَلَيْهِ خَمِيْصَةٌ لَهُ سَوْدَاءُ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

''حضرت عبد اللہ بن زید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے نماز

الحديث رقم ٦٩: أخرجه ابن أبى شيبة فى المصنف، ٥ / ١٨١، الرقم: ٢٤٩٨٧، وابن راهوية فى المسند، ٣ / ٨٨٢، الرقم: ١٥٥٦۔

الحديث رقم ٧٠: أخرجه أبو داود فى السنن، كتاب: صلاة الاستسقاء، باب: فى أي وقت يحول رداء ه إذا استسقى، ١ / ٣٠٢، الرقم: ١١٦٣، والنسائى فى السنن، كتاب: الاستسقاء، باب: الحال التي يستحب للإمام أن يكون عليها إذا خرج، ٣ / ١٥٦، الرقم: ١٥٠٧، وأحمد بن حنبل فى المسند، ٤ / ٤، وعبد الرزاق فى المصنف، ١ / ٢٠١، الرقم: ٧٨٦، والشافعى فى المسند، ١ / ٨٠، والمقدسى فى الأحاديث المختارة، ٩ / ٣٦٠، الرقم: ٢٢٥۔

استسقاء پڑھائی اور آپ ﷺ اپنی سیاہ چادر مبارک زیب تن کئے ہوئے تھے۔‘‘

١٠٠٥ / ٧١۔ عَنْ أُمِّ خَالِدٍ بِنْتِ خَالِدٍ رضي الله عنها أُتِيَ النَّبِيُّ ﷺ بِثِيَابٍ فِيْهَا خَمِيْصَةٌ سَوْدَاءُ صَغِيْرَةٌ، فَقَالَ: مَنْ تَرَوْنَ أَنْ نَكْسُوَ هَذِهِ. فَسَكَتَ الْقَوْمُ: قَالَ: ائْتُوْنِي بِأُمِّ خَالِدٍ. فَأُتِيَ بِهَا تُحْمَلُ، فَأَخَذَ الْخَمِيْصَةَ بِيَدِهِ فَأَلْبَسَهَا، وَقَالَ أَبْلِي وَأَخْلِقِي. وَكَانَ فِيْهَا عَلَمٌ أَخْضَرُ أَوْ أَصْفَرُ، فَقَالَ: يَا أُمَّ خَالِدٍ. هَذَا سَنَاهْ. وَ سَنَاهْ بِالْحَبَشِيَّةِ حَسَنٌ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت اُمّ خالد بنت خالد رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس (مالِ غنیمت میں) کپڑے لائے گئے جن میں چھوٹی سیاہ چادر بھی تھی، آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارے خیال میں ہم کس کو یہ پہنائیں؟ صحابہ خاموش رہے، آپ ﷺ نے فرمایا: امّ خالد کو میرے پاس لاؤ، (فرماتی ہے) پھر انہیں سوار کرکے لایا گیا، حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے اپنے ہاتھوں سے وہ چادر پہنائی اور فرمایا (اسے استعمال کر کر کے) پرانا اور بوسیدہ کر دو۔ اس پر سبز اور زرد رنگ کے نقوش بنے ہوئے تھے، پس آپ ﷺ نے فرمایا: اے ام خالد! یہ ’’سَنَاہ‘‘ ہے۔ ’’سَنَاہ‘‘ حبشی زبان میں نہایت خوبصورت کو کہتے ہیں۔‘‘

١٠٠٦ / ٧٢۔ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رضی الله عنه قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ أَبْيَضُ وَهُوَ نَائِمٌ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ سفید کپڑا اوڑھے ہوئے استراحت فرما رہے تھے۔‘‘

الحديث رقم ٧١: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: اللباس، باب: الخميصة السوداء، ٥ / ٢١٩١، الرقم: ٥٤٨٥، وفی باب: ما يدعى لمن لبس ثوبا جديدا، ٥ / ٢١٩٨، الرقم: ٥٥٠٧، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٥ / ١٨٢، الرقم: ٦٢٨٩، والحاكم فی المستدرك، ٢ / ٧٢، الرقم: ٢٣٦٧، وقال الحاكم: هذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ۔

الحديث رقم ٧٢: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: اللباس، باب: الثياب البيض، ٥ / ٢١٩٣، الرقم: ٥٤٨٩، وابن منده فی الإيمان، ١ / ٢٢٤، الرقم: ٨٧، وابن أبی عاصم فی السنة، ٢ / ٤٦٤، الرقم: ٩٥٧۔

١٠٠٧ / ٧٣۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْبَسُوْا مِنْ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضَ فَإِنَّهَا مِنْ خَيْرِ ثِيَابِكُمْ، وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سفید کپڑے پہنا کرو کیونکہ یہ تمہارا بہترین لباس ہے اور انہی کپڑوں میں اپنے مردوں کو بھی کفن دیا کرو۔‘‘

١٠٠٨ / ٧٤۔ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْبَسُوا الْبَيَاضَ، فَإِنَّهَا أَطْهَرُ وَأَطْيَبُ، وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

الحديث رقم ٧٣: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: الجنائز عن رسول الله ﷺ، باب: ما يستحب من الأكفان، ٣ / ٣١٩، الرقم: ٩٩٤، وأبو داود فی السنن، کتاب: الطب، باب: فی الأمر بالكحل، ٤ / ٨، الرقم: ٣٨٧٨، وفی کتاب: اللباس، باب: فی البياض، ٤ / ٥١، الرقم: ٤٠٦١، والنسائی فی السنن، کتاب: اللباس، باب: الأمر يلبس البيض من الثياب، ٨ / ٢٠٥، الرقم: ٥٣٢٣، وابن ماجه فی السنن، کتاب: الجنائز، باب: ما جاء فيها يستحب من الكفن، ١ / ٤٧٣، الرقم: ١٤٧٢، وفی کتاب: اللباس، باب: البياض من الثياب، ٢ / ١١٨١، الرقم: ٣٥٦٦، وأحمد بن حنبل فی المسند، ١ / ٢٤٧، الرقم: ٢٢١٩، والحاكم فی المستدرك، ١ / ٢٠٦، الرقم: ١٣٠٨، وقال: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

الحديث رقم ٧٤: أخرجه الترمذی فی السنن، کتاب: الآداب عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء فی لبس البياض، ٥ / ١١٧، الرقم: ٢٨١٠، والنسائی فی السنن، کتاب: الجنائز، باب: أي الكفن خيرا، ٤ / ٣٤، الرقم: ١٨٩٦، وفی کتاب: اللباس، باب: الأمر يلبس البيض من الثياب، ٨ / ٢٠٥، الرقم: ٥٣٢٢-٥٣٢٣، وفی السنن الكبرى، ١ / ٦٢١، الرقم: ٢٠٢٣، وعبد الرزاق فی المصنف، ٣ / ٤٢٩، الرقم: ٦١٩٩، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٤ / ١٨٢، الرقم: ٣٩١٩.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت سمرہ بن جندب ﷺ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سفید لباس پہنا کرو کیونکہ یہ زیادہ صاف اور پاکیزہ ہے اور اسی میں اپنے مُردوں کو کفن دیا کرو۔‘‘

فَصْلٌ فِي آدَابِ الْمَجْلِسِ وَالْجُلُوْسِ

﴿مجلس میں بیٹھنے کے آداب کا بیان﴾

١٠٠٩ / ٧٥۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ نَهَى أَنْ يُقَامَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهِ وَيَجْلِسَ فِيْهِ آخَرُ، وَلَكِنْ تَفَسَّحُوْا وَتَوَسَّعُوْا. وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ رضي الله عنهما يَكْرَهُ أَنْ يَقُوْمَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ يَجْلِسَ مَكَانَهُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا ہے کہ کسی شخص کو اس کی مجلس سے اٹھایا جائے اور کوئی اور اس کی جگہ پر بیٹھ جائے بلکہ کھل جایا کرو اور اپنی مجالس میں کشادگی پیدا کیا کرو اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اس بات کو ناپسند فرماتے تھے کہ کوئی آدمی اپنی جگہ سے اٹھے اور وہ اس کی جگہ پر بیٹھیں۔''

١٠١٠ / ٧٦۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ

الحديث رقم ٧٥: أخرجه البخاری فی الصحيح، كتاب: الاستئذان، باب: إذا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوا فِي الْمَجَالِسِ فَافْسَحُوا يَفْسَحِ اللهُ لَكُمْ وَإِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوا [المجادلة:١١]، ٥/٢٣١٣، الرقم: ٥٩١٠۔ ٥٩١٤، وفی كتاب: الجمعة، باب: لايقيم الرجل أخاه يوم الجمعة ويقعد مكانه، ١/٣٠٩، الرقم: ٨٦٩، ومسلم فی الصحيح، كتاب: السلام، باب: تحريم إقامة الإنسان من موضعه المباح الذی سبق إليه، ٤/١٧١٤، الرقم: ٢١٧٧، والترمذی فی السنن، كتاب: الأدب عن رسول الله ﷺ، باب: كراهية أن يقام الرجل من مجلسه ثم يجلس فيه، ٥/٨٨، الرقم: ٢٧٤٩۔ ٢٧٥٠، وَقَالَ أَبُو عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ، والبخاری فی الأدب المفرد، ١/٣٨٩، الرقم: ١١٤٠، وابن حبان فی الصحيح، ٢/٣٤٩، الرقم: ٥٨٧۔

الحديث رقم ٧٦: أخرجه مسلم فی الصحيح، كتاب: السلام، باب: إذا قام من مجلسه ثم عاد فهو أحق به، ٤/١٧١٥، الرقم: ٢١٧٩، والترمذي نحو فی السنن، كتاب: الأدب عن رسول الله ﷺ، باب: ما جاء إذا قام الرجل من مجلسه ثم رجع إليه فهو أحق به، ٥/٨٩، الرقم: ٢٧٥١، وأبو داود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: إذا قام من مجلس ثم رجع، ٤/٢٦٤، الرقم: ٤٨٥٣، والبخاری فی ←

(وفي حديث) مَنْ قَامَ مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ رَجَعَ إِلَيْهِ فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی (اپنی نشست سے) اٹھا (یا فرمایا:) جو کوئی اپنی جگہ سے اٹھ کر گیا پھر لوٹ کر آیا تو وہ اس جگہ پر بیٹھنے کا زیادہ حق دار ہے (جہاں وہ پہلے بیٹھا ہوا تھا)۔‘‘

١٠١١/٧٧۔ عَنْ مُعَاوِيَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَتَمَثَّلَ لَهُ الرِّجَالُ قِيَامًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ.

وَقَالَ أَبُوْعِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

’’حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جسے یہ بات پسند ہو کہ لوگ اس کے لئے بُت کی طرح (احتراماً) کھڑے ہوں تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں تیار رکھے۔‘‘

١٠١٢/٧٨۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

..... الأدب المفرد، ١/٣٨٨، الرقم: ١١٣٨، وابن حبان فی الصحيح، ٢/٣٤٩، الرقم: ٥٨٨، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٢/٢٦٣، الرقم: ٧٥٥٨، والطحاوی فی مشكل الآثار، ٢/١١٠۔

الحديث رقم ٧٧: أخرجه الترمذي فی السنن، كتاب: الآدب عن رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، باب: ما جاء فی كراهية قيام الرجل للرجل، ٥/٩٠، الرقم: ٢٧٥٥، وأبو داود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: فی قيام الرجل للرجل، ٤/٣٥٨، الرقم:٥٢٢٩، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٤/٩٣، ١٠٠، والطبرانی فی المعجم الأوسط، ٤/٢٨٢، الرقم: ٤٢٠٨، وفی المعجم الكبير، ١٩/٣٥١، الرقم: ٨١٩، والبخاری فی الأدب المفرد، ١/٣٣٩، الرقم: ٩٧٧۔

الحديث رقم ٧٨: أخرجه أبوداود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: فی الرجل يجلس بين الرجلين بغير إذنهما، ٤/٢٦٢، الرقم: ٤٨٤٤، والمنذری فی الترغيب والترهيب، ٤/٢٦، الرقم: ٤٦٤٩، والخطيب التبريزی فی مشكاة المصابيح، ٢/١٧٣، الرقم: ٤٧٠٤۔

قَالَ: لَا تَجْلِسْ بَيْنَ رَجُلَيْنِ إِلَّا بِإِذْنِهِمَا. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ.

’’حضرت عمرو بن شعیب بواسطہ اپنے والد اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دو آدمیوں کے درمیان ان کی اجازت کے بغیر نہ بیٹھو۔‘‘

١٠١٣ / ٧٩۔ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَجْلِسُ مَعَنَا فِي الْمَسْجِدِ يُحَدِّثُنَا، فَإِذَا قَامَ قُمْنَا قِيَامًا حَتَّى نَرَاهُ قَدْ دَخَلَ بَعْضَ بُيُوْتِ أَزْوَاجِهِ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ.

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ مسجد میں ہمارے ساتھ گفتگو فرمانے کے لئے تشریف فرما ہوا کرتے تھے جب آپ ﷺ (تشریف لے جانے کے لئے) قیام فرما ہوتے تو ہم بھی (تعظیماً) کھڑے ہو جاتے (اور اس وقت تک کھڑے رہتے) یہاں تک کہ ہم دیکھتے کہ آپ ﷺ اپنی کسی زوجہ مطہرہ کے گھر میں داخل ہو گئے ہیں۔‘‘

١٠١٤ / ٨٠۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: خَيْرُ الْمَجَالِسِ أَوْسَعُهَا. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَأَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ.

وَقَالَ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بہترین مجلس وہ ہے جس میں بیٹھنے کی زیادہ سے زیادہ گنجائش ہو۔‘‘

الحديث رقم ٧٩: أخرجه أبو داود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: فی الحلم وأخلاق النبي ﷺ، ٤ / ٢٤٧، الرقم: ٤٧٧٥، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٦ / ٤٦٧، الرقم: ٨٩٣٠، والخطيب التبريزی فی مشكاة المصابيح، ٢ / ١٧٣، الرقم: ٤٧٠٥۔

الحديث رقم ٨٠: أخرجه أبوداود فی السنن، كتاب: الأدب، باب: فی سعة المجلس، ٤ / ٢٥٧، الرقم: ٤٨٢٠، وأحمد بن حنبل فی المسند، ٣ / ٦٩، الرقم: ١١٦٨١، ١١١٥٣، والحاكم فی المستدرك، ٤ / ٣٠٠، الرقم: ٧٧٠٥، ٧٧٠٤، والطبرانی عن أنس رضي الله عنه فی المعجم الأوسط، ١ / ٢٥٥، الرقم: ٨٣٦، والبيهقی فی شعب الإيمان، ٦ / ٣٠٠، الرقم: ٨٢٥٠۔

فَصْلٌ فِي آدَابِ السَّفَرِ

﴿آدابِ سفر کا بیان﴾

١٠١٥ / ٨١۔ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: إِذَا خَرَجَ ثَـلَاثَةٌ فِي سَفَرٍ فَلْيُؤَمِّرُوْا أَحَدَهُمْ. وفي رواية: فَلْيَؤُمَّهُمْ أَقْرَؤُهُمْ.

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْبَزَّارُ. إِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تین آدمی سفر پر روانہ ہوں تو اپنے میں سے ایک شخص کو امیر بنا لیں اور ایک روایت میں ہے کہ ان کی امامت وہ کرے جو ان میں سب سے زیادہ پڑھا ہوا ہو۔''

١٠١٦ / ٨٢۔ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضي الله عنهما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: خَيْرُ الْأَصْحَابِ عِنْدَ اللهِ خَيْرُهُمْ لِصَاحِبِهِ وَخَيْرُ الْجِيْرَانِ عِنْدَ اللهِ خَيْرُهُمْ لِجَارِهِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَالْحَاكِمُ.

